بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

# مراۃ القرآن

کیلانی

فی

# لغۃ الفرقان

خادم القرآن حافظ عبدالحی صاحب کوٹ شاہ محمد ضلع شیخوپورہ

مکتبۃ السلام وسن پورہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ ○

# مراۃ القرآن

کیلانی

فی

# لغات الفرقان


خادم القرآن حافظ عبدالحی صاحب کوٹ شاہ محمد ضلع شیخوپورہ



مکتبۃ السلام ○ وسن پورہ ○ لاہور

طبع : دوم

تعداد : ایک ہزار

مطبع : آئی۔سی پرنٹرز۔وسن پورہ۔لاہور

ناشر : مکتبۃ السلام۔وسن پورہ۔لاہور

قیمت : بلاجلد -/۳۵ روپے

مجلد -/۴۵ روپے

60 روپے

الٰہی! تیرے دربار میں

سید المرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین کا ایک ادنیٰ

غلام اپنے والدین اور برادران کی طرف سے یہ حقیر

ہدیہ پیش کرتا ہے

ع گر قبول افتد زہے عز و شرف!

عبد الحی

# مُقدّمہ

سنہ ۱۹۲۷ء کا واقعہ ہے کہ میرے بڑے بھائی جناب مولانا مولوی نور الٰہی صاحب مرحوم نے بر سبیل تذکرہ فرمایا کہ لفظ اُمّۃ قرآن مجید میں چار معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ چنانچہ آپ نے قرآن مجید کی آیات پڑھ کر ان معانی کی طرف توجہ دلائی۔ میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ قرآن مجید کے تمام الفاظ کی یہی کیفیت ہوگی۔ یہ خیال آہستہ آہستہ میرے دماغ پر کچھ اس طرح چھایا کہ قرآن مجید کے الفاظ کا تتبع کرنا شروع کیا۔ حسن اتفاق سے اسی سنہ میں مجھے زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ عزًا وشرفًا کا سفر درپیش آیا۔ راستہ میں تفکرات عالم ہست و بود سے نسبتاً کچھ فراغت حاصل تھی۔ مفردات امام راغب اور فتح الرحمٰن کا مطالعہ شروع کیا۔ لیکن یہ دیکھ کر میری حیرت کی کوئی حد نہ رہی کہ ان دونوں کتابوں کے مصنفین باوجود جلالت علمی کے قرآن مجید کے بہت سے الفاظ چھوڑ گئے ہیں۔ دل نے چاہا کہ اگر کوئی ایسی کتاب مل جائے، کہ جس میں تمام آیتوں کے حوالہ جات۔ لغوی معانی، ابواب کے تصرفات یکجا مل جائیں۔ تو اس کا مطالعہ کروں۔ لیکن افسوس! میری آرزو پوری نہ ہو سکی۔ خیال آیا کہ کیوں نہ ایک ایسی کتاب خود تیار کر دوں ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ اور دوسروں کو بھی اس سے فائدہ ہو۔ اس کے بعد خدا کا نام لے کر اس کام کو شروع کر دیا۔ خود قرآن مجید سے بلا واسطہ مادوں کا استخراج کیا۔ بعد میں مفردات اور فتح الرحمٰن سے مقابلہ کیا تو کئی ایک الفاظ ان میں نہ تھے پھر آیتوں کی جستجو ہوئی۔ سہولت تفہیم کے لیئے ابواب کا بتلانا۔ اور گردانوں کا جتلانا بھی ضروری تھا۔ اس کے علاوہ لغوی تشریح اور محاورات عرب کا لانا بھی لابدی تھا۔ اس صورت میں کتاب کافی ضخیم ہو جاتی۔ مجبور ہو کر ابواب اور گردانوں کے نمبر دیئے اور شروع میں ان کی فہرست دے دی۔ غرض چار سال کی طویل مدت مسلسل اسی کام میں صرف ہو گئی۔ اس کے بعد نظر ثانی کا معاملہ درپیش تھا۔ حوائج ضروریہ۔ مالی مشکلات اور قدرتی رکاوٹیں یکے بعد دیگرے کچھ اس طرح سے پیش آئیں کہ میں مدت تک اس کے لیئے کوئی وقت نہ نکال سکا۔

سنہ ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ کے بعد پھر اس کو دیکھنے کی نوبت آئی۔ اور اسے دو تین سال کی مدت میں نظر ثانی اور ثالث کے بعد دوبارہ مسودہ تحریر کیا۔ اس کے بعد اس کی اشاعت کے لیئے پیسے کا سوال درپیش ہوا۔ میرے پاس اتنا سرمایہ نہ تھا۔ کہ اس کی اشاعت ہو سکے۔ خدا تعالیٰ مسبب الاسباب نے غیبی امداد بہم پہنچائی۔ اور چوہدری محمد عاشق ولد چوہدری راجہ خان ورک، سکنہ کوٹ شاہ محمد کے دل میں اللہ تعالیٰ نے خیال جمایا۔ کہ اس کی اشاعت کے لیئے ہمت کرو۔ چنانچہ چوہدری صاحب کی مساعی جمیلہ سے مجھے اس کی اشاعت کے لیئے روپیہ میسر ہو گیا۔ جس کے لیئے میں ان کا شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ چوہدری صاحب کو دین و دنیا میں اس کا بہتر سے بہتر ثمرہ عطا فرمائے۔ اور اس کتاب کو ان کی بخشش کا وسیلہ بنائے۔

آخر میں میں اپنے حقیقی برادر زادہ مولوی محمد سلیمان ولد مولوی نور الٰہی صاحب مرحوم کا تذکرہ بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ ان کی علمی خدمات سے میں نے بہت فائدہ اٹھایا۔ لغوی تشریح اور محاورات، حروف عاملہ اور حروف مقطعات کی بحث مقدمہ اور اس کے محتویات سب انہیں کی مساعی کا نتیجہ ہے۔ اس کی جانچ پڑتال میں بھی انہوں نے میرا ساتھ دیا۔ اور اپنا قیمتی وقت صرف کر کے اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ میں نے لغوی تشریح میں چند ایک اشارات دیئے ہیں۔ ان کی تشریح بھی ضروری ہے۔ ج۔ علامت جمع ہے۔ جج۔ جمع الجمع کی۔ فا۔ فاعل کی۔ مفعو۔ مفعول کی۔ اور مص۔ مصدر کی علامت ہے۔

یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ اس کتاب میں میں نے اپنی قابلیت یا حافظہ پر بالکل بھروسہ نہیں کیا۔ بلکہ ترجمہ تک بھی اپنی طرف سے نہیں کیا۔ اردو ترجمہ مولانا مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی مرحوم کے ترجمہ قرآن سے لیا۔ اور عربی تفسیر جلالین سے۔ لغوی تشریح کے لیئے میرے سامنے منجد، صراح، منتہی الارب، قاموس، وغیرہ ہیں اور جغرافیائی اور تاریخی حالات قصص الانبیاء، قصص القرآن مولانا حفظ الرحمٰن۔ تفسیر مولانا ابوالکلام آزاد۔ ارض القرآن مصنفہ علامہ شبلی۔ تفسیر ابن کثیر اور سیرت ابن ہشام سے لیئے گئے ہیں۔ اپنی طرف سے کوتاہی نہیں کی۔ تاہم مجھے اعتراف ہے کہ میں سراسر خطا و سہو کا پتلا ہوں۔ اس کے علاوہ میرے علمی معلومات بھی بہت محدود ہیں یقین ہے کہ اس میں بہت سے مقامات اصلاح طلب ہوں گے۔ ناظرین حضرات خصوصاً اہل علم حضرات سے توقع ہی نہیں بلکہ یقین ہے کہ وہ میری اس ناچیز محنت کو بہتر سے بہتر بنانے میں میری مدد فرمائیں گے۔ آخر میں ان الفاظ کی فہرست بھی دی جاتی ہے جن کو امام راغب مفردات میں نہیں لائے۔ اور وہ الفاظ بھی درج کیئے جاتے ہیں جن

کو فتح الرحمٰن نے ذکر نہیں کیا۔ لیکن اس سے یہ غرض نہیں ہے کہ میں ان کے مقابلہ میں اپنے آپ کو پیش کرنا چاہتا ہوں ، بلکہ اس غرض سے کہ یہ ایک نہایت مشکل اور دقیق کام ہے۔ جسے خاکسار نے اللہ عزوجل کا نام لے کر شروع کر دیا۔ لیکن میری بساط سے باہر تھا۔ ایسے کام میں اگر بڑے بڑے امام سہو کر چکے ہیں تو کیونکر ممکن ہے کہ مجھ جیسے بے علم آدمی سے غلطیاں نہ ہوئی ہوں۔ لیکن پھر بھی نہ کرنے سے کچھ کرنا ہی بہتر ہوتا ہے۔ آثم نے جو کچھ بھی کیا ہے ، دینی خدمت ، الٰہی کلام کی محبت کے ما تحت کیا ہے ؎

قبا اگر حریر است و گر پرنیاں ۔ بناچار حشوش بود درمیاں

جو صاحب علم اس کا مطالعہ فرمادیں ، اگر کوئی چیز پسند آئے تو فقیر کے لیئے دعائے خیر فرمائیں۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

فہرست الفاظ متروکہ امام راغب صاحب مفردات۔

| الفاظ | حرف | تعداد |
|---|---|---|
| (ا) (۱) أمت (۲) أمس (۳) أمل (۴) أمو (۵) أنم | الف = | ۵ |
| (ب) (۱) بسم | ب = | ۱ |
| (ت) (۱) تقن (۲) تنی | ت = | ۲ |
| (ث) (۱) ثری | ث = | ۱ |
| (ج) (۱) جبر (۲) جمل (۳) جوف (۴) جین۔ | ج = | ۴ |
| (ح) (۱) حتّ (۲) حلقم | ح = | ۲ |
| (خ) (۱) خردل (۲) خیم | خ = | ۲ |
| (د) (۱) دھی | د = | ۱ |
| (ر) (۱) رفق | ر = | ۱ |
| (ز) (۱) زلم (۲) زمھر (۳) زجل (۴) زھر | ز = | ۴ |
| (س) (۱) سود (۲) سفح (۳) ستد (۴) سنبس | س = | ۴ |
| (ش) (۱) شأم (۲) شفہ | ش = | ۲ |
| (ص) (۱) صبع اس کو اصبع میں لکھا ہے (۲) صرخ (۳) صلی (۴) صمت | ص : | ۴ |
| (ض) (۱) ضجع (۲) ضفدع | ض | ۲ |
| (ع) (۱) عنکب | ع : | ۱ |
| (غ) (۱) غضب (۲) غوط | غ : | ۲ |
| (ف) (۱) فصم (۲) فردوس (۳) فنی | ف : | ۳ |
| (ق) (۱) قثاء (۲) قدح (۳) قدو | ق | ۳ |
| (ک) (۱) کسد (۲) کلح (۳) کنس | ک : | ۳ |
| (ل) (۱) لجاء (۲) لحی (۳) لتّ (۴) لیس (۵) لقط | ل | ۵ |
| (م) (۱) مجس (۲) مزق (۳) مسو (۴) معی (۵) ملق (۶) مھما (۷) مول (۸) مھن | م | ۸ |
| (ن) (۱) نصت (۲) نضخ (۳) نفو (۴) نقع (۵) نمرق (۶) نوق (۷) نوی | ن | ۷ |
| (و) (۱) وأد (۲) وأل (۳) وطن (۴) ولت (۵) ونی | و : | ۵ |

(ھ) (۱) ھرب (۲) ھلع (۳) ھمن (۴) ھیل — ھ : ۴

(ی) (۱) یقت (۲) یقظ ۹ — ی : ۲

۴۸

سہائے امام راغب :-

۱ صیح اصل میں صیح ہے۔ اصابعہم۔ انمل۔ کوئی لغت نہیں اصل میں نمل ہے۔ علیکم الانامل۔ متکاً۔ اصل ہے وکاء۔ شیط اصل شطن ہے۔ شیطان۔ شیط۔ لغت نہیں ہے

ذیل کے "مادہ" قرآنی نہیں ہیں۔

زعق۔ سرط (صرط) غوص۔ سنج۔ سبخ۔ شعف۔ (شغف) صطو (سطو) صوغ۔ ان میں بعض اختلافی ہیں۔ حروف مقطعات کی بحث بھی نہیں ہے اور اسمائے معرفہ بعض لے آئے ہیں اور بعض چھوڑ گئے ہیں۔

فہرست الفاظ متروکہ فیض اللہ صاحب فتح الرحمان :-

(۱) پہلے وہ الفاظ درج کیے جاتے ہیں جو کہ فیض اللہ صاحب عمداً چھوڑ گئے ہیں کہ کتاب میں اختصار رہے۔

ارض، آیۃ، ابن، آل، رب، رسول، عذاب، قوم۔ کتاب، نفس، نار، ناس، یوم

(۲) متروکہ افعال اور ان کے مشتقات جیسے جعل، شاء قال، کفر، کان

(۳) حروف، إذ، إذا، ال، آلا، إلا، الذی، اللذان، الذین، التی، التان، اللتی، الآئی، الّٰتی۔ این، ایان۔ بل۔ تلك ثمّ حتی، حیث، ذو، ذا، ذی، سوف، علی، عن، کم، کیف، لا، لدن، لدی، لدیٰ، لعلّ، لکنّ، لما، لمّا۔ لم۔ لِمَ۔ لو، لولا۔ لیس، متیٰ مع، من، نحن، ھل، ھلم، ھنا، ھو، وغیرہ وغیرہ فیض اللہ صاحب چھوڑ گئے ہیں۔

(۴) وہ الفاظ جو کہ فیض اللہ صاحب سہواً چھوڑ گئے ہیں۔

بعض، بعوضۃ، بغت، تحت، ثلۃ، جحیم، حرو، حزن، خشب، سبا، سقر، شمل، عدن، غول، قیل مرّوتن وتر، وتن۔

سہائے فیض اللہ صاحب مولف فتح الرحمن :-

حرد کو حتر میں
حلوا اساور۔ حل میں
مخاض کو مخض میں

لے آئے ہیں۔ ایسا ہی والذکر، مدکر کو دکر کے مادہ میں لکھ دیا ہے حالانکہ ذکر ہے۔

ناچیز

حافظ عبد الحی۔ سکنہ کوٹ شاہ محمد۔ ضلع شیخوپورہ
۶ ذی الحجہ ۱۳۷۲ھ

# پیش لفظ

## آسمانی کتابوں کے نزول کی حکمت اور تحفظِ قرآن مجید

ابن آدم پر بلکہ کائنات کے ہر ذرہ پر اب تک کوئی ایسا دور نہیں آیا جس میں صرف شر ہی شر رہا ہو۔ اور اس میں خیر کا نام تک نہ آیا ہو۔ باطل ہی باطل رہا ہو اور حق کا ذرہ بھر بھی سایہ نہ پڑا ہو، اگر کبھی بدی بٹتی تو وہاں نیکی کا گزر ہی نہ ہوا ہو۔ ظلم و عدوان اور بے رحمی کے طوفانوں پر طوفان تو آئے ہوں، لیکن سرزمین کائنات میں عدل اور رحم کی نمی تک باقی نہ رہی ہو۔ اگر دنیا پر کوئی ایسا لمحہ آجاتا تو قیامت آجاتی، اور نہ ایک لمحہ کے لیئے دنیا کا نظام چل سکتا۔

بلکہ صورت حال یہ رہی ہے کہ خیر کے ساتھ شر بھی رہا ہے، حق کے ساتھ باطل بھی دندناتا رہا ہے۔ نیکی کے ساتھ بدی کی باگیں بھی ڈھیلی رہی ہیں۔ عدل اور رحم و کرم کے بادلوں میں ظلم و عدوان اور بے رحمی کی بجلیاں کوندتی رہی ہیں۔ مگر نیکی خیر، عدل اور حق کے اس تھوڑے سے بہت عنصر کے باوجود دنیا فساد فی الارض سے کبھی محفوظ نہیں رہی۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے کہ جب بدی کے ساتھ نیکی بھی رہی۔ باطل کے ساتھ حق کا دامن بھی بالکلیہ نہ چھوٹا۔ ظلم کے ساتھ عدل کو بھی باری ملتی رہی۔ شر کے ساتھ دنیا خیر کو بھی نہ بھولی۔ نفس اور شیطان کی دلجوئیوں کے ساتھ ساتھ ضمیر اور ایمان کو بھی شرف باریابی بخشا جاتا رہا۔ تو پھر عذاب اور عتاب کی کالی گھٹائیں ان کے سروں پر کیوں منڈلاتی رہیں۔ خدا ان پر کیوں ناراض رہا۔ ایمان اور اسلام کو کیوں ان سے گلہ رہا۔ سکھ اور چین کیوں عنقا ہوئے۔ شرافت اور تقویٰ کا کیوں قحط پڑا، نیازمندوں کی نیازمندی کیوں نہ رنگ لائی، سجدے کیوں بے اثر رہے، فریادیں کیوں رائیگاں گئیں۔؟

### مقصد حیات اور طریق کار

نظام کائنات کی فلاح و سعادت، حسن اور آبرو، انسان کے صرف فکر و عمل کے دو زاویہائے نگاہ یعنی (۱) مقصد حیات (۲) اور طریق کار سے وابستہ ہے جب انسان اپنے مقصد حیات اور اس کے حصول کے لیئے طریق کار کے متعین کرنے میں ٹھوکر کھاتا ہے۔ تو دنیا میں اسی تناسب سے خلل اور فساد کا ظہور ہوتا ہے۔ جب اس مرحلہ میں انسان کو اعتدال اور توازن کا شرف حاصل ہوجاتا ہے تو اس کی کشتی حیات ساحلِ مقصود سے ہمکنار ہوجاتی ہے، کیونکہ ان کا نصب العین، مقصد حیات اور طریق کار گھٹیا قسم کے بھی ہوسکتے ہیں اور بڑھیا بھی۔ اگر گھٹیا ہونگے تو دنیا کا نظام بھی اسی حد تک اس سے غلط متاثر ہوگا۔ اگر بڑھیا اور اچھے ہوں گے تو دنیا پر اس کا اثر بھی اچھا پڑے گا۔

### مقصد حیات

مقصد حیات کیا ہے؟ گو بظاہر اس کا جواب اور تعین آسان نظر آتا ہے لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ کچھ عقل کی کم مائگی کی وجہ سے اور کچھ نفسانی خواہشات اور اغراض فاسدہ کے ہجوم کی بنا پر انسان کی مجبوریاں اس حد تک بڑھ جاتی ہیں کہ اگر اسے اپنے حال اور اپنی صوابدید کے سپرد کردیا جائے تو وہ ان حالات میں اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ اس کارگاہ ہستی میں اپنے لیئے کسی صحیح مقصدِ حیات کی تعیین کرسکے، جو عقل انسانی حواس کی کمائی سے اپنا پیٹ پال کر اپنا گزارہ کرتی رہتی ہے وہ تنہا ان امور کو کس طرح معلوم اور محسوس کرسکتی ہے جو انسانی حواس سے بھی وراء الورا ہیں۔

آخر وہ کیسے معلوم کرے کہ کائنات کا آغاز کیسے اور کیوں کر ہوا، اس کا انجام اور مآل کیا ہوگا۔ اس کارگاہِ عالم میں انسان کی تخلیق سے کیا مقصد تھا۔ اسے کائنات میں تصرف کرنے کی اتنی بڑی نعمت کیوں دی، انسان کا دنیا میں کیا مقام ہے۔ زندگی کیوں ملی، نیست سے ہست کیوں ہوا۔ یہ میلا کس نے لگایا اور کیوں لگایا۔ اس میں شرکت کرنے والے کہاں سے آئے اور کیوں آئے۔ کہاں آکر ٹھہرے اور کیوں آکر ٹھہرے یہ میلا کیوں درہم ہوتا رہتا ہے پھر یہ شریک ہونے والے کہاں چلے جاتے ہیں۔ وہاں کیا ہوتا ہے شہر خاموشاں میں کیوں سناٹا چھایا ہے۔ کیا وہاں کچھ نہیں ہوتا، اگر ہوتا ہے تو وہ کیا ہوتا ہے؟ ابھی تک تو اس قسم کا کوئی آلہ اور مشین تیار نہیں ہوئی جس کی مدد سے عقل ان امور اور سوالات کے سلسلہ میں کوئی راہ نمائی حاصل کرسکے۔ بلکہ یہاں حالت یہ ہے کہ اگر یہ سر مو بھی اپنی حد پرواز سے آگے پرواز کی جرات کرنے لگتی ہے۔ تو اس پر رعشہ طاری ہوجاتا ہے پھر یہ مقصد حیات کی تعیین کیسے کرسکتی ہے یا تنہا اس پر بھروسہ کیسے کیا جاسکتا ہے

**طریقِ کار**

اگر بفرضِ محال صحیح مقصدِ حیات کے متعین کرنے میں اسے کچھ نہ کچھ آگاہی حاصل ہو بھی جائے تب بھی یہ سوال اپنی جگہ پر باقی رہے گا کہ اس مقصدِ حیات کی تکمیل اور تحصیل کے لیئے "طریقِ کار" کی کیا نوعیت ہو۔ ضابطۂ حیات کی وہ کیا شکل ہونی چاہیئے جو مقصدِ حیات کے حصول کا بھی ضامن ہو وہ نظامِ زندگی کیسا چاہیئے، جس کے صدقے میں یہ شرمندۂ زندگی سرخروئی سے ہمکنار ہو۔

**تطہیرِ فکر اور تطہیرِ عمل**

اس لیئے یہ ضروری تھا کہ خلاقِ عالم خود ہی اس سلسلہ میں انسان کی دستگیری فرمائے۔ اور کچھ اس قسم کے سامان پیدا کر دے جن کے صدقے میں فکر و عمل کی تطہیر ہو جائے اور وہ ساری کثافتیں دور ہو جائیں۔ جو امرِ حق اور حقیقتِ ثابتہ کے مشاہدہ کرنے میں حائل ہیں، کیونکہ فکر و عمل کی تطہیر کے بغیر انسان اپنے لیئے صحیح مقصدِ حیات اور طریقِ کار کی تعیین نہیں کر سکتا اور نہ اس کے لیئے یہ ممکن ہوتا ہے

**بعثتِ انبیاء اور انزالِ صحف**

اس لیئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے کچھ اس قسم کے انسان کامل منتخب فرمائے جن کی فکر دل اور انسانیت پر اسے کامل اعتماد تھا اور وہ اس قابل تھے کہ اللہ اور اس کے بندوں کے درمیان سفارت کے فرائض انجام دے سکیں اور ان کی زندگی رب العلمین کی پسند کی زندگی بھی ہو۔ وہ دنیا کے لیئے نمونہ کی زندگی ہو، معیاری اسوہ اور مثالی طریقِ حیات ہو یہ وہ مبارک اور معصوم ہستیاں تھیں جن کو ہم اپنی زبان میں نبی اور اللہ کے رسول کہتے ہیں۔ یہ ہوں اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال اور افکار کی نگرانی فرمائی، ہر لحظہ اور ہر قدم پر ان کی ردائے معصومیت کے دامن کو اپنے ہاتھ میں رکھا۔ لغزش اور نسیان کے ہر مرحلہ پر ان کو تھاما۔ اور دستگیری کی کیونکہ ان کو مقتدا اور پیشوا بننا تھا، نمونۂ کامل اور معیاری اسوہ پیش کرنا تھا۔

اس کے ساتھ ہی احکم الحاکمین اور بادشاہِ حقیقی اپنی باجبروت مملکت اور سلطنت میں وائسرائے یا سفیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے جن کا تقرر فرماتے ہیں ان کو دساتیر اور قوانین کی ایک جامع کتاب بھی مرحمت فرمایا کرتے ہیں۔ اور یہ ہر ایک حکومت کے لیئے ضروری ہوتا ہے کہ اسے اپنی مملکت کے لیئے جیسا کچھ نظامِ زندگی پسند ہو اسے ایک کتاب کی شکل میں مدون اور مرتب بھی کرے تاکہ بوقتِ ضرورت مقدمات اور دوسرے امورِ زندگی میں اس کی طرف رجوع کیا جا سکے۔ اور ہر امر میں ہر ایک اسے ایک معیار اور قولِ فیصل کی حیثیت سے قبول کر سکے۔ اسی طرح حق تعالیٰ کی ذاتِ کبریا نے ہر دور میں ابنِ آدم کی راہنمائی اور دنیا کی فلاح اور سعادت کے تحفظ کے لیئے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرما کر ان پر کتابیں بھی اتاریں۔ آدم سے لے کر رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک ہر نبی اور رسول کو نبوت اور رسالت کے ساتھ کتاب بھی بخشی۔ وہ کتاب نئی ہو یا پرانی بہرحال کوئی نبی اور رسول بے کتاب نہیں رہا، بلکہ ہر ایک حاملِ کتاب رہا ہے۔

**قرآن پاک**

جب تک پہلی کتاب اور رسول کی تعلیمات زندہ اور محفوظ ہیں۔ اس وقت تک کسی نئے رسول اور نئی کتاب کی ضرورت بھی محسوس نہ ہوتی جب انسانوں کی نادانیوں کی وجہ سے وہ کتاب ضائع ہو جاتی تو پھر اس کا نئے سرے سے اہتمام کیا جاتا اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا یہاں تک کہ حضرت خاتم الانبیاء والمرسلین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین تشریف لائے، اللہ تعالیٰ نے آپ پر جو کتاب نازل فرمائی اس کو قرآن مجید کہتے ہیں۔

**متن اور نظمِ کلام کا تحفظ**

جبرائیل علیہ السلام قرآن حمید کی جو آیات لے کر نازل ہوتے وہ سب سے پہلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک حافظہ میں نقش کر دی جاتیں پھر کاتبینِ وحی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حسبِ ہدایات ان کو قلمبند کر لیتے تھے۔ لکھنے کے بعد تمام صحابہ اس ٹکڑے کو حفظ کر لیتے پھر اس کے معانی اور مطالب کے سیکھنے اور سمجھنے میں شب و روز مصروف ہو جاتے۔ اور اجتماعی تنظیم کے ساتھ نہایت وسیع پیمانہ پر اس کی نشر و اشاعت کے لیئے نقل و حرکت بھی شروع ہو جاتی۔ اسی تدریج کے ساتھ قرآن حمید کا متن اور نظمِ کلام محفوظ کر دیا گیا۔

**قرآنی علوم اور مضامین کا تحفظ**

گو قرآن حمید طبعیات، فلکیات، فلسفہ، طب، حیاتیات، طبقات الارض، لسانیات، جغرافیہ، تاریخ اور ریاضی کی کتاب نہیں ہے۔ اور نہ ان اغراض کے ماتحت اس کا نزول ہوا ہے۔ بلکہ یہ ایک پاکیزہ نظامِ زندگی اور

ضابطہ حیات کی جامع کتاب ہے جو محض ان بنیادی تصورات، افکار، اعمال اور حقائق سے بحث کرتی ہے۔ جن پر ساری کائنات کی عظمت، امن و بقا اور انسانی افکار و اعمال کے محاسن اور نوامیس کا انحصار ہے۔

لیکن پھر بھی اس میں ضمناً بعض ایسے بھی امور آ گئے ہیں جو مذکورہ بالا مضامین اور علوم کے ساتھ ساتھ ایک گونہ مناسبت رکھتے ہیں اور وہ قرآنی علم و عمل کی توضیح حکمت اور فلاسفی کے سمجھنے میں کافی سے زیادہ مدد دیتے ہیں، کیونکہ قرآن حمید میں کچھ تو حصہ علوم و معارف کا ہے جن سے اس نے دوبارہ اصالۃً بحث کی ہے۔ اور اس کا حقیقی موضوع بحث ہیں۔ مثلاً توحید اور آخرت، عبادت، خلافت، اخلاق وغیرہ وغیرہ، اور کچھ علوم و افکار ایسے ہیں جو قرآن پاک کا موضوع تو نہیں ہیں، لیکن اس میں تبعاً اور ضمناً ان کا ذکر ضرور آ گیا ہے مثلاً بعض جغرافیائی مقامات کا ذکر، سیارگان کے سلسلہ میں بعض حقائق کا انکشاف جمادات، نباتات اور بعض تاریخی اور حیاتیاتی مسائل کا تذکار۔

اس لیئے یہ ضروری تھا کہ قرآن حمید کے ان دونوں پہلوؤں پر غور کیا جاتا اور اس کے اصلی اور ضمنی تمام مباحث اور علوم پر بھی روشنی ڈالی جاتی چنانچہ آئمہ دین نے اس سلسلہ میں بھی پورا اہتمام کیا اور ان تمام علوم کو منضبط جو کسی نہ کسی رنگ میں قرآن حمید سے مناسبت رکھتے ہیں ایک ایک کی تشریح اور توضیح میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ یہی وجہ ہے کہ بعض تفاسیر کا حجم اس قدر بڑھ گیا ہے۔ کہ ان کو دیکھنے کے بعد عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے مثلاً تفسیر ابن الجوزی (۲۷ جلد) تفسیر سبط ابن الجوزی اور تفسیر اصفہانی (۳۰ جلد) کتاب التحریر والتقریر (۵۰۰ سے زائد جلد) تفسیر کتاب الاستغناء (۱۰۰ جلد) تفسیر الادفوی (۱۲۰ جلد) تفسیر قزوینی (۳۰۰ جلد) تفسیر حدائق البہجہ (۵۰۰ جلد) ہے (کشف الظنون)

## کتاب قانون

اس کے علاوہ قرآن حمید کو ایک اور بھی حیثیت حاصل ہے۔ یعنی یہ کتاب نوع انسانی کے لیئے ایک مقدس قانون اور ضابطہ حیات بھی ہے اور قانون کی جو کتاب ہوتی ہے، اس کی عبارت، الفاظ، حروف، نظم کلام اور تراکیب کچھ اس ڈھب کی ہوتی ہیں کہ اگر ان میں سے کسی ایک میں بھی سر مو فرق پڑ جائے تو قانون کا مفہوم بھی بدل جائے۔

اس لیئے امت مسلمہ نے اس پہلو کے اعتبار سے قرآن حمید کے الفاظ، حروف، حرکات، اعراب، تراکیب، نظم کلام، خواص مفردات، معانی اور مطالب کو منضبط اور واضح کرنے کیلیے سینکڑوں علوم اور افکار ایجاد کیئے اگر میں یہ کہدوں کہ امت مسلمہ نے انسانی اپنی استعداد اور صلاحیت کے مطابق خدمت قرآن کا حق ادا کر دیا ہے تو بیجا نہ ہوگا کیونکہ اس سے زیادہ مساعی اور خدمات انسانی بساط میں بھی نہیں ہیں اور نہ آج تک دنیا میں اتنا بڑا شرف اور مقام کسی اور کتاب کو حاصل ہوا ہے۔

## قرآنی علم و عمل کی نشر و اشاعت

جو تہذیب اور نظریہ حیات کسی ایک مخصوص دائرہ پر اکتفا کر لیتا ہے۔ وہ اس میں کبھی زندہ اور تابندہ نہیں رہ سکتا، بلکہ وہ اس میں الٹا سمٹنا اور گھٹنا شروع ہو جاتا ہے یہاں تک کہ ایک وقت ایسا بھی آجاتا ہے کہ وہ دنیا میں بالکل بے نام و نشان ہو جاتا ہے اگر اتفاق سے اس میں کچھ رمق باقی رہ بھی جاتی ہے تو وہ سامان عبرت سے زیادہ نہیں ہوتی جیسا کہ ہماری حالت ہے، اور جس تہذیب و تمدن کی عمارت پر یکسندے تبلیغ اور نشر و اشاعت کی بنیادوں پر قائم ہوتی ہے وہ باطل بھی ہوگا تو پھر بھی ایک دفعہ چمک اٹھے گا، جیسا کہ آج کل خداوندان یورپ کے نظام تمدن کی کیفیت ہے

اس داعی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی اجتماعی اور شخصی قوتوں پر قرآنی فکر و عمل اور نبوی اسوہ کامل کی نشر و اشاعت فرض کر دی ہے چونکہ زمان اور مکان کی قیود سے بالاتر ہو کر ہر زبان اور ہر مکان میں دین اسلام کی تہذیب و تمدن اور قرآنی نظام حیات کی تبلیغ کرنا اسلامی زندگی کا ایک لازمی جزو ہے۔ اس لیئے ہماری اسلامی زبان میں مسلم صرف وہ نہیں ہے۔ جو ماحول اور معاشرہ کی اصلاح اور دعوت الی الحق سے بے نیاز ہو کر قرآن اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو۔ اور ان کے مطابق زندگی بسر کرتا ہو۔ بلکہ مسلم کے معنی یہ ہیں کہ وہ خود بھی قرآنی فکر و عمل کا پابند ہو اور دوسروں کو بھی حکیمانہ انداز میں اس کی طرف دعوت دیتا ہو۔ یعنی سچا مسلمان بننے کے لیئے دو لازمی اجزا ہیں۔ (۱) اسلام قبول کرنا اور (۲) داعی اسلام ہونا۔

بحمداللہ غیور اور سچے مسلمان بندوں نے اس سلسلہ میں جو خدمات انجام دی ہیں۔ دنیا کی تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے اور قرآن حمید کی تبلیغ سے دو فائدے ہوئے۔ ایک تو قرآن پاک کے عقیدتمندوں اور اس پر ایمان لانے والوں کا دائرہ وسیع تر ہوتا رہا۔ دوسرا یہ کہ قرآنی دعوت (نظام حیات)

علم وعمل اور مقاصد بھی شامل ہیں پیسے اور قرآنی نوازین کو شہرت اور تواتر کا وہ درجہ اور رتبہ حاصل ہوا کہ آج تک اتنا اور کسی کو حاصل نہیں ہو سکا۔ امت مسلمہ کے اس کردار اور سعی وعمل کے صدقے میں جو نتائج پیدا ہوئے وہ صرف تحفظ اور رجا ذہینت قرآن پر ہی منتج ہوئے گویا کہ تحفظ قرآن کی یہ سب سے بڑی اور جامع شکل ہے۔

## حامل کتاب کی زندگی کے مبارک سوانح کا تحفظ

ہو سکتا تھا کہ ان تمام امور اور مطالب میں پوری تیک نیتی اور احتیاط برتنے کے باوجود قرآنی نقطہ نظر اور فکر وعمل کے متعین کرنے میں کسی قسم کا تساہل یا غلطی ہو جاتی اس لیئے پروردگار عالم نے حامل کتاب یعنی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک سوانح اور سیرت طیبہ کی معصوم اداؤں تک کے تحفظ کے لیئے بھی ناقابل شکست سامان پیدا کر دیئے۔ تاکہ اس کی زندگی کے پاک آئینہ میں قرآنی مضامین، معانی اور افکار واعمال کی جو تصویر منعکس ہو وہ ہر مرحلہ میں ہمارے لیئے مشعل راہ بن سکے۔ اس لیئے اللہ تعالیٰ نے رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کو من وعن محفوظ کر دیا۔ تاکہ قرآن پاک کا ضابطہ حیات صرف کاغذی معنوی اور فکری حد تک محفوظ نہ رہ جائے بلکہ خارجی اور مرئی طور پر بھی واقعاتی دنیا میں اپنے مخصوص مزاج اور انداز کے مطابق اس نے نظام حیات کے جو نقوش اور نمونے چھوڑے ہیں وہ بھی محفوظ ہو جائیں اس ذخیرہ کو ہماری اسلامی زبان میں حدیث پاک اور سیرۃ النبی کہتے ہیں۔

## قرآن فہمی کے اصول اور ضوابط

جہاں تک قرآن فہمی کا تعلق ہے میرے نزدیک اس کے لیئے اگر مندرجہ ذیل اصول اور ترتیب کی پابندی اختیار کی جائے تو فہم قرآن بھی آسان ہو جاتا ہے اور اکثر مشکلات پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔

قرآن فہمی کے لیئے اصلاح نیت، ممارست اور شغف بالقرآن سب سے اوّلین اور بنیادی حقائق ہیں۔ ان کے بغیر قرآن حمید آپ کے ساتھ مانوس نہیں ہوگا کیونکہ اصلاح نیت، تقوی، ممارست، شغف اور جذبہ عشق صادق شجر قرآن کے پھلنے پھولنے کے لیئے بمنزلہ زمین ہے اس کے بغیر اس کے پھل پھول سے متمتع ہونا قطعی ناممکن ہے۔ قرآن کا مطالعہ محض تلاش حق کے لیئے ہو ذہن صاف اور بالکل خالی ہو کسی سابق مفروضہ اور مزعومہ کی نفیاً یا اثباتاً حمیت اور عصبیت کے لیئے ورق گردانی نہ ہو۔ اور الفاظ قرآن کو نظم کلام کے سیاق وسباق کی مدد سے حل کرنے کی کوشش کی جائے یا قرآن حمید کے ایک مقام کو دوسرے مقام کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی جائے کیونکہ قرآن حمید عموماً اپنے اجمال کی تفصیل کا خود ہی کفیل ہے۔ سیرت طیبہ کو قرآن حمید سے ایک گہرا ربط ہے، قرآن ایک معنی اور نظام فکر ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس کا مرئی پیکر ہیں، قرآن فہمی کے سلسلہ میں اس کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

پھر آئمہ صحابہ وتابعین کی تفسیر تاویل اور تعبیر کو سامنے رکھنا چاہیئے جو مقامات ان دونوں طبقات میں متفق علیہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے خلاف تو سوچنے کی کوشش ہی نہ کی جائے اور جن امور میں وہ باہم مختلف ہوں، اس سلسلہ میں اہل ترجیح بعد کے آئمہ دین، اخذ اور ترک کا حق رکھتے ہیں اور یہ بھی ان اصولوں کی روشنی میں جن پر اوپر کے تینوں طبقات کے تعامل اور تواتر کا دار ومدار ہے۔

جو آئمہ دین یا افاضل امت قرآنی علم ومعرفت میں دستگاہ رکھنے کے علاوہ ملک اور ملت کی سیاسی ذمہ داریوں نظم اور انصرام کے فرائض اور قوم کے اجتماعی نظام اور شعبوں میں بھی مہارت رکھتے ہیں۔ اور قوم اور ملت کا اعتماد بھی ان کو حاصل ہے۔ میرے نزدیک قرآنی بصیرت کی رو سے وہ دوسروں کی بہ نسبت زیادہ قابل توجہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس سلسلہ میں حضرت امام ابن تیمیہ کا مقام بہت بلند ہے۔

جاہلی ادب اور عربی کے مستند شعرا کے کلام کا مطالعہ از بس ضروری ہے حضرت عبداللہ بن عباس فرمایا کرتے تھے۔ شعر دیوان العرب فاذا خفی علینا الحرف من القرآن رجعنا الی دیوانها۔

ان اقوام کی تاریخ اور جغرافیہ کا علم حاصل کرنا بھی ضروری ہے جن سے قرآن حمید نے اصالۃً یا ضمناً بحث کی ہے کیونکہ اقوام قرآن کا عروج وزوال ان کے نظام معاشرت اور دستور معیشت پر مبنی ہے اس لیئے اگر ان کی تہذیب اور تمدن اخلاق اور الہیات سے واقفیت نہ ہوگی تو بڑی بڑی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

عہد عتیق اور جدید کے تمام صحائف کا مجموعہ یعنی "بائبل" کا مطالعہ بھی لازمی شے ہے۔

علم نحو، بلاغت، اصول حدیث و تفسیر کو بھی سامنے رکھنا چاہیے۔

وہ کتابیں جو بالخصوص لغاتِ قرآن کے موضوع پر لکھی گئی ہیں، یا اس سلسلہ میں کسی حد تک معاون ہو سکتی ہیں۔ ان کو بھی نگاہ میں رکھنا چاہیے اس سلسلہ میں جو چیز ملاک الامر کی حیثیت رکھتی ہے اور میرے نزدیک سب سے اہم ہے۔ وہ یہ ہے کہ ان تمام مراحل کے طے کرنے کے باوجود پہلے کسی مستند اور وسیع النظر "استاد" سے قرآن حمید سبقاً پڑھا جائے۔ اس کے بغیر قرآن فہمی قطعاً ناممکن ہے اور میں اسے ایک دیوانہ اور مجذوب کی بڑ سمجھتا ہوں جو کسی جامع استاد سے پڑھے بغیر محض اپنے مطالعہ کے بل بوتے پر قرآن حمید کی ترجمانی کرنا چاہتا ہے۔ اور اگر اختصار کو ملحوظ رکھا جائے۔ تو پھر خود قرآن حامل قرآن کی سیرت طیبہ، کلام عرب اور استاذ کامل، قرآن فہمی کے لیے قابل اعتماد چیزیں ہیں۔

**لغات القرآن** } خدمت قرآن کی کئی شکلیں ہیں۔ ان میں سے ایک صورت یہ ہے کہ قرآن حمید کے مشکل الفاظ کے معانی اور لغات لکھے جائیں چنانچہ اس بارے میں متعدد کتابیں تصنیف کی گئی ہیں۔ لیکن ان کا زیادہ ذخیرہ عربی زبان میں ہے۔ فارسی میں بہت کم ہے۔ اور اردو میں تو اور بھی کم ہے۔ اور اس وقت عربی لغات کی جو کتابیں ہمارے ہاں زیادہ تر متداول ہیں وہ دو ہیں (۱) اساس البلاغۃ للزمخشری (۲) مفردات امام راغب لیکن افسوس! یہ دونوں حضرات قرآنی تشریح اور تعبیر میں اپنا ایک کلامی مسلک رکھتے ہیں۔ اور بیشتر مقالات میں ان کا یہ رنگ نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ اس لیئے ان سے استفادہ ان لوگوں کے لیئے کافی دشوار ہے۔ جو اس فن میں مہارت تامہ نہیں رکھتے۔ ہاں مفردات امام راغب اساس البلاغت کی بہ نسبت زیادہ مفید ہے۔ اس سے میری یہ غرض نہیں ہے۔ کہ ان سے استفادہ نہ کیا جائے بلکہ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اس سلسلہ کی اکثر کتب میں اعتزال وغیرہ کی تھوڑی بہت آمیزش ضرور پائی جاتی ہے اس لیئے مناسب یہ ہے کہ حل لغات قرآن کے بارے میں کسی ایک یا دو کتابوں پر قناعت نہ کر لی جائے، بلکہ ان کے ہمراہ دوسرے آئمہ کی کتب کا مطالعہ بھی کر لیا جائے تاکہ وضوحِ حق میں کوتاہی نہ ہو جائے۔

چونکہ اس سلسلہ کی جتنی کتابیں تھیں ان میں سے زیادہ تر عربی زبان میں تھیں اور جو لوگ کم پڑھے لکھے ہیں وہ ان سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتے اس لیے اس امر کی ضرورت تھی کہ اردو زبان میں ایک ایسی کتاب لکھی جائے جو اردو خوان طبقہ کے لیئے بالخصوص اور نیم عربی دان حضرات کے لیئے بالعموم مفید ثابت ہو۔ چنانچہ ہندوستان کے متعدد مشاہیر اور افاضلِ امت نے "لغت قرآن" پر متعدد کتابیں تالیف کیں اور نہایت دلچسپ مواد بہم پہنچایا ان سب سے بہتر جو کتاب اس وقت ہمارے سامنے ہے وہ مولانا محمد عبدالرشید نعمانی رفیق ندوۃ المصنفین کی کتاب "لغات القرآن" ہے۔ اس میں رجال قرآن، قصص قرآن، ارض قرآن، پر بھی بتفصیل روشنی ڈالی گئی ہے اور الفاظ بھی حروف تہجی کے مطابق بیان کیئے گئے ہیں اس پر طرہ یہ کہ ہر لفظ کے آخیر میں ان مقامات کی ایک فہرست بھی دے دی ہے جہاں جہاں قرآن میں وہ لفظ مستعمل ہوا ہے۔

**مرآۃ القرآن** } بھی اسی سلسلہ کی ایک مستند کڑی ہے۔ اس میں مؤلف نے ان تمام معنوی اور صوری محاسن کو ملحوظ رکھا ہے جو مندرجہ بالا کتاب "لغاۃ القرآن" میں پائے جاتے ہیں اس میں رسل اللہ، ارض قرآن، اقوام قرآن، حروف عاطفہ اور حروف مقطعات پر بھی نہایت سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے گو یہ سب کچھ مختصر ہے مگر جامع ہے۔

اس میں جو چیز سب سے زیادہ قابل قدر اور نادر چیز ہے وہ یہ ہے کہ "لغات قرآن" کے حل کرنے کے لیئے کلام اور محاورات عرب زیادہ پیش کیئے گئے ہیں۔ اور لغات قرآن کے سلسلہ میں یہی چیز سب سے زیادہ مطلوب ہے۔ کیونکہ فہم قرآن کا دار و مدار ہی محاورات عرب پر ہے۔ کیونکہ قرآن حمید عربی زبان میں نازل ہوا ہے اور بالکل اہل عرب کے اسلوب بیان اور محاورات کے مطابق نازل ہوا ہے۔

دوسری خوبی اس میں یہ ہے کہ صرف لفظی لغات پیش کر کے آگے نہیں نکل گئے بلکہ جتنی آیات میں وہ لفظ مختلف صیغوں کی شکل میں مستعمل ہوا ہے ان سب آیات کو ترجمہ سمیت ایک جگہ پر جمع بھی کر دیا ہے۔

مرآۃ القرآن کا انداز بیان نہایت آسان اور جاذب ہے۔ محاورات کا استعمال نہایت عام فہم ہے۔ صیغوں کی توضیح بھی نہایت ہی سہل رنگ میں

کی گئی ہے۔ معانی کی تشریح میں نہ کوئی الجھاؤ ہے اور نہ اغلاق۔ اختصار کے ساتھ اس میں جامعیت بھی ہے۔ میرے خیال میں اردو زبان میں مرآۃ القرآن سے زیادہ عام فہم مختصر اور جامع دوسری کوئی کتاب نہیں ملے گی۔ اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کو جزائے خیر عنایت کرے۔ آمین۔

## مرآۃ القرآن کے فاضل مؤلف

کے والد ماجد حضرت مولانا امام الدین رحمۃ اللہ علیہ ایک عالم باعمل بزرگ تھے۔ آپکی گذر اوقات کا ذریعہ فن کتابت تھا۔ جس میں آپ یگانۂ روزگار تھے اور یہ فن کتابت آج تک آپکے خاندان میں ورثاً چلا آرہا ہے۔ مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے کئی ایک بیٹے اور بیٹیاں عطا کی تھیں۔ ان میں سے اب صرف دو بیٹے اور ایک بیٹی باقی ہے ایک جناب حافظ الحاج مولانا عبدالحی صاحب مولف "مرآۃ القرآن" اور دوسرے مولانا الحاج حکیم عبدالواحد صاحب ناظم حلقہ متفقین جماعت اسلامی منڈی وار برٹن ہیں۔ مولانا الحاج حافظ عبدالحی صاحب یکم نومبر ۱۸۹۵ء میں بمقام قصبہ حضرت کیلیانوالہ (من مضافات گوجرانوالہ پنجاب) پیدا ہوئے کچھ ہوش سنبھالا تو انہیں لاہور میں ایک حافظ صاحب کے پاس تعلیم قرآن کے لیے بھیج دیا گیا۔

## ابتدائی تعلیم و تربیت

چار پانچ سال تک آپ لاہور میں ہی رہے اور لاہور میں ہی قرآن کریم حفظ کیا اسکے بعد لاہور کو چھوڑ کر آپ اپنے والد کے ہمراہ کوٹ شاہ محمد (المعروف چاندی کوٹ) میں تشریف لے آئے یہ گاؤں منڈی وار برٹن سے مغرب کی جانب تقریباً ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے جو زیادہ تر چاندی کوٹ کے نام سے مشہور ہے تہذیب و تمدن کے لحاظ سے کچھ جانگلی اور دہقانی قسم کا قصبہ ہے یہاں پر تھوڑے سے ہی فاصلہ پر آباد اور قصبہ ہے جس کو مجھیالہ کہتے ہیں بعد میں آپ نے اسی قصبہ کے پرائمری سکول میں تعلیم پائی تین سال کے بعد آپ کو اسلامیہ ہائی سکول شیرانوالہ گیٹ (لاہور دار الخلافہ صوبہ پنجاب، پاکستان) میں داخل کر دیا گیا مگر اس کے ساتھ ساتھ عربی ادب اور علوم کی تعلیم کا بھی خاص خیال رکھا گیا۔ چنانچہ اس غرض کے لیے مسجد چینیانوالی میں آپ کی رہائش اور تعلیم کا بندوبست کر دیا گیا کچھ تو وراثتہً خاندان سے ذوق صالح کی دولت پائی تھی قسمت بھی اچھی تھی غالباً خدمت قرآن بھی آپ کے حصہ اور مقدر میں لکھی تھی، اس لیے آپ طالبعلمی کے عہد میں ہی عربی ادب اور علوم دینیہ کی طرف زیادہ مائل رہے اور اس میں کافی تبحر بھی حاصل کیا۔ اور یہی وہ ذوق اور شغف تھا جس نے بعد میں آپ کو "مرآۃ القرآن" جیسی ایک مستند کتاب کی تالیف کے قابل بنا دیا۔

## سکول کی تعلیم کا اہتمام

آپ ابھی جماعت نہم میں پڑھتے تھے۔ کہ آپکو بعض خانگی مجبوریوں کی وجہ سے سکول سے اٹھا لیا گیا۔ غالباً اس وقت آپ کی عمر ۱۵ سال کی تھی اور یہی زمانہ رشد اور ترقی کا ہوتا ہے مگر آہ! اقتصادی اور مالی پریشانیوں کی وجہ سے مزید تعلیم دلانے کے بجائے روزگار کے لالچ میں آپ کو ۱۹۲۲ء میں پٹواریوں کے سکول میں داخل کر دیا گیا آپکا حافظہ بڑا زبردست تھا۔ اس لیے پنجاب بھر میں اول آئے چونکہ خدا نے آپ سے قرآن مجید کی خدمت کا کام لینا تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس ملازمت سے بھی بچا لیا جس میں حرام سے واسطہ پڑتا ہے۔

انہی دنوں میں آپ کے والد مولانا امام الدین رحمۃ اللہ علیہ کچھ ایسے بیمار ہوئے کہ پھر بستر علالت سے نہ اٹھ سکے۔ اور کچھ دن بیمار رہ کر اللہ کو پیارے ہوئے اب گھر کی ذمہ داریاں بھی آپ کو قبول کرنا پڑیں۔ برادری نے بھی آپ کو گھر میں رہنے کے لیے مجبور کر دیا چنانچہ آپ تا حال اسی قصبہ کوٹ شاہ محمد میں مقیم ہیں اور ہمیشہ درس و تدریس۔ تالیف و تصنیف میں مصروف رہتے ہیں۔

## اولاد و اطفال

اسوقت آپکے چار صاحبزادے محمد اسلم محمد سلیم محمد مسلم اور عبدالسلام اور تین صاحبزادیاں ہیں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کو دارین میں فلاح اور سعادت کی دولت سے نوازے اور مرآۃ القرآن کو آپکے لیے وسیلۂ نجات اور ترقی درجات کا موجب بنائے۔ آمین؛

عزیز زبیدی ساکن جتوئی ضلع مظفر گڑھ

حال مقیم منڈی وار برٹن (ضلع شیخوپورہ)

۹ دسمبر ۱۹۵۲ء

# رسل اللہ

**حضرت ابراہیم علیہ السلام** آپ عراق کے ایک قصبہ اُور کے رہنے والے تھے، آپکا نسب نامہ یہ ہے حضرت ابراہیم (خلیل اللہ) بن تارخ بن ناخور بن سروج بن رعو بن فالح بن عابر بن شالح بن ارفکشاد بن سام بن نوح (علیہ السلام) آپکے باپ کا نام تاریخ کی کتابوں میں تارخ ہی درج ہے، اور قرآن مجید نے اس کا نام آذر لیا ہے، آذر وصفی نام ہے جس کے معنی ہیں "محب صنم" (بتوں سے محبت رکھنے والا) یہ تارخ عراق کا مشہور بت تراش تھا، نمرود کی طرف سے شاہی بت خانہ کا مہنت اور محافظ تھا حضرت ابراہیم اس برہمن اور مہنت کے لڑکے تھے۔ جب ہوش سنبھالا، تو دیکھا، کہ باپ اور ساری قوم بت پرستی اور شرک کی لعنت میں گرفتار ہے۔ باپ سے پوچھا تو انہوں نے کہا بیٹا یہ چاند یہ تارے یہ سورج سارے ہی دیوتا ہیں۔ یہ مٹی لکڑی پتھر کے مجسمے خدا کے مظہر اور روپ ہیں عقل سلیم نے راہ نمائی کی۔ آپنے فرمایا۔ ان میں سے کوئی بھی خدا بننے کے قابل نہیں۔ باپ سے مناظرہ ہوا، قوم سے جھگڑا ہوا۔ بادشاہ کے دربار میں جاکر اعلان حق کیا۔ بادشاہ لاجواب ہوا، آپنے ایک دفعہ بت خانے کے سارے بت توڑ ڈالے۔ بتوں کے پجاریوں کو غصہ آیا۔ انہوں نے آگ کا الاؤ روشن کر کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس میں پھینک دیا۔ اللہ تعالیٰ نے آگ کو ٹھنڈا کر دیا اور صحیح سلامت آگ سے نکال لیا جب قوم کی اصلاح سے ناامید ہوئے تو ہجرت کا ارادہ کیا حضرت ابراہیم آپکی بیوی اور بھتیجے (حضرت لوط) یہ تین آدمیوں کا مختصر سا قافلہ خدا کی راہ میں نکلا اور فرات کے مغربی کنارے کے قریب اور کالدانین کی بستی میں جاکر اقامت کی حضرت سارہ آپکی بیوی اور حضرت لوط بھی ان کے ساتھ اسی بستی میں آئے کچھ دنوں کے بعد یہاں سے ہجرت کر کے حران چلے گئے حران سے فلسطین پہنچے فلسطین میں آپنے اس علاقہ میں سکونت اختیار کی جو کنعانیوں کے زیر اقتدار تھا پھر یہاں سے چل کر نابلس میں پہنچے اور یہاں سے مصر پہنچے مصر میں ملک جبار کے ملازم آپکی بیوی حضرت سارہ کو پکڑ کر لے گئے جن کے سبب بادشاہ کو کافی تکلیف پہنچی چنانچہ بادشاہ نے حضرت ابراہیم کو بلا کر آپ کی بڑی عزت کی اور آپکی بیوی بھی آپ کے سپرد کی بھیڑ بکری اونٹ اور گدھے ہر طرح کا بہت سامان عنایت کیا اور یہ معلوم کر کے کہ حضرت ابراہیم بھی سامی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں بادشاہ نے ان کو اپنا ہم نسب سمجھ کر تعلقات کو زیادہ مضبوط بنانا چاہا اور اپنی پہلوٹھی بیٹی حضرت ہاجرہ کو حضرت سارہ کی خدمت کے لیئے دیدیا۔ بعد ازاں بعد حضرت سارہ نے انکو حضرت ابراہیم کی زوجیت میں دے دیا کچھ مدت کے بعد حضرت ابراہیم نے بارگاہ خداوندی میں عرض کی کہ اے اللہ مجھے ایک بیٹا عطا فرما چنانچہ خدا تعالیٰ نے ان کی دعا کو سنا حضرت ہاجرہ کے بچہ پیدا ہوا۔ اور اس کا نام اسمٰعیل رکھا گیا۔ اس وقت حضرت ابراہیم کی عمر ۸۷ سال کی تھی۔

حضرت ابراہیم کو خدا تعالیٰ نے حکم دیا کہ ہاجرہ اور اس کے بچے کو عرب کے ریگستان میں چھوڑ آؤ۔ چنانچہ حضرت ابراہیم فرشتہ کی راہنمائی میں اس بن گھاس کی زمین میں پہنچے جہاں اس وقت بیت اللہ شریف ہے پھر حضرت ابراہیم مصر سے فلسطین چلے آئے اور یہیں اقامت اختیار کی تیرہ سال کی مدت کے بعد حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق پیدا ہوئے۔ آپ ایک دفعہ عرب میں تشریف لائے تو دیکھا کہ بیٹا اللہ کے فضل و کرم سے جوان ہو رہا ہے ہونہار ہے دیکھ کر بہت خوش ہوئے خدا تعالیٰ نے نیند میں حکم دیا کہ اس بیٹے کو اللہ کی رضا کے لیے ذبح کر دو باپ نے بیٹے سے تذکرہ کیا۔ بیٹا بڑی فراخدلی سے خدا کے نام پر ذبح ہونے کیلیئے تیار ہو گیا۔ چنانچہ باپ بیٹے نے اس حکم کی تعمیل اس خوش اسلوبی سے کی کہ دنیا میں یادگار رہ گئی۔ اللہ نے اسمٰعیل کو بچا لیا۔ "ذبیح اللہ" کا لقب ملا اور امتحان پورا ہو گیا پھر آپنے حضرت اسمٰعیل کی معیت میں خانہ کعبہ کو تعمیر کیا۔ اور اس کے بعد بیت المقدس کو تعمیر کیا۔ ایک مسجد کی خدمت ایک بیٹے کے سپرد کی اور دوسری کی دوسرے بیٹے کے سپرد۔ اپنے بھتیجے حضرت لوط کو شرق اردن کے علاقہ میں (جس کا پرانا نام سدوم ہے) بھیجدیا۔ اردن کی وہ جانب جہاں آج بحر میت واقع ہے یہی جگہ ہے جہاں سدوم اور عامورہ کی بستیاں آباد تھیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ۱۷۵ سال کی عمر پائی خدا تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا ہے کہ آپ نہایت رحمدل اور مہربان طبیعت کے مالک تھے وعدے کے سچے موحد اعظم دین حنیف کی بنیاد رکھنے والے رضی اللہ عنہ وارضاہ آپ قدس خلیل میں دفن ہوئے۔

## حضرت ادریس علیہ السلام [۲]

قرآن مجید میں ان کا ذکر دو جگہ آیا ہے۔ نسب نامہ میں اختلاف ہے لیکن مشہور نسب نامہ یہ ہے۔ اخنوخ (ادریس) بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام آپ بابل کے علاقہ میں پیدا ہوئے۔ جوان ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے نبوت سے سرفراز کیا قوم نے بہت ستایا بہت تھوڑے لوگ ایمان لائے کفار سے تنگ آکر مصر سے ہجرت کی آپ بہت سے علوم کے موجد ہیں چونکہ وہ زمانہ ابتداء آفرینش کا زمانہ تھا لوگوں کے ذاتی علم نے ابھی کچھ ترقی نہ کی تھی۔ اس لیئے مفید علوم بذریعہ وحی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں کو سکھائے گئے حضرت ادریس علیہ السلام کپڑا بننے اور لکھنے کے استاد اول تھے۔ علم رمل اور نجوم کا وہ حصہ جو صحیح ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا تھا۔ حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے رمل کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ علم ایک نبی کو دیا گیا تھا جو اس کے مطابق ہوتا ہے صحیح ہوتا ہے باقی غلط علم نجوم کی پوری ماہیت، ستاروں کی گردش اور کشش وغیرہ کا علم بھی ان کو دیا گیا، حکمت (طب) کا استاد اول بھی انہیں کو مانا گیا ہے آپکو "ہرمس الہرامسہ" کا خطاب دیا جاتا ہے آپ علم حساب اور ہندسہ کے بھی بڑے ماہر تھے مصر میں آکر کافی لوگ آپ پر ایمان لائے آپ نے ان کے لیئے قانون کا ایک مجموعہ تحریر کیا جس میں تہذیب نفس تدبیر منزل اور سیاست کے متعلق قوانین تھے آپ نے اپنی قوم میں سے چار آدمی بادشاہ مقرر فرمائے جن میں ایک کا نام اسقلیبوس تھا۔ اس کو یونان کے علاقہ میں مقرر کیا گیا۔ اس نے ہیکل تعمیر کیئے بعد میں آنے والوں نے اس بادشاہ کے مجسمے ہیکل میں رکھے لیکن کچھ مدت کے بعد یونانیوں کے دماغ میں چیز سما گئی کہ یہ حضرت ادریس کے مجسمے ہیں ان کی پرستش کرنے لگے۔ آپکا رنگ گندم گوں قد درمیان خوبصورت گھنی داڑھی چمکدار آنکھیں خاموشی پسند بلند حوصلہ طبیعت بات تو میں انگلی سے اشارہ کرتے آپ نے ۸۲ سال کی عمر پائی لیکن تورات میں آپ کی عمر ۳۶۵ سال دی گئی ہے۔ واللہ اعلم، مدفن معلوم نہیں۔

## ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام [۳]

حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے براہ راست مٹی سے پیدا کیا۔ اور ان کو خلافت ارضی تفویض فرمائی فرشتوں نے اس پر اعتراض کیا تو خداوند تعالیٰ نے ایک امتحان کے بعد معلوم کرا دیا کہ واقعی فرشتوں سے زیادہ حضرت آدم علیہ السلام ہی خلافت کے مستحق ہیں۔ آپکو جنت میں آباد کیا گیا کچھ عرصہ بعد آپکی بیوی حضرت حوا کی تخلیق کی گئی جس سے آپ کی طبیعت سے وحشت دور ہو گئی خداوند تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو فرشتوں سے سجدہ کرایا۔ ابلیس نے انکار کیا اور راندۂ درگاہ الٰہی ہوا اس سے انکار کی وجہ پوچھی گئی کہ تو نے سجدہ کیوں نہ کیا۔ تو اس نے کہا کہ میں آدم سے بہتر ہوں میں آگ سے پیدا ہوا ہوں اور آدم مٹی سے ہے اور آگ مٹی سے افضل ہے لیکن اس کمبخت کو معلوم نہ تھا کہ خدا تعالیٰ کے ہاں فضیلت نسبی کام نہیں دیتی آپ کو جنت میں آباد کیا گیا تو کھانے پینے کی آزادی دی گئی مگر ایک درخت سے روک دیا گیا کہ اس کا پھل نہ کھانا۔ ابلیس کے دل میں حسد کی آگ بھڑکی اس نے آدم و حوا کے دل میں وسوسہ ڈالنا شروع کیا کہ اس درخت کا پھل کھانے سے آپکو بقائے دوام نصیب ہو جائیگی۔ بالآخر آدم علیہ السلام سے لغزش سرزد ہوئی آپ نے اس درخت کا پھل کھایا۔ کھاتے ہی بہشتی لباس چھین لیا گیا۔ ننگے ہو گئے درختوں کے پتوں سے اپنی شرمگاہ ڈھانپنی شروع کی خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ اب تم زمین پر چلے جاؤ اب امتحان دے کر میری فرمانبرداری کر کے جب تم ثابت کر دو گے کہ اب تم ابلیس کے دام تزویر میں آنے والے نہیں تو پھر تم کو جنت میں آباد کیا جائے گا۔ آپ زمین پر تشریف لائے یہاں آبادی شروع کی بمقام عرفات پر آپ کا آنا حدیث سے ثابت ہے۔ بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کی۔ نو سو تیس برس کی عمر پائی۔ آپ کا رنگ گندم گوں تھا، قد بہت لمبا بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی زبان عربی تھی۔

## حضرت اسحٰق علیہ السلام [۴]

حضرت ابراہیم کی عراق سے ہجرت کے بعد فلسطین کے ملک میں حضرت سارہ کے بطن سے بموجب بشارت خداوندی بذریعہ فرشتگان پیدا ہوئے۔ اپنے چچا کی لڑکی سے شادی کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی موجودگی میں ہی زمین کنعان کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجے گئے آپ کے دو لڑکے پیدا ہوئے عیص اور یعقوب آپ کو بڑھاپے میں آشوب چشم کی بیماری ہوئی چند روزہ کی بیماری کے بعد آپ رحلت فرما گئے آپ کا قد لمبا سیاہ آنکھیں چہرہ سیاہی مائل تھا آپ کی خصوصیات میں عبادت، صلاحیت، شفقت اور رحمت خاص طور پر قابل ذکر ہیں آپکی عمر ایک سو اسی برس ہے عیص نے ان کی تجہیز و تکفین کے بعد قدس خلیل میں اپنے باپ حضرت ابراہیم کے پہلو میں دفن کیا۔

**حضرت اسمٰعیل علیہ السلام** ۵ آپ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ مصر میں اقامت کے دوران میں آپ پیدا ہوئے اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر ۸۶ سال کی تھی حضرت ہاجرہ اور اسمٰعیل کو حضرت خلیل اللہ بحکم خداوندی عرب کی سرزمین میں اس مقام پر چھوڑ گئے۔ جہاں نہ پانی تھا نہ کھانا یہی وہ جگہ تھی جس کو مشیت الٰہی نے ازل سے انتخاب کر رکھا تھا آپ کی پرورش بنو جرہم نے کی شادی بھی انہیں کے خاندان میں ہوئی۔ ان کی طفیل اللہ تعالیٰ نے ایک چشمہ جاری کیا جس کا نام زمزم ہے جو آج بھی موجود ہے۔ جب آپ کچھ دنیاوی دوڑ دھوپ کے قابل ہوئے تو حضرت ابراہیم کو ان کے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا چنانچہ باپ بھی تیار ہو گیا اور بیٹا بھی اپنی طاقت کے مطابق دونوں نے اس حکم کی تعمیل کے لیئے کوشش کی لیکن خدا تعالیٰ کو صرف امتحان مقصود تھا ذبح کرانا مقصود نہ تھا آپ کو اس واقعہ سے ذبیح اللہ کا خطاب ملا۔ پھر آپ نے باپ کے ساتھ مل کر بیت اللہ کی تعمیر میں خاصہ حصہ لیا۔ یہ وعدہ کے بڑے سچے اہل وعیال کو نماز زکوٰۃ کی تلقین کرنے والے تھے ان کی اولاد میں خدا تعالیٰ نے بڑی برکت عطا فرمائی۔ آپ نے ۱۳۷ سال کی عمر پائی آپ کی اولاد آپ کی زندگی میں ہی شام، مصر، فلسطین اور حجاز میں آباد ہو چکی تھی توران کا دعویٰ ہے کہ حضرت اسمٰعیل فلسطین کے علاقہ میں دفن ہوئے ہیں لیکن صحیح روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی وفات مکہ مکرمہ میں ہی ہوئی اور اپنی والدہ ماجدہ کے قریب ہی بیت اللہ شریف کے پاس دفن ہوئے۔

**حضرت الیاس علیہ السلام** ۶ الیاس بن عیزار بن ہارون علیہ السلام مشہور انبیاء میں شمار ہیں۔ الیاس اور الیاسین ایک ہی نام ہے۔ ان کی زندگی درویشانہ تھی۔ ان کی قوم بعل کی پوجا کیا کرتی تھی آپ نے منع فرمایا قوم نے انکار کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک ظالم بادشاہ مقرر کیا۔ آپ نے ہجرت کے بعد بیت المقدس میں اقامت اختیار کی آپ نحیف بدن طویل قامت اور گھونگھریالے بالوں والے تھے۔ شریعت موسوی کے حامل تھے ان کی وفات اور قبر کے حالات نامعلوم ہیں اسرائیلیات میں ہے کہ یہ بھی زندہ آسمان کی طرف اٹھائے گئے اور (یوحنا کی آمد) آپ کی دوبارہ آمد سمجھی گئی۔

**حضرت الیسع علیہ السلام** ۷ ان کے نسب نامہ میں اختلاف ہے وہب بن منبہ کی اسرائیلی روایت میں ان کو خطوب کا بیٹا کہا گیا ہے مشہور مورخ محمد بن اسحٰق نے اسی کو ترجیح دی ہے کتب تواریخ سے بھی پتہ چلتا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام کے چچازاد بھائی ہیں ابن عساکر نے تاریخ میں ان کو حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد سے قرار دیا ہے تورات کے بیان کے مطابق انکے باپ کا نام عموس ہے بہر حال ان کا راجح نسب نامہ اس طرح ہے، الیسع بن عدی بن شوتلم بن افراہیم بن یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ ان کا ذکر قرآن مجید میں صرف دو جگہ آیا ہے، سورہ انعام اور سورہ صٓ میں۔ حضرت الیسع حضرت الیاس علیہ السلام کے نائب اور خلیفہ تھے ابتدا میں ان کی رفاقت میں رہے حضرت الیاس علیہ السلام کی رحلت کے بعد اللہ تعالیٰ نے انکو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیئے نبی بنا کر بھیجا۔ انکی عمر، مدت تبلیغ، جائے وفات کے متعلق تفصیلات کا پتہ نہیں چلتا البتہ بنی اسرائیل کی رہائش چونکہ شام کے علاقہ میں تھی اس لیئے قیاس یہی چاہتا ہے کہ ان کا حلقہ تبلیغ شام ہے اور وہیں ان کی وفات بھی ہوئی۔

**حضرت ایوب علیہ السلام** ۸ ایوب بن ساری بن اعوال بن علیص بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام آپ کی والدہ ماجدہ لوط علیہ السلام کی اولاد سے ہیں آپ نے رحمہ بنت افراہیم بن یوسف علیہ السلام سے نکاح کیا آپ کثرت مال و مویشی اور اراضی میں مشہور ہیں خدا کے شکر اور خدا کے امتحان پر جو صبر آپ نے کیا وہ زمانہ میں ضرب المثل ہے آزمائش کے طور پر آپ کا مال املاک برباد ہو گیا آپ خود بیمار ہوئے اور کئی سال تک بیمار رہے لیکن گلہ و شکوہ آپ کی زبان سے نہ نکلا خداوند تعالیٰ نے ان کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے انا وجدناہ صابرًا نعم العبد انہ اواب امتحان کے بعد خدا تعالیٰ نے جب آپ کو صحت دینے کا ارادہ فرمایا تو آپ کو حکم ہوا کہ اپنی ایڑی زمین پر مارو اسی وقت وہاں سے ایک چشمہ جاری ہوا جس کا پانی پینے اور غسل کرنے سے تمام بیماریاں جاتی رہیں اللہ تعالیٰ نے صحت کے بعد آپ پر سونے کی بارش کی اور مال اور اولاد پہلے سے دگنی دی کعب احبار کے قول کے مطابق آپ کا دور مصائب ۷ سال ہے آپ نے ۹۳ سال کی عمر پائی جس میں ۷ سال عمر نبوت ہے آپکی

شریعت ابراہیمی ہے - آپ کا قد لمبا آنکھیں سیاہ۔ گھونگھریالے بال بڑا سر پنڈلیاں اور بازو موٹے تھے آپ کا رنگ گندم گون تھا۔

## ۹ حضرت داؤد علیہ السلام

داؤد بن یشہ بن عبید بن بوعز بن سلمون بن نخشون بن امنیہ داب بن رام بن حصرون بن فرص بن یہودہ بن یعقوب علیہ السلام آپ ابتدا میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔ بنی اسرائیل کی تباہی ان کے زمانہ میں حد کو پہنچ چکی تھی آپ کے زمانہ میں بنی اسرائیل نے اپنے زمانہ کے پیغمبر شمویل علیہ السلام سے درخواست کی کہ ہمارے لیئے کوئی بادشاہ مقرر کیا جاوے کہ ہم اس کے ماتحت ہوکر جالوت سے لڑیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیئے طالوت کو مقرر کیا طالوت جو لشکر لے کر گئے تھے تو داؤد علیہ السلام اس لشکر میں بحیثیت ایک سپاہی تھے حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ سے جالوت مارا گیا۔ اور بنی اسرائیل کے ہاتھ میں اس علاقہ کی حکومت آئی تو حضرت داؤد علیہ السلام کو ایک ممتاز عہدہ پر مقرر کیا گیا طالوت کی وفات کے بعد حضرت داؤد خود مختار بادشاہ بنے ان کے زمانہ میں بنی اسرائیل نے بڑی ترقی کی اللہ تعالیٰ نے ان کو لوہا اور زنا بار بطور معجزہ قدرت عطا فرمائی تھی۔ پہاڑ اور پرندے آپ کے ساتھ تسبیح کیا کرتے تھے۔ آپ جنگی زرہیں تیار کرتے تھے اور یہی ان کا ذریعہ معاش تھا بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے آپکو نبوت عطا فرمائی۔ آپ شریعت موسوی کے حامل تھے آپنے اپنے زمانۂ نبوت میں بیت المقدس کی بنیاد رکھی جسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے پورا کیا آپ نے ۱۲۰ برس عمر پائی اور بیت المقدس میں ہی رحلت فرمائی آپ کا جنازہ شاہانہ طریق پر اٹھایا گیا جس میں .... ہم کے قریب صرف راہب ہی تھے عوام کی گنتی کا شمار خدا ہی جانے سورہ ص میں خداوند تعالیٰ نے ان کی دس خوبیاں بیان فرمائی ہیں۔

## ۱۰ حضرت ذی الکفل علیہ السلام

ان کی شخصیت میں علماء نہایت مختلف ہیں بعض کے نزدیک بشیر بن ایوب علیہ السلام ہیں اور بعض کے نزدیک حزقیل علیہ السلام ہیں لیکن صحیح یہ ہے کہ آپ الیسع کے خلیفہ تھے۔ بعد میں آپ کو نبوت دی گئی آپ شام کے ایک بادشاہ عالقہ کے مقرب تھے اور بادشاہ کو بنی اسرائیل سے نہایت عداوت تھی اس نے ایک دفعہ بنی اسرائیل پر تاخت و تاراج کی تو حضرت ذی الکفل نے بنی اسرائیل کو آزاد کرایا بالآخر وہ بادشاہ مسلمان ہوا اور ذی الکفل سے جنت کا وعدہ لے کر تخت سے دستبردار ہو گیا بعد ازاں ذی الکفل نے خود حکومت سنبھالی آپ کے اثر سے ایک دفعہ پھر شام میں اسلام پھیلا۔ بالآخر شاہی رحلت فرمائی - اور مدفون ہوئے -

## ۱۱ حضرت زکریا علیہ السلام

حضرت زکریا بنی اسرائیل کے پیغمبر ہیں - آپ کے جوانی میں کوئی اولاد نہ تھی جب عمران کے گھر مریم علیہا السلام پیدا ہوئیں تو ان کی پرورش اپنے ذمہ لی حضرت مریم بچپن ہی سے نہایت صالحہ اور عابدہ تھیں حضرت مریم کی حالت دیکھ کر حضرت زکریا کی ناامیدی اور مایوسی جو بنی اسرائیل کی اصلاح کے متعلق تھی، امید سے بدل گئی اور آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا الٰہی بنی اسرائیل کی اصلاح کے لیئے مجھے بھی ایک صالح لڑکا عطا فرما چنانچہ اللہ تعالیٰ نے والد کے بڑھاپے اور والدہ کی عقر کی حالت میں نہایت معجزات طریق پر یحییٰ علیہ السلام پیدا کیئے بنی اسرائیل نے حضرت زکریا کو حضرت مریم کے متعلق تہمت لگائی اور حضرت زکریا کو قتل کرنا چاہا جب حضرت زکریا کو معلوم ہوا تو آپ نے ان کو سمجھایا بنی اسرائیل باز نہ آئے اور آخر چند شیطان سیرت آدمیوں نے حضرت زکریا کو شہید کر دیا۔

## ۱۲ حضرت سلیمان علیہ السلام

آپ داؤد علیہ السلام کے فرزند ہیں۔ بنی اسرائیل میں آپ کے برابر کا کوئی بادشاہ نہیں ہوا۔ آپ پیغمبر بھی تھے ہوا، دیو، پرندے، آپ کے تابع تھے آپ کے ذریعہ سے ملک سبا مسلمان ہوئی اور وہاں اسلام پھیلا - جانوروں کی بولیاں آپ جانتے تھے ایک دفعہ آپ لشکر کے ساتھ جا رہے تھے کہ راستہ میں چیونٹیوں کی وادی سے گزرے ایک چیونٹی نے کہا یاایھا النمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان وجنودہ وھم لا یشعرون تو آپ نے تبسم فرما کر خدا کا شکریہ ادا فرمایا آپ نے بیت المقدس کی تعمیر کو نہایت عالیشان طریقہ پر مکمل کیا جب آپ کی وفات ہوئی تو اس وقت بیت المقدس کی تعمیر ہو رہی تھی آپ ایک حجرہ میں عصا پر ٹیک لگائے نماز ادا کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح کو قبض فرمایا۔ جب عصا کو گھن کھا گیا تو آپ کی رحلت کا علم ہوا۔

## حضرت شعیب علیہ السلام ۱۳

خطیب الانبیاء کے لقب سے مشہور ہیں شعیب بن میکیل بن یشجر بن لاوی بن یعقوب ان کی والدہ لوط علیہ السلام کی اولاد سے تھیں۔ ان کو اہل مدین اور ایکہ کی طرف مبعوث کیا گیا۔ ان کی قوم ناپ تول میں کمی بیشی کرتی تھی۔ یہ ابراہیمی شریعت کے پابند تھے مدین میں موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس جاکر ٹھہرے۔ آپ نے دو سو سال عمر پائی۔ قوم کی ہلاکت کے بعد مکہ مکرمہ میں تشریف لائے اور یہیں انتقال فرمایا۔ ان کا رنگ گندم گون۔ قد درمیانہ آخر عمر میں ضعیف بصر پیدا ہوا۔ آپ فن مناظرہ میں بے مثل تھے قرآن نے آپ کو شعیب کے نام سے یاد کیا اور بائیبل میں آپ کا نام یروت لکھا ہے۔ مدت دعوت ۵۰ برس ہے مشہور ہے کہ ان کی قبر رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے۔ مگر حرم میں قبر کا ہونا خلاف قیاس ہے کیونکہ قبروں میں نماز پڑھنی جائز نہیں ہے۔ ان کی قوم پر ثمود جیسا عذاب اترا۔

## حضرت صالح علیہ السلام ۱۴

ان کا ذکر قرآن مجید میں آٹھ جگہ آیا ہے۔ نسب نامہ یہ ہے صالح بن عبید بن آصف بن ماسخ بن عبید بن حاذر بن ثمود اس سلسلہ سے معلوم ہوا کہ ثمود آپ کے جد اعلیٰ کا نام ہے اور اسی ثمود کی اولاد قوم ثمود کہلائی اسی کو عاد ثانیہ بھی کہا جاتا ہے اور نسب نامہ سے یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ یہ قوم سامی قبائل میں سے تھی۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ سام عرب کے ریگستان میں مقیم ہوا۔ قوم ثمود کی آبادیاں حجر کے علاقہ میں تھیں۔ حجاز اور شام کے درمیان وادی القریٰ تک انہی کی بستیاں تھیں آج اس علاقہ کو "فج الناقہ" کہا جاتا ہے۔ ان کا زمانہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بہت پہلے کا ہے۔ انکا مذہب آہستہ آہستہ بت پرستی بن گیا تھا کفر اور شرک کے علاوہ ہر قسم کی بداخلاقیاں ان میں سرایت کر چکی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں میں سے ایک آدمی حضرت صالح علیہ السلام کو نبی بنایا حضرت صالح نے ہر ممکن طریقے سے قوم کو سمجھانے کی کوشش کی ان پر کوئی اثر نہ ہوا سنگ تراشی میں یہ قوم بڑی ماہر تھی پہاڑوں کے پہاڑ کھود کر شہر بنا دیتی پرانے کھنڈرات جو دستیاب ہوئے ہیں وہ ان کی اعلیٰ صناعی کا نمونہ ہیں۔ حضرت صالح علیہ السلام سے حجت سے جب لوگ مغلوب ہوئے تو انہوں نے کہا کہ اے صالح کہ اگر تو واقعی اللہ کا نبی ہے تو کوئی نشان دکھلا دے۔ حضرت صالح نے کہا کہ جو نشان کہو اسی کا اللہ سے سوال کروں تب انہوں نے کہا کہ اس سامنے کی پہاڑی سے ایک ہمارے دیکھتے دیکھتے ایک گابھن (حاملہ) اونٹنی پیدا ہو اور بچہ دے تب ہمیں یقین ہوگا کہ آپ واقعی اللہ کے نبی ہیں حضرت صالح علیہ السلام نے اللہ سے التجا کی حسب الدعا اونٹنی پیدا ہوئی غیر معمولی قدو قامت اور جسامت والی لوگوں نے دیکھا بعض خوش قسمت ایمان لے آئے باقی اسی کفر پر اڑے رہے حضرت صالح نے مویشیوں کے چرانے اور پانی پلانے کی باری مقرر کر دی کہ ایک دن تو چراگاہ میں تمہارے مویشی چرا کریں اور چشمہ سے پانی پیا کریں اور دوسرے دن اس اللہ کی اونٹنی کو چرنے کا اور پانی پینے کا موقعہ دیا جائے اور یہ یاد رکھو کہ جس دن اس اونٹنی کو کوئی تکلیف پہنچی وہ دن تمہاری تباہی اور بربادی کا دن ہوگا۔ خیر کچھ عرصہ تو اسی پر کاربند رہے لیکن آہستہ آہستہ اس پابندی کو برداشت کرنا ان کیلئے مشکل ہوگیا۔ آخر دو بدمعاش آدمیوں کو بلا کر کہا کہ تم اس کام کو کرو۔ جب ان سے انکار سنا تو ایک مالدار اور حسین عورت صدوق نے اپنے بدمعاش دوست صداع کو کہا کہ اگر تو اونٹنی کو قتل کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو میں تیرے گھر آباد ہو جاؤں گی اور ایک اور عورت عنیزہ نے اپنی خوبصورت بیٹی اس آدمی کو دینے کا اقرار کیا جو اونٹنی کو قتل کرنے کیلئے تیار ہو جائے۔ تو قیدار بن سالف تیار ہوگیا ان دونوں نے ملکر اونٹنی کو مار دیا حضرت صالح نے جب سنا تو بہت افسوس کیا تو کہا کہ اب تین دن کی مہلت ہے کھا پی لو۔ آخر تین دن کے بعد یہ نالائق قوم ایک دہشتناک آواز سے ہلاک کر دی گئی۔ حضرت صالح نے اس بدبخت قوم کی لاشوں پر کھڑے ہو کر بڑے دردناک الفاظ میں اظہار افسوس کیا اور اپنے ساتھ ایمان والے ایک سو بیس آدمیوں کو لیکر فلسطین کے علاقہ میں چلے گئے اور رملہ کے قریب جاکر آباد ہو گئے اور یہیں آپنے وفات پائی حدیث میں آیا ہے کہ غزوہ تبوک کے سفر میں واپسی پر صحابہ نے ایکدن انہیں برباد شدہ بستیوں کے کھنڈرات میں ڈیرا لگایا۔ آٹے گوندھنے شروع کیے۔ اور ہانڈیاں آگ پر رکھ دیں۔ آپنے فرمایا کہ رات یہاں نہیں گزاری جائے گی کیونکہ یہ اللہ کے غضب کی جگہ ہے آپ نے آٹے مویشیوں کو کھلا دیئے اور ہانڈیاں تلف کرا دیں اور آگے جاکر ڈیرا لگایا۔ ان فی ذلک لایت القوم یعقلون۔

## حضرت عزیر علیہ السلام ۱۵

ان کا ذکر قرآن مجید میں صرف ایک جگہ آیا ہے۔ اگر سورہ بقرہ والے بزرگ جن کا گدھا ان کی آنکھوں کے سامنے زندہ ہوا اور جو خود سو سال کی موت کے بعد زندہ ہوئے (علی اختلاف الروایت ان ہی کو قرار دیا جائے

ان کا ذکر قرآن مجید میں ثابت ہوگا۔ توراۃ میں ایک چھوٹا سا صحیفہ عزرا کے نام سے موجود ہے وہ انہی کی طرف منسوب ہے۔ آپ کا زمانہ ساتویں صدی قبل مسیح کا ہے جن دنوں بخت نصر بابلی نے فلسطین پر پے در پے حملے کرکے یروشلم اور فلسطین کے علاقہ کو تباہ و برباد کیا اور تورات کے نسخوں کو جلایا۔ اور بنی اسرائیل کو قید کرکے بابل لے گیا۔ ان دنوں آپ بہت کم سن تھے اور قیدیوں میں یہ بھی گرفتار ہو کر بابل گئے۔ چالیس سال کی عمر میں آپ کو بنی اسرائیل نے "فقیہ" کا لقب دیا۔ اور وہیں آپ کو نبوت سے سرفراز کیا گیا۔ دارا اور اردشیر کے درباروں میں یروشلم کی آبادی کے متعلق جب رکاوٹ ڈالی گئی تو آپ سفارتی وفد کی قیادت کرتے رہے اور تورات کی بربادی کے بعد اس کی تجدید کی آنحضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد سے ہیں یہود ان کو "اللہ کا بیٹا" کہتے ہیں اور آج بھی نواح فلسطین میں یہود کے کچھ قبائل ایسے ہیں جو آپ کو ابن اللہ کہتے ہیں۔ اور ان کے مجسمے بنا کر ہیکلوں میں رکھتے ہیں۔ آپ نے ڈیڑھ سو برس کی عمر پائی عراق کی ایک بستی "سائر آباد" میں ان کی وفات ہوئی اور وہیں دفن ہوئے۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام

عیسیٰ ابن مریم بنت عمران ہیں اور ۲۶ واسطہ سے حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملتے ہیں اور بنی اسرائیل کے سب سے آخری نبی ہیں۔ صاحب شریعت عیسوی ہیں۔ آپ کی ولادت بدون مس مرد بواسطہ نفخ جبرائیل ہوئی بنی اسرائیل نے آپ کی ولادت کے متعلق شبہ کیا۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ نے والدہ کی گود ہی میں اپنی والدہ کی بریت کی آپ ناصرہ میں پیدا ہوئے اور بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان کو بچپن ہی میں نبوت عطا فرمائی بنی اسرائیل کی شرارت پسند طبیعتیں آپ کی تعلیم پر مائل نہ ہوئیں اور الٹا حضرت عیسیٰ کے قتل کے درپے ہوئے آپ نے اپنی نبوت کے بے شمار معجزے دکھائے لیکن بنی اسرائیل پر ان کے معجزوں کا کوئی اثر نہ ہوا بلکہ جادوگر شمار کرنے لگے چنانچہ آپ نے خدا تعالیٰ کے حکم سے مختلف اطراف میں دین کی تبلیغ کے لیے خلیفے مقرر کیے۔ بالآخر ایک دن یہودیوں نے آپ کے مکان کا محاصرہ کر لیا کہ آپ کو گرفتار کرکے صلیب پر لٹکائیں اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے عیسیٰ علیہ السلام کو بجسد عنصری آسمان کی طرف اٹھا لیا اور آپ کی جگہ مخبر ہی کو صلیب پر چڑھا دیا گیا۔ آپ آخری زمانہ میں آسمان سے زمین پر نازل ہوں گے دجال کو قتل کریں گے اسلام پھیلائیں گے شادی کریں گے اولاد ہوگی اور پھر اس دار فانی سے رحلت فرمائیں گے اور روضۂ اقدس حضور علیہ السلام میں مدفون ہوں گے۔

## حضرت لقمان علیہ السلام

اکثر علماء کا اتفاق ہے کہ آپ پیغمبر نہ تھے حضرت داؤد علیہ السلام کی مجلس میں بہت عرصہ رہے آپ سے عجیب و غریب چیزوں کا اظہار ہوا۔ آپ حبشہ کے علاقہ نوبہ کے رہنے والے تھے، آپ کا رنگ سیاہ تھا۔ آپ متقدمین اعراب میں سے ایک اعرابی کے غلام تھے۔ جس نے شام میں سکونت اختیار کر رکھی تھی۔ آپ نے شام ہی میں وفات پائی اور رملہ میں مدفون ہوئے سورہ لقمان میں ان کے نصائح موجود ہیں۔

## حضرت لوط علیہ السلام

آپ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے برادر زادہ ہیں۔ آپ کی نبوت پر ایمان لائے بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے ان کو نبوت سے سرفراز کیا، عراق سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کرکے آئے مصر میں جب ابراہیم مقیم تھے تو آپ کو نبوت عطا ہوئی اور شرق اردن میں بحر میت یا بحر لوط کے گرد اگرد جہاں کہ سدوم اور عمورہ کی بستیاں تھیں وہ علاقہ ان کی تبلیغ کے لیے مقرر ہوا یہ وہ مقام تھا جہاں سے مصر، عراق اور ایران کے درمیان آمد و رفت رکھنے والے مسافروں کا گزر ہوتا تھا حضرت ابراہیم اس لیے خوش تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس علاقہ میں مقرر فرمایا ہے جہاں سے بیرونی ممالک میں بھی پیغام بھیجا جا سکے گا اس جگہ کی رہنے والی قوم بڑی بدمعاش اور بد طینت تھی ان لوگوں نے فحش کاری کا ایک ایسا طریقہ ایجاد کیا تھا جو دنیا میں اس سے پہلے نہیں تھا یعنی یہ لوگ بے ریش لڑکوں سے اپنی شہوت پوری کرتے تھے اس کے علاوہ ڈاکے مارنا، لوگوں کا مال لوٹ لینا۔ فحش اور بدکاری کے واقعات بھری مجلس میں بیان کرنا تو معمولی بات تھی بھری مجلسوں میں اس فحش اور ناپاک جرم کا ارتکاب کر لیا کرتے تھے حضرت لوط علیہ السلام ان کو سمجھاتے رہے یہ باز نہ آئے بلکہ الٹا حضرت لوط کو بستی سے نکال دینے کی دھمکی دینے لگے ہنسی اور مذاق اڑاتے بالآخر اس قوم کی تباہی اور بربادی کا وقت آ پہنچا تو آسمان سے فرشتے آئے جو پہلے

فلسطین کے علاقہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے اور ان کو حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق کی پیدائش کی خوشخبری سنائی اور کہا کہ ہم لوط کی بستیوں پر عذاب لے کر آئے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نہایت نرم دل اور دردمند تھے۔ فرشتوں سے جھگڑا کرنے لگے انہوں نے کہا کہ ابراہیم اس معاملہ کو جانے دو۔ اب یہ عذاب واپس نہیں ہوگا۔ پھر یہ فرشتے خوبصورت لڑکوں کی شکل میں لوط علیہ السلام کے گھر میں داخل ہوئے۔ قوم کو پتہ چلا، تو بدمعاشی کے لیے دوڑتے چلے آئے حضرت لوط بڑے پریشان ہوئے ان سے جھگڑتے رہے کوئی فائدہ نہ ہوا۔ فرشتوں نے کہا آپ پریشان نہ ہوں ہم آدمی نہیں فرشتے ہیں۔ یہ لوگ آپ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے اور ہم آپ تک یہ پیغام پہنچانے کے لیے حاضر ہوئے ہیں کہ آپ رات کے پہلے حصہ میں اس شہر سے نکل جائیں۔ کیونکہ صبح ہوتے ہوتے اس قوم پر عذاب آجائے گا۔ ولقد راودوہ عن ضیفہ فطمسنا اعینہم نصف رات کے وقت ایک دہشتناک آواز نے ان کو مبہوت کر دیا پھر فرشتہ نے ان کی بستیوں کے علاقہ کو اکھاڑا اور اس کو آسمان تک لے گیا ساتھ ہی ساتھ ان پر پتھروں کی بارش بھی ہوتی رہی۔ اوپر جاتے جاتے یہ منحوس قوم تباہ ہوگئی۔ پھر ان بستیوں کو پھینک دیا گیا اور اس زور سے مارا گیا کہ یہ زمین سطح سمندر سے ۳۰۰ میٹر نیچے چلی گئی اور زمین کی سطح پر پانی آگیا۔ یہی پانی بحر میت اور عزاب لوطی ہے۔ اس طرح اس ناپاک قوم کا خاتمہ ہوا حدیث شریف میں ہے کہ کہ حضرت عثمان اپنی اہلیہ محترمہ بنی صلعم کی صاحبزادی کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے لگے تو آپ نے فرمایا جاؤ خدا حافظ خدا کے راستہ میں ابن سیرین میں پہلے مہاجر حضرت لوط تھے۔ اور دوسرے تم ہو۔ عمر اور مقام وفات معلوم نہیں۔ واللہ اعلم۔

**حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** ] آپ کا سلسلہ نسب عدنان سے ہوتا ہوا ۵۲ واسطہ سے حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔ چونکہ حضرت ابراہیم ۱۸۹۲ قبل مسیح ہیں اور آپ ۵۷۱ بعد مسیح ہیں اس لیے درمیانی زمانہ ۲۴۶۳ برس ہے۔ والد کا نام عبداللہ۔ والدہ کا نام آمنہ ہے آپ اپنے باپ کے اکلوتے بیٹے یتیم پیدا ہوئے اور چھ برس کی عمر میں ابواء مقام میں اپنی والدہ کی آغوش محبت سے بھی محروم ہوگئے۔ ۲ برس بعد دادا عبدالمطلب بھی فوت ہوگئے تو ابوطالب نے ۲۵ برس کی عمر تک خوب نگرانی کی قبل از نبوت ۲ دفعہ عمارت کعبہ میں شریک ہوئے۔ ۴۰ برس کی عمر میں غار حرا میں قرآن کے نزول کی ابتداء ہوئی۔ تو تمام عرب جو پہلے بڑی عزت کرتا تھا اب دشمنی پر تل آیا۔ ۱۳ برس مکہ میں آپ قرآن مجید سناتے رہے ادھر قریش کی خون آشام طبیعتیں بھڑک اٹھیں۔ اور ندوہ میں بیٹھ کر کے مختلف قبائل کے ۱۱ اکابر نے بوقت رات قتل کا ارادہ کیا۔ اس رات آپ ابوبکر کی معیت میں غار ثور میں تین دن کے لیے چھپ گئے۔ پھر آپ نے مدینہ کا رخ کیا۔ ۱۰ برس مدینہ شریف اقامت کی قریش کا غیظ و غضب پہلے سے بھی بڑھا۔ اب باقاعدہ لڑائیاں شروع کیں۔ بدر، احد، خندق اسی کا نتیجہ ہیں۔ دوسری طرف یہود بھی قریش کے مددگار بن گئے۔ چنانچہ بنی قینقاع، بنو نضیر، بنو قریظہ بھی لڑائی پر اترے اور مغلوب ہو کر خیبر چلے گئے اور وہاں سے متفقہ حملہ کا ارادہ کیا۔ بالآخر خیبر بھی فتح ہوگیا۔ مکہ فتح ہوگیا، ہوازن، حنین بھی رام ہوگئے تو عیسائی بھی شرارت پر اترے موتہ کے مقام پر رومی شکست کھا گئے۔ جو کہ تبوک کے معرکہ کی بنیاد بنی ۹ھ میں تبوک کی جنگ کا واقعہ پیش آیا۔ اس میں آپ بنفس نفیس شامل تھے لیکن اس مقام پر جنگ نہ ہوئی لیکن اس سفر میں بہت سے فوائد آپ کو حاصل ہوئے۔ واپسی پر آپ نے مسجد ضرار کو گرایا۔ اس سال میں آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا۔ ۱۰ھ میں آپ نے آخری حج فرمایا اور یکم ربیع الاول ۱۱ھ کو دنیا کے سب سے بڑے آدمی اور اللہ کے اس آخری رسول نے عالم بقا کو لبیک کہا۔ آپ مدینہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں دفن ہوئے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

**حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام** ] بن عمران بن قاہاث بن لاوی بن یعقوب علیہ السلام۔ یہ دونوں بزرگوار بنی اسرائیل انبیاء میں سے بڑے پائے کے پیغمبر ہیں۔ ان دونوں کو اللہ تعالیٰ نے فرعون مصر کی طرف بھیجا جو کہ یوسف علیہ السلام کے کچھ زمانہ بعد ریان بن ولید کی قوم سے مصر پر مسلط ہوگیا تھا۔ اس نے تمام بنی اسرائیل کو اپنا غلام بنا رکھا تھا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی بعثت کے دو مقصد بیان فرمائے ایک اہل مصر کو ہدایت کی طرف دعوت دینا۔ دوسرا بنی اسرائیل کو آزادی دلوانا۔ آپ کی زندگی کے اکثر واقعات قرآن مجید میں موجود

ہیں۔ آپ کی ولادت آپ کی پرورش معجزانہ طور پر ہوئی۔ بچپن میں خداوند تعالیٰ کے حکم سے موسیٰ کی والدہ نے ان کو تابوت میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا۔ فرعون کے گھر والوں نے تابوت کو پکڑا اور بچہ کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئے۔ آپ کے لئے تنخواہ دے کر آپ کی والدہ کو دودھ پلانے پر مقرر کیا اوائل عمر میں آپ نے ایک قبطی ایک مکہ رسید کیا جس سے وہ مر گیا۔ اور موسیٰ علیہ السلام کو مدین کی طرف جلاوطن ہونا پڑا۔ وہاں سے دس سال کے بعد واپسی پر آپ کو نبوت بخشی گئی اور فرعون کی سرکوبی آپ کو سپرد ہوئی۔ آپ نے دعا کر کے ہارون علیہ السلام کو بھی اس کام پر مقرر کروالیا۔ چنانچہ حضرت ہارون بنی اسرائیل کی اخلاقی اصلاح اور حضرت موسیٰ فرعون کے مقابلہ میں لگے رہے۔ جب فرعون کسی طرح نہ مانا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو معہ لشکر بحیرۂ قلزم میں غرق کر کے بنی اسرائیل کو اس سے نجات دلائی۔ بنی اسرائیل مصر سے نکل کر ۴۰ سال ارض تیہہ میں بھٹکتے رہے۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس، اریحا شام کا سارا علاقہ اور حکومت مصران کو عطا فرمائی۔ ارض تیہہ میں بیسویں سال حضرت ہارون نے وفات پائی۔ حضرت موسیٰ کی وفات جب قریب ہوئی تو حضرت یوشع بن نون کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ اور خود دنیائے فانی سے کوچ کیا حلیہ گندم گوں رنگ۔ قد لمبا۔ گھونگھریالے بال، چہرہ پر خال۔ بولنے میں لکنت طبیعت میں غصہ حلیہ ہارون علیہ السلام۔ کشیدہ قامت، رنگ سفید، ضخیم البدن حلیم الطبع ابتدا میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے تابع ▆ تورات کے اترنے کے بعد مستقل شریعت موسوی کے بانی بنے ہارون علیہ السلام کی قبر کوہ شبیک میں واقع ہے غزوۂ تبوک میں بنی کثیب احمر سے گزرے تو آپ نے فرمایا کہ میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں۔ کہ وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں۔

## حضرت ہود علیہ السلام[۲۱]

آپ کا ذکر قرآن مجید میں سات جگہ آیا ہے۔ عجیب لطف کی بات ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام اور انکی قوم عاد کا نام کا تذکرہ سوائے قرآن مجید کے اور کسی کتاب میں نہیں ملتا۔ ہاں چندہ کتبے جو ماہرین آثار قدیمہ نے برآمد کیئے ان سے کچھ کچھ اس قوم کے حالات پر روشنی پڑتی ہے۔ قوم عاد عرب کے قدیم قبیلہ سامیہ میں سے ایک باعظمت اور بااقتدار جماعت کا نام ہے۔ اس قوم کا زمانہ حضرت مسیح کے کوئی تین ہزار سال قبل ہے۔ اور بعض مورخین کے قول کے مطابق اس کا زمانہ مسیح سے دو ہزار سال قبل تسلیم کیا گیا۔ اس قوم کا وطن احقاف ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے اور یہ علاقہ حضر موت کے شمال میں اس طرح واقع ہے کہ شمال میں ربع خالی (یعنی عرب کا صحرائے اعظم) اور مشرق میں عمان ہے مگر آج وہاں کوئی آبادی نہیں ہے۔ اس قوم کی سلطنت بڑی مضبوط اور بڑی وسیع تھی حضر موت یمن خلیج فارس کے کنارے سے عراق تک پھیلی ہوئی تھی۔ دارالخلافہ یمن تھا۔ یہ قوم جسمانی طاقت کے لحاظ سے دنیا کی بے مثال قوم ہے۔ بڑی مغرور اور سرکش قوم تھی بت پرستی کفر اور شرک میں مبتلا حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے بت ان کے مرنے کے بعد ان کو مل گئے، ان کے علاوہ اور بھی بت بنائے اور پوجنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی قوم کے ایک قبیلہ خلود نامی سے حضرت ہود علیہ السلام کو نبی بنایا۔ یہ نبی نہایت خوبصورت وجیہ سرخ و سفید رنگ اور گھنی داڑھی والے تھے۔ آپ نے قوم کو سمجھانا شروع کیا قوم نے حماقت کے مظاہرے کیئے۔ آپ نے عذاب الہی کی دھمکی دی تو قوم نے کہا کہ ہم سے زیادہ طاقت کس میں ہے۔ یہ بدنصیب قوم بھول گئی کہ وہ خدا جو ان کو پیدا کر سکتا ہے۔ وہ ان سے زیادہ قوت والا ہے۔ اس قوم نے حضرت ہود کا کہنا تو نہ مانا۔ البتہ اپنی حفاظت کے سامان کرنے میں مشغول ہوگئی۔ ان لوگوں نے زیر زمین دوز شہر بنائے۔ بالآخر اس قوم نے خدا سے بھی چیلنج کیا۔ کہ میاں اب اپنے خدا کا عذاب لے آؤ اللہ تعالیٰ کا عذاب پھر ان لوگوں پر مسلط ہوا۔ خدا تعالیٰ نے اس طاقتور جسیم اور قد و قامت والی قوم کو اپنی سب سے زیادہ کمزور، ناتوان اور ضعیف سی مخلوق سے مروایا۔ اور ان کے غرور کو خاک میں ملایا۔ اللہ تعالیٰ نے اس قوم پر ہوا کو مسلط کیا وہ ہوا ان پر سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل اور متواتر چلی۔ جس نے ان کا نام و نشان مٹا دیا وہ ہوا ان کو پہاڑوں کی غاروں اور زمین دوز سرنگوں میں سے کھینچ کر لاتی فضائے آسمانی میں تنکوں کی طرح اڑاتی اور اوندھے کر کے گرا دیتی گردنیں ٹوٹتیں سر الگ ہوتے اور دھڑ الگ رہ جاتے۔ اس طرح اس منحوس اور نامبارک قوم کا فیصلہ ہوا عاد کی ہلاکت کے بعد آپ نے حضر موت کے شہر میں ہجرت کی اور یہیں وفات پائی حضر موت کے مشرقی حصہ میں وادی برہوت کے قریب شہر تریم سے دو مرحلہ پر آپ کو ایک سرخ ٹیلہ پر دفن کیا گیا آپ کی قبر پر ایک جھاؤ کا درخت تھا عمر معلوم نہیں ہو سکی۔

## حضرت نوح علیہ السلام[۲۲]

آپ کا نسب نامہ یہ ہے۔ نوح بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (ادریس علیہ السلام) آپ اللہ تعالیٰ کے پہلے رسول

آپ کے وقت میں ساری کی ساری قوم کفر اور شرک کی لپیٹ میں آچکی تھی آپ کی دعوت و تبلیغ کا علاقہ وہ علاقہ ہے جو دریائے دجلہ اور فرات کے ن واقع ہے اور یہ دونوں دریا آرمینیا کے پہاڑوں سے نکلتے ہیں اور الگ الگ بہہ کر عراق کے نچلے حصے میں مل کر خلیج فارس میں گر جاتے ہیں۔ آپ نے م کو بڑا سمجھایا۔ آپ اسی قوم کے ایک فرد تھے۔ لیکن قوم میں چالیس آدمیوں کے سوا اور کسی نے نہ مانا۔ اللہ تعالیٰ نے اس ناہنجار قوم کو بڑی مہلت ، لیکن اس نے خدا تعالیٰ کے حوصلہ اور حلم سے بدآموزی کے سوا اور کچھ نہ سیکھا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے ان کو ساڑھے نو سو سال تک نصیحت لیکن کچھ اثر نہ ہوا۔ بلکہ اور بیباک ہو گئے اور کہنے لگے کہ اے نوح جس عذاب کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو لے آؤ۔ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام ی بھیجی کہ اب تیری قوم سے کوئی آدمی ایمان لانے والا نہیں، تب حضرت نوح علیہ السلام نے دعا کی کہ یا الٰہی پھر ان ظالموں کو تباہ ہی کر دیجیے۔ چنانچہ لی دعا منظور ہوئی۔ خدا تعالیٰ نے حکم بھیجا کہ آپ کشتی تیار کریں۔ چنانچہ آپ بامر خدا کشتی تیار کرنے لگے۔ کافر ہنسی کرتے اور مذاق اڑاتے۔ حضرت ن کی کوتاہ اندیشی پر دل میں کڑھتے۔ بالآخر جب کشتی تیار ہو گئی اور قوم کی تباہی کا وقت آ گیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو حکم بھیجا کہ آپ اور کے گھر والے (سوا ان کے جن کے متعلق پہلے فیصلہ ہو چکا ہے) اور ایمان دار سب اس میں سوار ہو جاؤ۔ جب سوار ہو گئے تو مینہ برسنا شروع زمین سے پانی کے سوتے بہ نکلے اور وہ طوفان باد و باراں آیا کہ الحفیظ والامان۔ قوم غرق ہونے لگی پانی دمبدم چڑھنے لگا۔ اسی اثنا میں آپ کا ایک رآن نے [illegible] نہیں کیا۔ پانی میں غوطے کھاتا جا رہا تھا۔ آپ نے اس بدنصیب کو آواز دی کہ آ اور کشتی میں سوار ہو جا۔ لیکن اس نے نہ مانا اور کہا منے پہاڑی ہے اس پر چڑھ کر پناہ لے لوں گا۔ آپ نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے بچانے والا کوئی نہیں۔ آج وہی بچے گا جس پر اللہ رحم فرمائے نیں ہو رہی تھیں کہ پانی کی ایک موج اٹھی اور اس نافرمان بیٹے کو بہا لے گئی۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے التجا کی کہ یا الٰہی یہ میرا ڈوبا بیٹا جاتا ہے اسے خدا تعالیٰ نے فرمایا۔ اے نوح یہ آپ کا بیٹا ہی نہیں ہے۔ بیٹا ہوتا تو مخالف ہی کیوں کر ہوتا۔ آپ اس کے متعلق کچھ نہ کہیں۔ غرض اس نالائق بدکردار قوم کا اس طرح خاتمہ ہوا۔ کشتی جودی پہاڑ پر آ کر لگی۔ جو جزیرہ میں موصل کے قریب ایک پہاڑی ہے جسے تورات میں ارارات کی پہاڑی کہا ے تاریخی طور پر ثابت ہے کہ آٹھویں صدی مسیح تک اس جگہ ایک معبد تھا جو معبد کشتی کے نام سے مشہور تھا۔ حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت نوح ے حکم کی خلاف ورزی پر فوراً بھڑک اٹھتے۔ قرآن مجید سے ثابت ہے کہ آپ اپنی قوم میں ۹۵۰ سال رہے اور تورات میں ہے کہ ۶۰۰ سال نی جب طوفان تھا۔ تورات میں بھی آپ کی عمر ۹۵۰ سال بتائی گئی ہے طوفان کے بعد آپ کا سب سے بڑا بیٹا سام ریگستان عرب میں آباد ہوا نہیں کی نسل سے ہیں۔

۲۱

**رت یحییٰ علیہ السلام** } یحییٰ حضرت زکریا علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں۔ حضرت یحییٰ کو اللہ تعالیٰ نے بچپن میں نبوت عطا فرمائی۔ اور آپ کو ولادت، موت، اور حشر کے وقت سلامتی کا وعدہ دیا۔ آپ اپنے باپ کے بعد ایک ظالم بادشاہ (ذونواس) ذسے شہید ہوئے۔

۲۲

**رت یعقوب علیہ السلام** } ان کا دوسرا نام اسرائیل ہے۔ حضرت اسحاق کے لڑکے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی بشارت بھی حضرت ابراہیم کو دی تھی حضرت یعقوب کی اوائل عمر میں حضرت اسحاق نے رحلت فرمائی۔ وصیت کے وقت آپ نے پ کو کہا کہ کنعانیوں میں شادی نہ کرنا۔ بلکہ اپنے ماموں کی بیٹی سے نکاح کرنا جو کہ شام کے علاقہ میں قدان کے گاؤں میں رہتے تھے۔ حضرت ا کے حق میں دعائے برکت کی۔ آپ کنعان سے ہجرت کرنے کے بعد جب قدان پہنچے تو آپ کا نام اسرائیل رکھا گیا۔ یہ نام خداوند نے حضرت اسحق پ کے بارہ بیٹے پیدا ہوئے۔ جن میں سے حضرت یوسف بالآخر مصر کے بادشاہ بنے۔ آپ نے بڑھاپا میں بمعہ اہل و عیال یوسف کے زمانہ ت میں مصر کی رہائش اختیار کی اور وہیں آپ کی رحلت ہوئی۔ آپ کی لاش آپ کی وصیت کے مطابق قدس خلیل میں لا کر دفن کی گئی۔ حلیہ۔ آپ بالکل پ کے مشابہ تھے آپ کے چہرہ پر مو بہت تھے۔ آپ طویل القامت اور نحیف البدن تھے آپ صبر تحمل اور صدق میں شہرۂ آفاق ہیں آپ نے

اوائل میں بکریاں چرانے کا مشغلہ اختیار کیا اور اپنے لڑکوں کو بھی اسی کام پر مامور کیا۔ آپ کا زمانہ نبوت ۱۰ برس اور عمر ۴۴ سال ہے آپ کو تابو
ہیں دفن کیا گیا۔

**حضرت یوسف علیہ السلام ۲۵** [ کریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم (یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام) جمہور کا اتفاق
کہ لفظ یوسف عجمی ہے۔ آپ حضرت یعقوب علیہ السلام کے چہیتے فرزند تھے۔ کنعان میں پیدا ہوئے بچ
سے سعادت مندی کے آثار نمایاں تھے۔ خدا تعالیٰ نے آپ کے قصہ کو سورۂ یوسف میں مفصل ذکر فرمایا ہے۔ آپ نے بچپن میں ایک خواب دیکھا کہ گیا
ستارے اور سورج اور چاند آپ کو سجدہ کر رہے ہیں۔ آپ نے خواب باپ کو بتلایا۔ آپ نے ہدایت فرمائی کہ خواب کو پوشیدہ رکھنا مگر کسی
سے بھائیوں کو پتہ چل گیا۔ حسد میں آکر آپ کو ہلاک کرنا چاہا۔ سیر و تفریح کے بہانے گھر سے لے گئے ایک کنوئیں میں گرا دیا۔ ایک قافلہ نے کنو
سے نکال کر مصر میں فروخت کر دیا۔ اتفاق سے عزیز مصر نے خرید لیا۔ اور آپ کی شاہانہ طریق پر پرورش شروع ہوئی جوانی میں ایک عشق اور حسن کا فتنہ
کے گرد منڈلانے لگا۔ لیکن خدا تعالیٰ نے آپ کو بالکل محفوظ رکھا۔ لیکن عورتوں کی درخواست کے رد کرنے کا نتیجہ جیل ہوا۔ کئی سال قید میں رہے بالآخر
خواب کی تعبیر کے ضمن میں آپ کو قید خانہ سے نکالا گیا۔ اور بعد ازاں آپ کو وزیر خزانہ مقرر کیا گیا۔ کچھ مدت بعد فرعون مصر آپ کے حق میں دستبردار ہو گیا
اور آپ مصر کے آزاد فرمانروا بنے۔ آپ کے زمانہ میں دنیا کا تاریخی قحط نمودار ہوا۔ آپ نے حسن تدبیر سے غلہ کا کافی ذخیرہ کر رکھا تھا جس سے نہ صرف مصر
بیرونی ممالک میں بھی خورد و نوش کی تکمیل ہوتی رہی۔ غلہ کے حصول کے لیئے آپ کے بھائی تین دفعہ مصر آئے بالآخر آپ نے بحکم خداوندی اپنا تعارف کرایا
ہدایت کی کہ آپ سب لوگ مصر آجاؤ۔ چنانچہ تمام افراد بنی اسرائیل مصر آکر مقیم ہو گئے۔ جب آپ مصر میں اپنے بھائیوں کے سامنے تخت پر بیٹھے تو
آپ کو سجدہ کیا۔ اس طرح وہ خدا کا عہد پورا ہوا جو کہ حضرت ابراہیم سے ہوا تھا کہ میں تیری اولاد کو شام اور عرب کی حکومت بخشوں گا۔ آپ بادشاہ کے
ایک نبی بھی تھے آپ نے ۱۱۰ برس کی عمر پائی اور باپ سے فرقت کا زمانہ ۲۳ سال کا ہے۔ آپ کا حلیہ گھونگھریالے بال۔ سفید رنگ۔ میانہ قامت منو
خلقت۔ آنکھیں بڑی۔ صبر اور وقار میں لاثانی تھے۔ آپ حضرت ابراہیم کی شریعت کے خادم رہے بچپن میں خرید و فروخت کی طرف طبیعت مائل تھی۔ آپ
مصر میں رحلت فرمائی۔ دریائے نیل کے کنارے آپ کو دفن کیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں آپ کی قبر وسط دریائے نیل میں تھی۔ حضرت
نے مصر سے نکلتے وقت آپ کی قبر کھودی۔ تابوت نکالا۔ اور مشہد خلیل میں لا کر دفن کر دیا۔

**حضرت یونس علیہ السلام (ذی النون۔ صاحب الحوت) ۲۶** } یونس بن متی ہیں آپ کو نبوت عطا ہوئی اور نینوا کے علاقہ میں مقرر کیا گیا۔ قوم نے انکا
آپ نے ان سے بغیر اطلاع خداوندی عذاب کا وعدہ کیا جس کی مہلت آپ نے چالیس
مقرر کر دی جب وقت قریب آیا آپ گھبرا گئے اور خدائی حکم کا انتظار کیئے بغیر گھر سے نکل پڑے۔ ایک دریا پر آئے کشتی پر سوار ہوئے کشتی بھنور میں چ
کھانے لگی ملاحوں نے کہا کہ کشتی میں کوئی غلام اپنے مالک سے بھاگ کر سوار ہو گیا ہے یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ بھاگا ہوا غلام میں ہی ہوں۔ ان کو یقین نہ
آیا۔ قرعہ ڈالا گیا۔ مگر قرعہ بھی آپ ہی کے نام پر نکلا۔ اور ملاحوں نے آپ کو دریا میں پھینک دیا خدائی حکم سے ایک مچھلی نے آپ کو لقمہ بنایا۔ اور دریا میں کچھ مدت
لیئے پھری بعد ازاں خدا تعالیٰ کے حکم سے مچھلی نے اگل کر کنارے پر ڈال دیا۔ آپ مچھلی کے پیٹ میں تسبیحات کرتے رہے اور اسی برکت سے نجات
پائی ان کے نینوا سے نکلنے کے بعد قوم ایمان لے آئی اس لیئے عذاب الٰہی سے بچ گئی یونس علیہ السلام کو دوبارہ انہی کی طرف روانہ کیا گیا جن کی تعداد ایک لاکھ
سے زیادہ تھی اپنے آخری ایام میں اہل دنیا سے اختلاط بہت کم کر دیا اور راہبانہ زندگی شروع کی۔ اور وفات کے وقت اپنے شاگرد شعیا کو اپنا خلیفہ
اور وفات پائی۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے شعیا کو نبوت عطا فرمائی۔

محمد سلیمان کیلانی خطیب جامع مسجد علی پور چٹھہ۔

# اقوام القرآن

**قوم تُبّع** یہ قوم یمن میں آباد تھی۔ یمن کی تاریخ نے بڑے انقلاب دیکھے ہیں۔ قوم سبا یہیں کی رہنے والی تھی۔ سبا بنو قحطان ہیں۔ یہ لوگ ابتدا میں عرب کے شمال میں رہتے تھے ۸۰۰ قبل مسیح میں یہ یمن میں آئے۔ جب کہ آشوریوں نے ان کو جلا وطن کر دیا۔ ان لوگوں نے یمن میں حکومت قائم کی۔ یہی حکومت سبا اولیٰ کہلاتی ہے۔ ان لوگوں نے یمن میں بڑی آبادی کی۔ پہاڑوں پہ پانی سنبھالنے کے لیے ایک بڑا بند باندھا جس سے یہ لوگ زراعت میں کافی فائدہ اٹھاتے تھے۔ اس قوم کو خدا تعالیٰ نے ہر قسم کا آرام عطا فرمایا۔ لیکن ان لوگوں نے خدا کی ناشکری کی تو عذاب الٰہی آیا وہ پانی والا بند ناگہاں ٹوٹ گیا۔ اور یہ علاقہ تباہ ہو گیا، پھر یہ لوگ عرب میں مختلف مقامات پہ پھیل گئے، خزاعہ مکہ میں آباد ہوئے، اوس اور خزرج مدینہ میں، ازد عمان اور یمامہ میں، مزیقی شام میں، لخم عراق میں، اس طرح اس زبردست حکومت کے پرخچے اڑ گئے، اس کے بعد یمن میں باقیماندہ افراد میں طوائف الملوکی کا دور رہا ۱۱۵ قبل مسیح میں ایک شخص علہان نامی پیدا ہوا۔ اس نے ان منتشر قبائل کو جمع کر کے پھر ایک زبردست حکومت قائم کی۔ یہ حکومت سبا ثانی کہلائی یہ حکومت کافی پھیلی یہاں تک کہ حضرموت اور مشرقی بلاد اس کے زیر نگین آ گئے ۳۰۰ مسیحی میں ایک شخص شمر یرعش نامی پیدا ہوا۔ یہ بڑا زبردست بادشاہ تھا اس نے اپنا لقب تُبّع رکھا۔ تُبّع کا معنی بادشاہ ہے یہاں سے تُبّع خاندان کی بنیاد پڑی یمن میں اس خاندان کی حکومت ۲۲۰ تک سال رہی۔ اس خاندان کے زمانہ میں یمن نے خوب ترقی کی اس خاندان کا آخری باقتدار بادشاہ ذو نواس تھا۔ جس نے نجران میں عیسائیوں کو آگ سے جلا دیا جس کا ذکر سورۃ البروج ہے اس کے بعد اس کا بیٹا جانشین ہوا اس کے بعد اس کا بھائی مسروق نامی بادشاہ ہوا۔ یہ بڑا ظالم آدمی تھا اور یہ اس خاندان تُبّع کا آخری بادشاہ تھا جس پہ تبع خاندان کی حکومت ختم ہو گئی اس بیان سے یہ معلوم ہوا کہ خاندان تبع اور ہے۔ اور قوم تبع اور، قوم تبع قوم سبا ہے۔ اور خاندان تبع بعد میں پیدا ہوا۔

**قوم ثمود** عاد کی قوم کی تباہی کے بعد دنیا میں سب سے پہلی باعظمت یہی قوم ثمود تھی۔ ثمود اس قوم کے جدِ اعلیٰ کا نام تھا۔ جس کے نام سے یہ قوم مشہور ہوئی، ثمود کا نسب نامہ اس طرح ہے۔ ثمود بن عاد بن عوص، بن ارم، بن سام، بن نوح علیہ السلام یہ قوم حجر کے علاقہ میں آباد تھی۔ یعنی حجاز اور شام کے درمیان وادی القریٰ تک انہیں کی بستیاں تھیں جسے آج کل "فج الناقہ" کہتے ہیں۔ حجر کا یہ علاقہ حجر ثمود کے نام سے مشہور ہے یہ علاقہ شہر مدین سے جنوب مشرق میں اس طرح ہے کہ خلیج عقبہ اس کے سامنے پڑتی ہے۔ اس قوم کو ثمود ارم یا عاد ثانیہ بھی کہا جاتا ہے۔

یہ قوم بھی پہلی قوموں کی طرح مشرک اور بت پرست تھی اللہ تعالیٰ نے اس قوم کی ہدایت کے لیے حضرت صالح علیہ السلام کو بھیجا۔ ان لوگوں نے حضرت صالح سے بطور معجزہ پہاڑی سے اونٹنی نکلنے کا مطالبہ کیا حضرت صالح علیہ السلام کی دعا پر اللہ تعالیٰ نے اس مطالبہ کو پورا کر دیا۔ اور فرمایا کہ اس اونٹنی کو تکلیف نہ دینا۔ ان لوگوں نے اونٹنی کو قتل کر دیا اور حضرت صالح علیہ السلام کو مع اہل و عیال شہید کر دینے کے منصوبے تیار کیے اللہ تعالیٰ کا جوش غضب میں آگیا۔ ایک خوفناک آواز آئی جس کی ہیبت سے یہ قوم ختم ہو گئی۔ اس قوم کی تباہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے بہت پہلے ہوئی۔

**قوم عاد** نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی اولاد میں سے صاحب اقتدار و قوت جماعت کا نام عاد ہے۔ ان لوگوں کا مرکزی مقام احقاف کا علاقہ ہے اور احقاف حضرموت کے شمال میں اس طرح واقع ہے کہ اس کے مشرق میں عمان اور شمال میں ربع خالی ہے آہستہ آہستہ ان کی حکومت حضرموت اور یمن میں خلیج فارس کے ساحل سے حدود عراق تک وسیع ہو گئی۔ ان کا دار الخلافہ یمن تھا۔ پھر کچھ زمانہ بعد یہ قوم مصر، شام اور بابل پہ بھی قابض ہو گئی اور ایک زبردست سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ یہ قوم بڑی طاقتور قوم تھی۔ سنگ تراشی میں بڑی ماہر یہ قوم بت پرست اور بت تراش تھی قوم نوح کی غرقابی کے بعد ان کے مشہور بتوں کو اس قوم نے پوجنا شروع کیا اور ان کے علاوہ، صدا، ہتار، صمود بھی ان کے بت تھے۔ اللہ تعالیٰ

ان کی طرف حضرت ہود علیہ السلام کو ہدایت کے لیئے بھیجا، اس قوم نے پیغام الٰہی کو ٹھکرا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایمان دار بندوں اور حضرت ہود علیہ السلام کو نجات دی اور ساری مشرک اور کافر قوم کو ایک ہولناک آندھی سے تباہ کر دیا۔ یہ قوم مسیح علیہ السلام سے قریباً اڑھائی سو سال پہلے تباہ ہوئی یہ قوم عاد اولیٰ کہلاتی ہے اور اسی کو عاد ارم بھی کہا جاتا ہے۔

**قوم فرعون[4]** متقدمین کے خیال کے مطابق یہ قوم پہلے پہل بدویت کی حالت میں اس صحرا میں رہتی تھی جو عراق اور عقبہ کے درمیان ہے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے قبیلے الگ الگ تھے ان کی کوئی مستقل حکومت نہ تھی۔ ان میں سے مالدار آدمی بابل اور مصر کے درمیان تجارت کرتے تھے، پھر بابل کی حکومت ان کے قبضہ میں آگئی اور یہ واقعہ مسیح سے پچیس سو سال پیشتر ہوا۔ اس وقت یہ حکومت سامو آبیین کی حکومت کہلاتی تھی۔ پھر دو سو سال بعد ایک شخص حمورابی ہوا۔ اس کے نام پر یہ سلطنت حمورابی کہلائی۔ اور اس حکومت کا سنہ ۱۲ قبل مسیح تک دور دورہ رہا جب حمورابی سلطنت قائم ہوئی اس وقت ایک آدمی ہکسوس نامی مصر میں داخل ہوا۔ اس نے اپنی فوج بحری راستہ سے مصر میں داخل کی اور ایک چھوٹی سی سلطنت قائم کی جس کا دار الخلافہ صان کا شہر تھا۔ یہ سلطنت وسیع ہو کر سارے مصر میں چھا گئی۔ انہی میں سے فرعون تھا چونکہ یہ قوم زراعت پیشہ تھی۔ اس لیئے قبطی کہلائی فرعون کے زمانہ میں بنی اسرائیل غلامی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی آزادی اور مذہبی راہنمائی کے لیئے بھیجا اور ساتھ ہی قبطی قوم اور فرعون کی اصلاح بھی منظور تھی لیکن فرعون اور اس کی قوم نے ماسوائے چند آدمیوں کے موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب کی اور بنی اسرائیل کو اور زیادہ تنگ کرنے لگے اور فرعون نے خود خدائی کا دعویٰ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کو لے کر بحیرہ قلزم سے پار ہو جاؤ فرعون اور اسکی قوم اور اس کے لشکر نے ان کا تعاقب کیا اور سارے کے سارے مع فرعون یعنی بحیرۂ قلزم میں اس مقام پر غرق ہو گئے۔ جو آج کل عیون موسیٰ کے نام سے مشہور ہے۔

**قریش[5]** قریش حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی کی اولاد ہیں۔ یہ بنو اسمعیل کہلاتے تھے۔ یہاں تک کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے ایک شخص فہر نامی پیدا ہوا۔ اس کا لقب قریش ہوا۔ وجہ یہ ہوئی کہ یمن کا ایک حاکم حسان نامی فوج لے کر مکہ پر حملہ آور ہوا۔ اس کا ارادہ تھا کہ کعبہ کے پتھر اکھاڑ کر یمن لے جائے اور وہاں بیت اللہ تعمیر کرے۔ فہر نے مقابلہ کیا حسان کو گرفتار کر لیا۔ اس سے فہر کی قوت کی دھاک بیٹھ گئی۔ اور اس کو قریش کا لقب دیا گیا، قریش سمندر میں ویل مچھلی کو کہتے ہیں۔ جو سمندر کے سب جانوروں سے بڑی اور طاقتور ہوتی ہے۔ فہر کی اولاد قریش کہلائی۔ ویسے یہ لوگ بنی اسمٰعیل ہی ہیں حضرت اسمٰعیل کے بعد بیت اللہ پر بنو جرہم کا قبضہ ہو گیا۔ جو حضرت اسمٰعیل کے سسرال تھے۔ پھر ان سے عمالقہ نے حکومت چھین لی پھر بنو جرہم نے دوبارہ حکومت قائم کر لی۔ بنو جرہم سے بنو اسمٰعیل نے حکومت حاصل کی، اور بنو اسمٰعیل سے بنو خزاعہ نے حکومت چھین لی۔ یہاں تک کہ قصی پیدا ہوا۔ اس کا باپ بچپن ہی میں فوت ہو گیا۔ قصی کی ماں نے شام کے قریب دوسری شادی کر لی قصی نے وہیں پرورش پائی بڑا ہوا تو مکہ میں آیا۔ مکہ میں بنو خزاعہ کی حکومت تھی بنو خزاعہ کے سردار جلیل نے اپنی بیٹی سے اس کا نکاح کر دیا اور جہیز میں تولیت کعبہ کا حق بیٹی کو دیدیا، ابو غبشان نامی آدمی کو بیٹی کا وکیل مقرر کیا۔ جلیل کے مرنے کے بعد قصی نے ابو غبشان کو ایک مشکیزہ شراب دے کر تولیت کا حق اس سے خرید لیا قصی نے قریش کے سارے قبیلوں کو جو عرب میں مختلف مقامات پر بکھر گئے تھے اکٹھا کیا اور طاقت جمع کر کے بنو خزاعہ سے حکومت چھین لی۔ پھر اس کے بعد مکہ میں قریش ہی کی حکومت رہی اور اسلام کے آنے تک یہی مکہ کے متولی اور حکومت کے مالک تھے یہ لوگ اپنے آپ کو ابراہیمی مذہب کا پیرو خیال کرتے تھے بعض بعض رسوم بھی مذہب ابراہیمی کی ادا کرتے تھے لیکن ساتھ ہی عمرو بن لحی بدبخت کے کہنے سے بت پرستی بھی شروع کر لی تھی اور مذہب کو اتنا تبدیل کر دیا تھا کہ جب سرور کائنات ابراہیمی مذہب لے کر آئے تو یہ لوگ اس کو شناخت بھی نہ کر سکے۔ قریش نے آخری دم تک حضورؐ کا مقابلہ کیا حالانکہ آنحضرتؐ خود بھی قریشی تھے آخر مکہ کے فتح ہو جانے پر اس قوم کا زور ٹوٹا اور قریش حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ مسلمان ہو کر پھر ان لوگوں نے دین حق کی اشاعت و تبلیغ میں کوتاہی نہیں کی۔

**قوم لوط[6]** حضرت لوط علیہ السلام جب مصر سے نکلے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو شرق اردن کے علاقہ میں نبوت دے کر بھیج دیا۔ آپ نے سدوم کے علاقہ میں سکونت اختیار کی۔ سدوم اردن کی وہ جانب ہے۔ جہاں بحر میت یا بحر لوط ہے۔ یہی وہ مقام ہے۔ جہاں سدوم اور عامورہ

کی بستیاں آباد تھیں، یہاں کے باشندے جو بعد میں قوم لوط کے نام سے مشہور ہوئے۔ نہایت ظالم بد دیانت اور ڈاکہ زنی کرنے والے سوداگروں کا مال لوٹنے والے اور سب سے بدتر یہ کہ خلاف وضع فطرت اپنی خواہش نفسانی کو مردوں سے پورا کرنے والے تھے اور مزید برآں یہ ظلم تھا کہ اس کو عیب نہ سمجھتے تھے بلکہ ایسی بدمعاشی کو بڑے فخر و مباہات سے بیان کرتے اور بھری مجلسوں میں اس فعل کا ارتکاب کرتے حضرت لوط علیہ السلام نے اس قوم کو بڑا سمجھایا۔ لیکن یہ بدمعاش قوم کسی طرح باز نہ آئی بلکہ حضرت لوط علیہ السلام کے مہمانوں کی آبرو ریزی پر بھی تیار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ظالم قوم پر سب سے زیادہ سخت عذاب نازل کیا پہلے یہ لوگ اندھے ہوئے۔ پھر زلزلہ آیا پتھروں کا مینہ برسا پھر اس علاقہ کو اٹھا کر اللہ تعالیٰ نے اوندھا کر دیا حضرت جبرائیل اس علاقہ کو آسمان تک لیئے گئے اور وہاں سے الٹا پھینک دیا اور اس زور سے پھینکا کہ یہ علاقہ سطح سمندر سے تقریباً چار سو میٹر نیچے چلا گیا اور اس گڑھے میں پانی نکل آیا جو نہایت بدبودار اور زہریلا ہے۔ فاعتبروا۔

## قوم موسیٰ علیہ السلام

موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے ہیں، ابراہیم علیہ السلام عراق کے رہنے والے تھے، وہاں سے ہجرت کر کے مصر آئے مصر سے فلسطین میں آباد ہوئے حضرت ابراہیم کے پوتے حضرت یعقوب نے کنعان میں (علاقہ فلسطین) میں سکونت اختیار کی، آپ کا لقب اسرائیل ہے، آپ ہی کی اولاد بنی اسرائیل کہلائی آپکے بارہ بیٹے تھے جن میں حضرت یوسف پیغمبر بھی ہوئے اور مصر میں اللہ تعالیٰ نے انکو حکومت بھی بخشی۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو کنعان سے بلا کر مصر میں آباد کیا اسکے بعد بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک مصر ہی میں رہے مصر میں فرعون نے انکو سخت سے سخت اذیتیں پہنچائیں اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو بزرگوں کی اولاد ہونے کے سبب فرعون کے مظالم سے موسیٰ علیہ السلام کے سبب نجات بخشی ورنہ یہ قوم جس قماش کی تھی۔ اس کے لیئے فرعون کے مظالم اس قوم کا صحیح علاج تھا اللہ نے ان کو فرعون سے نجات دلائی موسیٰ علیہ السلام جو بنی اسرائیل کے نجات دہندہ تھے ان سے بھی گستاخیاں کرتے، نافرمانی کرتے شرک پر مائل نبیوں کے قاتل اللہ کی کتابوں کو تبدیل کرنے والے نبی صلعم کے متعلق پیشگوئیوں کو چھپانے والے یہ تھے بنی اسرائیل جن کو اللہ تعالیٰ نے وقتاً فوقتاً سخت سزائیں دیں۔

## قوم نوح علیہ السلام

توراۃ میں ہے کہ جودی پہاڑ اراراط کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے اور اراراط جزیرہ کا نام ہے۔ اور متقدمین کی عبارت میں جزیرہ اس علاقہ کا نام ہے جو دریائے دجلہ و فرات کے درمیان دیار بکر سے بغداد تک چلا گیا ہے، دوسرے لفظوں میں یہ علاقہ عراق عرب کا علاقہ ہے یہ قوم اسی علاقہ میں آباد تھی، قوم نوح کی بستیاں ایک لاکھ چالیس ہزار کلومیٹر مربع میں آباد تھیں نوح علیہ السلام کی بعثت سے پہلے یہ قوم شرک اور بت پرستی میں مبتلا ہو چکی تھی اور یہ دنیا کی پہلی قوم ہے جس نے بت پرستی شروع کی اس قوم کے بڑے بڑے بتوں کے نام ود، سواع، یعوق، نسر، یغوث ہیں اس قوم کو نوح علیہ السلام نے بت پرستی سے روکا اور خدا پرستی کی تلقین کی بہت زمانہ سمجھانے کے باوجود چند ایک غریب اور نادار لوگوں کے علاوہ کوئی ایمان نہ لایا، بالآخر اللہ تعالیٰ نے اس بدنصیب قوم پر طوفان بھیجا جس میں یہ ساری قوم غرق ہو گئی

## یاجوج ماجوج

یاجوج اور ماجوج کے متعلق جو عجیب و غریب روایات مشہور ہیں۔ کہ وہ کوئی انسانی مخلوق نہیں بلکہ برزخی مخلوق ہیں یا یہ کہ ان کے کان اتنے بڑے ہیں، کہ ایک کان کو اوپر اوڑھ لیتے ہیں۔ اور دوسرا نیچے بچھا لیتے ہیں، یا ان میں سے ہر ایک کی اولاد ایک ہزار بچہ ہوتی ہے یہ سب خرافات ہیں، یاجوج ماجوج آدم کی نسل سے ہیں، یافث بن نوح کی اولاد سے۔ ان کی شہرت اس لیے ہے کہ غیر مہذب اور وحشی قبائل ہیں۔ جو مہذب ملکوں اور قوموں کو لوٹتے رہے ہیں۔ یاجوج ماجوج کا اصل علاقہ چینی ترکستان اور منگولیا کا وہ علاقہ ہے۔ جو شمال مشرق میں واقع ہے اور سطح زمین کا بلند ترین حصہ ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اس علاقہ سے بے شمار انسانوں کے طوفان اٹھے اور باقی دنیا پر چھا گئے۔ یہیں سے اٹھے ہوئے قبائل وسط ایشیا میں پہنچے، یہیں سے یورپ پہنچے اور یہیں سے ہندوستان آئے ہندوستان میں بسنے والے آرین کہلائے وسط ایشیا میں بسنے والے ایرین کہلائے جن کے نام سے ملک ایران مشہور ہوا۔ یورپ میں یہ لوگ گاتھ ونڈال یا ونڈال کہلائے اور بحیرۂ اسود سے دریائے ڈنیوب تک بسنے والے سیتھین کہلائے اور ایشیا پر چھلنے والے رشین کہلائے اور ان کے اٹھنے اور پھیلنے کا یہ کام پانچویں صدی مسیحی تک برابر جاری رہا۔

اور پانچویں صدی عیسوی تک منگولیا کی ہمسایہ قوم چینی کے دو بڑے بڑے قبائل "جونگ" اور "یوچی" کہلاتے رہے ہیں۔ یہی موگ ہے جو چھ سو قبل مسیح تک یونان میں "میک" اور "میگاگ" بنا۔ اور عربی میں "ماجوج" ہوا۔ اور "یوچی"، اور "یواچی" یونانی میں یوگاگ اور عربی اور عبرانی میں "جوج" اور "یاجوج" کہلایا۔ جب اس علاقہ سے اٹھنے والے دوسرے ملکوں کو چلے گئے تو پہلے لوگوں کی دیکھا دیکھی وہ بھی مہذب بن گئے اور ان سے بالکل الگ ہو گئے اور اجنبی ہو گئے پھر ان مہذب اور غیر مہذب قوموں میں حملے اور تاخت و تاراج کا سلسلہ جاری رہا۔ جس میں اکثر غیر مہذب یاجوج اور ماجوج کے قبیلے غالب آتے رہے۔ ان وحشیانہ قبائل کے حملوں کی روک تھام کے لیئے مختلف دیواریں بنائی گئیں۔ ان میں ایک دیوار وہ ہے جو سیتھین قبائل کے کہنے پر ذوالقرنین خورس بادشاہ نے درہ داریال کے آگے لوہے اور تانبے کی دیوار بنائی۔ قرآن مجید میں ہے کہ قیامت کے قریب پھر ایک دفعہ ان وحشی قبائل کی یلغار ہو گی اور یہ لوگ ساری مہذب دنیا پر چھا جائیں گے۔ یہ قبائل سارے کے سارے کافر ہیں۔ خدا کے منکر ہیں۔ اس حملہ کے بعد قیامت عنقریب قائم ہو جائے گی۔

---

محمد سلیمان گیلانی

# ارض القرآن

**روم**[۱] روم کے مشرق میں بحیرہ کیسپین، جنوب میں شام اور عراق، مغرب میں بحیرۂ روم واقع ہیں۔ روم عیص بن اسحاق بن ابراہیم کی اولاد سے ہیں۔ یہ بنی اسرائیل کے چچازاد بھائی ہیں۔ ان کو بنوالاصفر کہا جاتا ہے۔ یعنی زرد رنگ والے۔ یہ لوگ ابتدائی حالت میں یونان کے مذہب پر تھے یہ لوگ سات سیاروں کی پوجا کرتے تھے۔ اور یہ لوگ قطب شمالی تک پھیلے ہوئے تھے۔ انہیں لوگوں نے دمشق آباد کیا تھا۔ رومی بھی انہیں کے دین پر تھے اور مسیح سے تین سو سال بعد تک اسی دین پر قائم رہے۔ ان لوگوں میں سے جن نے شام اور ٹرکی کو فتح کیا تھا۔ اس کا نام قیصر تھا۔ پھر اس کے بعد رومی بادشاہوں کا لقب قیصر ہوا۔ ان لوگوں کی سلطنت بڑی وسیع تھی۔ شام، مصر، ایشیائے کوچک اور ٹرکی سب ان کے زیر نگین تھے ان میں سے ہرقل قیصر روم سب سے آخری رومی بادشاہ تھا۔ جو سب سے جو ہمہ تن عیاش اور اوہام پرست تھا۔ رومی بادشاہوں میں سب سے پہلے قسطنطین بادشاہ عیسائی ہوا اس کے بعد روم کے علاقہ میں عیسائی مذہب پھیل گیا۔ نبی صلعم کی ولادت شریفہ ۵۷۱ء میں ہوئی۔ چالیس سال بعد بعثت ۶۱۰ء میں ہوئی۔ اتفاق سے ۶۰۲ء سے لے کر ۶۱۴ء تک اس زمانہ کی دو عظیم الشان سلطنتیں روم اور فارس آپس میں حریفانہ جنگ کر رہی تھیں۔ رومی عیسائی اہل کتاب تھے اور ایرانی آتش پرست نبی صلعم اور صحابہ کا طبعی میلان اہل کتاب ہونے کی وجہ سے رومیوں کی طرف تھا۔ اور مشرکین کا رحجان بت پرستی کی وجہ سے ایرانیوں کی طرف تھا جب کوئی ایرانیوں کی شکست کی خبر آتی تو مسلمان خوش ہوتے اور رومیوں کی شکست کی خبر آتی تو مشرکین خوش ہوتے آخر ۶۱۴ء میں جب نبی صلعم کی بعثت کا پانچواں سال تھا۔ دکیخسرو ثانی خسرو پرویز کے زمانہ میں فارس نے روم کو ایک مہلک اور فیصلہ کن شکست دی شام، مصر، ایشیائے کوچک سب رومیوں کے ہاتھ سے نکل گئے۔ ہرقل قسطنطنیہ میں محصور ہوگیا اور رومیوں کا دارالسلطنت قسطنطنیہ بھی خطرہ میں پڑ گیا لیکن فتح نہ ہوا بے شمار عیسائی اور پادری قتل ہو گئے، بیت المقدس سے سب سے مقدس صلیب بھی فارسی اٹھا کر لے گئے۔ اور قیصر روم کا اقتدار ختم ہوگیا۔ قریش بڑے خوش ہوئے اور مسلمانوں کو کہنے لگے کہ جس طرح فارسیوں نے رومیوں کو شکست دی اسی طرح ہم بھی تم کو شکست دیں گے۔ اس وقت سورہ روم کی آیات نازل ہوئیں کہ گو رومی اس وقت اذرعات اور بصریٰ کے میدان میں شکست کھا گئے ہیں۔ لیکن عنقریب یہ غالب آجائیں گے اس وقت رومیوں کے دوبارہ ابھرنے کا بظاہر کوئی امکان نہ تھا۔ قریشیوں نے حضرت ابوبکر سے سو اونٹ کی شرط لگا لی ادھر ہرقل نے اپنا اقتدار بحال کرنے کے لیے قسم کھائی کہ میں ضرور فارس کو شکست دوں گا۔ اور نذر مانی کہ اگر خدا نے مجھے فتح دی تو میں حمص سے پیدل چل کر بیت المقدس پہنچوں گا۔ خدا کی قدرت کہ ٹھیک نو سال بعد جس دن کہ بدر کا معرکہ پیش آیا مسلمانوں کو فتح ہوئی اور مشرکین کو شکست ہوئی اسی دن روم کی فتح اور فارس کی شکست کی اطلاع بھی آگئی۔ مسلمانوں کی خوشی میں اضافہ ہوگیا۔ اور قریش کے غم میں۔ والحمد للہ علی ذلک۔

**مدینہ منورہ**[۲] مدینۃ الرسول۔ طیبہ۔ یثرب سارے ایک ہی شہر کے نام ہیں۔ ہجرت سے پہلے اس کا نام یثرب تھا۔ ہجرت کے بعد اس کا نام طیبہ ہوا۔ مدینہ سطح سمندر سے ۶۱۹ میٹر بلند ہے اور ۳۹ درجہ اور ۵۵ دقیقہ طول بلد اور ۲۴ درجہ اور ۱۵ دقیقہ عرض بلد پر واقع ہے گرمیوں میں درجہ حرارت ۸۰° تک اور سردیوں میں دن کو صفر سے دس درجہ اوپر اور رات کو درجہ صفر سے پانچ درجے کم ہوتا ہے۔ برد ہوتی بلند رات کو عام طور پر پانی جم جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے یثرب کو مصری لفظ "تریبس" سے معرب تسلیم کیا ہے۔ اگر یہ صحیح ہو تو پتہ چلتا ہے کہ اس کے بنانے والے عمالقہ قوم کے آدمی تھے جو مصر سے نکلے یہ شہر ۲۲۲۰ قبل ہجرت بنایا گیا۔ مدینہ ایک فراخ اور بلند وادی پر تعمیر کیا گیا ہے۔ عمارتیں اکثر پتھر کی ہیں۔ قریباً بارہ ہزار مکانات کے لگ بھگ ہیں۔ مکان اور گلیاں۔ بازار اور سڑکیں اکثر تنگ ہیں۔ مدینہ منورہ میں قریباً ستر قسم کی کھجور پیدا ہوتی ہے۔ مدینہ والوں کی اکثر تجارت کھجور کی ہے۔ مدینہ منورہ میں نہایت بیش قیمت کتب خانے ہیں۔ مدینہ منورہ سے اخبارات اور رسالہ جات بھی شائع ہوتے

ہیں لیکن قابل تذکرہ سکول یہاں نہیں۔ ابتدائی سکولوں کی تعداد ۱۷ تک ہے۔ مدینہ میں چند ایک حمام بھی ہیں۔ مدینہ کی وادیوں میں احد کی وادی بھی ہے، یہاں ۳ھ میں مسلمانوں اور مشرکین میں مشہور جنگ لڑی گئی۔ مدینہ منورہ کا وہ قبرستان جہاں اکثر صحابہ کرام کی خوابگاہیں ہیں بقیع غرقد ہے اس وقت مدینہ منورہ میں بہت سے کنویں ہیں۔ مدینہ منورہ کی شمالی جانب بہت سے پھلدار باغ ہیں جن میں قریباً ہر طرح کے میوے ہوتے ہیں۔ مدینہ منورہ کی آبادی قریباً ستر ہزار کے قریب ہے جن میں سے اکثر ہندوستانی ترک شامی اور مصری ہیں مدینہ منورہ کے لوگ نہایت رحمدل، نرم خو، مہمان نواز اور خوش باش آدمی ہیں حتیٰ کہ مدینہ والے کسی عزیز کی موت پر بھی واویلا اور نوحہ نہیں کرتے۔ مدینہ منورہ کی علمی اور ادبی معاشی اور اقتصادی ترقی پہلی تین صدیوں میں بہت زیادہ ہوئی لیکن عربی خلافت کی کمزوری سے یہاں کی حالت بڑی کمزور ہوگئی۔ لوگ ہجوم کر کے حملے کرنے لگے تو ابو شجاع وزیر نے مدینہ کی حفاظت کے لیئے اس کے گرداگرد فصیل بنادی۔ اور اس میں سات دروازے رکھے جو آج بھی مشہور ہیں۔ باب مجیدی، باب شامی، باب کوفہ، باب عنبریہ، باب قوبہ، باب العوالی، باب الجمعہ۔

مدینہ منورہ حجاز میں شامل ہے اور اس کے شمال میں خیبر جنوب میں ریان مشرق میں حناکیہ اور مغرب میں نخل ینبوع واقعہ ہے۔ یہ شہر بحیرہ احمر سے بہ نسبت مکہ مکرمہ زیادہ دور ہے۔

جس چیز نے مدینہ منورہ کا احترام دنیا کے دلوں میں پیدا کیا وہ سرور کائنات سید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں مقام کرنا تھا آپ کے زمانہ میں بھی دنیا کے وفد مدینہ میں پہنچتے تھے، اور آپ کے بعد بھی آپ کی مسجد اور روضۂ اطہر کی زیارت کرنے کے لیئے مسلمان ہر سال لاکھوں کی تعداد میں وہاں پہنچتے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ واتباعہ واہل بیتہ وازواجہ اجمعین۔

**مدین** [۳] مدین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے جو آپ کی تیسری بیوی قطورا کے بطن سے تھا۔ اسکی اولاد بنو قطورا کہلاتی ہے اس قوم نے جو بستی بسائی اسکا نام انہوں نے مدین رکھا یہ بستی حجاز کے آخری حصہ میں شام کے متصل ایسے مقام پر واقع تھی جس کا عرض البلد افریقہ کے جنوبی صحرا کے عرض البلد کے مطابق ہے یہ بستی شام کے متصل معان کے حصہ زمین پر آباد تھی قرآن مجید نے اس بستی کے دو نشان بتلائے ہیں ایک یہ کہ یہ بستی بڑی شاہراہ پر واقع ہے اور بڑی شاہراہ عرب میں وہ سڑک ہے، جو بحیرۂ قلزم کے مشرقی کنارے سے گزرتی ہوئی تجارتی قافلوں کو شام، اور جس کے ذریعہ سے خشکی اور تری کی تجارت مل جاتی ہے۔ دوسرا نشان قرآن مجید نے بتلایا کہ وہ جھنڈ والے تھے یعنی جہاں باغوں کے سرسبز درخت کھڑے تھے۔ ان نشانوں کے بعد بڑی آسانی سے اس بستی کے مقام کا پتہ چل سکتا ہے، کہ مدین کا قبیلہ بحیرۂ قلزم کے مشرقی کنارہ اور عرب کے شمال مغرب میں ایسی جگہ آباد تھا جو شام کے قریب حجاز کا آخری حصہ ہے اور جہاں سے حجاز والوں کو شام فلسطین اور مصر تک لے جاتے ہیں یا جاتے ہیں۔ ان کی بستی میں راستے میں پڑے یہ بستی تبوک کے بالکل مقابل واقع تھی اس بستی والوں کی طرف حضرت شعیب علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا۔ انہوں نے حضرت شعیب کی نافرمانی کی اور اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو ہلاک کر دیا ان کے بعد یہ بستی بھی ویران ہوگئی۔

**مصر** [۴] مصر ملک کا نام ہے۔ مصر بن حام بن نوح علیہ السلام کے حصہ میں یہ علاقہ آیا تھا۔ اسی لیئے اس کا نام مصر ہوا۔ مصر افریقہ کے شمال مشرق میں واقع ہے حدود اربعہ یہ ہے شمال میں بحر ابیض متوسط مشرق میں بحیرہ احمر اور بلاد عرب و شام جنوب میں بلاد نوبہ مغرب میں بلاد طرابلس مصر کا رقبہ ایک کھرب اور سینتیس ارب ایکڑ ہے آبادی قریباً ایک کروڑ بیس لاکھ ہے جس میں سے ۱/۵ غیر مسلم ہیں باقی سب مسلمان ہیں مصر علمی ترقی اور قدیم تمدن کے لحاظ سے مشہور ترین ملک ہے یہاں کے ۳ اہرام اور ابو الہول کا بت عجائبات زمانہ سے ہیں مصر میں مقطم، مقصرہ، جبل الطیر، جبل الرخام، جبل ابی فودہ، جبل شیخ الہریدی نامی پہاڑ ہیں مصر کی آبپاشی کا سب سے بڑا وسیلہ دریائے نیل ہے جو تین جھیلوں کے پانی سے ملتا ہے اور بعد میں عطبرہ، نیل ازرق، اور بحر الغزال نامی دریا بھی اس میں آگرتے ہیں۔ یہ دریا شمال سے جنوب کو بہتا ہے اور اس کی دو شاخیں ہو جاتی ہیں ایک کا نام دمیاط اور دوسری کا رشید ہے۔ اس کا پانی نہایت میٹھا اور خوشگوار ہے۔ دریائے نیل میں طغیانی آتی ہے تو سیاہ رنگ کی مٹی زمین پر پھیل جاتا ہے جو کھاد کا کام دیتی ہے۔ عموماً ۱۸ جون سے دریا بڑھنے لگتا ہے ۱۸ ستمبر سے گھٹنا شروع ہو جاتا ہے مصر کی سرزمین حسن اور خوبصورتی کے لیئے مشہور ہے۔ مصر میں حضرت ابراہیم حضرت اسمٰعیل حضرت سلیمان

اور سرورِ کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیہم اجمعین کی شادیاں ہوئیں اور حضرت ہارون اور حضرت موسیٰ اور حضرت یوشع بن نون کی پیدائش یہاں
ہوئی۔ یہاں وقتاً فوقتاً حضرت ابراہیم حضرت یعقوب حضرت یوسف حضرت ارمیاہ حضرت دانیال حضرت عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام تشریف لائے اور کچھ مدت قیام کیا
مصر کے بادشاہ مقوقس کے نام حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والسلم کا خط لیکر گئے بادشاہ مسلمان نہ ہوا سنہ ۲۰ھ میں عمرو بن عاص نے مصر کو فتح کیا
اس لشکر کی تعداد جس نے مصر کو فتح کیا تھا بارہ ہزار تھی مصر پر مختلف وقتوں میں بنو امیہ، عباسیہ، طولونیہ، اخشیدیہ، عبیدیوں، الوبیہ، ممالیک، چراکسہ، عثمانیہ، خدیویہ
خاندانوں کی حکومت رہی قاہرہ اور سکندریہ مصر کے مشہور شہر ہیں حضرت یوسف علیہ السلام کے وقت مصر نامی شہر قاہرہ ہی کے پاس آباد تھا جو بعد میں ویران ہو
گیا۔ اسکندریہ کا کتب خانہ جسے عیسائیوں نے جلا کر مسلمانوں کے نام لگا کر ان کو بدنام کیا دنیا کا مشہور کتب خانہ تھا مصر کی نہر سویز بیاسی اہمیت کی حامل ہے
سنہ ۱۸۵۹ء میں یہ نہر شروع کر کے دس سال میں مکمل ہوئی۔ یہ نہر بحیرۂ ابیض کو بحیرۂ احمر سے ملاتی ہے یہ ایک سو ستر کلو میٹر لمبی ہے مصر کا عجائب خانہ بھی قابل دید جگہ ہے
اسی میں فرعون کی لاش تھی۔ جسے دنیا کے لوگوں نے شناخت کیا مصر میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کے مزار ہیں یہاں
غلامی کی رسم زمانہ قدیم سے چلی آئی تھی۔ جسے اسلام نے ختم کیا۔

**مکۃ المکرمہ** } مکہ، بکہ، مکا، ام القری ایک ہی شہر کے نام ہیں۔ مکہ اور مکا قدیمی نام ہیں۔ صحیح روایات کے مطابق یہ عمالقہ کی لغت کا لفظ ہے۔
جس کا ترجمہ ہے "البیت" خدا کا گھر بعد میں یہاں آبادی بھی ہوگئی۔ اور بکہ بعد کا نام ہے اور یہ نام اسوقت پڑا جبکہ ابراہہ اثرم کا لشکر تباہ ہوا
تو لوگوں نے کہا یہ "بکہ" ہے یعنی سرکشوں کی گردنیں توڑنے والا مکہ شہر سطح سمندر سے تقریباً ۳۳۰ میٹر بلند ہے اور عرض کے لحاظ سے ۲۱ درجہ اور ۳۸ دقیقہ پر واقع ہے
اور طول کے لحاظ سے ۴۰ درجہ اور ۹ دقیقہ پر اس کی آبادی مستقل طور پر عہد ابراہیم اور اسمٰعیل علیہ السلام سے شروع ہوئی لیکن ابتدائی آبادی صرف خیموں تک ہی محدود تھی
لیکن جب قصی بن کلاب شام سے واپس آیا اور یہاں آباد ہونے کا ارادہ کیا تو اس نے خیموں کی بجائے مکانات تعمیر کیے اور بعد یہ اپنے علاقے کا سب سے بڑا شہر بن گیا۔
اس شہر کی لمبائی مغرب سے مشرق کی طرف قریباً ۳ کلو میٹر ہے اور عرض قریباً اس سے نصف۔ مکہ ایک وادی میں واقع ہے جو شمال سے جنوب کیطرف مائل ہے اس کے تین
اطراف (یعنی مغرب جنوب مشرق) میں ایک سلسلہ کوہ ہے جس کے مختلف حصوں کے مختلف نام ہیں شمال مغربی کونے میں کوہ نلق اور اسکے ساتھ جبل قیقعان پھر جبل ہندی پھر جبل
لعلع پھر جبل کدا اور جنوب کیطرف جبل ابی قبیس اور اسکے ساتھ جبل خندمہ واقع ہے شہر مکہ کے سات ہزار مکانات ہیں جو ان پہاڑیوں کی وادیوں میں ہیں
حضرت ابراہیم خلیل اللہ ۱۸۹۲ سنہ قبل مسیح میں تشریف لائے اور اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل اور اپنی بیوی ہاجرہ کو یہاں آباد کیا۔ اس وقت یہاں آبادی
نہیں تھی البتہ اس کے گرد و نواح میں عمالقہ قوم کے آدمی آباد تھے۔ جو سب کے سب خانہ بدوش تھے اور خصوصاً وادی جیحون کے کنارے ان کی آبادیاں تھیں
اور یہ لوگ یہاں کے اصلی باشندے نہ تھے۔ بلکہ بحرین سے منتقل ہو کر یہاں آئے تھے جب زمزم کا چشمہ یہاں پیدا ہوا تو عمالقہ نے بھی یہاں ڈیرے لگا دیئے
اور سرداری حضرت اسمٰعیل کی تسلیم کر لی گئی کچھ مدت کے بعد بنو اسمٰعیل کی حکومت کمزور ہوگئی تو عمالقہ نے ان سے حکومت چھین لی پھر کچھ مدت کے بعد بنو جرہم
یمن سے سد مآرب کے ٹوٹ جانے کے بعد یہاں آکر آباد ہوگئے اور انہوں نے عمالقہ سے حکومت چھین لی۔ کچھ عرصہ کے بعد بنو اسمٰعیل نے جرہم کو شکست دے کر
ان سے حکومت لے لی۔ اور ان کو شمالی ینبوع کی طرف جلاوطن کر دیا۔ پھر کچھ مدت کے بعد بنو خزاعہ یہاں آئے اور انہوں نے پھر بنو اسمٰعیل سے حکومت لے
لی پھر جب قصی بن کلاب شام سے واپس آیا (یہ قصی چھپن سناون حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے ہیں) انہوں نے بڑی گراں قیمت دے کر بیت اللہ کی تولیت
بنو خزاعہ سے خرید لی کچھ عرصہ بعد قصی نے قریش کو اکٹھا کر کے طاقت بہم پہنچائی اور بنو خزاعہ کو وادی فاطمہ کی طرف نکال دیا اور اس وقت سے اسلام کے آنے
تک قریش کا اقتدار بدستور قائم رہا۔ قریش میں مناصب اور عہدوں کی تقسیم کے متعلق لڑائیاں ہوتی رہتی تھیں۔ بالآخر انہوں نے اکٹھے ہو کر قریش کی شاخوں
میں مختلف عہدے تقسیم کر دیئے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد تمام فضائل اور خوبیاں تمام عہدے اور منصب بنو ہاشم کے ہاتھ میں آگئے

# بحث حروف عاملہ

**الف** کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے قَـام میں اس کو لین کہتے ہیں اور کبھی متحرک ہوتا ہے اسکو ہمزہ بولتے ہیں خواہ شکل الف میں لکھا جاوے معنی کی رو سے ہمزہ استفہام کیلئے ہے جیسے اَقَرَأْتَ کیا تو نے پڑھا۔ اَلَمْ تَقْرَأْ کیا تو نے نہ پڑھا کبھی ندا کے لیئے آتا ہے اور جب یہ ندا کے لیئے ہو تو منادی محذوف کو نصب دیتا ہے اور اگر منادی مضاف نہ ہو تو رفع دیتا ہے جیسا کہ اَعَبْدَ اللّٰهِ اور اَزَيْدُ۔ اَزَيْدُ اَقْبِلْ۔ ارے زید نزدیک آ۔ اور کبھی برابری کیلئے آتا ہے لَا اُبَالِي اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ میرے لیئے تیرا کھڑا رہنا بیٹھنا ایک ہی جیسا ہے

**اِذْ** ظرف زمانی۔ ماضی۔ اس کے بعد جملہ ہی آتا ہے اور جملہ محذوف ہوتا ہے اور اس کے عوض تنوین آتی ہے۔ مفاجات کے لیئے بھی آتا ہے بَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَيْدٌ میں بیٹھا تھا کہ اچانک زید آ گیا۔ تنوین کے ساتھ بھی آتا ہے وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ کبھی اس لیئے کے معنی بھی آتا ہے ضَرَبْتُ اِبْنِيْ اِذْ اَسَاءَ اَيْ لِاَنَّهٗ اَسَاءَ۔

**اِذَا** ظرف متضمن معنی شرط مستقبل کے لیئے اِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ جب ان کی موت آئے گی مفاجات کے لیئے بھی آتا ہے۔ فَاِذَا اَنْتُمْ مِنْهُ تُوْقِدُوْنَ۔ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ۔ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى۔ یہ بانٹنا بہت بھونڈا ہے۔ اسم اشارہ مونث مفرد بعید کے لیئے آتا ہے

**اَلْ** حرف تعریف ہے اسم نکرہ کو اسم معرفہ بنا دیتا ہے کبھی عہد کے لیئے آتا ہے اِشْتَرَيْتُ عَبْدًا ثُمَّ بِعْتُ الْعَبْدَ یا جنس کیلئے جیسے خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا فعل پر نہیں آتا کبھی اسم موصول ہوتا ہے اور اس صورت میں اسم فاعل اور اسم مفعول پر آتا ہے۔

**اَلَا** کلام کے شروع میں آتا ہے اور مابعد کی تحقیق کے لیئے آتا ہے جیسے اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ۔ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تنبیہ کیلئے اَلَا يَا صَاحِ قُمْ اور عرض کے لیئے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا

**اَلَّا** اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ۔ اَنْ لَا تَطْغَوْا نیز حرف تحضیض کے لیئے بھی آتا ہے۔

**اِلَّا** استثنا کے لیئے آتا ہے اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِيْنَ صفت بمعنی غیر کے لیئے آتا ہے لِيْ رِجَالٌ اِلَّا رِجَالَكَ اور نفی کے بعد حصر کے لیئے آتا ہے وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ

**اَلَّذِيْ** اسم موصول ہے مرد کے لیئے آتا ہے اس کا تثنیہ اَلَّذَانِ ج اَلَّذِيْنَ ہے اس کا مونث اَلَّتِيْ ج اَللَّوَاتِيْ وَاللَّوَاتِ وَاللَّائِيْ اور تثنیہ اس کا اَللَّتَانِ۔ اَللَّتَيْنِ غایت زمانیہ اور مکانیہ کے لیئے بھی آتا ہے۔

**اِلٰى** حرف جر ہے انتہا کے لیئے آتا ہے مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى ظرف مکان کے لیئے لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ظرف زمانی کے لیئے قرآن مجید میں اس حرف کے ساتھ ضمیریں بھی آئی ہیں۔ اِلَيْهِ۔ اِلَيْهِ۔ اِلَيْهِمَا۔ اِلَيْهِمْ۔ اِلَيْهِ۔ اِلَيْهَا۔ اِلَيْهِنَّ۔ اِلَيْكَ۔ اِلَيْكُمْ اِلَيَّ۔ اِلَيْنَا عند کے معنی میں آتا ہے۔ كَلَامُهٗ اِشْهٰى اِلَيَّ مِنَ الرَّحِيْقِ۔ برابری کے لیئے آتا ہے۔ اَلْاَمْرُ اِلَيْكَ مع کے معنی میں آتا ہے۔ ضَمَّ هٰذَا اِلٰى ذٰلِكَ۔ مصاحبت کے لیئے بھی آتا ہے جیسا کہ لَا تَاْكُلُوْا اَمْوَالَهُمْ اِلٰى اَمْوَالِكُمْ اگر غایت اور مغیا کی جنس ایک ہو تو اس کا مابعد ماقبل کے حکم میں شمار ہوتا ہے جیسا کہ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ اور اگر مابعد ماقبل کی جنس سے نہ ہو تو ماقبل کے حکم میں شمار نہیں ہوتا جیسا کہ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ۔

**اَمْ** حرف عطف ہے جبکہ ہمزہ استفہام کے بعد آ جائے ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ اور بَلْ کے معنی میں هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ۔ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ۔

**اَمَّا** شرط اور تاکید کے لیئے آتا ہے اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ۔ تفصیل کے لیئے ف کا جواب پر آنا لازمی ہے۔ اَمَّا الزَّيْدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً

**اِمَّا** تفصیل کے لیئے ہے اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا شک۔ اباحت، تخییر کے لیئے بھی آتا ہے۔

**اَمْسِ** ظرف زمانی ہے بمعنی کل کا گزرا ہوا دن كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ کبھی گزشتہ زمانہ کے لیئے بھی آتا ہے فَتَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

**اَنْ** حرف مصدری ہے کہ مضارع کو نصب دیتا ہے اَنْ يَّضْرِبَ مثلاً نون اعرابی گرا دیتا ہے۔ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

تاکید کے لیے زائد بھی آتا ہے۔ وَلَمَّا اَنْ جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا۔ کبھی تفسیر کے لیے بھی آتا ہے وَاَوْحَيْنَا اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ۔ اَنَّ کا مخفف بھی ہوتا ہے اور یقینی فعل کے بعد آتا ہے۔

**اِنْ** حرف شرط ہے کہ دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ۔ جب شرط کے لیے ہو تو پہلا جملہ یقینًا فعل ہوتا ہے۔ اور دوسرا کبھی فعل اور کبھی اسم پہلے جملہ کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ شرط اور جزا یا صرف شرط اگر فعل مضارع ہو تو لازمی طور پر جزم دیتا ہے اور اگر جزا فعل مضارع ہو اور شرط نہ ہو تو جزم جائز ہے ضروری نہیں۔ نفی کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اِنْ اَدْرِيْ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ نفی کی صورت میں جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور کبھی جملہ فعلیہ پر بھی آجاتا ہے۔

**اَنَّ** حرف تاکید ہے جو اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ حرف جواب بھی ہے لَعَنَ اللّٰهُ نَاقَةً حَمَلَتْنِيْ اِلَيْكَ فَاُجِيْبَ وَاِنَّ رَاكِبَهَا۔ اور عمومًا جملہ اسمیہ پر آتے ہیں جب جملہ قائم مقام مصدر یا لفظ علم کے بعد آئے اَنَّ مفتوحہ پڑھا جاتا ہے۔ ابتدا جملہ، ابتدا صلہ، لفظ قول کے بعد اور جب جملہ قائم مقام حال ہو۔ جب فعل صرف لام سے معلق ہو تو ان صورتوں میں اِنَّ مکسورہ ہوگا۔ کبھی اِنَّ مکسورہ کی خبر پر لام آجاتا ہے۔ اِذَا فجائیہ اور قسم کے بعد دونوں طرح پڑھا جاتا ہے اِنَّ بھی اور اَنَّ بھی۔

**اَنَا** ضمیر مرفوع واحد متکلم کے لیے ہے۔ بمعنی میں۔

**اَنْتَ** اَنْتُمَا، اَنْتُمْ، اَنْتِ، اَنْتُمَا، اَنْتُنَّ ضمیریں ہیں مخاطب کے لیے

**اَنّٰى** فَاَنْزَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ظرف مکانی کے لیے اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا استفہام کے لیے بمعنی كَيْفَ

**اَوْ** حرف عطف شک کی جگہ آتا ہے لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ وَاِنَّا اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ بلکہ معنی میں بھی آتا ہے وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ۔

**اَوَّل** مقدم آخر ج اَوَائِل۔ اَوَال۔ اَوَّلُوْنَ م اُوْلٰى ج اُوَل، اُوْلَيَات

**اُولَاۤءِ** اُولٰى۔ اسم اشارہ جمع قریب کے لیے خواہ مذکر ہو یا مؤنث اور تنبیہ کے لیے ھا زیادہ کرتے ہیں۔ ہا سماء ہٰۤؤُلَاۤءِ اور اس کے ساتھ ک خطابیہ بھی لگا لیتے ہیں۔ اُولٰۤئِكَ بمعنی اَلَّذِيْنَ۔

**اُولُوْا** بمعنی ذو اس کا واحد ذُوْ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ۔ واحد۔ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ اس کا مؤنث اُولَاتِ واحد اس کا ذَاتَ ہے وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ۔ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ

**اِيْ** بمعنی نعم اس کے بعد قسم ضروری ہوتی ہے قُلْ اِيْ وَرَبِّيْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ۔

**اَيٌّ** استفہام کیلئے اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ۔ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا اور اس کا استعمال ذوی العقول کے لیے خاص ہے۔ غیر ذوی العقول پر یہ کبھی نہیں آتا نیز اس کے لیے اضافت بھی لازمی ہے اور اضافت میں کبھی شرط کے معنی بھی پائے جاتے ہیں اسی کے بعد ھا تنبیہ زیادہ کرتے ہیں۔ يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ۔ مؤنث کے لیے ت زیادہ کرتے ہیں يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ

**اِيَّا** اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۔ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ۔ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ۔ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ۔ ضمیر منصوب منفصل ہے جو کہ سب صیغوں کے ساتھ ملتی ہے۔ بمعنی خاص۔

**اِيْل** عبرانی میں یہ لفظ اللّٰہ کے لیے خاص ہے۔ اس میں معنی قوی اور قدیر ہیں۔ اِسْرَآءِيْل حضرت یعقوب کا لقب ہے۔ عزرائیل میکائیل۔ جبرائیل خداوند تعالیٰ کے فرشتوں کے نام ہیں ان میں ایل کی نسبت اللّٰہ کی طرف ہے

**اِيَّانَ** اسم شرط ہے زمانہ کے لیے بمعنی مَتٰى۔ اور اسم استفہام زمانی کے لیے آتا ہے جیسے۔ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ

**اَيْنَ** استفہام ظرف مکان مَا اس کے ساتھ اکثر ملحق ہوتا ہے فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا۔ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا اور اس میں عمومًا شرط کے معنی ہوتے ہیں اور اس کا استعمال مکان کے لیے ہے زمانہ کے لیے نہیں جیسا اَيْنَمَا تَمْشِ اَمْشِ

**اَحَدَ عَشَرَ** چونکہ قرآن مجید میں اسی طرح آیا ہے اس لیے اسی طرح لکھا گیا ہے عشر، عشرون، ثلثون، و غیرہ تسعون تک جب اَحَد اور اثنین کے ساتھ

مرکب ہوں تو تمیز کو نصب دیتا ہے یہ اسماء نکرہ پر داخل ہوتے ہیں اور
طریق ترکیب یہ ہے کہ اگر ممیز مذکر ہو تو احد اور اثنان کے ساتھ احد عشر
کے دونوں جز مذکر ہوتے ہیں اور اگر مونث ہو تو دونوں جز مونث ثلثۃ عشر
سے تسعۃ عشر تک مذکر میں تو پہلا جز مونث ہوتا ہے اور دوسرا مذکر
اور مونث میں پہلا جز مذکر ہوتا ہے اور دوسرا مونث اور عشرون سے
تسعون تک عطف کے طریق پر مرکب ہوتے ہیں اور صورت یہ ہوتی ہے
کہ احد اور اثنان کا ممیز اگر مذکر ہو تو دونوں جز مذکر ہوتے ہیں اور اگر
مونث ہو تو پہلا جز مونث ہوتا ہے اور اثنان کے آگے تسع تک اگر ممیز
مذکر ہو تو پہلا جز مونث ہوتا ہے اور مونث ہو تو پہلا جز مذکر ہوتا ہے۔

**اَصْبَحَ** افعال ناقصہ سے ہے یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے مضمون جملہ
کو وقت کے ساتھ ملانے کے لیئے آتا ہے جیسا کہ اَصْبَحَ زَیْدٌ
غَنِیًّا زید صبح کے وقت غنی ہوا اور کبھی صَارَ کے معنی میں بھی آتا ہے یعنی
ایک صفت سے دوسری صفت کی طرف انتقال کرنے کے لیئے جیسا کہ
اَصْبَحَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا فقیر غنی ہو گیا کبھی تامہ ہوتا ہے جیسا کہ اَصْبَحَ
زَیْدٌ۔ زید صبح کو داخل ہوا۔

**ب** حرف جر ہے۔ الصاق کے لیئے مثلاً مَرَرْتُ بِزَیْدٍ استعانت کیلیئے
وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ۔ مصاحبت کیلیئے۔ ظرفیت کے لیئے۔ وَ
١-٣ مَا بَیَّنّٰہُ لِلنَّاسِ — جو کہ ہم نے اس کو بیان کر دیا — ١٥٩-٢
١-٥ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ — بے شک جدا ہو چکی ہدایت — ٢٥٦-٢
١-٥ مَا تَبَیَّنَ لَھُمُ الْحَقُّ — جو ان کے لئے حق جدا ہو گیا — ١٠٩-٢
١-٥ تَبَیَّنَتِ الْجِنُّ — جنوں نے معلوم کیا — ١۴-٣۴
(انکشف)
٣-٣ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ — اللہ بیان فرماتا ہے — ١٨٧-٢
٣-٣ یُبَیِّنُھَا — بیان کرتا ہے ان کو — ٢٣٠-٢
٣-٣ یُبَیِّنْ لَّنَا — ہمارے لیے بیان کرے — ٦٩-٢
٣-٣ لِیُبَیِّنَ لَکُمْ — تاکہ تمہارے لیے بیان کرے — ٢٦-۴
٣-٣ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ — تاکہ تو لوگوں کیلئے بیان کرے — ۴۴-١٦

٣-٣ وَلِاُبَیِّنَ لَکُمْ — اور تاکہ بیان کر دوں میں تمہارے لیے — ٦٣-۴٣
٣-٣ کَیْفَ نُبَیِّنُ — کس طرح ہم بیان کرتے ہیں — ٧٥-٥
١١-٣ لِنُبَیِّنَ لَکُمْ — تاکہ ہم تمہارے لیے بیان کریں — ٥-٢٢
٣-٢ وَلَا یَکَادُ یُبِیْنُ — اور صاف بول نہیں سکتا — ٥٢-۴٣
٣-٥ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ (ظھر) — صاف ظاہر ہو جاوے — ١٨٧-٢
١١-٣ وَلِتَسْتَبِیْنَ سَبِیْلُ — تاکہ کھل جاوے طریق — ٥٥-٦
٣-٩ لَتُبَیِّنُنَّہٗ لِلنَّاسِ — ضرور تم اسے بیان کرو گے — ١٨٧-٣
٣-٣ وَلِنُبَیِّنَہٗ — اور تاکہ ہم اسے ضرور بیان کریں — ١٠٥-٦
١١-٥ فَتَبَیَّنُوْا (اطلبوا) — سو تم تحقیق کر لو — ٩۴-۴

بیان (الامر)

٣-٩ وَلَیُبَیِّنَنَّ لَکُمْ — اسے ضرور بیان کریگا تمہارے لیے — ٩٢-١٦
١-٢٢ تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ (بیان) — کھلا بیان — ٨٩-١٦
ھٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ — یہ ہے بیان لوگوں کے لیے — ١٣٨-٣
عَلَّمَہُ الْبَیَانَ (نطق) — سکھلایا اس کو بات کرنا — ۴-٥٥
ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَہٗ — ہمارا ذمہ اس کو کھول کر بتلانا ہے — ١٩-٧٥
١١-١۴ الْکِتٰبَ الْمُسْتَبِیْنَ — کتاب واضح — ١١٧-٣٧

(بلیغ البیان)

١٥-٢ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ — دشمن ظاہر — ١٦٨-٢
١٥-٢ کِتٰبٌ مُّبِیْنٌ — کتاب ظاہر بیان کرنیوالی — ١٥-٥
١٥-٢ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ — نذیر ظاہر — ١٨۴-٧
١٥-٢ وَاِثْمًا مُّبِیْنًا — گناہ ظاہر سے — ٢٠-۴
١٥-١ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ — بے حیائی صریح — ١٩-۴
١٥-٢ اٰیٰتٌ مُّبَیِّنٰتٌ — آیات ظاہر — ٣۴-٢۴
١٥-١ اٰیٰتِ اللّٰہِ مُبَیِّنٰتٍ — آیات صریح — ١١-٦٥
سُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ — دلیل ظاہر — ١٥-١٨
قَدْ جَآءَتْکُمْ بَیِّنَۃٌ — ظاہر دلیل — ١٥٧-٦
عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنْ رَّبِّیْ — مجھ کو شہادت پہنچی ہے — ٥٧-٦
حَتّٰی تَاْتِیَھُمُ الْبَیِّنَۃُ — آوے ان کے پاس کھلی بات — ١-٩٨
فِیْہِ اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ — اس میں آیات واضح — ٩٧-٣

بَلْ هُوَ آيٰتٌ بَيِّنٰتٌ — بلکہ آیات واضح — ۲۹-۴۹

بِالْبَيِّنٰتِ — ظاہر دلیل — ۲-۹۲

هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ — اب جدائی ہے درمیان میرے — ۱۸-۷۸

وَبَيْنِكَ — اور درمیان تیرے — ،،

شِقَاقَ بَيْنِهِمَا — دونوں کے درمیان برخلافی — ۴-۳۵

يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ — پہچانیں گے درمیان اپنے — ۱۰-۴۵

مَوَدَّةَ بَيْنِكُمْ — تمہارے درمیان دوستی — ۲۹-۲۵

بَيْنَ السَّمَآءِ — درمیان آسمان — ۲-۱۶۴

بَيْنَ الْمَرْءِ — مرد عورت کے درمیان — ۲-۱۰۲

بَيْنَ يَدَيْهَا — جو وہاں تھے — ۲-۶۶

(۱) بَانَ (يَبِيْنُ بَيْنًا وَبُيُوْنًا وَبَيْنُوْنَةً) عنہ۔ اس سے الگ ہو گیا۔ اور اس کو چھوڑ دیا (۲) اَبَانَ (يَبِيْنُ بَيَانًا وَتِبْيَانًا) واضح کیا اور ظاہر ہوا۔ بَيِّن۔ بائن ج ابيناء و بيناء و ابيان۔ اَبَانَ، واضح کیا۔ قطع کیا، جدا کیا۔ واضح ہوا۔ قطع ہوا۔ جدا ہوا، بَائِنَة۔ چھوڑا اس کو۔ بين۔ اسم ظرف۔ درمیان۔ بِيْن۔ کنارہ۔ تباین ایک دوسرے سے کاٹنا۔ بائنہ۔ لڑکی کا جہیز۔ طلاق بائنہ۔ مشہور ہے۔ فیصلہ کن طلاق۔

# ت (۴۰۰)

یہ تیسرا حرف ہے، اور ضمیر کے لیے آتا ہے۔ فَعَلْتَ۔ فَعَلْتُمَا۔ فَعَلْتُمْ۔ فَعَلْتِ۔ فَعَلْتُمَا فَعَلْتُنَّ۔ فَعَلْتُ۔ تانیث کے لیے بھی آتا ہے فَعَلَتْ فَعَلَتَا۔ قَائِمَةٌ۔ ایک جنس سے واحد کی تمیز کے لیے بھی آتا ہے رجیسے شَجَرَةٌ، جو کہ جنس شجر استعمال ہوتا ہے قسم اور حرف کے لیے بھی آتا ہے۔ تَاللّٰهِ قسم خدا۔ اور اللہ کی ہ کی کسرہ بھی ہے۔ بعض ابواب میں ت زائد آتی ہے۔ تفعیل۔ افتعال۔ تفعل۔ تفاعل۔ استفعال کبھی جمع کے آخر زائد بھی آتی ہے۔ جیسے زنادقۃ واحد زندایق ہے۔ ظرف کے لیے بھی آتا ہے۔ ملی۔ مکیۃ۔ مدانی۔ مدانیۃ ج تاآت

## تابوت

يَأْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ — آوے تمہارے پاس صندوق — ۲-۲۴۸

اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ — ڈال دے اسکو صندوق میں — ۲۰-۳۹

ج توابیت۔ صراح میں یہ لفظ توب کے ماتحت درج کیا گیا ہے، اور منتہی الادب میں اسی لفظ کو تبت میں درج کیا گیا ہے اور المنجد میں تابوت کو الگ لایا گیا ہے۔

## تبّ

۱-۱ وَتَبَّ — اور وہ ٹوٹ گیا — ۱۱۱-۱

۱-۱ تَبَّتْ يَدَا (خسرت) — ٹوٹ گئے دونوں ہاتھ — ۱۱۱-۱

۱-۲۲ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ (خسارا) — مگر تباہی میں — ۴۰-۳۷

۱-۲۲ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ (تخسیر) — سوائے ہلاک کرنے کے — ۱۱-۱۰۱

(۱) تَبَّ (يَتِبُّ تَبًّا) الشیء قطعہ، تَبَّ فُلَانًا۔ اهلکہ (۲) تَبَّ (يَتَبُّ تَبًّا وَتَبِيْبًا وَتَبَابًا وَتَبِيْبًا) هلک، تَبَّبَ، اهلک، تباب نقص۔ خسارہ، ہلاکت۔ تبۃ۔ حالت شدید۔ تابّ ج اتباب۔ بڑی عمر میں اور ضعف میں کمزور ہوا۔ رکنت شابًا فصرت تابًا۔

## تبر

۱۲۲ و ۳ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا — اور سب کو کھو دیا ہم نے غارت کر کر — ۲۵-۳۹

(اهلكنا)

۲-۲۲ و ۳ وَلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا — تاکہ خراب کر دیں جس جگہ غالب ہوں پوری خرابی — ۱۷-۷

(ليهلكوا)

۱-۲۲ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا — اور ظالموں پر بڑھتا رکھ یہی تباہ پڑنا — ۷۱-۲۸

(هلاكا)

۳-۱۶ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا — جسمیں وہ لگے ہوئے ہیں اس میں یہ لوگ — ۷-۱۳۹

(هالك) — تباہ ہونے والے ہیں

تَبَّرَ (يَتَبَّرُ تَبَرًا) ہلاک ہوا۔ تباہ۔ ہلاکت۔ تَبَّرَهُ (يُتَبِّرُ تَتْبِيْرًا) اس کو ہلاک کیا۔ تَتْبُوْرَة۔ دمورة۔ تابور ج توابیر۔ لشکر۔ تِبْرَة واحد ہے۔ تبرا۔ ناخالص اور کان کا سونا۔

## تبع

۱-۱ فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ (ضامن) — پھر جو چلا میری ہدایت — ۲-۳۸

۱-۱ لَمَنْ تَبِعَكَ — جو بھی تیری راہ پہ چلا — ۷-۱۸

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١-١ | تَبِعَ دِيْنَكُمْ (وافق) | جو چلے تمہارے دین پر | ٣-٧٣ |
| ١-٩ | مَا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ | نہ مانیں گے تیرے قبلہ کو | ٢-١٤٥ |
| ١-٢ | فَاَتْبَعَ سَبَبًا | پھر پیچھے پڑا ایک سامان کے | ١٨-٨٥ |
| ١-٢ | فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ | پھر پیچھا کیا انکا فرعون نے | ٢٠-٧٨ |
| | (لحقهم) | | |
| ١-٢ | فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ | اس کے پیچھے لگا شیطان | ٧-١٧٥ |
| ١-٢ | فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ | سو انکے پیچھے پڑا انگارہ چمکتا | ١٥-١٨ |
| ١-٢ | وَاَتْبَعْنٰهُمْ | اور پیچھے رکھ دی ہم نے | ٢٨-٤٢ |
| ١-٧ | اَفَمَنِ اتَّبَعَ | کیا ایک شخص جو تابع ہے | ٣-١٦٢ |
| ١-٧ | وَاتَّبَعَ مِلَّةَ | اور پیچھے چلا دین ابراہیم | ٤-١٢٥ |
| ١-٧ | اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ | جو تیری راہ چلا | ١٥-٤٢ |
| ١-٧ | وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ | اور جس نے تم دونوں کی پیروی کی | ٢٨-٣٥ |
| ١-٧ | وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ | اور جو ساتھ ہو میرے | ١٢-١٠٨ |
| ١-٧ | مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا | ان سے جو ان کے پیرو بنے | ٢-١٦٦ |
| ١-٧ | اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ | جھوٹ کی پیروی کی انہوں نے | ٤٧-٣ |
| ١-٧ | وَاتَّبَعَتْهُمْ | اور ان کی راہ پر چلے | ٥٢-٢١ |
| ١-٧ | وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ | اور اگر تو چلا ان کی خواہشوں پر | ٢-١٤٥ |
| ١-٧ | فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ | اگر تو میرے ساتھ رہتا ہے | ١٨-٧٠ |
| ١-٧ | لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ | اگر تم پیروی کروگے شعیب کی | ٧-٩٠ |
| ١-٧ | لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ | تم شیطان کے پیچھے ہو لیتے | ٤-٨٣ |
| ١-٧ | وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ | اور پکڑا میں نے دین | ١٢-٣٨ |
| ١-٧ | وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ | اور ہم تابعدار ہوئے رسول کے | ٣-٥٣ |
| ٢-٢ | وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ | اور پیچھے سے ملتی رہی | ١١-٦٠ |
| ٣-٢ | يُتْبِعُوْنَ مَا اَنْفَقُوْا | پیچھے لگاتے اسکے جو خرچ کیا | ٢-٢٦٢ |
| ١-٣ | يَتْبَعُهَا اَذًى | پیچھے اس کے تکلیف | ٢-٢٦٣ |
| ١-٣ | تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ | پیچھے آوے اسکے پیچھے آنیوالی | ٧٩-٧ |
| ٢-٧ | الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا | جو تابعداری کئے گئے | ٢-١٦٦ |
| ٣-٢ | ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ | پھر انکے پیچھے بھیجدیتے دوسروں کو | ٧٧-١٧ |
| ٣-٧ | يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ | پیچھے چلتے ہیں انکے گمراہ | ٢٦-٢٢٤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣-٧ | مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ | کون تابعداری کرتا ہے رسول کی | (٢-١٤٣) |
| | (قیصدقہ) | | |
| ٣-٧ | يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ | جو اپنے مزوں کے پیچھے لگے ہیں | ٤-٢٧ |
| ٣-٧ | حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ | تابعداری کرے تو ان کے دین کی | ٢-١٢٠ |
| ٧ ١٣ او ٩ | وَلَا تَتَّبِعٰٓنِ | اور کبھی بھی تابعداری نہ کرنا | ١٠-٨٩ |
| ٣-٧ | اِنْ تَتَّبِعُوْنَ | تم نہیں تابعدار کرتے | ٦-١٤٨ |
| ٣-١٣-٧ | وَلَا تَتَّبِعُوْا | اور نہ پیچھے چلو | ٧-٣ |
| ٣-٧ | اِنْ اَتَّبِعُ | میں نہیں پیروی کرتا | ٤٦-٩ |
| ٣-٧ | اَتَّبِعْهُ | میں اس کی پیروی کروں | ٢٨-٤٩ |
| ٣-٧ | بَلْ نَتَّبِعُ | بلکہ ہم پیروی کریں گے | ٢-١٧٠ |
| ٣-٧ | فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ | ہم چلتے تیری کتاب پر | ٢٠-١٣٤ |
| ٣-٧ | ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ | چھوڑو ہم بھی چلیں تمہارے ساتھ | ٤٨-١٥ |
| ٤-٧ | اَنْ يُّتَّبَعَ | یہ کہ اسی کی بات مانی جاوے | ١٠-٣٥ |
| ١١-٧ | اتَّبِعْ مَا اُوْحِیَ | تابعداری کر جو | ٦-١٠٦ |
| ١١-٧ | فَاتَّبِعْنِیْٓ اَهْدِكَ | میرے پیچھے چل دکھلاؤں | ١٩-٤٣ |
| ١١-٧ | اتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ | تابعداری کرو | ٧-٣ |
| ١١-٧ | فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ | میری راہ چلو | ٣-٣١ |
| ١٥-١ | وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ | اور تو نہیں ماننے والا | ٢-١٤٥ |
| ١٥-١ | اَوِ التّٰبِعِيْنَ | یا کاروبار کرنیوالوں کے نوکر | ٢٤-٣١ |
| ١٥-٦ | مُتَتَابِعَيْنِ | متواتر۔ برابر | ٤-٩٢ |
| ١٦-٧ | اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ | تم پیچھا کئے جاؤگے | ٢٦-٥٢ |
| ٢٢-٧ | فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ | تو تابعداری کرنی چاہئے | ٢-١٧٨ |
| ٢٢-١ | عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا (نصيرا) | کوئی بازپرس کرنے والا | ١٧-٦٩ |
| ١٥-١ | اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا | ہم تو تمہارے تابع تھے | ١٤-٢١ |
| | (واحد تابع) | | |
| | قَوْمُ تُبَّعٍ | تبع کی قوم | ٤٤-٣٧ |

تَبِعَهٗ (يَتْبَعُ تَبَعًا وتَبَاعًا وتَبَاعَةً واتَّبَعَهٗ) اس کے پیچھے چلایا اس کے ساتھ گیا۔ اس کا مطیع ہوا تھا۔ تَبَعٌ واحد اور جمع دونوں کے لئے
ج اتباع۔ فا۔ تابع ج تَبَعٌ وتَبَعَةٌ وتَوَابِعُ وتُبَّاعٌ ۶۔ تابع نوکر

خادم مرتابعۃ۔ اتبعۃ۔ لحقہ۔ تبع۔ عاشق۔ تبعج تابعۃ لقب شاہان یمن۔ تبیعج تباع۔ تبائع۔ مددگار۔ تابعی، وہ شخص جس نے صحابی کی زیارت کی ہو،

## تجر

| | | |
|---|---|---|
| وتجارۃ تخشون | اور تجارت | ۹-۲۴ |
| علی تجارۃ | ایک بیوپار پر | ۶۱-۱۰ |
| فما ربحت تجارتھم | پس نافع مند ہوئی انکی سوداگری | ۲-۱۶ |
| ومن التجارۃ | اور سوداگری سے | ۶۲-۱۱ |

تجر (یتجر تجرا و تجارۃ و تاجر و اتجر و اتجر) بضاعۃ ناجرۃ بازار میں مانگ ہے سوداگری کی۔ فا۔ تاجر ج تجار۔ تجار تجر۔

## تحت

| | | |
|---|---|---|
| تحت الشجرۃ | درخت کے نیچے | ۴۸-۱۸ |
| تحت عبدین | ہمارے دو بندوں کے گھر | ۶۶-۱۰ |
| تحتہ کنز لھما | اس دیوار کے نیچے ایک خزانہ ان دونوں کا | ۱۸-۸۲ |
| من تحتھا الانھار | ان باغوں کے نیچے نہریں | ۲-۲۵ |
| تحتھا الانھار | ان کے نیچے نہریں | ۹-۱۰۰ |
| تحتک سریا | تیرے نیچے چشمہ | ۱۹-۲۴ |
| تجری من تحتی | چل رہی ہیں میرے محل کے نیچے | ۴۳-۵۱ |

تحت ضد فوق ■ تحوت اور تحوت کمینہ کو بھی کہتے ہیں،

## ترب

| | | |
|---|---|---|
| علیہ تراب | اس پر مٹی ہو | ۲-۲۶۴ |
| خلقہ من تراب | پیدا کیا اس کو مٹی سے | ۳-۵۹ |
| ءاذا کنا ترابا | کیا جب ہم مٹی ہو گئے | ۱۳-۵ |
| ذا متربۃ | خاک میں رُل گیا | ۹۰-۱۶ |
| قاصرات الطرف اتراب | نیچے نظر کرنے والیاں ہم عمر | ۳۸-۵۲ |
| عربا اترابا | پیار دلانے والیاں ہم عمر | ۵۶-۳۷ |
| (مستویات فی السن) | | |
| وکواعب اترابا | اور نوجوان عورتیں ایک عمر کی | ۷۸-۳۳ |
| (علی سن واحد) | | |
| بین الصلب والترائب | پیٹھ کے بیچ سے اور سینہ کے بیچ | ۸۶-۷ |
| (عظام الصدر) | | |

(۱) ترب (یترب تربا) المکان، کثر ترابہ، ترب الشئ وہ گرد آلود ہوا (۲) ترب (یترب تربا و متربا) الرجل۔ آدمی اتنا غریب ہوا کہ گویا مٹی سے مل گیا۔ فا۔ تریب۔ تروب ج تراب۔ ترب۔ اترب۔ مال اتنا زیادہ ہوا جیسے کہ مٹی کا ڈھیر۔ ترب الشئ چیز پر مٹی ڈالی۔ تاربہ۔ کان تربہ ج اتراب۔ مدینہ اور ہم عمر عورت کے لئے، ہم زاد و ہم سن۔ تراب ج اتربۃ۔ متربۃ۔ فاقہ، فقر، تربۃ مقبرہ ج ترب، ترب۔ فقیر (ترب) بعد ان اترب) پہلے غنی تھا اب فقیر ہوگیا۔ تریبۃ ج ترائب سینہ کی ہڈیاں

## ترف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | واترفنٰھم (انعمنٰھم) | اور ہم نے ان کو آرام دیا تھا | ۲۳-۳۳ |
| ۲-۲ | ما اترفوا فیہ (نعموا) | عیش دیے گئے اس میں | ۱۱-۱۱۶ |
| ۲-۲ | اترفتم (نعمتم) | عیش دیے گئے تم | ۲۱-۱۳ |
| ۲-۱۶ | قال مترفوھا | کہا انکے آسودہ لوگوں نے | ۴۳-۲۳ |
| ۲-۱۶ | امرنا مترفیھا (منعمیھا) | ہم نے حکم بھیجا عیش کرنیوالوں کو | ۱۷-۱۶ |
| ۲-۱۶ | اخذنا مترفیھم | آسودہ لوگوں کو | ۲۳-۶۴ |
| | (اغنیاءھم) | | |
| ۲-۱۶ | قبل ذلک مترفین | اس سے پہلے خوش حال | ۵۶-۴۵ |
| | (منعمین) | | |

ترف (یترف ترفا و تترف) صاحب نعمت ہوا۔ فا۔ ترف، تریف۔ ترفہ المال مال نے اس کو متکبر کر دیا۔ اور مزاج بگاڑ دیا۔ مترف الجبار المتعمر، وہ آدمی جو اپنی مرضی پر چلے، اور کسی سے نہ ڈرے۔ ترفہ۔ تازگی، ناز، نعمت، آسائش و طعام خوش مزہ۔ استترف۔ وہ بدکار اور نافرمان ہوا۔

## ترقوہ

| | | |
|---|---|---|
| اذا بلغت التراقی | جس وقت جان پہنچے ہانس تک | ۷۵-۲۶ |

ترقوۃ ہنسلی کی ہڈی ج التراقی۔ التواریق یقال ترقاہ و ترقاۃ اس کی ہنسلی کی ہڈی پر ضرب بھیجی۔

# ترک

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | اِنْ تَرَكَ خَيْرًا | اگر چھوڑ گیا مال (بوقت موت) | ۱۸۰-۲ |
| ۱-۱ | مَا تَرَكَ عَلَيْهَا | نہ چھوڑے زمین کی پیٹھ پر | ۶۱-۱۶ |
| ۱-۱ | فَتَرَكَهُ صَلْدًا | چھوڑا اس کو بالکل صاف | ۲۶۴-۲ |
| ۱-۱ | وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمٰتٍ | اور چھوڑا اس کو ظلمت میں | ۱۷-۲ |
| ۱-۱ | كَمْ تَرَكُوْا | بہت سے چھوڑ گئے | ۲۵-۴۴ |
| ۱-۱ | وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا | اور تجھ کو کھڑا چھوڑا | ۱۱-۶۲ |
| ۱-۱ | مِمَّا تَرَكْنَ | وہ عورتیں چھوڑ مریں | ۱۲-۴ |
| ۱-۱ | مِمَّا تَرَكْتُمْ | وہ جو تم چھوڑ مرے | ۱۲-۴ |
| ۱-۱ | اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا | یا رہنے دیا اس کو | ۵-۵۹ |
| ۱-۱ | فِيْمَا تَرَكْتُ | چھوڑا میں نے | ۱۰۰-۲۳ |
| ۱-۱ | اِنِّيْ تَرَكْتُ | تحقیق میں نے چھوڑا | ۳۷-۱۲ |
| ۱-۱ | وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ | اور چھوڑا ہم نے یوسف کو | ۱۷-۱۲ |
| ۱-۱ | وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ | اور باقی رکھا ہم نے | ۷۸-۳۷ |
| ۱-۳ | اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ | یا چھوڑ دے تو ہانپے | ۱۷۶-۷ |
| ۱-۳ | اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ | یہ کہ ہم چھوڑ دیں | ۸۷-۱۱ |
| ۱-۴ | اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى | یہ کہ چھوڑا رہے گا بے قید | ۳۶-۷۵ |
| ۱-۴ | اَنْ يُّتْرَكُوْا | یہ کہ چھوڑ دیئے جاویں | ۲-۲۹ |
| ۱-۴ | اَنْ تُتْرَكُوْا | یہ کہ تم چھوڑ دیے جاؤ | ۱۶-۹ |
| ۱-۴ | اَتُتْرَكُوْنَ فِيْمَا | کیا تم چھوڑے جاؤ گے | ۱۴۶-۲۶ |
| ۱-۱۱ | وَاتْرُكِ الْبَحْرَ | اور چھوڑ جا دریا کو رکا ہوا | ۲۴-۴۴ |
| ۱-۱۵ | فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ | سو کہیں تو چھوڑ بیٹھے گا | ۱۲-۱۱ |
| ۱-۱۵ | اَئِنَّا لَتَارِكُوْا اٰلِهَتِنَا | کیا ہم چھوڑنے والے ہیں | ۳۶-۳۷ |
| ۱-۱۵ | وَمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْ | اور ہم نہیں چھوڑنے والے | ۵۳-۱۱ |

تَرَكَ (يَتْرُكُ تَرْكًا وَتَرْكَانًا وَاتَّرَكَهُ) خلّاه، اهمله، اغفله
تَرِكَة، تَرِيْكَة - شتر مرغ کا انڈا - یا وہ عورت جو اپنے باپ کے گھر چھوڑی جاوے اور اس سے کوئی نکاح نہ کرے - تُرْكَة - تِرِكَة - المتروك (تركة الميت)
تُرْك ج اتراك - یافث کی اولاد سے ایک قوم

# تسع

| | | |
|---|---|---|
| تِسْعَ اٰيٰتٍ | نو نشانات | ۱۰۱-۱۷ |
| وَازْدَادُوْا تِسْعًا | اور انہوں نے زیادہ کئے نو | ۲۵-۱۸ |
| عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ | اس پر ۹+۱۰=۱۹ فرشتے | ۳۰-۷۴ |
| تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ | ۹+۹۰=۹۹ دنبیاں | ۲۳-۳۸ |

تَسَعَ (يَتْسَعُ تَسْعًا) القوم - ان کا نانواں تھا یا ان کو ۹ بنایا یا ان سے ⅑ لیا - تِسْع ۳×۳=۹ - تسعة رجال، تسع نساء، تسعة عشر رجل، تسع عشرة امرأة ج تسعات، تُسْع، تَسِيْع ۹ کا ایک جزو - تاسع، آٹھ کے بعد آنے والا - تِسْعُوْن - ۹×۱۰=۹۰

# تعس

| | | |
|---|---|---|
| فَتَعْسًا لَّهُمْ (ھلاکا) | وہ گرے منہ کے بل | ۸-۴۷ |

تَعَسَ (يَتْعَسُ) وَتَعِسَ يَتْعَسُ تَعْسًا وَتَعَسًا - ہلاک ہوا اور منہ کے بل گر گیا، تَعِسٌ، تَاعِسٌ، تَعِيْسٌ، تَعْس - ہلاکت، شر، انحطاط

# تفث

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲۲ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ | چاہئے کہ ختم کریں اپنا میل کچیل | ۲۹-۲۲ |

(اوساخهم وشعثهم)

تَفِثَ (يَتْفَثُ تَفَثًا) میل چڑھ آئی - فا تَفِث، خضی تفثة میل دور کی

# تقن

| | | |
|---|---|---|
| ۲-۱ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ (احکمہ) | درست کیا | ۸۸-۲۷ |

اَتْقَنَ، اَحْكَمَ - فا - تِقْنٌ - تِقَنٌ. کام میں عقلمند اور درست کرنیوالا ج اتقان

# تلک

| | | |
|---|---|---|
| تِلْكَ اُمَّةٌ | وہ ایک جماعت تھی | ۱۳۴-۲ |
| عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ | تم دونوں کو اس درخت سے | ۲۲-۷ |
| اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ | تمہارے لیے یہ جنت ہے | ۴۳-۷ |

تلک، اسم اشارہ مؤنث بعید کے لیے، مرد کے لیے ذا - ذو

# تلل

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ (رَمَاهُ عَلٰى وَجْهِهٖ) | اور پچھاڑا اس کو ماتھے کے بل | ۱۰۳-۳۷ |

تَلَّهٗ يَتُلُّهٗ تَلًّا صَرَعَهٗ۔ تَلَّهٗ صَرَعَهٗ۔ تَلَّ نَحِيْبَهٗ فِي الْبِئْرِ رسی کو کنویں میں ڈالا۔

## تلو

١-١ اِذَا تَلٰهَا (تبعها) — جب سورج کے پیچھے آوے ٢-٩١

١-١ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ — نہ پڑھتا میں اس کو تم پر ١٦-١٠

١-٢ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ — اور جب پڑھی جاویں ان پر ٢-٨

١-٣ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ — تلاوت کرے ان پر ١٢٩-٢

١-٣ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ (يتبعه) — اور اسکے ساتھ ساتھ ایک گواہ ہے ١٧-١١

١-٣ وَهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ — اور وہ پڑھتے ہیں کتاب ١١٣-٢

١-٣ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ — اس کی تلاوت کرتے ہیں ١٢١-٢

١-٣ وَمَا تَتْلُوْا مِنْهُ — اور نہ پڑھتا ہے تو اس سے ٦١-١٠

١-٣ لِتَتْلُوَ عَلَيْهِمْ (نقرء) — تاکہ تو ان پر تلاوت کرے ٣٢-١٣

١-٣ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ — اور تم پڑھتے ہو کتاب ٤٤-٢

١-٣ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ — اور میں قرآن کی تلاوت کروں ٩٢-٢٧

١-٣ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ — پڑھ سناؤں گا میں ٨٣-١٨

١-٣ تَعَالَوْا اَتْلُ — آؤ میں پڑھوں ١٥١-٦

١-٣ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ (نقصها عليك) — ہم اس کو پڑھتے ہیں ٢٥٢-٢

١-٤ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ — پڑھی جاتی ہیں ان پر ١٠٧-١٧

١-٤ يُتْلٰى عَلَيْكُمْ — تم پر پڑھی جاتی ہیں ١٢٦-٤

١-٤ مَا يُتْلٰى فِي بُيُوْتِكُنَّ — جو تمہارے گھروں میں پڑھا جاتا ہے ٣٤-٣٣

١-٤ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ — تم پر پڑھا جاتا ہے ١٠١-٣

١-١١ اُتْلُ مَا اُوْحِيَ — تو پڑھ جو اتاری گئی ٤٥-٢٩

١-١١ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ — اور تو پڑھ اس پر ٢٧-٥

١-١١ فَاتْلُوْهَا اِنْ كُنْتُمْ — پھر پڑھو اس کو ٩٣-٣

١-١٥ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا — پھر پڑھنے والوں کی یاد کر کے ٣-٣٧

تَلَاهُ يَتْلُوْهُ تُلُوًّا تَبِعَهٗ، تَلَا عَنْهُ خَذَلَهٗ وَتَرَكَهٗ، تَلَا يَتْلُوْ تِلَاوَةً بِالْكِتٰبِ قَرَاَهٗ، تَالٍ، تَابِعٌ مُتَابِعٌ تِلْوٌ، تِلْوٌ جو کسی چیز کے پیچھے لگے اونٹنی کا بچہ جو کہ اونٹنی کے پیچھے پیچھے آوے تُلُوٌّ۔

جو ہمیشہ پیچھے رہے تتالیا۔ پے درپے

## تمم

١-١ فَتَمَّ مِيْقَاتُ — پس پوری ہوئی مدت ١٤٢-٧

١-١ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ — اور پوری بات ١١٥-٦

٢-١ فَاَتَمَّهُنَّ (اداهن تامات) — پھر اس نے وہ پوری کیں ١٢٤-٢

٢-١ كَمَا اَتَمَّهَا — جیسا پورا کیا اس کو ٦-١٢

٢-١ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا — اگر تو دس سال پورے کرے ٢٧-٢٨

٢-١ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ — اور پوری کی میں نے تم پر ٣-٥

٢-١ وَاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ — اور پورا کیا ہم نے اسکو دس کیساتھ ١٤٢-٧

٢-٣ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ — اور پوری کرے گا نعمت اپنی ٦-١٢

٢-٣ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ (يظهره) — یہ کہ پورا کرے ٣٢-٩

٢-٣ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ — اور تاکہ پوری کرے نعمت ٦-٥

٢-٣ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ — یہ کہ پورا کرے ایام رضاعت ٢٣٣-٢

٢-٣ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ — اور تاکہ پوری کروں میں اپنی نعمت ١٥٠-٢

٢-١١ اَتْمِمْ لَنَا — پورا کر ہمارے لیے ٨-٦٦

٢-١١ اَتِمُّوا الْحَجَّ — اور پورا کرو حج ١٩٦-٢

٢-١١ فَاَتِمُّوْا اِلَيْهِمْ — پس پورا کرو طرف ان کی ٤-٩

٢-١١ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ — پھر پورا کرو روزہ کو ١٨٧-٢

٢-١٥ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ (مظهره) — اور اللہ پورا کرنے والا ہے نور اپنا ٨-٦١

١-٢٢ الْكِتٰبَ تَمَامًا — واسطے پورا کرنے نعمت ١٥٤-٦

تَمَّ يَتِمُّ تَمًّا وَتُمَامًا وَتِمَامًا وَتَمَامَةً وہ پورا ہوا۔ تَمَّ اِلٰى لَاهُوْرَ لاہور پہنچا۔ تَمَّمَهٗ، تَمَّمَهٗ اس کو پورا کیا۔ تَمَّمَ عَلَى الْجَرِيْحِ زخمی کو مار دیا۔

## تنر

١١-٣ وَفَارَ التَّنُّوْرُ (تنانير) — جوش مارا تنور نے ٤٠-١١

تَنَّارٌ تنور بنانے والا بِنَاتُ التَّنَانِيْرِ تنور کی روٹیاں۔ تنور کو بھی کہتے ہیں۔

# توب

۱-۱ لقد تاب اللہ — اللہ مہربان ہوا — ۹-۱۱۷

(ادام توبتہ)

۱-۱ فتاب علیہ — پھر متوجہ ہوا اللہ اس پر — ۲-۳۷

(قبل توبتہ)

۱-۱ ثم تاب (رجع) — پھر گناہ سے پھرا — ۶-۵۴

۱-۱ فان تابا واصلحا — پھر اگر دونوں توبہ کریں — ۴-۱۶

۱-۱ تابوا واصلحوا — گناہ سے پھرے اور درستی کی — ۲-۱۶۰

(رجعوا عن ذلک)

۱-۱ وان تبتم (رجعتم) — اگر تم نے توبہ کی — ۲-۲۷۹

۱-۱ تبت الآن — میں نے اب توبہ کر دی ہے — ۴-۱۸

۱-۱ تبت الیک — میں نے توبہ کر لی تیری طرف — ۴۶-۱۵

۱-۳ یتوب اللہ علیہم — اللہ ان پر معافی دیتا ہے — ۴-۱۶

۱-۳ یتوبون — گناہ سے پھرتے — ۵-۷۴

۱-۳ لیتوبوا — تاکہ توبہ کریں — ۹-۱۱۸

۱-۳ ان تتوبا الی اللہ — اگر دونوں توبہ کرو — ۶۶-۴

۱-۳ اتوب علیہم — ان کی توبہ قبول کروں گا — ۲-۱۶۰

(اقبل توبتہم)

۱-۵ ومن لم یتب — اور گناہ سے پھرے — ۴۹-۱۱

۱-۱۱ وتب علینا — اور ہم کو معاف کر — ۲-۱۲۸

۱-۱۱ فتوبوا الی بارئکم — توبہ کرو اپنے پروردگار کی طرف — ۲-۵۴

۱-۱۵ التائبون — اور توبہ کرنے والے ہیں — ۹-۱۱۲

۱-۱۵ تائبات — توبہ کرنے والیاں — ۶۶-۵

۱-۱۹ ھو التواب الرحیم — وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان — ۲-۳۷

۱-۱۹ انہ کان توابا — بیشک وہ ہے معاف کرنے والا — ۱۱۰-۳

۱-۱۹ یحب التوابین — دوست رکھتا ہے توبہ کرنیوالوں کو — ۲-۲۲۲

۱-۲۲ توبۃ من اللہ — گناہ بخشوانے سے اللہ سے — ۴-۹۲

۱-۲۲ لن تقبل توبتہم — انکی کبھی بھی توبہ قبول نہ ہوگی — ۳-۹۰

قابل التوب — توبہ قبول فرمانے والا — ۴۰-۳

۱-۲۲ والیہ متاب — اور اسی کی طرف آتا ہوں رجوع کر کے — ۱۳-۳۰

۱-۲۲ الی اللہ متابا — پھر آنے کی جگہ — ۲۵-۷۱

ان یاتیکم التابوت — یہ کہ آئے تمہارے پاس صندوق — ۲-۲۴۸

(بموجب خیال صاحب صراح)

تاب (یتوب) توبا وتوبۃ وتابۃ ومتابا وتتوبۃ الی اللہ گناہ چھوڑ کر خدا کی طرف رجوع کیا، اور شرمندہ ہوا، فا. تائب ج تواب

تاب اللہ علیہ - بخشا اس کو اور رحمت کے ساتھ پھرا۔

# التورہ

التورٰۃ ج تورات، توریات) موسیٰ علیہ السلام کی الہامی کتاب جو کہ دراصل آج کل ناپید ہے۔ اس کے جعلی نسخے اصلیت سے مسخ ہو کر رہ گئے ہیں۔ یشترون بہ ثمنا قلیلا۔ ۵ نسخے اسفار موسیٰ کے نام سے بک رہے ہیں۔

# تور

۱-۲۲ تارۃ اخری — دوسری بار — ۱۷-۶۹

(مرۃ اخری)

تار (یتور) (توراً) الماء پانی جاری ہوا اتارہ - اعادہ بعد مرۃ دہرایا اس کو

# تین

والتین — قسم ہے انجیر کی — ۹۵-۱

تین، واحد تینۃ ہے - اور متانۃ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں انجیر بہت ہوں

# تیہ

یتیہون (یتحیرون) سر مارتے پھریں گے زمین میں — ۲۶

تاہ (یتیہ تیہا وتیہانا) حیران ہو کر پھرتا رہا اور بھول گیا

فا. تائہ. تیہان. تیاہ. تیہان. متکبر. ارض تیہاء وہ زمین جس میں نشان راہ نہ ہوں۔ اور اکثر لوگ بھول جایا کریں۔

# ث (۵۰)

## ثبت

۳-۳ وَلَوۡلَآ اَنۡ ثَبَّتۡنٰكَ اور اگر ہم تم کو سنبھالے نہ رکھتے ۱۷-۷۴

۳-۲ يُثَبِّتُ اللّٰهُ مضبوط کرتا ہے اللہ ۱۴-۲۷

۳-۳ وَيُثَبِّتَ بِهِ الۡاَقۡدَامَ اور جمادے اس سے تمہارے قدم ۸-۱۱

۳-۳ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ جس سے تسلی دیں ہم تیرے دل کو ۱۱-۱۲۰

(نطمئن)

۳-۳ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ تاکہ ثابت رکھیں ہم اس سے ۲۵-۳۲

(نقوی بہ) تیرا دل

۲-۳ مَا يَشَآءُ وَيُثۡبِتُ اور باقی رکھتا ہے ۱۳-۳۹

۲-۳ لِيُثۡبِتُوۡكَ (يحبسوك) تاکہ تجھے قید کریں ۸-۳۰

۱-۱۱ فَاثۡبُتُوۡا وَاذۡكُرُوا اللّٰهَ پس ثابت قدم رہو ۸-۴۵

۳-۱۱ وَثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا اور جمائے رکھ اپنے پاؤں ۲-۲۵۰

۳-۱۱ فَثَبِّتُوا الَّذِيۡنَ (بالاعانۃ) تم مسلمانوں کے دل ثابت رکھو ۸-۱۲

۳-۲۲ وَتَثۡبِيۡتًا (تحقيقا للثواب) اور اپنے دل خوب صاف کر ۲-۲۶۵

۳-۲۲ وَاَشَدَّ تَثۡبِيۡتًا اور زیادہ ثابت رکھنے والا دین میں ۴-۶۶

(تحقیقا لایمانہم)

۱-۲۲ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا بعد اس کے ظاہر ہونے کے ۱۶-۹۴

(استقامتہ علیہا)

فَانۡفِرُوۡا ثُبَاتٍ پس نکلو جدی جدی فوج ہو کر ۴-۷۱

بِالۡقَوۡلِ الثَّابِتِ بات مضبوط کے ساتھ ۱۴-۲۷

اَصۡلُهَا ثَابِتٌ اس کی جڑ مضبوط ہے ۱۴-۲۴

(۱) ثَبَتَ (يَثۡبُتُ ثَبَاتًا وثُبُوۡتًا) رہا۔ قرار پکڑا۔ ثَبَتَ عَلَی الۡاَمۡرِ کام کو ہمیشہ کیا فا۔ ثَابِتٌ، ثَبِيۡتٌ وثَبۡتٌ۔ ثبت الامر معناہ بات کی تحقیق ہوئی (۲) ثَبُتَ (يَثۡبُتُ ثَبَاتَۃً وثُبُوۡتَۃً) ثبیت اور شجاع ہوا۔ ثبت الحق۔ اکدہ بالبینات، اثبات۔ ایجاب ضد السلب، ثوابت وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے ثَبۡتٌ مرد ثقہ ج اثبات۔ مردلا اور مثبت اور منفی

## ثبر

۱-۲۲ دَعَوۡا هُنَالِكَ ثُبُوۡرًا ہلاکت کو پکاریں گے (موت) ۲۵-۱۳

(ہلاکا)

۱-۱۶ يٰفِرۡعَوۡنُ مَثۡبُوۡرًا (ہالکا) اے فرعون تو غارت ہوا چاہتا ہے ۱۷-۱۰۲

(۱) ثَبَرَہٗ (يَثۡبُرُ ثَبۡرًا) اس پر لعنت کی۔ ہانک دیا۔ ہلاک کیا (۲) ثَبَرَ (يَثۡبُرُ ثُبُوۡرًا) ہلاک ہوا (۳) ثَبِرَتۡ (تَثۡبَرُ ثَبَرًا) القرحۃ۔ زخم کھل گیا اور جو کچھ اس میں تھا بہ نکلا۔

## ثبط

۳-۱ فَثَبَّطَهُمۡ سو روک دیا ان کو ۹-۴۶

ثَبَطَ (يَثۡبُطُ ثَبۡطًا، ثَبَّطَہٗ عن الامر اس کو روکا ٹھہرایا۔ اَثۡبَطَہُ المرض۔ ایسی مرض نے آدبوچا جس سے خلاصی نہ پاسکا۔ ثبط۔ ضعیف احمق ج۔ اثباط۔

## ثبی

فَانۡفِرُوۡا ثُبَاتٍ نکلو ٹولیاں ٹولیاں بن کر ۴-۷۱

ثَبٰی يَثۡبِيۡ ثَبۡيًا، ثَبَّيۡتُ الشَّيۡءَ چیز کو جمع کیا ثَبَّی اللّٰهُ لَهُ النِّعَمَ اللہ نے اسکے لیے نعمتیں جوکیں اَلثُّبَۃُ واحد ثُبَاتٌ ثُبُوۡتٌ الجماعۃ وسط الحوض اسلیے

## ثج

۱-۱۷ مَآءً ثَجَّاجًا (صبابا) پانی کا ریلا ۷۸-۱۴

ثَجَّ (يَثُجُّ ثُجُوۡجًا) الماءُ پانی بہنے لگا ثَجَّ يَثُجُّ ثَجًّا الماءَ پانی بہایا ثَجِيۡجٌ سیلاب مِثَجٌّ بڑی فصاحت والا کلام جس میں بڑی روانی ہو، پانی کی طرح۔

## ثخن

۲-۱ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثۡخَنۡتُمُوۡهُمۡ جب خوب قتل کر لو ان کو ۴۷-۴

(اکثرتم فیہم القتل)

۲-۳ حَتّٰی يُثۡخِنَ فِی الۡاَرۡضِ جب تک خوب خون ریزی نہ کرے ملک میں ۸-۶۷

(یبالغ فی قتل الکفار)

ثَخُنَ (يَثۡخُنُ ثَخَانًا وثَخَانَۃً وثُخُوۡنَۃً) گاڑھا اور سخت ہوا اَثۡخَنَ فی العدو دشمن کے ساتھ زیادتی کی، اور سختی کر کے ان کو قتل کیا

اُنْحُن فِی الاَرْضِ، اَلکثر اَلقَتْل فِیھا نجیۃ، وَ ثُخْنًا، مرد اہتمیار

## ثرب

۲-۲۲ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمْ رحتب تم پر الزام نہیں ۱۲-۹۲
یٰاَھْلَ یَثْرِبَ اے یثرب والو ۳۳-۱۳

ثَرَبَ رَیَثْرِبُ ثَرْبًا وَ ثَرَبَ وَ اَثْرَبَ) ملامت کی اس کے کام میں قباحت نکالی گناہ پر باز پرس کی۔ فا۔ اثْرَبُ۔ م۔ ثَرُبَاء۔ ملامت کرنے والا۔

زمانہ جاہلیت میں مدینہ شریف کا نام یثرب تھا۔ اس کا نام یثرب بوجہ گندگی آب و ہوا۔ اور برسے پانی کے تھا۔ کیوں کہ جو آدمی وہاں جاتا بیمار ہو جاتا۔ جب رسول اللہ صلعم مدینہ شریف میں گئے تو صحابہ کرام بڑے بیمار ہوئے ان کو پانی لاگ ہو گیا۔ پھر نبی صلعم نے دعا کی کہ یا اللہ مکہ شریف سے اسے دگنی برکت دے۔ اور یہاں امن قائم کر۔ تاریخ شاہد ہے کہ ۱۳ سو برس گذرے ہیں طاعون، ہیضہ یا دوسری بیماری وبا نہیں پڑی۔ یہ برکت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا مبارک کی

## ثری

وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی اور نیچے ہے گیلی مٹی کے ۲۰-۶

ثَرِیَ رَیَثْرٰی ثَرًی وَ ثَرًی) التراب۔ زمین نمناک ہوئی (بَیِسَ الثَّرٰی بَیْنَھُمَا) پہلے دونوں دوست تھے، اب دشمن ہو گئے ہیں (فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی) وہ خیر کے نزدیک ہے۔

## ثعب

فَاِذَا ھِیَ ثُعْبَانٌ پس ناگہاں وہ اژدہا ہو گیا ۷-۱۰۷

ثَعَبَ رَیَثْعَبُ ثَعْبًا عَلَیْھِمُ الْغَارَۃَ ان پر لوٹ ماری ثَعَبَ پانی چلنے کی جگہ ج ثُعْبَانٌ، ثُعْبَانٌ ج ثَعَابِیْنُ۔ اژدہا۔ مذکر اور مادہ دونوں کے لیے

## ثقب

۱-۱۵ شِھَابٌ ثَاقِبٌ انگارہ چمکتا ۳۷-۱۰
۱-۱۵ اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ تارہ چمکتا ۸۶-۳

(الماضی)

ثَقَبَ رَیَثْقُبُ ثُقُوْبًا) النجم ستارہ روشن ہوا ثَقَبَ الطَّائِرُ پرندہ بہت اوپر چلا گیا عَقْلٌ ثَاقِبٌ، حاذق۔

## ثقف

۱-۱ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْھُمْ جس جگہ ان کو پاؤ ۲-۱۹۱
(وجد تموھم)
۱-۲ اَیْنَمَا ثُقِفُوْا (وجدوا) جہاں پائے جائیں ۳-۱۱۲
۱-۳ اِنْ یَّثْقَفُوْکُمْ اگر تم پر غالب آجاویں ۶۰-۲
(یظھروا بکم)
۱-۹ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّھُمْ (تجدھم) اگر کبھی پائے تو انکو لڑائی میں ۸-۵۷

ثَقِفَہٗ رَیَثْقَفُ ثَقْفًا) ظفر بہ اوادرکہ، ثَقِفٌ دانا آدمی۔ اور لڑائی کا استاد۔ ثَقِیْفٌ۔ دانا، بڑا حاذق۔ قبیلہ ہوازن کا باپ

## ثقل

۱-۱ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُہٗ جس کی تولیں بھاری ہوں ۷-۸
۱-۱ ثَقُلَتْ فِی السَّمٰوٰتِ وہ بھاری بات ہے آسمان ۷-۱۸۹
(عظمت) اور زمین میں
۲-۱ فَلَمَّا اَثْقَلَتْ پھر جب بوجھل ہو گئی ۷-۱۸۹
۷-۱ اِثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ گرجاتے ہو زمین پر ۹-۳۸
(اصل اثاقلتم ت ادغام ہے)
(تباطا تم)
۱-۱۷ سَحَابَ الثِّقَالَ بادل بھاری ۱۳-۱۳
۱-۱۷ سَحَابًا ثِقَالًا بادل بھاری ۷-۵۷
۱-۱۷ خِفَافًا وَّ ثِقَالًا (نشاط نکلو ہلکے اور بوجھل ۹-۴۱
او غیر نشاط)
۱-۱۷ قَوْلًا ثَقِیْلًا (مھیبا) ایک بات وزن دار ۷۳-۵
۱-۱۷ یَوْمًا ثَقِیْلًا بھاری دن ۷۶-۲۷
۲-۱۶ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَۃٌ کوئی بھارہ بوجھل ۳۵-۱۸
(بالوزن)
۲-۱۶ مِنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ان پر تاوان کا بوجھ ہے ۵۲-۴۰
(محمول الثقل)
اَیُّہَ الثَّقَلٰنِ اے دو بھارے قافلو ۵۵-۳۱
وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَھُمْ اور اٹھاویں گے اپنے بوجھ ۲۹-۱۳

| | | |
|---|---|---|
| اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا | اور نکالے زمین اندر کے بوجھ | ۹۹-۲ |

(خزائن اور مردے)

| | | |
|---|---|---|
| اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ | کتنے بوجھ اپنے بوجھ کیساتھ | ۲۹-۱۳ |
| وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ | اور جانور تمہارے بوجھ اٹھاتے ہیں | ۱۶-۷ |

(احمالکم)

| | | |
|---|---|---|
| مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | ذرہ بھر | ۹۹-۷ |

(زنۃ نملۃ صغیرۃ)

| | | |
|---|---|---|
| مِثْقَالَ حَبَّةٍ | دانہ بھر | ۲۱-۴۷ |

ثَقُلَ (یَثْقُلُ ثِقَلًا وَثَقَالَةً) بھاری ہوا۔ خا۔ ثَقِیلٌ، ثَقَالٌ ج ثُقَلَاءُ ثِقَالٌ، ثُقْلٌ، ثَقُلَ السَّمْعُ کچھ بہرہ ہوگیا ثَقُلَ الْقَوْلُ، دو ربط سماعت۔ ثَقُلَتِ الْمَرْأَةُ۔ عورت کا حمل ظاہر ہوگیا ثَقَلَهُ (یَثْقُلُ ثَقْلًا) چیز کو ہاتھ میں لے کر بوجھ معلوم کیا ثَقُلَ (یَثْقُلُ ثَقَلًا) الْمَرِیضُ مریض کی بیماری سخت ہوئی۔ ثَقَّلَهُ۔ اسے بوجھل بنا دیا۔ ثَقَّلَ الْحَرْفَ حرف کو لمبا کیا۔ مُثْقِلٌ۔ مُثْقِلَةٌ۔ وہ عورت جس کے وضع حمل کے دن نزدیک ہوں۔ اَثَّاقَلَ اِلَى الْاَرْضِ۔ رکن الیہا۔ ثَقَلٌ۔ مسافر کا اسباب وَجَدْتُ ثَقَلًا فِي جَوْفِي۔ میں نے پیٹ میں بوجھ یعنی فتور پایا۔ انی تارکت فیکم الثقلین۔ کتاب اللہ وسنتی۔

## ثلث

| | | |
|---|---|---|
| فِي ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ | تین اندھیروں میں | ۳۹-۶ |
| ثَلٰثَ مِائَةٍ | تین سو سال | ۱۸-۲۵ |
| ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ | تین ہیں چوتھا ان کا | ۱۸-۲۲ |
| ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ | تین یوم | ۲-۱۹۶ |
| وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ | اور ان تینوں پر | ۹-۱۱۸ |
| وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ | اور تین کہنے میں | ۴-۱۷۰ |
| ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا | تیس ماہ | ۴۶-۱۵ |
| ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً | تیس رات | ۷-۱۴۲ |
| ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ | تیسرا تینوں | ۵-۷۳ |
| فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ | قوت دی ہمنے تیسرے سے | ۳۶-۱۴ |
| وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ | اور مناۃ تیسرا | ۵۳-۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ | پھر ماں کا ⅓ | ۴-۱۱ |
| فَلَهُنَّ ثُلُثَا | ان عورتوں کے لیے ⅔ | ۴-۱۱ |
| فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ | ان دونوں کے لیے ⅔ | ۴-۱۷۶ |
| مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ | ⅔ رات | ۷۳-۲۰ |
| وَثُلُثَهٗ | اور اس کی ⅓ | ۷۳-۲۰ |
| مَثْنٰى وَثُلٰثَ | دو دو اور تین تین | ۴-۳ |

ثَلَثَ (یَثْلُثُ ثَلْثًا) الشَّیْءَ ⅓ حصہ لیا۔ ثَلَثَ الْقَوْمَ ⅓ حصہ مال لیا ثَلَثَ الْاِثْنَیْنِ۔ ان دونوں میں خود شامل ہو کر تین بنا دیا۔ ثَلَّثَ الشَّیْءَ ایک کام کو تین دفعہ کیا۔ ثَلَّثَةٌ۔ تین مونث کے لیے ثَلٰثٌ ہے۔ ثُلَث تیسری دفعہ۔ ثُلُث تیسرا ج اثلاث۔ ثلاثون ۳۰۔ تثلیث عیسائیوں کے نزدیک خدا۔ خدا۔ روح القدس، مسیح۔ مثلث۔ تین اضلاع والی کون کو مثلث کہتے ہیں △ ثالث آدمی۔ یوم الثلثاء۔ منگل۔

## ثلل

| | | |
|---|---|---|
| ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ | آدمیوں کی ایک بڑی جماعت | ۵۶-۱۳ |

ثَلَّةٌ: بھیڑ بکریوں کا ایک بڑا ریوڑ ج ثِلَالٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَّلَّةِ وَالثُّلَّةِ اس کو آدمیوں کی جماعت اور بھیڑ بکریوں کے ریوڑ میں تمیز نہیں۔ ثلل۔ ہلاکت اور دانت گرنا۔ ثَلَّ الْبِئْرَ۔ جیند ر نکالی ثَلَّ عَرْشَهُمْ ان کی عزت جاتی رہی۔ مَثَلَّةٌ۔ جنگل میں چھپیر۔

## ثمد

| | | |
|---|---|---|
| وَاِلٰى ثَمُوْدَ | اور ثمود کی طرف | ۷-۷۳ |

ثَمَدَ (یَثْمُدُ ثَمْدًا) اِثَّمَدَ وَاسْتَثْمَدَ الْمَاءَ پانی کے لیے حوض کی طرح جگہ بنائی، تاکہ اس میں پانی جمع ہو جائے ثَمَدَ النَّاقَةَ بِالْحَلْبِ اونٹ کے شیر دان سے سب دودھ نکال لیا اور اب وہ خالی ہوگیا۔ اَلثَّمَدُ اس تھوڑے سے پانی پہ دا۔ دجاء جو کہ سردیوں میں موجود ہو اور گرمیوں میں خشک ہو جائے۔ رَجُلٌ مَّثْمُوْدٌ۔ وہ آدمی جس سے اتنا سوال کیا جائے کہ اس کے پاس باقی کچھ نہ رہے۔ لها شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس قوم کے پاس ... اور اس قوم کی قومیت کی وجہ تسمیہ یہی معلوم ہوتی ہے

| | | |
|---|---|---|
| اِثْمِدٌ۔ سنگ سرمہ | جو کم کنوئیں میں | ۱۲۰-۱۰ |

## ثمر

۱-۲ اِذَآ اَثْمَرَ — جب پھل لاویں — ۶-۱۴۱ / ۶-۹۹

وَكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ — اور تھا اس کو پھل — ۱۸-۳۴

كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ — کھاؤ ان کے پھل — ۶-۱۴۱

مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا — پھل سے رزق — ۲-۲۵

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ — پھلوں سے رزق — ۲-۲۲

ثمرۃ واحد، مثل شجرۃ درخت، ثمر ج ثمار جج اثمار۔ ثَمَرَ یَثْمُرُ۔ ثُمُوْرًا و اَثْمَرَ الشجرُ۔ درخت کا پھل شروع ہوگیا۔ درخت ثامر۔ مُثْمِرٌ۔ اَثْمَرَ القومَ۔ لوگوں کو پھل کھلائے ثَمَّرَ مَالَهٗ کثرہ ثمر، پھل، نسل، اولاد۔ ثامور۔ لوبیا۔ ثمرآء۔ پھل دار۔ ابن ثمیر، چاندنی رات۔ ثمار۔ میوہ فروش

## ثَمّ

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ — پھر طرف اس کی پھیرے جاؤگے — ۲-۲۸

اِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ — جب تو وہاں دیکھے — ۷۶-۲۰

فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ — پس وہاں ہی متوجہ ہے اللہ — ۲-۱۱۵

ثُمَّ حرف عطف ہے۔ ثمامہ بن اثال مشہور صحابی ہیں ثَمَّ اسم اشارہ بعید بمعنی ھناک

## ثمن

بِثَمَنٍ بَخْسٍ — ناقص قیمت کے ساتھ — ۱۲-۲۰

ثَمَنًا قَلِيْلًا (عوضا یسیرا من الدنیا) — تھوڑی قیمت — ۲-۴۱

فَلَهُنَّ الثُّمُنُ — ان عورتوں کے لیے ۱/۸ حصہ — ۴-۱۲

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ — آٹھ نر مادہ — ۶-۱۴۳

ثَمٰنِيَ حِجَجٍ — آٹھ برس — ۲۸-۲۷

ثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ — آٹھواں کتا — ۱۸-۲۲

ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً — اسی درے — ۲۴-۴

(۱) ثَمَنَ یَثْمِنُ ثَمْنًا الرجلَ آدمی سے ۱/۸ حصہ لیا (۲) ثَمُنَ یَثْمُنُ ثَمَانَۃً الشیءُ چیز موٹی ہوگئی۔ فاثمینا۔ موٹا۔ قیمی۔ ثَمَّنَ الشیءَ قیمت کا اندازہ کیا۔ ثَمَنٌ۔ قیمت۔ اثمان۔ اثمنہ۔ اَثْمُنٌ۔ ثُمُنٌ ۱/۸ ج اثمان۔

## ثنی

۱-۳ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ — وہ دوہرے کرتے ہیں اپنے سینے — ۱۱-۵

۱۱-۳ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ — اور ان شاء اللہ نہیں کہتے — ۶۸-۱۸

۱-۱۵ ثَانِيَ عِطْفِهٖ — اپنی کروٹ موڑنے والا — ۲۲-۹

وَصِيَّةِ اثْنٰنِ — بوقت وصیت دو آدمی — ۵-۱۰۶

اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ — دو اِلٰہ — ۱۶-۵۱

اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا — بارہ سردار — ۵-۱۲

اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا — بارہ — ۷-۱۶۰

اثْنَتَا عَشْرَةَ — بارہ — ۲-۶۰

ثَانِيَ اثْنَيْنِ — وہ دوسرا دو میں کا — ۹-۴۰

فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ — اگر دو عورتیں ہوں — ۴-۱۷۵

اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ — مار چکا تو ہم کو دو بارہ — ۴۰-۱۱

مَثْنٰى وَثُلٰثَ — دو دو تین تین — ۴-۳

مَثْنٰى وَفُرَادٰى — دو دو اور ایک ایک — ۳۴-۴۶

سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ — سات آیتیں وظیفہ — ۱۵-۸۷

مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ — دہرائی ہوئی — ۳۹-۲۳

(ثَنٰی یَثْنِیْ ثَنْیًا) الشیءَ عطفہ طواہ ردّ بعضہ علی بعض (ثنی صدرہ) ای استر فیہ العداوۃ او طوی ما فیہ استخفاءً ثَنَّی الشیءَ اس کو دو دو بنا دیا۔ ثناء۔ تعریف ج اثنیۃ۔ یوم الاثنین سوموار۔ ثانی۔ دوسرا۔ ثانیہ ۱/۶۰ دقیقہ ج ثوانی۔ مثنی ج مثانی استثناء۔ ایک چیز کو دوسری سے نکال دینا۔ ان شاء اللہ کہنا ثنی ج ثنا ثُنْیان ج ثنایا۔ اگلے دانت۔ مثناۃ۔ بالوں کا رسہ۔ مثناۃ گانے والیاں۔ تثنیۃ۔ دصیغہ جس کا دوہرا طلاق ہو۔ مثانی سے قرآن مجید کی وہ سورتیں بھی مراد ہیں جن میں آیتوں کی تعداد ۲۰۰ سے کم ہے۔

## ثوب

۱-۲ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ (اعطاهم) — پھر دیا ان کو اللہ نے — ۵-۸۵

۱-۲ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا — انعام دیا ان کو ایک فتح — ۴۸-۱۸

۱-۲ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا (جزاکم) — پھر پہنچایا تم کو غم — ۳-۱۵۳

۳-۲ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ — کیا بدلہ دیئے گئے کافر — ۳۶-۸۳

(جوزی)

ثَوَابِ الدُّنْيَا (نصرۃ) — انعام دنیا میں — ۱۴۸-۳

ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ (جنت) — انعام آخرت کا — ۱۴۸-۳

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ (مرجعًا) — اجتماع کی جگہ — ۱۲۵-۲

لَمَثُوبَةٌ — بدلہ پاتے اللہ کے نزدیک — ۱۰۳-۲

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ — اور اپنے کپڑے پاک کر — ۴-۷۴

يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ — اوڑھتے ہیں اپنے کپڑے — ۵-۱۱

يَلْبَسُونَ ثِيَابًا — پہنیں گے کپڑے — ۳۱-۱۸

ثِيَابًا مِّنْ نَّارٍ — کپڑے آگ کے — ۱۹-۲۲

(۱) ثَابَ (يَثُوبُ ثَوْبًا) عادَ۔ ثاب النَّاسُ لوگ جمع ہوئے ثَابَ الماءُ پانی جمع ہوگیا (۲) ثَابَ (يَثُوبُ ثَوْبًا وثَوَبَانًا وأَثْوَبَ أَثْوَابًا) المريضُ مریض کی طرف صحت لوٹی۔ ثَوَّبَ الْمُصلی۔ نمازی نے فرضوں کے بعد نفل پڑھے۔ ثائب۔ بارش کے پہلے قطروں کے ساتھ شدید آندھی۔ ثوب لباس ج ثِيَاب۔ أَثْوَاب۔ أَثْوُب۔ ثُوَيبَہ۔ ابو لہب کی لونڈی جس نے آنحضرتؐ کو دودھ پلایا۔ ثواب۔ نیک یا بد کام کا بدلہ۔ مگر زیادہ نیکی میں مستعمل ہے۔ ثَوَّاب۔ کپڑے فروخت کرنے والا۔ مَثَاب۔ مَثَابَہ۔ مجتمع النا(س) تثویب الصلوۃ۔ فجر کی اذان میں الصلوۃ خیر من النوم کہنا

## ثور

۳-۱ وَأَثَارُوا الْاَرْضَ (حرثوها وقلبوها للزرع) — پھاڑا انہوں نے زمین کو — ۹-۳۰

۳-۲ فَتُثِيرُ سَحَابًا — وہ اٹھاتی ہیں بادلوں کو — ۴۸-۳۰

۳-۲ لَا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْاَرْضَ — جوتتی ہو زمین کو — ۷۱-۲

(تقلبها للزراعۃ)

ثَارَ (يَثُورُ ثَوْرًا وثَوْرَانًا وتَثْوَارًا) الغبارُ غبار اٹھا ثَوَّرَ الامرَ بحث کی ثَوَّرَ الكِتَابَ کتاب کے معنی میں بحث کی۔ ثَوَران یشفق۔ لالی۔ ثَور۔ بیل۔ ثِوَار۔ گاؤزبان۔ ثورۃ۔ گائے۔ مَثْوَرَہ۔ ارض کثیر الثیران غار ثور۔ ثار۔ خون کا بدلہ۔

## ثوی

۱-۱۵ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا — اور نہ تھا تو رہنے والا — ۴۵-۲۸

۱-۱۸ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِينَ — اور برا ٹھکانا ہے ظالموں کا — ۱۵۱-۳

(ماوٰی)

۱-۱۸ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ — عزت سے رکھ اس کو — ۲۱-۱۲

۱-۱۸ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ — ان کی جگہ آگ ہے — ۱۲-۴۷

۱-۱۸ قَالَ النَّارُ مَثْوٰكُمْ — آگ ہے تمہارا گھر — ۱۲۸-۶

(ماوٰکم)

۱-۱۸ أَحْسَنَ مَثْوَايَ — اچھی طرح سے رکھا مجھ کو — ۲۳-۱۲

ثَوَى (يَثْوِي ثَوَاءً وثُوِيًّا) المكانَ مکان میں ٹھہرا۔ ثَوَى الرجل آدمی مر گیا۔ ثُوِيَ۔ دفن کیا گیا۔ ثَوِيَّہ۔ گھر کا اسباب یا سڑک پر نشان ج ثُوًى۔ ثَوِيّ۔ مہمان کا قیدی ج أَثْوِيَا۔ بھیڑ بکری، گائے، اونٹ کا باڑہ عورت کو کہا جاتا ہے (هٰذِهٖ ثَوِيَّةُ فُلَانٍ)، مَثْوٰی۔ مَثَاوٍ۔ ابو مَثْوٰی گھر کا مالک اُمِّ مَثْوٰی۔ گھر کی مالکہ

## ثیب

۱-۱۷ ثَيِّبٰتٍ وَّأَبْكَارًا — بیاہیاں اور کنواریاں — ۵-۶۶

تَثَيَّبَ (وثَيَّبَتِ) المرأۃُ زوجها عورت بوجہ طلاق یا موت اپنے خاوند سے الگ ہوگئی پس وہ عورت ثَيِّب ہے۔ اور نقیض بکر کو بھی کہتے ہیں شادی شدہ مرد اور عورت دونوں اس میں شامل ہیں۔ مرد بغیر عورت اور عورت بغیر مرد۔ بئرٌ ثَيِّبٌ۔ وہ کنواں جس میں پانی جمع ہو۔

# ج (۳)

## جأر

۱-۳ إِذَا هُمْ يَجْـَٔرُونَ — اس وقت وہ چلانے لگتے ہیں — ۶۵-۲۳

۱-۳ فَإِلَيْهِ تَجْـَٔرُونَ — اسی کی طرف چلاتے ہو — ۵۳-۱۶

۱-۱۳ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ — مت چلاؤ آج — ۶۶-۲۳

جَأَرَ (يَجْأَرُ جُؤَارًا وجَأْرًا) الی اللہِ اللہ کی طرف ہاتھ اٹھایا اور عاجزی کی جَأَرَ الثورُ بیل بولا جَأَرَ النَّبَاتُ سبزی بلند ہوئی۔

## جبّ

فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ — گمنام کنویں میں — ۱۰-۱۲

وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ اور لگن جیسے تالاب ١٣-٣٤

جَبَى يَجْبُو اجبًا وجبوًا وجَبيًا وجبوةً وجبَاوَةً وجَبَى يَجبِي جبَايَةً الخراج۔ خراج اکٹھا کیا جَبَى الماء فى الحوض۔ پانی حوض میں جمع کیا جَبّٰى۔ وقت سجود دونوں ہاتھ زمین پر رکھے۔ اِجْتَبٰى۔ اختیار کیا چنا۔ جَبَاج اَحْبَا وجَابِيَة ج جواب! الحوض الذى يجبى فيه الماء للابل مُجْبَى۔ خراج۔ مگر فتح الرحمان والراس کو جوب میں لایا ہے۔

# جثّ

٢-٧ اِجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ اکھاڑ پھینکا گیا ٢٦-١٤

(استوصلت)

جَثَّه يَجُثُّ جَثًّا واجتثّه) جڑ سے اکھاڑ دیا جُثَّه۔ انسانی وجود زیادہ استعمال مردہ کے لیے ہے ج جُثَث مِجَثّ۔ درخت اکھاڑنے کا اوزار

# جثم

١-٥ فِى دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے ٧-٩٠
(بارکین علی الرکب میتین، خامدین میتین) ١١-٦٧ / ١١-٩٥

جَثَمَ يَجْثِمُ جَثْمًا وجُثُومًا) الرجلُ، تلبّد بالارض فا۔ جاثم ج جُثُوم۔ اوندھا پڑنے والا جاثوم۔ جُثَام مرض کابوس۔ ہلاکت کے لئے سینہ زمین پر رکھا۔ صراح جثوم۔ زیادہ سونے والا جَثَمَ الليلُ۔ رات آدھی ہوگئی۔

# جثو

١-١٥ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً گھٹنوں کے بل بیٹھے ہوئے ٤٥-٢٨

١-٢٢ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا زانو کے بل گرے ہوئے ١٩-٦٨ / ١٩-٧٢

جَثَى يَجْثُو جُثُوًّا وجَثَى يَجْثِي جِثِيًّا وجُثِيًّا زانو کے بل بیٹھا فا۔ جَاثٍ ج جُثِيّ۔ جِثِيّ۔ م۔ جاثية۔

# جحد

١-١ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ منکر ہوئے ١١-٥٩

١-٣ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَا اور وہی منکر ہوتا ہے ٢٩-٤٧

١-٣ بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ٦-٣٣

جَحَدَ يَجْحَدُ جَحْدًا وجُحُودًا کفر کیا اور جھوٹا یا باوجود علم کے

# جحم

فِى الْجَحِيْمِ آگ کے ڈھیر میں ٢٠-٦

اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا بیڑیاں اور آگ کا ڈھیر ٢٠-٠

جَحَمَ يَجْحَمُ جَحْمًا) النارَ۔ آگ جلائی جَحِمَتْ رتَّ ... جَحَمًا وجُحِمَتْ۔ تَجْحَمُ جُحُومًا) النارُ آگ نے [illegible] جَاحِم کوئلہ جلنے والا جَحِيْم۔ دوزخ۔ مکان کے اندر سخت تیز آگ، یا سخت گرم مکان

# جدث

مِنَ الْاَجْدَاثِ قبروں سے ٦-٠

يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ نکلیں گے قبروں سے ٥٤-٠

جَدَثَ القبرَ۔ قبر بنائی اجْتَدَثَ۔ اجتدث اتخذ۔ جد [illegible] اَجْدَاث۔ اَجْدُث

# جدّ

وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا اونچی ہے شان ہمارے رب کی ٢-٠
(تنزها جلاله)

جُدَدٌ بِيْضٌ گھاٹیاں سفید ٢٥-٠

١-١٧ خَلْقٍ جَدِيْدٍ نئی پیدائش ١٢-٠

(١) جَدَّ يَجِدُّ جَدًّا) لوگوں کی نظر میں بڑا ہوا (٢) [illegible] الثوبُ۔ کپڑا نیا ہوا فا۔ جَدِيد (٣) جَدَّ يَجِدُّ [illegible] اجتهاد کیا جَدَّ فِى الْاَمْرِ تحقیق کی جَدَّ يَجَدُّ جَدًّا) الضَّرعُ تھن سے دودھ کم ہوگیا سوکھ گیا جَد۔ دادا نانا۔ ج۔ اَجْدَاد جدود [illegible] ج جَدَّات۔ جِد۔ اجتہاد۔ عَالِمٌ جِدٌّ۔ عالم صاحب اجتہاد۔ عظیم جدّ۔ بہت بڑا۔ جُدَّة۔ سمندر کا کنارہ، عرب میں مکہ کی مشہور بندرگاہ ہے جُدَّة۔ علامت۔ طریق ج جُدَد۔ ج [illegible]

ج جواد

# جدر

١-٢١ وَاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا اور اسی لائق ہیں کہ نہ سیکھیں ٩-٠

(اولیٰ)

وَاَمَّا الْجِدَارُ اور وہ جو دیوار ١٨-٨٢

فِيهَا جِدَارًا دیکھی ایک دیوار ۱۸-۷۷

مِن وَرَآءِ جُدُرٍ دیواروں کے اوٹ میں ۵۹-۱۴

(۱) جَدَرَ يَجْدُرُ جَدَارَةً اس کا خلیق اور لائق ہوا (۲) جَدَرَ يَجْدُرُ جَدْرًا الجدار دیوار کھینچی جَدَرَ الرجل آدمی نے دیوار کی اوٹ کی (۳) جَدَرَ يَجْدُرُ جَدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ اسے چیچک نکلا۔ جدار ج جُدْرَان۔ جِدَار ج جُدُر۔ دیوار۔ جدری ایک نہایت متعدی مرض چیچک ہے۔ جدر۔ آبلہ چیچک۔ مجدور۔ جو آدمی چیچک سے بیمار ہے۔

## جدل

۴-۱ جَادَلُوا بِالْبَاطِلِ جھوٹا جھگڑا کیا ۴۰-۵

۴-۱ وَإِن جَادَلُوكَ اگر تیرے ساتھ انہوں نے جھگڑا کیا ۲۲-۶۸

۴-۱ قَدْ جَادَلْتَنَا (خاصمتنا) تو نے ہمارے ساتھ جھگڑا کیا ۱۱-۳۲

۴-۱ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ جھگڑا کیا تم نے ان سے ۴-۱۰۹
(خاصمتم)

۴-۳ فَمَن يُجَادِلُ اللَّهَ پس اللہ سے کون جھگڑیگا ۴-۱۰۹

۴-۳ يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ ہمارے ساتھ جھگڑتا تھا ۱۱-۷۴

۴-۳ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وہ جھگڑتے ہیں ۱۳-۱۳

۴-۳ يُجَادِلُونَكَ تیرے ساتھ جھگڑتے ہیں ۸-۶

۴-۳ لِيُجَادِلُوكُمْ تاکہ تمہارے ساتھ جھگڑا کریں ۶-۱۲۱

۴-۳ تُجَادِلُ عَن نَّفْسِهَا جواب سوال کریگا اپنی طرف سے ۱۶-۱۱۱

۴-۳ تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا تیرے ساتھ جھگڑتی تھی ۵۸-۱
(تراجعك)

۴-۳۱ وَلَا تُجَادِلْ اور نہ جھگڑ ۴-۱۰۷

۴-۳۱ وَلَا تُجَادِلُوا اور مت جھگڑو ۲۹-۴۶

۴-۳ أَتُجَادِلُونَنِي کیا تم میرے ساتھ جھگڑتے ہو ۷-۷۱

۴-۱۱ وَجَادِلْهُم اور الزام دے ان کو ۱۶-۱۲۵

۴-۲۲ وَلَا جِدَالَ (خصام) اور نہ جھگڑا کرنا ۲-۱۹۷

۴-۲۲ فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا زیادہ کیا تو نے ہمارے ساتھ جھگڑا ۱۱-۳۲

۱-۲۲ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا سب چیز سے زیادہ جھگڑالو ۱۸-۵۴

۱-۲۲ إِلَّا جَدَلًا مگر جھگڑے کو ۴۳-۵۸
(خصومة بالباطل)

جَدِلَ يَجْدَلُ وجَدَلَ يَجْدُلُ جَدْلًا الحب دانہ بالی میں پک گیا۔ جَدَلَ الولدُ لڑکا مضبوط طاقتور اور بڑا ہو گیا۔ جَادَلَهُ خاصمه جدل۔ پٹھ اور عضو۔ اَجْدُل۔ شکرا۔ جَدْل۔ جھگڑا جدول ج جداول۔ الضرب فی الحساب نیز چھوٹی نہر۔ جَدِلَ يَجْدَلُ جَدَلًا الرجل آدمی جھگڑا۔

## جذ

۱-۱۶ غَيْرَ مَجْذُوذٍ بے انتہا ۱۱-۱۰۸

۱-۱۶ فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ۲۱-۵۸
(مقطوعا)

جَذَّ يَجُذُّ جَذًّا ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ انْجَذَّ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہوا۔ جُذَاذ۔ جو چیز ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ جِذّ۔ مجذوذ۔ ایک ٹکڑا ج اَجْذَاذ

## جذع

بِجِذْعِ النَّخْلَةِ کھجور کی جڑ ۱۹-۲۵
۱۹-۲۳

فِي جُذُوعِ النَّخْلِ کھجور کے تنہ پر ۲۰-۷۱

جِذْعٌ ج جذوع، اجذاع کھجور کا تنہ جذع الإنسان۔ سر پاؤں۔ ہاتھ کے بغیر انسان کا دوسرا وجود۔ مجذع۔ مُجَذَّع جس چیز کا اصل اور ثبات نہ ہو۔ جَذَع۔ جَذَاع۔ جُذْعان چھوٹے جانور بھیڑ بکری ۲ سال۔ اونٹ پانچ سال جَذَعَ يَجْذَعُ جَذْعًا الدابة جانور کو بغیر چارہ کے باندھ دیا

## جذو

أَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ یا انگارہ آگ سے ۲۸-۲۹

جُذْوَة ج جُذًى وجِذَاء روشن انگارہ فلان جذوة شر وہ شرارت کا انگارہ ہے

## جرح

۱-۱ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ جو کر چکے ہو تم لوٹ دن ۶-۶۰
(کسبتم)

۷-۱ اِجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ (اکتسبوا) کمائی میں برائیاں ۲۱-۴۵

وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ اور زخموں کا بدلہ ان کے برابر ۵-۴۵

۱-۵ مِنَ الْجَوَارِحِ شکاری جانوروں سے ۵-۴

جَرَحَ (یَجْرَحُ جَرْحًا) زخم دیا جَرَحَہ بِلِسَانِہٖ زبان سے ایذا دی جَرَحَ الشَّھَادَۃَ گواہی میں جرح کی۔ ساقط کیا جَرَحَ الرجلُ۔ کمایا۔ جَارِحٌ کمائی کرنے والا جُرْحٌ۔ جُرُوْح۔ اَجْرَاح۔ زخم جَرْحہ شہادت میں جرح کرنی۔ جَارِحَۃٌ ج جوارح۔ شکاری جانور کتے شیر گیدڑ، باز وغیرہ۔ مجروح ج مجاریح۔ جَرِیحٌ ج جَرْحیٰ۔ زخم خوردہ جوارح النہار۔ مصیبتیں

## جرد

جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ٹڈی پھیلی ہوئی ۷-۵۴

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ طوفان اور ٹڈی ۱۳۳-۷

جَرَدَ یَجْرُدُ جَرْدًا وَجَرَّدَ العود۔ قَشَرَہٗ، جَرَدَ الجلدَ چمڑے کے بال اتارے جَرِدَ یَجْرَدُ جَرْدًا، المکانُ۔ جگہ کو ٹڈی پہنچی جَرِدَ اکیلا ہوا۔ جَرِدَ الفرسُ۔ گھوڑے کے بال چھوٹے ہو گئے۔ جُرِدَتِ الارض زمین کو ٹڈی پہنچی۔ جَرِیدَۃٌ۔ لمبی ٹہنی۔ خواہ خشک ہو یا تر۔ اخبار کو بھی جَرِیدَۃٌ کہتے ہیں۔ مجرد۔ اکیلا۔ تجرّد۔ برہنہ ہوا جراد دو قسم کی ہوتی ہے۔ فصل تباہ کرنے والی۔ جو کہ نہایت بہتات سے آتی ہے۔ دوسرا لکڑا جو کہ بہت تھوڑا اڑ سکتا ہے۔

## جرّ

۳-۱ یَجُرُّہٗ اِلَیْہِ اس کو اپنی طرف کھینچتا تھا ۱۵۰-۷

جَرَّ (یَجُرُّ جَرًّا) کھینچا جَرَّ الْکَلِمَۃَ حرف کو زیر دی ھَلُمَّ جَرًّا، جَرَّ عَلٰی نَفْسِہٖ گناہ کمایا جَرَّ (اجتر البعیرُ) اونٹ نے جگالی کی (طعام کو معدہ سے جگالی کے لیے کھینچا)۔ جگالی والی چیز کو جِرَّ کہتے ہیں جَرَّ الْجَبَلَ۔ اسفلہ جَارَّۃ۔ اسے آزاد چھوڑا۔ جو چاہے کرے۔ لشکر جَرَّار۔ بڑا بہادر لشکر۔ اَجَرَّان۔ انسان اور جن

## جرز

اِلَی الْاَرْضِ الْجُرُزِ (یابسًا) میدان چٹیل ۲۷-۳۲

صَعِیْدًا جُرُزًا (یابسۃ لا نبات فیھا) زمین چٹیل کی طرف ۸-۱۸

(۱) جَرِزَتِ (یَجْرَزُ جَرَزًا) الارضُ، صارت جُرُزًا فَھِیَ جَارِزَۃٌ ج جَوَارِز (۲) جَرَزَ (یَجْرُزُ جَرْزًا) کاٹا جڑ سے اکھاڑا (۳) جَرَزَ (یَجْرُزُ جَرَازَۃً) کان جَرُوْزًا۔ کھایا گیا، کہ خوانچہ پر کوئی چیز باقی نہ رہی۔ نہ جننے والی عورت اور کھیتی نہ اگانے والی زمین۔ دَمَّرَہُ اللّٰہُ بِجَرْزَۃٍ اللہ نے اسے ہلاک کیا۔ مَجْرُوْز۔ کھیت کا وڈھ۔ جُرَاز۔ تلوار۔ جَرَزَہُ الزمانُ۔ زمانہ نے اسے محتاج بنا دیا۔

## جرع

۳-۵ یَتَجَرَّعُہٗ (یبتلعہ مرۃ بعد مرۃ) گھونٹ گھونٹ پئے گا اس کو ۱۴-۱۷

جَرَعَ (یَجْرَعُ جَرْعًا وجَرِعَ یَجْرَعُ جَرَعًا واجترع) الماءَ۔ پانی کا ایک گھونٹ پیا۔ تَجَرَّعَ الْمَاءَ۔ پانی کو ایک ایک گھونٹ کر کے پیا۔ تَجَرَّعَ الْغَیْظَ۔ غصہ پی گیا۔ اَجْرَعَتِ النَّاقَۃُ۔ اونٹنی کا دودھ ایک ہی گھونٹ رہ گیا۔ جُرْعَۃ۔ پانی کا گھونٹ

## جرف

عَلٰی شَفَا جُرُفٍ ایک کھائی کے کنارہ پر ۹-۱۰۹

جَرَفَ (یَجْرُفُ جَرْفًا وجَرَّفَ وتَجَرَّفَ واجترف) بہا لے گیا اَجْرَفَ الْمَکَانُ، جگہ کو سیل پہنچا۔ جُرُف ج جُرُف۔ زمین کا وہ ٹکڑا جس کو پانی کی بار بار ٹکر لگے۔ اور اس سے زمین کا ٹکڑا اگر پڑے (فلانٌ یَبْنِیْ عَلٰی جُرُفٍ ھَارٍ، لا یدری ما اللیلُ من النہار) جُرَاف سیل جو کہ ہر چیز کو بہا لے جائے۔ رَجُلٌ جُرَاف وہ آدمی جو کہ ہمہ خور ہو۔ مُجَرَّفٌ جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔

## جرم

۱-۲ اَجْرَمُوْا انہوں نے جرم کیا ۶-۱۲۴

۱-۲ اَجْرَمْنَا ہم نے جرم کیا ۳۴-۲۵

۲-۳ تُجْرِمُوْنَ تم جرم کرتے ہو ۱۱-۳۵

۱-۹ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ (یکسبنکم) اور نہ باعث ہو تم ۵-۲

١-٩ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْ — تم کو میری ضد کرکے — ١١-٨٩
(ایک بنکر)

لَا جَرَمَ — بے شک — ١١-٢٢

١٥-٢ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ — چاہے گا مجرم — ٧٠-١١

١٥-٢ يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا — آئے اپنے رب کے پاس مجرم ہوکر — ٢٠-٧٤

١٥-٢ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا — گنہگاروں کے سردار — ٦-١٢٣

١٥-٢ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ — اے گنہگارو — ٣٦-٥٩

١٥-٢ عَنِ الْمُجْرِمِينَ — گناہ گاروں سے — ٧٤-٤١

٢٢-٢ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي (عقوبته) — میرا جرم — ١١-٣٥

(۱) جَرَمَ يَجْرِمُ جَرِيمَةً و أَجْرَمَ (گناہ کیا (۲) جَرُمَ يَجْرُمُ جَرِيمَةً اس کا گناہ بڑا ہوا جُرْمٌ ج جُرُومٌ۔ أَجْرَامٌ خطا اور گناہ لَا جَرَمَ لا محالہ بے شک جِرْمٌ ج أَجْرَامٌ جسم حیوانی اور ستارے وغیرہ

## جری

١-١ وَجَرَيْنَ بِهِمْ — اور ان کو لے کر چلیں — ١٠-٢٢

١-٣ كُلٌّ يَجْرِي — ہر ایک چلتا ہے — ١٣-٢

١-٣ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ — جاری ہوتی ہے سمندر میں — ٢-١٦٤

١-٣ عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ — دو چشمہ جاری — ٥٥-٥٠

١-١٥ عَيْنٌ جَارِيَةٌ — ایک چشمہ جاری ہے — ٨٨-١٢

١-١٥ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ — ہم نے تم کو کشتی میں سوار کیا — ٦٩-١١

١-١٥ فَالْجَارِيَاتِ يُسْرًا — اور کشتیاں آسانی سے چلنے والیاں — ٥١-٣

١-١٥ وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ — کشتیاں جاری — ٤٢-٣٢

١-١٥ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ — سیدھے چلنے والوں رکنے والوں — ٨١-١٦

١-٢٢ بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا — اس کا چلنا — ١١-٤١

جَرَى يَجْرِي جَرْيًا وَجَرَيَانًا وَجِرْيَةً الماء پانی چلا۔ جَرَى الْفَرَسُ۔ گھوڑا دوڑا جَرَى الْأَمْرُ بات واقع ہوئی۔ الدَّيْنُ وَالدَّهْنُ يَتَجَارِيَانِ۔ قرض اور رہن دونوں ہر وقت جاری رہتے ہیں۔ جَرَّى فُلَانًا اس کو وکیل بنا کر روانہ کیا۔ جَرِيٌّ۔ وکیل۔ رسول۔ نوکر۔ جِرَايَةٌ۔ وظیفہ جِرَايَةٌ۔ وکالت جَارِيَةٌ۔ لڑکی۔ لونڈی۔ سورج کشتی۔ لونڈی ج جاریات جوار۔ صدقہ جاریہ

## جزء

مِنْهُمْ جُزْءٌ — ان دوزخیوں میں ایک فریق ہے — ١٥-٤٤

مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا — اس کے بندوں میں سے ایک حصہ — ٤٣-١٥

مِنْهُنَّ جُزْءًا — ان کے بدن کا ایک ٹکڑا — ٢-٢٦٠

جَزَأَ يَجْزَأُ جَزْءًا الشَّيْءَ۔ چیز کو حصوں میں تقسیم کیا۔ جَزَّأَ ٹکڑے کیا جزء مص۔ بعض جُزْءُ چیز کا حصہ ج أَجْزَاءٌ جُزْئِيٌّ خلاف كُلِّي جُزْئِيَّةٌ ج جُزْئِيَّاتٌ

## جزع

١-١ أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا — ہم بے قراری کریں گے یا صبر — ١٤-٢١

١-١٩ مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا — جب برائی پہنچے تو بے صبرا — ٧٠-٢٠

جَزِعَ يَجْزَعُ جَزَعًا و جُزُوعًا بے قرار ہوا اور غم ظاہر کیا جَزِعَ عَلَيْهِ اشفق خائف جَزِعٌ۔ جَازِعٌ۔ جَزِعٌ۔ جَزَّاعٌ و جَزُوعٌ جَزَّعَهُ اس کی بے قراری دور کی مِجْزَاعٌ ج مَجَازِيعُ بہت بے صبرا

## جزی

١-١ وَجَزَاهُمْ بِمَا — اور بدلہ دیا ان کو — ٧٦-١٢

١-١ إِنِّي جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ — میں نے ان کو بدلہ دیا — ٢٣-١١١

١-١ ذَلِكَ جَزَيْنَاهُمْ — میں نے ان کو یہ بدلہ دیا — ٦-١٤٦

١-٣ لَا يَجْزِي وَالِدٌ — نہ بچا سکے گا والد — ٣١-٣٣
(لا یغنی)

١-٣ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ — تاکہ بدلہ دے — ٥٣-٣١

١-٣ لِيَجْزِيَكَ — تجھے بدلہ دے — ٢٨-٢٥

١-٣ سَيَجْزِي اللَّهُ — جلدی معاوضہ دے گا — ٣-١٤٤

١-٣ سَيَجْزِيهِمْ — جلدی بدلہ دے گا ان کو — ٦-١٣٨

١-٣ لَا تَجْزِي نَفْسٌ — نہ بچا سکے گی کوئی جان — ٢-٤٨

١-٣ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ — بدلہ دیتے ہیں ہم — ٦-٨٤

١-٣ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ — ہم بدلہ دیں گے اس کو — ٢١-٢٩

١-٣ وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ — بدلہ دیں گے ہم شاکروں کو — ٣-١٤٥

٣-٣ وَهَلْ نُجَازِي — اور نہیں ہم بدلہ دیتے — ٣٤-١٧

۱-۹ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ — ضرور ان کو بدلہ دیں گے ہم — ۹۶-۱۶

۱-۹ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ — ضرور ہم ان کو بدلہ دیں گے — ۲۷-۴۱

۱-۴ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ — بدلہ دیا جائے گا — ۴۱-۵۳

۱-۴ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا — پھر نہ بدلہ دیا جاوے گا — ۱۶۰-۶

۱-۴ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ — بدلہ دیا جاوے گا — ۱۲۳-۴

۱-۴ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ — بدلہ دئے جاویں گے — ۷۵-۲۵

۱-۴ سَيُجْزَوْنَ — وہ جلدی بدلہ دئے جاویں گے — ۱۲۰-۶

۱-۴ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَىٰ — بدلہ دیا جاوے — ۱۹-۹۲

۱-۴ لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ — تاکہ بدلہ دیا جاوے — ۱۵-۲۰

۱-۴ هَلْ تُجْزَوْنَ — نہ بدلہ دئے جاؤ گے تم — ۹۰-۲۷

۱-۱۵ هُوَ جَازٍ عَنْ وَالِدِهِ — وہ ہے اپنے باپ کو بچانیوالا — ۳۳-۳۱

حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ — جزیہ دیں — ۲۹-۹

۱-۲۲ فَمَا جَزَاءُ — کیا ہے بدلہ — ۸۵-۲

۱-۲۲ فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ — اس کا بدلہ جہنم ہے — ۹۳-۴

۱-۲۲ جَزَاؤُهُمْ مَغْفِرَةٌ — ان کا بدلہ بخشش ہے — ۱۳۶-۳

۱-۲۲ جَزَاؤُكُمْ جَزَاءً — تمہارا بدلہ پورا بدلہ ہے — ۶۳-۱۷

جَزَىٰ (يَجْزِي جَزَاءً) الرَّجُلَ آدمی کو بدلہ دیا یا بچایا۔ جِزْيَةٌ ج جِزًى، جِزًّى۔ جِزَاءٌ ذمی سے زمین کا خراج۔ جُزِيتَ الْجَوَازِيَ تو نے اپنے کئے کا بدلہ پایا۔

## جسد

عِجْلًا جَسَدًا — بچھڑا ایک بدن — ۱۴۸-۷

جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا — بنائے ہم نے انکے ایسے بدن — ۸-۲۱

عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا — اس کے تخت پر ایک ڈھیر — ۳۴-۳۸

جَسِدَ (يَجْسَدُ جَسَدًا) الدَّمُ خون خشک ہو کر جمٹ گیا جَسَّدَهُ اس کو زعفران سے رنگا۔ جِسَادٌ۔ زعفران جَسَدٌ۔ جسم انسان، زعفران خشک لہو ج اَجْسَادٌ۔ جَسَدِيٌّ۔ بدنی۔ جَسِيدٌ۔ خشک لہو جُسَادٌ پیٹ کی درد

## جس

۱-۳۵ وَلَا تَجَسَّسُوا — اور کسی کا بھید نہ ٹٹولو — ۱۲-۴۹

جَسَّ (يَجُسُّ جَسًّا وَاجْتَسَّ) پہچاننے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولا۔ جَسَّ الْأَرْضَ وَطِئَهَا، جَسَّهُ بِعَيْنِهِ تیز نظر سے اس کی طرف دیکھا جَسَّ الْأَخْبَارَ خبر سے بحث کی (تَجَسَّسَ) ج اِجْتَسَّهُ جاسوس ج جَوَاسِيسُ، جَسَّاسٌ) خبر کی تحقیق کرنے والا مَجَسٌّ وہ جگہ جہاں طبیب اپنی انگلیاں کلائی پر رکھتا ہے۔ تاکہ مرض کی تشخیص کرے مَجَاسُّ الْإِنْسَانِ۔ حواس خمسہ

## جسم

فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ — علم اور جسم میں — ۲۴۷-۲

تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ — اچھے لگے تجھے ان کے ڈیل — ۶۳-۴

جَسُمَ (يَجْسُمُ جَسَامَةً) وہ بڑے جسم والا ہوا جُسَامٌ۔ جَسِيمٌ ج جِسَامٌ۔ جَسْتَمٌ موٹا بنا یا جسم۔ بدن یا جس چیز کا طول عرض اور گہرائی یا اونچائی ج اَجْسَامٌ۔ جِسْمِيٌّ جسمانی۔ مُجَسَّمَةٌ۔ بت

## جعل

۱-۱ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ — پیدا کیا — ۲۲-۲

(خلق)

۱-۱ جَعَلَنِي — اور کیا مجھے — ۳۰-۱۹

۱-۱ وَجَعَلُوا — اور ٹھہرائے انہوں نے — ۲۷-۳۶

۱-۱ جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ — کر ڈالے اس کو چورا — ۴۲-۵۱

۱-۱ أَجَعَلْتُمْ — کیا تم نے کر دیا — ۱۹-۹

۱-۱ جَعَلْنَاهَا — بنائے ہم نے وہ درخت — ۷۳-۵۶

۱-۱ جَعَلْنَا الْبَيْتَ — مقرر کیا ہم نے خانہ کعبہ — ۱۲۵-۲

۱-۲ جُعِلَ السَّبْتُ — مقرر کیا گیا — ۱۲۴-۱۶

(غرض تعظیم)

۱-۳ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ — بھیجے اپنے پیغام — ۱۲۴-۶

۱-۳ لِيَجْعَلَ اللَّهُ ... حَسْرَةً — تاکہ اللہ ڈالے — ۱۵۶-۳

۱-۳ وَيَجْعَلُونَ — اور ٹھہراتے ہیں وہ — ۵۷-۱۶

۱-۳ أَتَجْعَلُ فِيهَا — کیا قائم کرے گا تو — ۳۰-۲

۱-۳ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً — تاکہ ہم تم کو نمونہ بنائیں — ۲۵۹-۲

۱-۷ لَنْ نَجْعَلَ لَكُمْ — کبھی نہ مقرر کریں گے — ۴۸-۱۸

١-٩ لَاَجۡعَلَنَّكَ ضرور ڈالوں گا تم کو ٢٦-٢٩

١-١١ رَبِّ اجۡعَلۡ لِّيۡ اے رب مقرر کر واسطے ٣-٤١

١-١١ وَاجۡعَلۡ لِّيۡ لِسَانَ اور رکھ بول میرا سچا ٢٦-٨٤

(اعطنی)

١-١١ اجۡعَلۡ لَّنَا اِلٰهًا بنا ہماری عبادت کے لیے ٧-١٣٨

١-١١ اجۡعَلُوۡا بِضَاعَتَهُمۡ رکھ دو ان کی پونجی ١٢-٦٢

١-١٣ لَا تَجۡعَلۡنِيۡ نہ ملا مجھ کو در شمار نہ کر ٧-١٥٠

١-١٣ لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً نہ جانچ ہم پر ٦٠-٥

١-١٣ لَا تَجۡعَلُوۡا مت ٹھہراؤ ٥١-٥١

١-١٥ اِنِّيۡ جَاعِلٌ بنانے والا ہوں ٢-٣٠

١-١٥ جَاعِلُكَ بنانے والا ہوں تجھے ٢-١٢٤

١-١٥ لَجَاعِلُوۡنَ مَا ضرور کرنے والے ہیں ١٨-٨

١-١٥ وَجَاعِلُوۡهُ اور اس کو کرنے والے ہیں ٢٨-٧

جَعَلَ (يَجۡعَلُ جَعۡلًا) بنایا۔ پیدا کیا۔ ٹھہرایا جُعۡل۔ مزدوری

## جفا

فَيَذۡهَبُ جُفَآءً جاتا رہتا ہے سوکھ کر ١٣-١٧

جَفَأَ (يَجۡفَأُ جَفۡأً) النَّهۡرُ۔ دریا نے جھاگ اور گھاس پھونس ایک طرف پھینک دیا۔ جَفَأَ الۡقِدۡرُ۔ ہانڈی ابلی۔ اور جو ہانڈی میں تھا۔ وہ ضائع ہوگیا۔ جَفَأَ الرَّجُلَ۔ آدمی کو کشتی سے زمین پر گرایا۔ جُفَآءٌ۔ جو چیز دریا دونوں طرف پھینک دے

## جفن

١-٢٢ جِفَانٍ كَالۡجَوَابِ اور لگن جیسے تالاب ٣٤-١٣

۱-۱۵ أَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ جہاز والوں کو ۱۵-۲۹

۱-۱۵ أَصْحٰبِ الْفِيْلِ ہاتھی والوں کے ساتھ ۱-۱۰۵

۱-۱۵ أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ اس گاؤں کے لوگوں کی ۱۳-۳۶

۱-۱۵ أَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ قبر والوں سے ۱۳-۶۰

۱-۱۵ أَصْحٰبِ مَدْيَنَ مدین والے ۷۰-۹

۱-۱۵ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ غار والے ۹-۱۸

صَاحَبَهٗ (يَصْحَبُ صُحْبَةً وَصَحَابَةً وصَاحَبَهٗ مُصَاحَبَةً) اس کے ساتھ شامل ہوا۔ گذران کی۔ ساتھ دیا صَحَّبَ (يَصْحَبُ صَحْبًا) المَذْبُوحَ۔ مذبوح کی کھال اتاری۔ صاحب۔ ملازم معاشر مالک۔ صاحب۔ حکیم وزیر ج صَحْبٌ۔ أَصْحَاب، صُحْبَة، صِحَاب صُحْبَان، صَحَابَةٌ۔ وہ لوگ جنہوں نے حضور صلعم کی زیارت کی، اور ایمان لائے۔ صَاحِبَہ۔ بیوی ج صَاحِبَات، صَوَاحِب مُصَاحِبٌ۔ ملازم

## صحف

فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى پہلے ورقوں میں ۱۸-۸۷

وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ جب اعمال نامے کھولے جاویں ۱۰-۸۱

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى صحیفوں میں ابراہیم اور موسیٰ کے ۱۹-۸۷

اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً دیا جاوے ورقوں کھلے میں ۵۲-۷۴

۱-۱۹ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ رکابیاں سونے کی ۷۱-۴۳

(یقطاع)

صَحَّفَ الكَلِمَةَ۔ اپنی قرأت میں غلط پڑھا اَصْحَفَ الكِتَابَ، جَعَلَ لَهٗ الصُّحُفَ۔ صَحْفَةٌ۔ پھیلا ہوا بڑا ٹکڑا جس کی تشبیع مخمس سے ہو۔ ج صِحَاف، صَحِيْفَةٌ۔ لکھا ہوا کاغذ۔ کتاب کا ورق۔ صحاف پڑھنے میں زیادہ غلطیاں کرنے والا، یا کتاب بیچنے والا، مُصْحَف۔ دو دفتیوں میں باندھی ہوئی کتاب، صِحَافَتٌ۔ کتاب، حجم کتاب۔

## صخخ

۱-۱۵ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ جب آوے کان پھوڑنے والی ۳۳-۸۰

صَخَّ (يَصُخُّ صَخًّا) الحديدَ بالحديدِ۔ لوہے کو لوہے پر مارا صَخَّ الصوتُ الاذنَ۔ آواز نے کان کو بہرہ کر دیا۔

## صخر

جَابُوا الصَّخْرَ تراشا پتھروں کو ۹-۸۹

فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ پھر وہ ہو کسی پتھر میں ۱۶-۳۱

اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ جب ہم نے جگہ پکڑی اس پتھر کے پاس ۶۳-۱۸

اَصْخَرَ المكانُ۔ كَثُرَ فيه الصَّخْرُ، صَخْرَةٌ۔ بڑا اور سخت پتھر۔ ج صُخُر، صُخُوْر، فلان صَخْرَةُ الوَادِي۔ فلاں ارادہ کا پکا ہے

## صدد

۱-۱ مِنْهُ صَدَّ عَنْهُ جو ہٹا رہا اس سے ۵۵-۴

(اعرض عن النبی)

۱-۱ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ اور روک دیا اس عورت کو ۴۳-۲۷

۱-۱ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ روک دیا ان کو رستہ سے ۲۴-۲۷

۱-۱ وَصَدُّوْا عَنْ بند کیا انہوں نے ۱۶۶-۴

۱-۱ اَنْ صَدُّوْكُمْ یہ کہ روکا انہوں نے تم کو ۳-۵

۱-۱ بِمَا صَدَدْتُّمْ تم نے روکا ۹۴-۱۶

۱-۱ اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ کیا ہم نے تم کو روکا۔ ۳۲-۳۴

۲-۱ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ اور روک دیا گیا صحیح رستہ سے ۳۷-۴۰

۲-۱ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ روک دئے گئے ہیں راہ سے ۳۵-۱۳

۳-۱ اَنْ يَّصُدَّكُمْ یہ کہ روک دے تم کو ۴۳-۳۴

۳-۱ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ ہٹتے ہیں تم سے ۶۱-۴

(یعرضون عنک)

۳-۱ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ رکتے ہیں ۵-۶۳

۳-۱ لِمَ تَصُدُّوْنَ کیوں روکتے ہو ۹۹-۳

(تصرفون)

۳-۱ اَنْ تَصُدُّوْنَا کہ روک دو ہم کو ۱۰-۱۴

۹-۱ فَلَا يَصُدَّنَّكَ (یصرفنک) سو کہیں نہ روک دے تم کو ۱۵-۲۰

۱-۹ وَلَا یَصُدَّنَّکُمُ الشَّیْطٰنُ نہ روکے تم کو شیطان ۴۳-۶۲

۱-۳ مِنْہُ یَصِدُّوْنَ چلانے لگتے ہیں ۴۳-۵۷

(یضجون فرحا)

۱-۱۲ وَصَدٌّ عَنْ روکنا اللہ کی راہ سے ۲-۲۱۷

۱-۲۲ وَبِصَدِّھِمْ اور اس وجہ سے کہ روکتے ہیں ۴-۱۵۸

۱-۲۲ صُدُوْدًا رک کر ۴-۶۱

۱-۲۲ بِمَآءٍ صَدِیْدٍ پانی پیپ کا ۱۴-۱۶

صَدَّ (یَصُدُّ صَدًّا) روکا، بند کیا صَدَّ (یَصِدُّ صَدًّا او صُدُوْدًا) اعراض کیا، اور دائل ہوا خا۔ صَادٌّ ج صُدَّاد۔ صَدَّ (یَصِدُّ صَدِیْدًا) بانگ کرد ونالید وزرد آب۔ تَصْدِیْۃٌ۔ تالی

# صدر

۱-۳ یَصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ہو پڑیں گے لوگ طرح طرح پر ۹۹-۶

(یصرفون من موقف الحساب)

۲-۳ حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَآءُ چرواہوں کے پھیر لے جانے تک ۲۸-۲۳

(یصرف)

شَرَحَ بِالْکُفْرِ صَدْرًا دل کھول کر منکر ہوا ۱۶-۱۰۶

یَشْرَحْ صَدْرَہٗ کھول دیتا ہے اس کے سینہ کو ۶-۱۲۵

ضَآئِقٌۢ بِہٖ صَدْرُکَ تنگ ہو نیوالا اس سے جی تیرا ۱۱-۱۲

یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا کرتا ہے اس کا سینہ ۶-۱۲۵

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ کیا نہیں کھولا ہم نے سینہ تیرا ۹۴-۱

بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ جو کچھ سینوں میں جہاں والوں کے ۲۹-۱۰

وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ اور جو چھپاتے ہیں سینے ۴۰-۱۹

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ دلوں کی بات ۵-۸

مَا تُخْفِیْ صُدُوْرُھُمْ جو کچھ مخفی کر رکھا ہے انکے سینوں نے ۳-۱۱۸

فِیْ صُدُوْرِکُمْ جو تمہارے سینوں میں ہے ۳-۲۹

صَدَرَ (یَصْدُرُ صُدُوْرًا) صادر ہوا۔ صَدَرَ (یَصْدِرُ صَدْرًا و مَصْدَرًا) عن المکان رجع عنہ۔ صَدَرَہٗ اس کو صدر مقرر کیا صَدْرٌ ہر چیز کا اول۔ صَدْرُ الْقَوْمِ رئیس ذَاتُ الصَّدْرِ سینہ کی ایک ورمی بیماری ہے جس میں تنفس تیز ہو جاتا ہے۔ صادر ہونا واقع ہونا صَدَّرَہٗ واسکٹ مَصْدَرٌ ج مَصَادِرُ۔ مَصْدُوْرٌ جس کو ذات الصدر ہو۔ بَنَاتُ الصَّدْرِ ھموم جِدَارٌ مُتَبَیِّنٌ مُصَدَّرٌ۔ بڑے سینہ والا انسان

# صدع

۳-۵ یَوْمَئِذٍ یَّصَّدَّعُوْنَ اس دن لوگ جدا جدا ہوں گے ۳۰-۴۳

(تساعم ہے، یتفرقون بعد الحساب الی الجنۃ والی النار)

۳-۴ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا جس سے سر نہ دکھے ۵۶-۱۹

۱-۱۱ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ سو کھول کر سنا دے جو تم کو حکم ہوا ہے ۱۵-۹۴

۱-۱۵ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا دب جاتا پھٹ جاتا ۵۹-۲۱

(متشققا)

۱-۲۲ ذَاتِ الصَّدْعِ پھوٹنے والی کی ۸۶-۱۲

صَدَعَ (یَصْدَعُ صَدْعًا) بالحق، تکلم بہ جہارًا۔ صَدَعَ الشیئَ شقہ، صُدِعَ، صُدَاعٌ، اصابہ الصداع، اسکو سر درد ہوئی صَادِعٌ۔ قاضی بین القوم۔ صَدْعٌ شق ج صُدُوْعٌ شگاف، فرقہ، گروہ۔

# صدف

۱-۱ صَدَفَ عَنْھَا اور اس سے کترایا ۶-۱۵۷

۱-۳ یَصْدِفُوْنَ کتراتے ہیں ۶-۱۵۷

۱-۳ ثُمَّ ھُمْ یَصْدِفُوْنَ پھر وہ کتراتے ہیں ۶-۴۶

بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ درمیان دو پھانک پہاڑوں کے ۱۸-۹۷

صَدَفَ (یَصْدِفُ صَدْفًا) عنہ اعرض عنہ و صَدَفَ۔ صَدَفَ (یَصْدِفُ صَدْفًا و صُدُوْفًا) انصرف ومال، تَصَدَّفَ تعرض، صَدَفٌ موتی کا غلاف واحد صَدَفَۃٌ ج اَصْدَافٌ صَدَفَۃُ الْاُذُنِ۔ کان کی بیرونی شکل صَدَفٌ، صُدُفٌ منقطع لجبل او ناحیتہ۔

# صدق

۱-۱ صَدَقَ اللّٰہُ سچ فرمایا اللہ تعالے نے ۳-۹۵

۱-۱ صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ سچ فرمایا اللہ نے اور اسکے رسول نے ۳۳-۲۲

۱-۱ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ سچ فرمایا تھا رسولوں نے ۳۶-۵۲

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | صَدَقَكُمُ اللّٰهُ | سچ کر چکا تم سے اللہ | ۱۵۲-۳ |
| ۱-۱ | صَدَقَنَا وَعْدَهٗ | سچ کیا ہم نے اپنا وعدہ | ۷۴-۳۹ |
| ۱-۱ | رِجَالٌ صَدَقُوْا | کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھایا | ۲۳-۳۳ |
| ۱-۱ | فَصَدَقَتْ | وہ عورت سچی ہے | ۲۶-۱۲ |
| ۱-۱ | اَصَدَقْتَ | کیا تو نے سچ کہا | ۲۷-۲۷ |
| ۱-۱ | اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا | تو نے ہم کو سچ کہا | ۱۱۶-۵ |
| ۱-۱ | صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ | پھر سچا کر دیا ہم نے ان سے وعدہ | ۹-۲۱ |
| ۳-۱ | صَدَّقَ عَلَيْهِمْ | سچ کر دکھلائی ابلیس نے | ۲۰-۳۴ |
| ۳-۱ | صَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ | سچ مانا مرسلوں کو | ۳۷-۳۷ |
| ۳-۱ | فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى | پھر نہ یقین کیا اور نہ نماز پڑھی | ۳۱-۷۵ |
| ۳-۱ | وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ | اور سچا مانا حکم | ۱۲-۶۶ |
| ۳-۱ | قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا | سچ کر دکھلایا تو نے خواب | ۱۰۵-۳۷ |
| ۵-۱ | فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ | پھر جس نے معاف کر دیا | ۴۵-۵ |
| ۵-۳ | اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا | مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں | ۹۲-۴ |
| ۵-۳ | وَاَنْ تَصَدَّقُوْا (ایک ت مدغم ہے) | اور اگر تم معاف کرو | ۲۸-۲ |
| ۵-۳ | فَاَصَّدَّقَ (ت مدغم ہے) | پھر میں خیرات کرتا | ۱۰-۶۳ |
| ۵-۹ | لَنَصَّدَّقَنَّ (ت مدغم ہے) | ضرور ہم خیرات کریں | ۷۶-۹ |
| ۵-۱۱ | وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا | اور خیرات کر ہم پہ | ۸۸-۱۲ |
| ۳-۳ | يُصَدِّقُنِيْٓ | میری تصدیق کرے | ۳۴-۲۸ |
| ۳-۳ | يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ | یقین کرتے ہیں | ۲۶-۷۰ |
| ۳-۳ | فَلَا تُصَدِّقُوْنَ | پھر کیوں یقین نہیں کرتے | ۵۷-۵۶ |
| ۱۵-۳ | مُصَدِّقٌ | سچا کرنے والا | ۸۹-۲ |
| ۱۵-۳ | مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ | تصدیق کرنے والا | ۴۱-۲ |
| ۱۵-۳ | مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ | گواہی دینے والا حکم | ۳۹-۳ |
| ۱۵-۵ | اِنَّ الْمُتَصَدِّقِيْنَ | خیرات کرنے والے مرد | ۳۵-۳۳ |
| ۱۵-۵ | يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ | جزا دیگا خیرات کرنیوالوں کو | ۸۸-۱۲ |
| ۱۵-۵ | اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ | خیرات کرنے والے | ۱۸-۵۷ |
| ۱۵-۵ | وَالْمُتَصَدِّقٰتِ | خیرات کرنے والی عورتیں | ۳۵-۳۳ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵-۵ | وَالْمُصَّدِّقٰتِ | خیرات کرنے والیاں | ۱۸-۵۷ |
| ۱۵-۱ | صَادِقَ الْوَعْدِ | وعدہ کا سچا | ۵۴-۱۹ |
| ۱۵-۱ | وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ | اور ہم سچے ہیں | ۱۴۶-۶ |
| ۱۵-۱ | الصّٰدِقُوْنَ | اور سچے ایمان والے | ۸-۵۹ |
| ۱۵-۱ | وَالصّٰدِقِيْنَ | اور سچے مرد | ۳۵-۳۳ |
| ۱۵-۱ | صٰدِقِيْنَ | سچے | ۲۳-۲ |
| ۱۵-۱ | وَالصّٰدِقٰتِ | سچ بولنے والی عورتیں | ۳۵-۳۳ |
| ۱۷-۱ | وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ | اور نہ کوئی دوست محبت کرنیوالا | ۱۰۱-۲۶ |
| ۱۷-۱ | اَوْ صَدِيْقِكُمْ | یا اپنے دوست کے گھر سے | ۶۱-۲۴ |
| ۱۹-۱ | اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ | اے سچے | ۴۶-۱۲ |
| ۱۹-۱ | صِدِّيْقًا نَّبِيًّا | سچا نبی | ۴۱-۱۹ |
| ۱۹-۱ | الصِّدِّيْقُوْنَ | اور سچے | ۱۹-۵۷ |
| ۱۹-۱ | وَالصِّدِّيْقِيْنَ | اور صدیق | ۶۹-۴ |
| ۱۹-۱ | وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ | اور اس کی ماں ولی ہے | ۷۵-۵ |
| ۲۱-۱ | وَمَنْ اَصْدَقُ | اور کون ہے بڑا سچا | ۸۷-۴ |
| ۲۲-۱ | قَدَمَ صِدْقٍ | پایا ہے سچا | ۲-۱۰ |
| | مَقْعَدِ صِدْقٍ | سچی بیٹھک ہیں | ۵۵-۵۴ |
| | لِسَانَ صِدْقٍ | زبان سچائی کی | ۸۴-۲۶ |
| | مُبَوَّاَ صِدْقٍ | پسندیدہ جگہ | ۹۳-۱۰ |
| | صِدْقًا وَّعَدْلًا | سچی اور انصاف کی | ۱۱۵-۶ |
| | كَذَّبَ بِالصِّدْقِ | جھٹلایا سچی بات کو | ۳۲-۳۹ |
| | بِصِدْقِهِمْ | ان کی سچائی کے بدلے | ۲۴-۳۳ |
| | تَصْدِيْقَ الَّذِيْ | تصدیق کرتا ہے | ۳۷-۱۰ |
| | اَوْ صَدَقَةٍ | اور صدقہ | ۱۹۶-۲ |
| | صَدَقٰتِكُمْ | اپنی خیرات | ۲۶۴-۲ |
| | اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ (الزکوٰۃ المفروضۃ) | بے شک زکوٰۃ | ۶۰-۹ |
| | صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً | مہران کے خوشی سے | ۴-۴ |

صَدَقَ (يَصْدُقُ صِدْقًا وَّمَصْدَقًا وَّتَصْدَاقًا) سچ بولا

صادقۃ ۔ صداقًا و مصادقۃ ۔ کان لہ صدیقًا ۔ تصدّق ۔ خیرات
کی ۔ صَدُقَۃ ۔ صَدُقَۃ ج اَصْدِقَۃ ۔ صُدُقَات ۔ حق مہر ۔ صِدْق
سچائی کے ساتھ محبت ۔ صَدُوق ج صُدُق ۔ ہمیشہ سچ بولنے والا ۔ صَدِیق
دوست ج اَصْدِقَاء و صُدْقَان ۔ صِدِّیق ج صِدِّیقُون ۔ مصداق
صِدِّیق کا لقب

## صدی

۳-۵ فَاَنْتَ لَہٗ تَصَدّٰی سو تو اس کی فکر میں ہے ۸۰-۶

(ت ، ملاغم ہے)

۲۲-۳ مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً سیٹیاں اور تالیاں ۸-۳۵

(تصفیقا)

صدّی (تصدیۃ) بیدہ ۔ صفّق ۔ تالی بجائی ۔ تصدّی لہٗ
اس کے سامنے آیا ۔ تعرّض ۔ صدِی (یصدٰی) صدًی ۔ سخت پیاسا
ہوا ۔ صدًی ۔ الو کی قسم کا ایک جانور ہے ۔ اس کو ہامہ بھی کہتے ہیں ۔
جاہلیت میں خیال تھا کہ مقتول کے سر کے پاس یہ جانور پیدا ہوتا ہے ۔ اور چیختا
ہے کہ میں پیاسا ہوں ، مجھے پلاؤ ، جب تک کہ خون کا بدلہ نہ لیا جاوے ہمیشہ چیختا
رہتا ہے صداء ۔ گونج ۔ انا صدیان لحسن بیشک میں تیری باتوں کا پیاسا ہوں

## صرح

اُدْخُلِي الصَّرْحَ اندر چل محل میں ۲۷-۴۴

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا بنا میرے واسطے ایک محل ۲۸-۳۸ ، ۴۰-۳۶

صرح ۔ بنائے عالی شان ج صُرُوح ۔ صَرُحَ (یَصْرُحُ) صَرَاحَۃ و
صُرُوحَۃ ۔ صراحت سے بیان کیا ۔ صارحہ ۔ جاہرہ ۔ کہا مصر (صراحًا)
(تصرّح الحق) بان ۔ صرح ۔ صُراح ۔ خالص ہر چیز ۔ صُراحی شراب
کا برتن ۔ فا ۔ صریح

## صرخ

۱۱-۳۰ يَسْتَصْرِخُهٗ (یستغیثہ) آج پھر اس سے فریاد کرتا ہے ۲۸-۱۸

۷-۳ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا اور وہ فریاد کے لیے چلائیں گے ۳۵-۳۷

(یستغیثون بشدۃ و عویلۃ)

۲-۵ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ نہیں میں تمہاری فریاد کو پہنچوں ۱۴-۲۲

(بمغیثکم)

۲-۵ مَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ نہ تم میری فریاد کو پہنچو ۱۴-۲۲

۱-۲۲ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ کوئی ان کی فریاد کو نہ پہنچے ۳۶-۴۳

صرخ (یصرُخ) صَرْخًا و صُراخًا ۔ چیخا چلایا ۔ صرخ القوم
اغاثہم و اعانہم ۔ اصرخہ ۔ اس کے پاس استغاثہ کیا ۔ صرّاخ ۔ زیادہ
چیخنے والا ۔ مور طاؤس ۔ صریخ ۔ مدعی اور فیصلہ کرنے والا ۔ فا ۔ صارخ
مرغ ج صُرّاخ

## صرر

۲-۱ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اور ضد کی اور غرور کیا ۷۱-۷

۲-۳ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا پھر ضد کرتا ہے غرور سے ۴۵-۸

۲-۳ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ اور وہ ضد کرتے تھے ۵۶-۴۶

۲-۵ وَلَمْ يُصِرُّوْا (یدیموا) اور نہیں اڑتے ۳-۱۳۵

۱-۲۲ فِيْهَا صِرٌّ (حر او برد) اس میں ہو پالا ۳-۱۱۷

بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ ٹھنڈی سناٹے کی ہوا ۶۹-۶

رِيْحًا صَرْصَرًا ہوا تند ۵۴-۱۹

(شدید الصوت)

فِيْ صَرَّةٍ (صیحۃ) بولتی ہوئی (نعرہ لگاتی ہوئی) ۵۱-۲۹

(۱) اَصَرَّ (یُصِرُّ) اِصْرَارًا ثابت قدم رہا اور ہمیشگی کی ، زیادہ تر گناہ کے لیے
یہ لفظ آتا ہے ۔ (صَرَّۃ) نعرہ (۲) صَرَّ (یَصِرُّ) صَرًّا و صَرِیرًا سخت
آواز باہر نکالا (۳) صَرَّ (یَصُرُّ) صَرًّا الصُرّۃ ۔ تھیلی میں درہم رکھے اور باندھا ۔
صُرّۃ ج صُرَر ۔ تھیلی ۔ صَرْصَر ۔ تیز آندھی ۔ صَرُوْرَۃ ۔ صَارُوْرَۃ جو کنواری
نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے ۔ اسی سے ہے لَا صَرُوْرَۃَ فِی الْاِسْلَامِ

## صرط

اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ سیدھا راستہ ۱-۵

(طریق ج صُرُط)

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ راستہ سیدھا ۳-۵۱

صِرَاطُ رَبِّكَ راستہ تیرے رب کا ۶-۱۲۶

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا سیدھا راستہ ۴-۶۸

صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ تیرا راستہ سیدھا ۷-۱۵

(الطریق الموصل الیک)

اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ راہ والے ۱۳۵-۲۰

صِرَاط۔ لمبی اور تیز دھار تلوار۔

## صرع

۱-۱۷ اَلْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى پچھڑ گئے ۷-۶۹

صَرَعَهٗ (يَصْرَعُ صَرْعًا و مَصْرَعًا) طَرَحَهٗ عَلَى الْاَرْضِ۔ صَارَعَهٗ (صِرَاعًا مُصَارَعَةً) کشتی میں اس کو پچھاڑ دیا۔ صَرْع۔ مرگی۔ مِصْرَعَةٌ آدھا شعر۔ آدھا دروازہ کھلا اور آدھا بند ج مَصَارِيع۔ صَرِيع ج صَرْعٰى بمعنی مَصْرُوْع

## صرف

۱-۱ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ پھیر دئے اللہ نے ۹-۱۲۸

۱-۱ فَصَرَفَ عَنْهُ دفع کیا اس سے ۱۲-۳۴

۱-۱ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ تم کو الٹ دیا ان پر سے ۳-۱۵۲

(كفكم عنهم وردكم بالهزيمة)

۱-۱ وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَيْكَ اور جب متوجہ کر دئے ہمنے تیری طرف ۴۷-۲۹

۱-۳ صَرَّفْنَا فِيْهِ پھیر پھیر کر سنائی ہمنے ۲۰-۱۱۳

۱-۳ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ پھیر پھیر کر سمجھائی ہم نے ۱۸-۵۴

۱-۸ ثُمَّ انْصَرَفُوْا پھر پھر گئے ۹-۱۲۸

۱-۳ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ پھیری جاویں گی انکی نگاہیں ۷-۴۶

۱-۳ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ اور بچا دیتا ہے جس سے چاہے ۲۴-۴۳

۱-۳ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ اگر نہ دفع کرے گا تو مجھ سے ۱۲-۳۳

۱-۳ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ میں بھی پھیرونگا اپنی آیتوں سے ۷-۱۴۵

۱-۳ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ تاکہ ہٹا ئیں ہم اس سے ۱۲-۲۴

۲-۳ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ سمجھاتے ہیں ہم آئتیں ۶-۶۵

(نبین)

۱-۴ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ جس سے ٹال دیا گیا ۶-۱۶

۱-۴ فَاَنّٰى يُصْرَفُوْنَ کہاں سے پھیرے جاتے ہیں ۴۰-۶۹

۱-۴ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ کہاں سے پھیرے جاتے ہیں ۱۰-۳۲

۱-۱۱ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا اے رب ہمارے ہٹا ہم سے ۲۵-۶۵

لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ (مدفوعا) نہ پھیرا جائے گا ان سے ۱۱-۸

۱-۱۸ عَنْهَا مَصْرِفًا اس سے کوئی راستہ ۱۸-۵۳

(مكانا ينصرفون اليه)

۱-۲۲ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا لوٹا سکتے اور نہ مدد کر سکتے ہو ۲۵-۱۹

۲۲-۳ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اور ہواؤں کے بدلنے میں ۲-۱۶۴

(تقلیبها شمالا وجنوبا. شرقا وغربا. حرا وبردا)

صَرَفَهٗ (يَصْرِفُ صَرْفًا) رَدَّهٗ وَدَفَعَهٗ۔ صَرَفَ الْمَالَ خرچ کیا صَرَفَ الشَّيْءَ، بَاعَهٗ، صَرَفَهٗ۔ بَادَلَهٗ، تَصَرَّفَ فِی الْاَمْرِ، انْصَرَفَ الرَّجُلُ۔ رک گیا۔ علم صرف۔ جس میں صیغوں کے تغیر و تبدل کے قواعد ہیں۔ صِرف خالص۔ ایک چیز۔ صَرْفَان۔ رات۔ دن صِرَافَہ پیشہ صرافی۔ صریف۔ خالص چاندی۔ صَرَّاف۔ بیّاع النقود اور ماہر علم الصرف۔ متصرف۔ بادشاہی کے ایک حصہ پر حکمرانی کرنیوالا

## صرم

۹-۱ لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ اس کا میوہ توڑیں گے صبح ہوتے ۶۸-۱۸

(ليقطعون ثمرها)

۱-۱۵ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ اگر تم توڑنے والے ہو ۶۸-۲۲

(قاطعين)

۱-۱۷ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ صبح تک ہو چکا جیسے ٹوٹ چکا ۶۸-۲۰

(كالليل الشديدة الظلمة السوداء)

صَرَمَهٗ (يَصْرِمُ صَرْمًا) قطعه، صَرَمَ فلانًا، هجره، اِنْصَرَمَ اِنْقَطَعَ، صَرِيْم، مَقْطُوْع یا ایسا سیاہ زمین جہاں پیداوار نہ ہو۔ صَرِيْمَةٌ رات کا ایک حصہ اِنْصَرَمَ الرَّجُلُ۔ آدمی سخت غریب ہو گیا۔

## صعد

۱-۳ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ اس کی طرف چڑھتا ہے کلمہ ستھرا ۳۵-۱۰

۲-۳ اِذْ تُصْعِدُوْنَ جب تم چڑھے چلے جاتے تھے ۳-۱۵۳

(تبعدون فی الارض هاربين)

۵-۳ يَصَّعَّدُ فِی السَّمَآءِ زور سے چڑھتا ہے آسمان میں ۶-۱۲۵

(ت، مدغم ہے)

۱-۱۷ صَعِيْدًا طَيِّبًا مٹی پاک کا ۴-۴۳

(ترابا طاهرا)

۱-۱۷ صَعِيدًا جُرُزًا (ارفتادہ) میدان چھانٹ کر ۱۸-۸

۱-۱۷ صَعِيدًا زَلَقًا میدان صاف ۱۸-۴۱

۱-۲۲ عَذَابًا صَعَدًا (ارشاقا) چڑھتے عذاب میں ۷۲-۱۷

سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۷۴-۱۷

(مشقة من العذاب او جبل من النار)

صَعِدَ يَصْعَدُ صُعُودًا وَصَعْدًا فی السُّلّم وصعد على الجبل چڑھا اَصْعَدَ فِي الْأَرْضِ ذَهَبَ مِنْ أَرْضٍ إِلَى أَعْلَى مِنْهَا اَصْعَدَ إِلَى مَكَّةَ ذَهَبَ، صَعِيد، مٹی، یا قبر، یا راستہ، جو کہ زمین سے بلند ہو، ج صُعُد، صُعُدَات، صُعْدَان، صُعُود۔ عیسائیوں کے نزدیک، وہ دن کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے صُعُود، ضد الھبوط۔ صَعُود۔ مشکل گھاٹی

# صعر

۱-۲۱ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ اور نہ پھلا اپنا گال ۳۱-۱۸

(ولا تمل وجهك عنهم تكبرا)

صَعِرَ يَصْعَرُ صَعَرًا وجهه مال الى احد الشقين، صَعَّرَ صَاعَرَ، اَصْعَرَ۔ تکبر سے روگردانی کی۔ صَعَّار متکبر

# صعق

۱-۱ صَعِقَ مَنْ (مات) بے ہوش ہو جاوے ۳۹-۶۸

۲-۴ فِيهِ يُصْعَقُونَ ان پر بجلی کی کڑک پڑے گی ۵۲-۴۵

(یموتون)

۱-۱۹ خَرَّ مُوسَىٰ صَعِقًا گرا موسیٰ بے ہوش ہو کر ۷-۱۴۳

(مغشیا علیه لهول ما رای)

۱-۱۵ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ ایک سخت عذاب جیسے کہ عذاب آیا ۴۱-۱۳

۱-۱۵ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ (الموت) آلیا ان کو بجلی نے ۴-۱۵۳

۱-۱۵ فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ آلیا تم کو بجلی نے ۲-۵۵

(الصيحة)

۱-۱۵ يُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ اور بھیجتا ہے کڑک بجلیاں ۱۳-۱۳

۱-۱۵ مِنَ الصَّوَاعِقِ مارے کڑک کے ۲-۱۹

(من شدة صوت الرعد)

صَعِقَ يَصْعَقُ صَاعِقَةً (السماء) القوم، آسمان نے قوم پر بجلی گرائی صَعِقَ يَصْعَقُ صَعْقًا وَصَعَقًا و صَعْقَةً (الرعد) بجلی سخت کڑکی یا سخت آواز سن کر اس کی عقل جاتی رہی، یا کہ غشی آگئی۔ مَصْعُوق جس پر اچانک موت آجائے صَعِقَ، مَاتَ۔ صَعْق، موت، صَعِقَ الثَّوْرُ بیل بلند آواز سے بولا، خار۔

# صغر

۱-۱۵ وَهُمْ صَاغِرُونَ اور وہ ذلیل ہوں ۹-۲۹

۱-۱۵ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ لوٹ گئے ذلیل ہو کر ۷-۱۱۸

۱-۱۵ مِنَ الصَّاغِرِينَ ذلیلوں سے (شیطان) ۷-۱۳

(ذلیلین)

۱-۱۷ صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا چھوٹا بڑا ۲-۲۸۲

(ج صغار، صغراء)

۱-۱۷ كُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ ہر چھوٹی و بڑی ۵۴-۵۳

۱-۱۷ رَبَّيَانِي صَغِيرًا ان دونوں نے مجھے چھوٹا سا پالا ۱۷-۲۴

۱-۱۷ صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً نہ چھوٹا اور نہ بڑا ۱۸-۴۹

۱-۲۱ وَلَا أَصْغَرَ اور نہ بہت چھوٹا ۱۰-۶۱

۱-۲۴ وَلَا أَصْغَرُ اور نہ بہت چھوٹا ۳۴-۳

۱-۲۲ صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ (ذل) ذلت اللہ کے ہاں ۶-۱۲۴

(ا) صَغِرَ يَصْغَرُ وَصَغُرَ يَصْغُرُ صِغَرًا وَصَغَارَةً وَصَغَرًا و صُغْرَانًا) صَغِرَ يَصْغَرُ صَغَرًا وَصُغْرًا وَصَغَارًا وَصَغَارَةً و صُغْرَانًا) چھوٹا ہوا۔ ذلّ وهان۔ اَصْغَرَان۔ دل و زبان صَغُرَتِ الشمس ڈوبنے لگا۔ صَغَار ضد العظم۔ اَصْغَرَ الْقَوْمَ۔ ذلیل اولاد قوم نے جنی المرء باصغريه۔ آدمی دل اور زبان کے ساتھ ہے

# صغو

۱-۱ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا جھک پڑے ہیں دل تمہارے ۶۶-۴

(مالت)

وَلِتَصْغَىٰ إِلَيْهِ (تميل) اور اس لئے کہ مائل ہوں ۶-۱۱۳

صَغَا يَصْغُو صَغِيَ يَصْغَىٰ، صَغِيَ يَصْغَىٰ صَغًى وَصُغِيًّا إليه مال، صَغَتِ الشَّمْسُ ڈوبنے لگا اَصْغَىٰ حَقَّهُ اس کا حق دبایا

## صفح

۱-۱۱ وَلْيَصْفَحُوا اور چاہیئے کہ درگزر کریں ۲۴-۲۲

۱-۲۰ وَتَصْفَحُوا اور درگزر کرو ۶۴-۱۴

۱-۱۱ وَاصْفَحْ اور درگزر کر ۵-۱۴

۱-۱۱ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ کنارہ کر اچھی طرح کنارہ کرنا ۱۵-۸۵

۱-۱۱ وَاصْفَحُوا اور خیال میں نہ لاؤ ۲-۱۰۹

۱-۲۲ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ موڑ کر اس سبب سے ۴۳-۵

صَفَحَ (يَصْفَحُ صَفْحًا) السَّائِلَ، رَدَّهٗ، صَفْحٌ۔ جانب، کرانہ از ہر چیز صَفْحٌ مِنَ الْوَجْهِ۔ الخد، صَفْحٌ مِنَ الْاِنْسَانِ، جَنْبُهٗ صَفْحَةٌ مِنَ الْكِتَابِ ج صَفَحَات، مُصَافَحَةٌ۔ ایک دوسرے کے ساتھ ہاتھ ملانا مُصَافَحٌ منافق تَصَافَحَتْ اَجْفَانُہٗ (پلکیں ملیں کہ سو گیا۔ صَفَّاحٌ۔ بڑا قتل کرنے والا۔ عباسیہ خاندان کا پہلا خلیفہ یا بڑا معاف

## صفد

۱۶-۳ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ باہم جکڑے ہوئے زنجیروں ۱۴-۴۹ / ۳۸-۳۸

(القیود او الاغلال) یا بیڑیوں میں

صَفَدَهٗ (يَصْفِدُ صَفْدًا (صُفُوْدًا و صَفَّدَهٗ) بِالْحَدِيْدِ اَوْثَقَهٗ وَقَيَّدَهٗ۔ صِفَادٌ۔ وہ زنجیر یا رسہ جس سے ملزم قید کیا جائے اور مشکیں کسی جاویں ج اصفاد۔

## صفر

۱-۱۵ صَفْرَاءُ زرد رنگ والی ۲-۶۹

۱-۱۵ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ اونٹ جیسے زرد رنگ والے ۷۷-۳۳

(واحد اصفر)

۱۶-۹ مُصْفَرًّا زرد پڑی ہوئی ۳۰-۵۱

(۱) صَفَّرَ الشَّیْءَ۔ زرد بنایا صَفَّرَ الثَّوْبَ۔ زرد رنگ دیا (۲) صَفِرَ (يَصْفَرُ صَفَرًا (صُفُوْرًا و صُفُوْرَةً) الْاِنَاءُ۔ خالی ہوا (۳) صَفَرَ (يَصْفِرُ صَفِيْرًا) سیٹی بجائی۔ صَفَرٌ۔ یرقان۔ صُفْرَةٌ۔ کھٹا رنگ صُفَارٌ پیٹ کا زرد پانی۔ اَصْفَرُ م۔ صَفْرَاءُ ۔ ع صُفْرٌ۔ زرد رنگ والا اَلصَّفْرَاءُ بدن انسان میں چوتھی خلط جس کے غلبہ سے رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ صِفْرٌ۔ خالی، حساب دانوں کے نزدیک ایک نقطہ کو کہتے ہیں۔ جو کہ رقموں کو دس گنا بنا دیتا ہے۔ صِفْرٌ ج اَصْفَارٌ۔ صَفْرَان۔ خالی صِفْرُ الْبَیْتِ ج صَفَارِیْت۔ خالی ہاتھ آدمی۔ فقیر۔ صَفِرَ وِطَابُہٗ اس کی تھیلی خالی ہو گئی (مر گیا) هُوَ صِفْرُ الْيَدِ۔ خالی ہاتھ۔ صَفَرَ الدَّابَّةَ۔ جانور کو پانی پلانے کی آواز دی۔ صَفَّارٌ۔ سیٹی بجانے والا۔ اور بنانے والا صَفَّارَةٌ سیٹی۔ مَا فِي الدَّارِ صَافِرٌ۔ گھر میں کوئی نہیں ہے۔ صَفَرٌ عربی سنہ کا دوسرا مہینہ ج اَصْفَارٌ۔ صَفَرَان

## صف

۱-۱۵ اِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ہم ہی ہیں صف باندھنے والے ۳۷-۱۶۵

۱-۱۵ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا قسم صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر ۳۷-۱

۱-۱۵ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ پر کھولے ہوئے ۶۷-۱۹

(باسطات اجنحتہن)

۱-۱۵ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ اور جانور پر کھولے ہوئے ۲۴-۴۱

۱-۱۵ عَلَيْهَا صَوَآفَّ (ج صافۃ) قطار باندھ کر ۲۲-۳۶

۱-۱۶ سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ تخت قطاروں میں بچھے ہوئے ۵۲-۲۰

۱-۱۶ وَنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ اور غالیچے برابر بچھے ہوئے ۸۸-۱۵

۱-۲۲ صَفًّا صَفًّا قطار قطار ۸۹-۲۲

۱-۲۲ صَفْصَفًا لَا تَرٰى صاف میدان ۲۰-۱۰۶

(مستویا)

صَفَّ (يَصُفُّ صَفًّا و صَفَّفَ) سیدھی قطار کی صَفَّ الطَّيْرُ (اڑان میں جانوروں نے پیروں کو سیدھا قطار کی طرح کر دیا) صَافٌّ مِنَ الْاِبِلِ۔ اونٹ پاؤں کو قطار میں کرنے والا ج صَافَّاتٌ صَوَافٌّ، صَفِيْفٌ جو دھوپ میں خشک کرنے کے لئے بچھایا جاوے اَصْحَابِ صُفَّةٍ بعض اس کو صوف میں لاتے ہیں۔ صَفْصَفَ الرَّجُلُ۔ آدمی صف میں ہو گیا صَفْصَفٌ۔ میدان

## صفن

۱-۱۵ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ گھوڑے بہت خاصے ۳۸-۳۱

(ج صافنہ)

صَفَنَ (يَصْفِنُ صُفُوْنًا) الْفَرَسُ۔ گھوڑا تین پاؤں پر کھڑا ہوا[1] صَفَنَ

---

[1] اگلا دہنا بازو باندھا جائے اور باقی تین پر کھڑا کیا جائے۔ اور نحر کیا جائے

الرجل۔ صف قدمیہ۔ صَفَنٌ خصیہ کی تھیلی ج صُفَنٌ۔ صَافِنٌ
پنڈلی کے نیچے ایک رگ ہے۔ جس کی فصد لیتے ہیں صَافِنٌ مِنَ الْخَیْلِ
ج صافنات، صَوَافِن، صُفُون۔

## صفو

۲-۱ اَفَاَصْفٰکُمْ (اخلص) چن کر دے تم کو ۱۷-۴۰
۷-۱ اِصْطَفٰی لَکُمُ الدِّیْنَ چن کر دیا ہے تم کو ۲-۱۳۲
۷-۱ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی اٰدَمَ اللہ نے پسند کیا ۳-۳۳
(اختار)
۷-۱ اَصْطَفَی الْبَنَاتِ کیا اس نے پسند کی لڑکیاں ۳۷-۱۵۳
۷-۱ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰہُ پسند فرمایا اس کو ۲-۲۴۷
(اختارہ للملک)
۷-۱ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰکِ اللہ نے پسند کیا تجھ کو (عورت) ۳-۴۲
(اختارکِ)
۷-۱ اِنِّی اصْطَفَیْتُکَ میں نے امتیاز دیا تجھ کو ۷-۱۴۴
۷-۱ اصْطَفَیْنَا چن لیا ہم نے ۳۵-۳۲
۷-۱ اِصْطَفَیْنٰہُ (اخترناہ) اسے منتخب کیا ہم نے ۲-۱۳۰
۷-۳ اَللّٰہُ یَصْطَفِیْ اللہ تعالیٰ چھانٹ لیتا ہے ۲۲-۷۵
۷-۱۶ لَمِنَ الْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارِ چنے ہوئے نیک لوگوں میں ۳۸-۴۷
(المختارین)
۳-۱۶ مِنْ عَسَلٍ مُّصَفًّی شہد جھاگ اتارا ہوا ۴۷-۱۵
اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ بیشک صفا اور مروہ (پہاڑیاں) ۲-۱۵۸
صَفْوَانٍ (واحد صفوانۃ) صاف پتھر ۲-۲۶۴
(الحجر الصلد الضخم)

صَفَا (یَصْفُو صَفْوًا وَصَفَاءً وَصُفُوًّا) صاف کیا، چنا۔ پسند کیا
صَافِی رقم۔ باقی رقم۔ صَافِیَۃٌ۔ وہ زمین جس کے مالک مر گئے یا جلا وطن
ہوئے، اور وارث باقی نہ چھوڑ گئے ج صَوَافِی۔ اِصْطِفَاءٌ چننا۔ اَلْمُصْطَفٰی
المختار۔ صفیۃ۔ مال غنیمت کا وہ حصہ جسے رئیس اپنے لئے پسند کرے
صَفِیَّۃ زوجہ رسول اللہ صلعم، اور پھوپھی رسول اللہ صلعم یوم صافٍ
جس دن بادل نہ ہو۔

## صکّ

۱-۱ فَصَکَّتْ وَجْہَہَا پیٹا اس عورت نے اپنا ماتھا ۵۱-۲۹
(لطمت)
صَکَّہ (یَصُکُّہ صَکًّا) ضرب بشئ بیدا، صکّ الباب۔ دروازہ بند کیا

## صلب

۱-۱ وَمَا صَلَبُوْہُ اور نہ اسے سولی پر چڑھایا ۴-۱۵۶
۳-۹ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّکُمْ پھر میں ضرور تم کو سولی پر چڑھاؤں گا ۷-۱۲۴
۴-۱ فَیُصْلَبُ سو وہ سولی دیا جاوے گا ۱۲-۴۱
۳-۴ اَوْ یُصَلَّبُوْا یا کہ وہ سولی پر چڑھائے جاویں ۵-۳۳
بَیْنِ الصُّلْبِ پیٹھ کے بیچ سے ۸۶-۷
مِنْ اَصْلَابِکُمْ تمہاری پشتوں سے ۴-۲۳

صَلَبَہ (یَصْلِبُہ صَلْبًا) اسے سولی پر چڑھایا۔ صَلَبَ اللَّحْمَ
شَوَاہُ۔ صَلَبَتْہُ الشَّمْسُ اسے سورج کی گرمی نے جلایا۔ صَلُبَ
صُلْبٌ ریڑھ کی ہڈی ج صِلَبَۃٌ، اَصْلَابٌ۔ صَلِیْبٌ + شکل کو
کہتے ہیں ج صُلْبَانٌ، صُلُبٌ

## صلح

۱-۱ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اور جو کوئی کہ نیک ہوا
۲-۱ فَاَصْلَحَ بَیْنَہُمْ باہم صلح کرا دے ۲-۱۸۲
۲-۱ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا توبہ کریں اور اصلاح کریں ۴-۱۶
۲-۱ وَاَصْلَحُوْا انہوں نے نیک کام کئے ۲-۱۶۰
۲-۱ وَاَصْلَحْنَا لَہٗ زَوْجَہٗ اور اچھا کر دیا ہم نے اس کی عورت کو ۲۱-۹۰
۲-۳ لَا یُصْلِحُ نہیں سنوارتا ۱۰-۸۱
۲-۳ وَیُصْلِحُ بَالَہُمْ سنوارے گا ان کا حال ۴۷-۵
۲-۳ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَہُمَا آپس میں اصلاح کریں ۴-۱۲۸
۲-۳ یُصْلِحُوْنَ اصلاح کرتے ۲۶-۱۵۲
۲-۳ وَتُصْلِحُوْا اور یہ کہ اصلاح کرو ۲-۲۲۴
۲-۱۱ وَاَصْلِحْ اور اصلاح کرتے رہنا ۷-۱۴۲
۲-۱۱ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اور دے مجھ کو نیک اولاد میری ۴۶-۱۵
۲-۱۱ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ صلح کرو آپس میں ۸-۱

۱-۱۵ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ — نیک بخت ایمان والے — ۶۶-۴
۱-۱۵ عَمَلٌ صَالِحٌ — نیک عمل — ۱۲۱-۹
۱-۱۵ عَمِلَ صَالِحًا — نیک عمل کیا — ۶۲-۲
۱-۱۵ عَمَلًا صَالِحًا — نیک اعمال — ۱۰۳-۹
۱-۱۵ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ — اور نیک کام — ۱۰-۳۵
اَخَاهُمْ صَالِحًا — انکے بھائی صالح علیہم السلام کو — ۷۳-۷
۱-۱۵ لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا (سویا) — اگر دے ہم کو چنگا بھلا — ۱۸۹-۷
۱-۱۵ صَالِحَيْنِ — دو نیک مرد مراد نوحؑ، لوطؑ — ۱۰-۶۶
۱-۱۵ مِنْهُمُ الصَّالِحُوْنَ — ان میں بعض نیک بخت ہیں — ۱۶۸-۷
۱-۱۵ لَمِنَ الصَّالِحِيْنَ — البتہ نیکوں میں — ۱۳۲-۲
۱-۱۵ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ — پھر جو نیک عورتیں ہیں تابعدار ہیں — ۳۴-۴
۱-۱۵ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ — اور باقی رہنے والی نیکیوں کا — ۴۶-۱۸
۱-۱۵ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — کام کئے نیک — ۲۵-۲
۲-۱۵ مِنَ الْمُصْلِحِ — سنوارنے والے سے — ۲۲۰-۲
۲-۱۵ نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ — ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں — ۱۱-۲
۲-۱۵ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ — صلح کرا دینے والوں سے — ۱۹-۲۸
۱-۲۲ صُلْحًا — صلح کی — ۱۲۸-۴
۱-۲۲ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ — اور صلح ہی بہتر ہے — ۱۲۸-۴
۱-۲۲ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ — سنوارنا ان کے کام کا — ۲۲۰-۲
۲-۲۲ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ — یا صلح کرانے کو — ۱۱۴-۴
۲-۲۲ اِنْ اَرَادُوْا اِصْلَاحًا — اگر چاہیں سلوک سے رہنا — ۲۲۸-۲
۲-۲۲ اِلَّا الْاِصْلَاحَ — مگر سنوارنا — ۸۸-۱۱
۲-۲۲ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا — اس کی اصلاح کے بعد — ۵۵-۷

صَلَحَ يَصْلَحُ وَصَلُحَ يَصْلُحُ صَلَاحًا وَصُلُوْحًا وَصَلَاحِيَةً ضد. فَسَدَ، صَالَحَهُ صِلَاحًا وَمُصَالَحَةً اس کو اپنے موافق کیا ضد صُلْحٌ - سِلْمٌ اِصْطِلَاحٌ - عرف خاص ج اِصْطِلَاحَات صَالِحٌ - صَالِحُوْنَ، صُلَّاحٌ، صَالِحَةٌ ج صُلَّحَاءُ، مَصْلَحَتٌ

۱؎ کہ مال کو تجارت میں لگا دے تا کہ زکوٰۃ اس کو کھا نہ جائے۔

ج مَصَالِحُ - بہتری۔

## صلد

فَتَرَكَهُ صَلْدًا — چھوڑ دے اس کو بالکل صاف — ۲۶۴-۲

(الصلب الاملس)

صَلَدَتْ (ن ض) يَصْلِدُ صُلُوْدًا الارض، صَلُبَتْ (ک) صَلَدَ يَصْلُدُ صَلَادَةً وَصَلَدًا، بخل۔ صَلْدٌ۔ وہ زمین جس پر کچھ نہ اگے ج اَصْلَادٌ - صَلَدَ الزَّنْدُ۔ چقماق نے آواز تو دیا مگر آگ نہ دی۔ صَالِدٌ وہ چقماق جو کہ آگ نہ دے صَلُوْدٌ بخیل۔ رَأْسٌ صَلْدٌ۔ گنجا سر۔

## صلل

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ — بجنے والی مٹی سے — ۲۶-۱۵

(طین یابس تسمع له صوتا اذا نقر)

صَلْصَالٌ - خشک مٹی جو کہ لوہے کی طرح آواز دے - صُلْصُلَةٌ - باقی ماندہ آب در حوض۔

## صلو

۱-۳ وَلَا صَلّٰى — نہ نماز پڑھی — ۳۱-۷۵
۳-۳ يُصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ — نماز میں حجرے کے اندر — ۳۹-۳
۵-۳ لَمْ يُصَلُّوْا — جنہوں نے نماز نہیں پڑھی — ۱۰۱-۴
۱۱-۳ فَلْيُصَلُّوْا — پھر چاہئے کہ نماز پڑھیں — ۱۰۱-۴
۱۱-۳ فَصَلِّ لِرَبِّكَ — سو نماز پڑھ اپنے رب کے آگے — ۲-۱۰۸
۲۲-۳ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ — قائم رکھو نماز — ۴۳-۲
۲۲-۳ صَلٰوةِ الْعِشَاۗءِ — عشا کی نماز کے بعد — ۵۸-۲۴
۲۲-۳ صَلٰوةِ الْفَجْرِ — صبح کی نماز سے پہلے — ۵۸-۲۴
۲۲-۳ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى — بیچ والی نماز سے — ۲۳۸-۲
۲۲-۳ اَصَلٰوتُكَ — کیا تیری نماز (شعیبؑ کی) — ۸۶-۱۱
۲۲-۳ اِنَّ صَلَاتِيْ — بے شک میری نماز — ۱۶۲-۶
۲۲-۳ صَلَاتُهُمْ — ان کی نماز — ۳۵-۸
۲۲-۳ عَلٰى صَلَاتِهِمْ — اپنی نمازوں پر — ۲۳-۷۰
۲۲-۳ عَلَى الصَّلَوٰتِ — سب نمازوں پر — ۲۳۸-۲

۲۲-۳ عَلٰی صَلَوَاتِهِمْ — اپنی سب نمازوں پر — ۹-۲۳
۱۵-۳ اِلَّا الْمُصَلِّیْنَ — مگر نمازی لوگ — ۲۲-۷۰
۱۵-۳ فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ — سو خرابی ہے ان نمازیوں کیلیے — ۴-۱۰۷
۱۸-۳ مَقَامِ اِبْرَاهِیْمَ مُصَلًّی — ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو جگہ نماز کی — ۱۲۵-۲
۳-۲ هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ — وہی ہے جو کہ رحمت بھیجتا ہے تم پر — ۴۳-۳۳
(یرحمکم)
۳-۴ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ — رحمت بھیجتے ہیں نبی پر — ۵۶-۳۳
(اللہ والملائکہ)
۱۱-۳ صَلِّ عَلَیْهِمْ — اور دعا دے ان کو — ۱۰۳-۹
(ادع لھم)
۱۱-۳ صَلُّوْا عَلَیْهِ — رحمت بھیجو — ۵۶-۳۳
۱۳-۳ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ — اور نماز جنازہ نہ پڑھ کسی پر — ۸۵-۹
(جنازہ)
۲۲-۳ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ — بیشک تیری دعا انکے لیے تسکین ہے — ۱۰۳-۹
۲۲-۳ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ — ان پر عنایتیں ہیں اپنے رب سے — ۱۵۷-۲
وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ — اور دعائیں ہیں رسول کی — ۹۹-۹
(دعوات)
وَبِیَعٌ وَّصَلَوٰتٌ — اور عبادت خانے — ۴۰-۲۲
(کنائس الیہود)

صَلَا (یَصْلُوْ صَلْوًا) پیٹھ پر مار کی، یا پیٹھ کے درمیان تکلیف پہنچی۔ صَلٰوۃٌ۔ دعا و اقام الصَّلٰوۃَ، صلی اللہ علیہ، بارک علیہ الصَّلٰوۃُ الانقطاع العقل الی اللہ۔ تاکہ تسبیح، دعا، مدد، طلب، سجدہ کریں الصَّلٰوۃُ من اللہ رحمۃ۔ مُصَلِّیْ۔ نمازگزار مُصَلًّی۔ موضع نماز۔

## صلی

۱-۳ وَیَصْلٰی سَعِیْرًا — اور پڑے گا آگ میں — ۱۲-۸۴
۱-۳ یَصْلَی النَّارَ الْكُبْرٰی — داخل ہوگا بڑی آگ میں — ۱۲-۸۷
۱-۳ سَیَصْلٰی نَارًا — ابھی پڑے گا آگ میں — ۳-۱۱۱
۱-۳ یَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا — داخل ہوگا اپنی برائی سن کر — ۱۸-۱۷
۱-۳ جَهَنَّمَ یَصْلَوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ — جہنم ہے اس میں داخل ہونگے — ۲۹-۱۴

۱-۳ وَسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا — اور عنقریب داخل ہونگے آگ میں — ۱۰-۴
(یدخلون)
۱-۳ تَصْلٰی نَارًا حَامِیَةً — داخل ہوگی گرم آگ میں — ۴-۸۸
۲-۳ سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ — ابھی ڈالونگا میں اسکو آگ میں — ۲۶-۷۴
(ادخلہ)
۲-۳ نُصْلِیْهِمْ نَارًا — ہم اسے داخل کریں گے — ۵۵-۴
(ندخلہ)
۲-۳ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ — ہم اسے جہنم میں داخل کریں گے — ۱۱۴-۴
۷-۳ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ — تاکہ تم سینکو — ۷-۲۷
(تستدفئون من البرد) (ت کی جگہ ط آئی ہے)
۱-۱۱ اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ — داخل ہو اس میں آج کے دن — ۶۴-۳۶
۴-۱۱ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ — آگ کے ڈھیر میں اسے ڈالو — ۳۱-۶۹
(ادخلوہ)
۱-۱۵ مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِیْمِ — جو داخل ہونے والا ہے دوزخ میں — ۱۶۳-۳۷
۱-۱۵ لَصَالُوا الْجَحِیْمِ — گرنے والے ہیں دوزخ میں — ۱۶-۸۳
۱-۱۵ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ — گھسنے والے آگ میں — ۵۸-۳۸
۱-۲۲ اَوْلٰی بِهَا صِلِیًّا — بہت قابل ہیں اس میں داخل ہونے کے — ۷۰-۱۹
۳-۲۲ وَتَصْلِیَةُ جَحِیْمٍ — اور ڈالنا آگ میں — ۹۴-۵۶

صَلٰی (یَصْلِیْ صَلْیًا) اللحمَ شَوَاہُ۔ صَلِیَ (یَصْلٰی صَلًی و صُلِیًّا) النارَ۔ آگ میں جل گیا۔ قیاس کیا۔ صِلًی۔ بڑی آگ۔ ایندھن۔ بھوننا جلانا۔ لا تُصْطَلٰی بنارِہٖ۔ اس کا مقابلہ نہیں ہو سکتا۔

## صمت

۱-۱۵ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ — یا کہ تم چپکے رہو — ۱۹۳-۷

صَمَتَ (یَصْمُتُ صَمْتًا و صُمُوْتًا و صُمَاتًا) سکت، صُمات سکوت، مالٌ صامتٌ۔ سونا چاندی، مال ناطق۔ حیوان مالہ ناطقٌ ولا صامتٌ۔ اس کے نہ مویشی ہیں اور نہ زر۔ اَصْمَتَ العلیلُ مریض کی زبان بند ہوگئی۔

## صمد

۱-۱۹ اَللّٰهُ الصَّمَدُ — اللہ بے نیاز ہے — ۲-۱۱۲

صَمَدَ (یَصْمُدُ) صَمْدًا او صَمَدَ فُلَانًا ولہ والیہ: قصدہٗ، صَمَدٌ کا اعتمادکا، صَمَدٌ ج اَصْمَادٌ، صِمَادٌ۔ المکانُ المرتفع ۔ بے نیاز رفیع صَمَدٌ۔ وہ مقصود سردار جس کے بغیر کسی کام کا فیصلہ نہ کیا جا سکے کہ جس میں جوف نہ ہو۔ وہ آدمی کہ جس کو لڑائی میں بھوک اور پیاس نہ لگے یہ اسم رفیع من الاسماء الحسنٰی

## صمع

لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ — البتہ ڈھائے جاتے تکیے — ۲۲-۴۰

(واحد صَوْمَعَۃٌ) صَوْمَعَ الشَّیْءَ: جمعہٗ، صَوْمَعَ البناءَ علّاہٗ۔ صَوْمَعَۃٌ۔ پہاڑ پہ بلند مکان، جس میں راہب عبادت کرنے والے بستے ہوں۔ اباس کا اطلاق دیر پہ ہوتا ہے۔ (المنجد) منتہی الارب اور صراح کی یہ تصریح ہے۔ کہ یہ لفظ صَمَعَ سے نکالا گیا ہے۔ بر وزن فوعلہ ...یاں جو کہ اوپر سے تیز، نوک دار اور پتلی ہوں۔ اس کے معنی عقاب کہ عقاب بھی بہت اونچا اڑتا ہے۔

## صمم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا | پھر اندھے اور بہرے ہوئے | ۵-۷۱ |
| ۱-۱ | فَاَصَمَّهُمْ | ان کو بہرا کر دیا | ۴۷-۲۳ |
| ۲-۱ | وَالْاَصَمِّ | اور بہرا | ۱۱-۲۴ |
| ۱-۳ | تُسْمِعُ الصُّمَّ | سناتا ہے تو بہرے کو | ۱۰-۴۲ |
| ۱-۲ | صُمٌّ بُكْمٌ | بہرے۔ گنگے | ۲-۲۲ |
| ۱-۲ | الصُّمُّ الْبُكْمُ | بہرے۔ گنگے | ۸-۲۲ |
| ۱-۲۲ | بُكْمًا وَّصُمًّا | گنگے اور بہرے | ۱۷-۹۷ |

صَمَّ (یَصَمُّ صَمَمًا وصَمًّا) اس کا کان بند ہو گیا، یا بھاری ہو گیا یا بہرہ ہو گیا۔ اَصَمُّ م صَمَّاءُ ج صُمٌّ وصُمَّانٌ، صَمَّمَ علی الامر پکا ارادہ کیا۔ صَمَمٌ۔ قوت سامعہ کا ضائع ہو جانا۔ دَهْرٌ اَصَمُّ جب فریاد کوئی بھی نہ سنے۔

## صنع

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | مَا صَنَعُوا فِيهَا | جو انہوں نے اس میں کیا تھا | ۱۱-۱۶ |
| ۱-۷ | وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي | اور بنایا میں نے تجھ کو خاص | ۲۰-۴۱ |
| ۱-۳ | يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ | جو بناتا تھا فرعون | ۷-۱۳۶ |
| ۱-۳ | يَصْنَعُ الْفُلْكَ | اور وہ بناتا تھا کشتی | ۱۱-۳۸ |
| ۱-۳ | مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ | جو کچھ کرتے تھے | ۵-۱۵ |
| ۱-۱۲ | وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِي | تاکہ تو پرورش کیا جاوے میری آنکھوں کے سامنے | ۲۰-۳۹ |
| ۱-۱ | وَاصْنَعِ الْفُلْكَ | اور بنا کشتی | ۱۱-۳۷ |
| ۱-۲۲ | صُنْعَ اللّٰهِ | کاریگری اللہ کی | ۲۷-۸۸ |
| ۱-۲۲ | يُحْسِنُونَ صُنْعًا | خوب بناتے ہیں کام | ۱۸-۱۰۴ |
| ۱-۲۲ | صَنْعَةَ لَبُوسٍ | بنانا ایک تمہارا لباس | ۲۱-۸۰ |
| ۱-۸ | تَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ | اور بناتے ہو تم کاریگریاں | ۲۶-۱۲۹ |

(واحد مَصْنَعَۃٌ) صَنَعَ (یَصْنَعُ صُنْعًا) الشَّیْءَ۔ بنائی تَصَنَّعَ بناوٹ کی تَصَنُّعٌ کاریگری صِنْعٌ۔ چیز۔ مَصْنُوعٌ۔ صَانِعٌ ج صُنَّاعٌ بنانے والا صَنْعَاءُ۔ یمن میں ایک مشہور قدیم شہر ہے۔ مَصْنَعَۃٌ۔ زمین دوز حوض، بارش کا پانی جمع کرنے کے لیے عرب بناتے تھے یا قلعہ اور محل بہت بلند

## صنم

| | | |
|---|---|---|
| اَصْنَامًا اٰلِهَةً | بتوں کو خدا | ۶-۷۴ |
| اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ | یہ کہ ہم پوجیں بتوں کو | ۱۴-۳۵ |
| عَلٰٓی اَصْنَامٍ لَّهُمْ | پوجنے لگے رہتے تھے اپنے بتوں کے | ۷-۱۳۷ |
| لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ | تمہارے بتوں کی علاج کروں گا | ۲۱-۵۷ |

صَنِمَ (یَصْنَمُ صَنَمًا) الرَّجُلُ۔ خوانگندی بو ہوئی۔ صَنَمٌ ج اَصْنَامٌ ہر وہ چیز جس کی خدا کے سوا عبادت کی جائے۔ پلیدی، بدبو۔

## صنو

صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ — ایک جڑ دو سر والی اور بعض بن والی — ۱۳-۴

اَصْنَی النَّخْلُ۔ اَنْبَتَ الصِّنْوَانَ۔ صَنْوٌ دو پہاڑیوں کے درمیان وہ گہری جگہ جہاں پانی بہتا ہو۔ ج صُنُوٌّ۔ صِنْوٌ، بھائی۔ بیٹا شفیق ج اَصْنَاءٌ، صنوان۔ ایک جڑ سے اگر دو یا زیادہ کھجوریں پیدا ہوں۔ تو ایک دوسرے کی صنو ہے۔ صانی۔ مرد ملازم

## صوب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۲ | حَيْثُ اَصَابَ (اراد) | جہاں پہنچنا چاہتا | ۳۸-۳۶ |
| ۱-۲ | فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ (بارش) | پھر جب اس کو پہنچاتا ہے | ۳۰-۴۸ |

۲-۱ اَصَابَهٗ وَابِلٌ — اس پر پڑا زور کا مینہ — ۲-۲۶۴

۲-۱ مَآ اَصَابَهُمْ — جوان کو پہنچا — ۱۱-۸۱

۲-۱ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ — جا لگی ایک کھیتی قوم کو — ۳-۱۱۷

۲-۱ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ — پہنچے ان کو کچھ مصیبت — ۲-۱۵۶

(عقوبة)

۲-۱ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ — جو پہنچے تم کو کچھ بھلائی — ۴-۷۵

۲-۱ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ — پہنچا تم کو فضل — ۴-۷۳

(فتح وغنیمة)

۲-۱ مَآ اَصَابَكُمْ (هزیمة) — جو کچھ پیش آیا تم کو — ۳-۱۶۶

۲-۱ اَصَابَتْكُمْ — پہنچی تم کو — ۳-۱۶۵

۲-۱ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا — پہنچا چکے تم

۲-۱ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ — ہم انکو پکڑ لیں گناہ کے بدلے — ۷-۹۹

۲-۳ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ — نہیں پہنچی ان کو پیاس — ۹-۱۲۰

۲-۳ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ — عنقریب پہنچے گی — ۶-۱۲۴

۲-۷ لَنْ يُّصِيْبَنَآ — ہرگز نہ پہنچے گا ہم کو — ۹-۵۲

۲-۹ لَا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ — نہیں پڑے گا تم میں خاص انکو — ۸-۲۵

۲-۵ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ — نہ پہنچا اس کو زور کا مینہ — ۲-۲۶۵

۲-۳ يُصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ — تم پر پڑے گا کوئی نہ کوئی — ۴۰-۲۸

۲-۳ اِنْ تُصِبْكَ (رحمة) — اگر پہنچے تم کو فتح — ۹-۵۱

۲-۳ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ — اگر پہنچے تم کو مصیبت — ۳-۱۲۰

۲-۳ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ — میرا عذاب میں ڈالتا ہوں اسکو — ۷-۱۵۵

۲-۳ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا — پہنچا دیتے ہیں ہم رحمت اپنی — ۱۲-۵۶

۲-۱۵ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا — پہنچنے والا ہے اس کو — ۱۱-۸۱

۱-۲۲ وَقَالَ صَوَابًا — اور کہا بات ٹھیک — ۷۸-۳۹

اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ — پہنچی تم کو مصیبت — ۳-۱۵۶

اَوْ كَصَيِّبٍ — یا ان کی مثال ایسی ہے جیسے ۲-۱۹

(اصل صیوب) زور کا مینہ

صَابَ (يَصُوْبُ صَوْبًا ومَصَابًا) المطر۔ صَابَ السَّمَآءُ المطرَ، جادتها بالمطر۔ اَصَابَ الرَّجُلُ، اَتٰى بالصواب، ضد الخطاء۔ بہت، عطا، ضد الخطاء۔ الصّاب۔ واحد الصّاب مُصیبت من عقل ضعیف ہو جاتی ہے۔ صَوَاب، ضد الخطاء، حق۔ مُصَاب جس میں تھوڑا سا جنون ہو۔ صُوْبَة۔ ہر چیز کا تودہ و انبار۔ صَوَّبَ رَاْيَهٗ اس کی رائے کو درست قرار دیا۔ مُصِيْبَة ج مَصَائِب و مَصَاوِب ومُصِيْبَات۔

## صوت

فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ — نبی کے آواز کے اوپر — ۴۹-۲

وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ — اور نیچی کر اپنی آواز — ۳۱-۱۹

مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ — ان سے اپنی آواز کے ساتھ — ۱۷-۶۴

لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ — گدھے کی آواز ہے — ۳۱-۱۹

لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ — نہ بلند کرو اپنی آوازیں — ۴۹-۲

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ — اور دب جاویں گی آوازیں — ۲۰-۱۰۸

اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ — بری سے بری آواز — ۳۱-۱۹

يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ — دبا جاتے ہیں اپنی آواز — ۴۹-۳

صَاتَ (يَصُوْتُ ويَصَاتُ صَوْتًا) آواز نکالی اور پکارا۔ اِنْصَاتَ بِهِ الزَّمَانُ، وہ مشہور ہو گیا۔

## صور

۳-۱ وَصَوَّرَكُمْ — اور تمہاری صورت بنائی — ۴۰-۶۴

۳-۱ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ — پھر صورتیں بنائی تمہاری — ۷-۱۰

۳-۲ يُصَوِّرُكُمْ — تمہارا نقشہ بنایا ہے — ۳-۶

۱-۱ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ — پھر ان کو ہلا لے اپنی طرف — ۲-۲۶۰

۳-۱۵ الْمُصَوِّرُ (من اسماء الحسنی) — صورت کھینچنے والا — ۵۹-۲۴

فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ — جس صورت میں چاہا — ۸۲-۸

فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ — تو اچھی بنائی صورتیں تمہاری — ۴۰-۶۴

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ — پھونک ماری جاوے گی صور میں — ۱۸-۱۰۰

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ — جب پھونکا جاوے گا صور میں — ۶-۷۳

صَوَّرَهٗ۔ اس کی صورت بنائی۔ صَوَّرَ لِيْ، خُيِّلَ لِيْ۔ تَصَوَّرَ، تَوَهَّمَ۔ الصُّوْرُ آواز دینے کا آلہ۔ اس کا باب آئے گا۔ صَاتَ (يَصُوْتُ صَوْتًا) صَوْت۔ آواز دی۔ صُوْرَة ج صُوَر وصِوَر وصُوْر، تَصْوِيْر ج تَصَاوِيْر

صُدُورِهِنَّ. کسرہ اور ضمہ دونوں لغتیں ہیں (املهن الیك وقطعهن ی اخلط لحمهن وریشهن، جلا لین) کسرہ میں صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا) باب آوے گا۔

## صوع

صُوَاعَ الْمَلِكِ    بادشاہ کا پیمانہ    ۱۲-۷۲

(واحد صاع)

صَاعَ يَصُوْعُ صَوْعًا) الحبّة كالم بالصّاع ـ صاع. صُوْعٌ المكیال ج اَصْوَاع، اَصْوُع، صِيْعَان، صُوَاع پینے کا برتن ج صِيْعَان تعجب ہے، کہ پہلے جَعَلَ السِّقَايَةَ آیا ہے، اور یہاں لفظ صُوَاع کا آیا ہے دونوں کے معنی پیالہ کے ہیں۔ مگر ترجمان نے صواع کو پیمانہ کس طرح قرار دیا،

## صوف

وَمِنْ اَصْوَافِهَا    اور بھیڑوں کی اون سے    ۱۶-۸۰

(یَصُوْفُ صَوْفًا و صُوُوْفٌ و صَوِفَ يَصُوْفُ صَوَفًا) ش. كَثُرَ صُوْفُه، فهو اَصْوَف، صَوْفَة. اس کو صوفی بنایا تَصَوَّفَ صوفی بنا صُوْف ج اَصْوَاف. اونٹ کے بال وَبَر ج اَوْبَار بکری کے بال شَعْر ج اَشْعَار. صَوَّاف. اون کے بیچنے والا صُوْفِی، فانی بنفسه باقی بالله۔

## صوم

۱-۳ وَاَنْ تَصُوْمُوْا    اور اگر تم روزہ رکھو    ۲-۱۸۴

۱-۱۱ فَلْيَصُمْهُ    چاہئے کہ اس ماہ کے روزے رکھے    ۲-۱۸۵

۱-۱۵ وَالصَّائِمِيْنَ    روزہ دار مرد    ۳۳-۳۵

۱-۱۵ وَالصَّائِمَاتِ    روزہ دار عورتیں    ۳۳-۳۵

۱-۳۲ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا    میں نے مانا ہے رحمان کا روزہ    ۱۹-۲۶

(امساكا عن الكلام)

۱-۲۲ مِنْ صِيَامٍ    روزہ کی صورت میں    ۲-۱۹۶

۱-۳۲ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا    یا اس کے عوض روزے    ۵-۹۵

صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا وصِيَامًا وَاصْطَامَ) کھانے، پینے، جماع اور منہیات شرعیہ سے بند رہا۔ صَائِمٌ ج صَائِمُوْن، صُوَّام، صُيَّام صُوَّمٌ، صُيَّمٌ، صِيَام، صامت الشمس، صارت فی كبد السماء، صامت الريح، ركدت، اَرْضٌ صَوَّامٌ، خشک بے آب وگیاہ زمین صَوْمَة. اس کو روزہ رکھایا صَوَّامٌ. زیادہ روزہ رکھنے والا صَوَّامٌ، قَوَّامٌ۔ دن کو روزہ رکھنے والا اور رات کو قیام کرنیوالا۔ مَاءٌ صَائِمٌ جو پانی بند ہو۔

## صهر

۱-۴ يُصْهَرُ بِهٖ    گل کر نکالا جاتا ہے    ۲۲-۲۰

۱۰-۲۲ نَسَبًا وَّصِهْرًا    جد اور سسرال    ۲۵-۵۴

صَهَرَ يَصْهَرُ صَهْرًا الشحم. گال دیا، پگادیا۔ صَهَرَ الخُبْزَ روٹی پکائی۔ صَهُوْر گوشت بھوننے والا۔ اِنْصَهَرَ پگلا۔ صَهْر گرم از ہر چیز صَاهَرَ القَوْمَ. قوم سے رشتہ کیا۔ صِهْر. قرابت، خویشی، داماد، وشوہر خواہر ج اَصْهَار۔ اَصْهَار۔ داماد۔ وپدر عورت وبرادران عورت

## صيح

۱-۲۲ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ    جو کوئی چیخے جانیں ہم ہی پر بلا آئی    ۶۳-۴

۱-۲۲ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً    مگر ایک جھنگاڑ    ۳۶-۲۹

۱-۲۲ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ    پکڑا ان کو ایک چنگاڑ نے    ۱۵-۷۳

صَاحَ يَصِيْحُ صَيْحًا وصَيْحَةً وصِيَاحًا وصَيَحَانًا) صَوَّتَ بشدّة. چیخ ماری۔ صاح به، نادته، انصاح الفجر. فجر ہو گئی صِيْحَ بهم فَزِعُوا، صَيَّحَ. سخت شدت سے آواز دیا۔ صَاحَ عَلَيْهِ، زَجَرَهٗ، صِيْحَ فِيْهِمْ، هَلَكُوْا

## صيد

۱-۷ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا    جب حرام سے نکلو تو شکار کر لو    ۵-۳

۱-۲۲ صَيْدُ الْبَحْرِ صَيْدُ الْبَرِّ    سمندر کا شکار جنگل کا شکار    ۵-۹۹

۱-۲۲ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ    نہ حلال جاننے والے شکار کو    ۵-۳

صَادَ يَصِيْدُ وَيَصَادُ صَيْدًا (تَصَيَّدَ وَاِصْطَادَ) الطير شکار کیا۔ صَائِد. شکاری۔ صَيَّاد۔ زیادہ شکار کرنے والا۔ شیر صَيْد شکار۔ صَيَّاد، صَيُوْد ج صِيد. زیادہ شکار کرنے والا۔ صاد۔ حروف ہجا کا چودھواں حرف

# صیر

۱-۳۰ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ پہنچتے ہیں سب کام [illegible]-۴۲

۱-۸ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا اور بری ہے پھرنے کی جگہ ۹۶-۴

(مرجعًا)

۱-۸ بِئْسَ الْمَصِيْرُ (مرجع) بری ہے پھرنے کی جگہ ۱۲۶-۲

۱۸ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ اور اللہ کی طرف پھرنا ۲۸-۳

(ج مصایر)

۱-۸ فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ بے شک تمہاری جگہ ۳۰-۱۴

(مرجعکم)

صَارَ (یَصِیْرُ صَیْرًا و صَیْرُوْرَۃً و مَصِیْرًا) رجع، صَارَہٗ (یَصِیْرُ صَیْرًا و یَصُوْرُہٗ) قطعہ، مَصِیْرٌ منتہی الامر ج مَصَایِرُ۔

# صیص

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ ان کے قلعوں سے ۲۶-۳۳

(حصونهم واحدہ صیصیۃ)

# صیف

وَالصَّيْفِ (ج اصیاف) اور گرمی کے ۲-۱۰۶

صَافَ (یَصِیْفُ صَیْفًا و صِیْفًا و تَصَیَّفَ و اصطاف) بالمکان۔ موسم گرما میں ایک جگہ پر ٹھہرا۔

# ض (۸۰)

# ضأن

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ بھیڑ میں سے دو ۱۴۳-۶

ضَانَ (یَضَانُ ضَانًا) الضَّانَ۔ بھیڑ کو بکری سے الگ کر دیا۔ ضَانٌ اسم جنس ہے ضَائِنٌ ج ضَانٌ۔ ضَئِیْنٌ۔ کمزور رَجُلٌ ضَائِنٌ مزدور آدمی۔ مؤ ضَائِنَۃٌ ج ضَوَائِنُ

# ضبح

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی ہانپ کر ۱-۱۰۰

(ھی صوت اجوافها اذا عدت)

ضَبَحَتْ (یَضْبَحُ ضَبْحًا و ضُبَاحًا) الْخَیْلُ فی عدوها گھوڑا اپنی دوڑ میں ہانپا

# ضجع

اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ انکی خواب گاہوں کی طرف ۱۵۴-۳

وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ اور چھوڑ ان کو سونے میں ۳۴-۴

جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ انکی کروٹیں اپنی سونے کی جگہ سے ۱۶-۳۲

ضَجَعَ (یَضْجَعُ ضَجْعًا و ضُجُوْعًا و اَضْجَعَ و اضْطَجَعَ) لیٹا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ۔ ڈوبا یا ڈوبنے لگا۔ اَضْجَعَہٗ۔ اس کو سلایا۔ تَضَاجَعَ تغافل۔ ضِجْعٌ۔ لیٹنے کی حالت۔ ضُجْعَۃٌ۔ بستر میں سستی۔ ضَاجَعَہُ الْهَمُّ۔ مارے غم صاحب فراش ہوگیا۔

# ضحک

۱-۱ فَضَحِكَتْ تب وہ ہنس پڑی ۷۱-۱۱

۱-۲ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ہنساتا ہے ۴۳-۵۳

(من شدۃ فرحہ)

۱-۳ يَضْحَكُوْنَ وہ ہنس پڑتے ہیں ۴۷-۴۳

۱-۳ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا سو وہ ہنس لیویں ۸۳-۹

۱-۳ مِنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ تم ان سے ہنستے تھے ۱۱۱-۲۳

۱-۳ وَتَضْحَكُوْنَ اور تم ہنستے ہو ۶۰-۵۳

۱-۵ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مسکرا کر ہنس پڑا ۱۹-۲۷

۱-۱۵ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ہنسنے والے خوشیاں کرنے والے ۳۹-۸۰

ضَحِكَ (یَضْحَكُ ضَحْكًا و ضِحْكًا و ضِحَاكًا) ہنسا۔ وہ ہنسی جس سے دانت نظر آجائیں۔ ضَحِكَ السَّحَابُ۔ برق۔ ضَحِكَتِ الْاَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ۔ ہری بھری ہوئی۔ ضَحِكَ الشَّیْبُ بِرَاْسِہٖ، ظَهَرَ۔ ضَحِكَ الطَّرِیْقُ۔ راستہ ظاہر ہوگیا۔

# ضحی

۱-۳ وَلَا تَضْحٰى اور نہ ہی تو دھوپ جالے ۱۱۹-۲۰

ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ دن چڑھے اور وہ کھیلتے ہوں ۹۸-۷

(دن چڑھے)

يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى اور یہ کہ اکٹھے کیے جاویں لوگ دن چڑھے ۵۹-۲۰

وَالضُّحٰی — قسم ہے دھوپ چڑھتے وقت کی ۹۳-۱

(اول النہار او کلہ)

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا — قسم ہے سورج چڑھنے کی اور اس کی دھوپ چڑھنے کی ۹۱-۱

(ضوءھا)

وَاَخْرَجَ ضُحٰهَا — اور نکالی اس کی دھوپ ۷۹-۲۹

ضَحِیَ یَضْحٰی ضَحَاءً ضَحَاءً اصابتہ الشمس. یوم الاضحی قربانی کا دن ضحّٰی بالشاۃ. عید قربان کے دن ضحٰی کے وقت قربانی کی اَضْحٰی صار فی الضحی، ضُحٰی. سورج چڑھے

## ضد

وَیَكُوْنُوْنَ عَلَیْهِمْ ضِدًّا — اور ہو جاویں گے انکے مخالف ۱۹-۸۲

(ج اضداد، اعداء)

ضَدَّ یَضُدُّ ضَدًّا مخالفت کی ضِد، مخالف. مثل نظیر ضِدٌّ عدو ج اضداد. حروف اضداد.

## ضرب

۱-۱ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا — بیان کی اللہ تعالے نے ۱۴-۲۴

۱-۱ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا — بتلائی تم کو ایک مثال ۳۰-۲۸

(جعل)

۱-۱ اِذَا ضَرَبُوْا فِی الْاَرْضِ — جب سفر کیا انہوں نے زمین میں ۳-۱۵۶

(سافروا)

۱-۱ كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ — بیان کی انہوں نے تیرے لیے مثال ۱۷-۴۸ ۲۵-۹

۱-۱ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ — نہیں مثال ڈالتے تیرے لیے ۴۳-۵۸

۱-۱ اِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ — اور جب چلو تم زمین میں ۴-۱۰۱

(سافرتم للجہاد)

۱-۱ ضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ (بینا) — بیان کی ہم نے تمہارے لیے مثال ۱۴-۴۵

۱-۱ ضَرَبْنَا عَلٰۤی اٰذَانِهِمْ — تھپکی دی ہم نے انکے کانوں پر ۱۸-۱۱

(انمناھم)

۱-۲ ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ — اور ڈالی گئی ان پر ذلت ۲-۶۱

(جعلت)

فَضُرِبَ بَیْنَهُمْ بِسُوْرٍ — پھر کھڑی کر دی جاوے گی انکے درمیان ایک دیوار ۵۷-۱۳

۱-۲ ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ — اور جب بیان کیا جاوے ۴۳-۵۷

(جعل)

۱-۲ ضُرِبَ مَثَلٌ — بیان کی گئی ایک مثال ۲۲-۷۳

۱-۳ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ — بیان کرتا ہے اللہ تعالی حق ۱۳-۱۹

۱-۳ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا — یہ کہ بیان کرے ایک مثال ۲-۲۶

(یجعل)

۱-۳ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ — مارتے ان کے چہروں پہ ۸-۵۱

۱-۳ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ — سفر کرتے ہیں زمین میں ۷۳-۲۰

(یسافرون)

۱-۳ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا — مثالیں ہم انہیں بیان کرتے ہیں ۲۹-۴۳

۱-۳ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ — کیا ہم پھیر دیں گے تمہاری طرف سے ۴۳-۵

(نمسک)

۱-۱۱ فَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا — بیان کر ان کے لیے ایک مثال ۱۸-۳۲

۱-۱۱ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِیْقًا — پھر ڈال دے انکے لیے راستہ ۲۰-۷۷

۱-۱۱ فَقُلْنَا اضْرِبْ — پھر کہا ہم نے مار ۲-۶۰

۱-۱۱ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ — پھر کہا ہم نے مارو اس کو ۲-۷۳

(بالمقتول)

۱-۱۱ وَاضْرِبُوْهُنَّ — اور انکو مارو ۴-۳۴

۱-۱۱ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ — مارو گردنوں پہ ۸-۱۲

۱-۱۱ وَلْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ — ڈال لیں اپنی اوڑھنی ۲۴-۳۱

۱-۱۳ وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ — اور نہ ماریں زمین پر اپنے پاؤں ۲۴-۳۱

۱-۲۲ فَضَرْبَ الرِّقَابِ — مارو گردنیں ۴۷-۴

(فاضربوا رقابھم)

۱-۲۲ فَرَاغَ عَلَیْهِمْ ضَرْبًا — جا گھسا ان پر مارتا ہوا ۳۷-۹۳

۱-۲۲ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ — پھر سکتے ملک میں ۲-۲۷۳

(للسفر)

ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا ہلنا، ڈسنا، لمبا ہونا، گزرنا، مارنا، نصب کرنا، گاڑنا، بہالانا، معاملہ کرنا، سکہ لگانا، قائم کرنا، ملانا. ضَرَبَ عَلَیْهِمُ الذِّلَّۃَ اذلّھم. ضَرَبَ تَنَّ. بند کرنا، مضاربت، اشتراکی تجارت اضطراب

بے قراری ضَرَبَ المَثَل کہاوت ضَرَبَ الشَّیءُ تحرّکَ۔ ضَرَبَ
العقربُ، لدغتْ ضَرَبَ اللیلُ، طالتْ ضَرَبَ الدُّخانُ
مضی، ضَرَبَ الطیرُ ذَھَبَتْ تبتغی الرزق۔ ضربۃ البرد
اصابۃ، ضَرَبَ الاجلَ، عیّنہ، ضَرَبَ الدراھمَ۔ سکہ لگایا
ضَرَبَ الصلوٰۃَ۔ اقامھا، ضَرَبَ الشیءَ بالشیءِ خلطہ، ضَرَبَ
الجزیۃَ اوجبھا۔ ضَرَبَانُ الدّھرِ۔ حوادث

## ضرر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳-۷ | فَمَنِ اضْطُرَّ | پھر جو کوئی بے قرار ہو گیا | ۲-۱۷۳ |
| ۲-۷ | اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَیْہِ | مگر جب کہ مجبور کیے جاؤ تم اس کی طرف | ۶-۱۱۹ |
| ۳-۱ | مَا لَا یَضُرُّہٗ | جو کہ نہ اسے زیاں پہنچاوے | ۲۲-۱۲ |
| ۳-۱ | مَا یَضُرُّھُمْ | جو ان کا نقصان کرے | ۲-۱۰۲ |
| ۳-۱ | وَلَا یَضُرُّکَ | اور نہ تیرا برا کرے | ۱۰-۱۰۶ |
| ۳-۱ | لَا یَضُرُّکُمْ | کچھ نہ بگاڑے گا تمہارا | ۳-۱۲۰ |
| ۳-۱ | وَلَا یَضُرُّنَا | اور نہ ہمیں نقصان پہنچا سکے | ۶-۷۱ |
| ۳-۱ | اَوْ یَضُرُّوْنَ | یا تمہارا برا کرتے ہیں | ۲۶-۷۳ |
| ۳-۱ | وَمَا یَضُرُّوْنَکَ | اور تیرا کچھ بگاڑ نہیں سکتے | ۴-۱۱۳ |
| ۳-۱ | وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ | اور نہ بگاڑ سکو گے اللہ کا | ۱۱-۵۷ |
| ۳-۱ | وَلَا تَضُرُّوْہُ شَیْئًا | کچھ نہ بگاڑ سکو گے اس کا | ۹-۳۹ |
| ۷-۱ | فَلَنْ یَّضُرَّ اللہَ | ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا | ۳-۱۴۴ |
| ۷-۱ | فَلَنْ یَّضُرُّوْکَ | ہرگز تمہیں نقصان نہ پہنچا سکیں گے | ۵-۴۲ |
| ۷-۱ | لَنْ یَّضُرُّوْکُمْ | کچھ نہ بگاڑ سکیں تمہارا | ۳-۱۱۱ |
| ۱۳-۴ | وَلَا تُضَآرُّوْھُنَّ | اور ایذا دینا نہ بیاہی عورتوں کو | ۶۵-۶ |
| ۳-۷ | ثُمَّ اَضْطَرُّہٗ | پھر اس کو جبراً بلاؤں گا | ۲-۱۲۶ |
| ۳-۷ | ثُمَّ نَضْطَرُّھُمْ | پھر ہم ان کو پکڑ بلاویں گے | ۳۱-۲۴ |
| ۱۳-۴ | وَلَا یُضَآرَّ کَاتِبٌ | اور نہ دکھ دیا جاوے کاتب | ۲-۲۸۲ |
| ۱۳-۴ | لَا تُضَآرَّ وَالِدَۃٌ | نہ دکھ دی جاوے والدہ | ۲-۲۳۳ |
| ۱۵-۱ | لَیْسَ بِضَآرِّھِمْ | نہیں ہے بگاڑنے والا ان کا | ۵۸-۱۰ |
| ۱۵-۱ | وَمَا ھُمْ بِضَآرِّیْنَ | اور نہیں وہ نقصان پہنچانے والے | ۲-۱۰۲ |
| ۱۶-۴ | غَیْرَ مُضَآرٍّ | نہ نقصان دیا گیا | ۴-۱۲ |
| ۱۶-۷ | یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ | پہنچاتا ہے بے کس کی آواز کو | ۲۷-۶۲ |
| ۱۹-۱ | وَالضَّرَّآءِ وَزُلْزِلُوْا | اور تکلیف اور پھر جھڑ جھڑائے گئے | ۲-۲۱۴ |

(ع س ۱)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹-۱ | وَالضَّرَّآءِ | اور تکلیف میں | ۲-۱۷۷ |
| ۱۹-۱ | مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ | تکلیف کے بعد | ۱۰-۲۱ |
| ۲۲-۳ | ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا | ستانے کیلئے تاکہ تم زیادتی کرو | ۲-۲۳۱ |
| ۲۲-۳ | مَسْجِدًا ضِرَارًا | مسجد ضد پر | ۹-۱۰۸ |
| | مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ | پہنچے لوگوں کو تکلیف | ۳۰-۳۳ |
| | مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ | پہنچے انسان کو تکلیف | ۱۰-۱۲ |
| | لَمَنْ ضَرُّہٗ | کہ نقصان اس کا | ۲۲-۱۳ |
| | مَسَّنَا وَاَھْلَنَا الضُّرُّ | پڑی ہم پر اور گھر والوں پر سختی | ۱۲-۸۸ |
| | لَا یَمْلِکُ لَکُمْ ضَرًّا | نہیں مالک تمہارے لئے نقصان | ۵-۷۶ |
| | بِضُرٍّ | دکھ | ۶-۱۷ |
| | کَشَفْنَا عَنْہُ ضُرَّہٗ | دور کی ہم نے اس سے اس کی تکلیف | ۱۰-۱۲ |

ضَرَّ یَضُرُّ ضَرًّا وضُرًّا ضد نفع۔ ضُرَّ بَصَرُہٗ۔ نابینا ہوا
ضَرِیْرٌ نابینا ضَارَّہٗ ضِرَارًا۔ دکھ دیا، مخالف ہوا۔ ضُرٌّ۔ ضَرَرٌ ج
اَضْرَارٌ۔ ضَرَّآءُ ضد سَرَّآءُ۔ نقصان مال یا اولاد۔ قحط۔ ضَرُوْرَۃٌ
ضَارُوْرَۃٌ۔ ضَارُوْرَاءُ ضَارُوْرَآءُ حاجت ضروری جس پر انسان مجبور ہو

## ضرع

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵-۱ | تَضَرَّعُوْا | وہ گڑگڑائے | ۶-۴۳ |
| ۵-۳ | لَعَلَّھُمْ یَتَضَرَّعُوْنَ | تاکہ وہ گڑگڑائیں | ۶-۴۲ |
| ۵-۳ | لَعَلَّھُمْ یَضَّرَّعُوْنَ | تاکہ وہ گڑگڑائیں | ۷-۹۴ |
| ۵-۲۲ | اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا | پکارو اپنے رب کو گڑگڑا کر | ۷-۵۵ |

(حال ندبلا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵-۲۲ | تَدْعُوْنَہٗ تَضَرُّعًا | پکارتے ہو تم اس کو گڑگڑا کر | ۶-۶۳ |

(علانیہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷-۱ | اِلَّا مِنْ ضَرِیْعٍ | مگر جھاڑ کانٹوں والا | ۸۸-۶ |

ضَرَعَ یَضْرَعُ ضَرَاعَۃً وضَرِعَ اِلَیْہِ۔ خضع، ضَرَعَ یَضْرُعُ و ضَرُعَ یَضْرُعُ
ضَرَاعَۃً، ضعف، خضع، تذلل، فا ضارع ج ضارعون، ضَرُوْعٌ

ضَرَعَۃ، ضَرَعَتِ الشَّمْسُ۔ غروب ہوا یا ڈوبنے کے قریب ہوا۔ اَضْرَعَتِ الشَّاۃُ۔ بکری کے تھن پیدا ہونے یا بڑے ہوئے۔ فَهِيَ ضَرِعَا، ضُرُوْع
ضَرِيْع، ضَرِيْعَۃ۔ اس کا دودھ اترا۔ ضَرْعٌ۔ تھن جانور اور عورت ج ضُرُوْع
ضَارِع نحیف و کمزور (مضارع) وہ فعل ہے جو کہ حال اور مستقبل دونوں میں شامل ہو۔ اِمْرَأَۃٌ ضَرِيْعٌ۔ عورت کلاں پستان، الحُمّٰی اَضْرَعَتْنِيْ لِلنَّوْمِ بخار نے مجھے سونے کے لیے مجبور کر دیا۔ رَجُلٌ ضَرَعٌ۔ کمزور

## ضعف

۱-۱ ضَعُفَ الطَّالِبُ — بودا ہے چاہنے والا — ۷۳-۲۲
۱-۱ وَمَا ضَعُفُوْا — اور نہ سست ہوئے ہیں — ۱۴۶-۳
۱-۱۱ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ — لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا — ۱۴۹-۷
۱۱-۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا — اور کہنے لگے وہ لوگ جو کمزور گنے گئے — ۳۳-۳۴
۴-۳ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ — اور اللہ بڑھاتا ہے — ۲۶۱-۲
۴-۳ فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗ — پھر دگنا کر دے اسکو اللہ تعالیٰ اسکے لیے — ۲۴۵-۲
۴-۳ يُضَاعِفْهُ لَكُمْ — وہ دونا کرے اسکو تمہارے لیے — ۱۷-۶۴
۴-۳ يُضَاعِفْهَا — دگنا کر دیتا ہے اس کو — ۳۹-۴
۱۱-۳ يَسْتَضْعِفُ — کمزور کر رکھا تھا — ۴-۲۸
۴-۴ يُضَاعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ — دونا ہے ان کے لیے عذاب — ۲۰-۱۱
۱۱-۴ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ — کمزور سمجھے جاتے تھے — ۱۳۶-۷
۲-۱۵ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ — وہی ہیں جن کے دونے ہوئے — ۳۹-۳۰
۱۱-۱۶ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ — تھوڑے مغلوب پڑے ہوئے — ۸-۱۷
۱۱-۱۶ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ — اور حکم ہے ناتوان لڑکوں کا — ۱۲۷-۴
۱۱-۱۶ كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ — تھے ہم بے بس — ۹۵-۴

(عاجزین عن اقامۃ الدین)

۱-۱۷ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا — بے عقل یا ضعیف — ۲۸۲-۲
۱-۱۷ فِيْنَا ضَعِيْفًا — ہم میں کمزور — ۹۱-۱۱
۱-۱۷ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا — اولاد ضعیف — ۹-۴

(واحدہ کا ضعیف)

۱-۱۷ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ — اولاد چھوٹی — ۲۶۶-۲

(صغیرا)

۱-۱۷ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ — نہیں کمزور لوگوں پر — ۹۲-۹

(مراد غریب)

۱-۱۷ فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا — کہیں گے کمزور لوگ — ۲۱-۱۴
۱-۲۱ اَضْعَفُ نَاصِرًا — کس کے مددگار کمزور ہیں — ۲۴-۷۲
۱-۲۲ اَضْعَفُ جُنْدًا — زیادہ کمزور فوجی حیثیت میں — ۷۶-۱۹
۱-۲۲ اِنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا — بے شک تم میں سستی ہے — ۶۶-۸
۱-۲۲ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضَعْفٍ — بنایا تم کو کمزوری سے — ۵۴-۳۰
۱-۲۲ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ — دونا مزہ زندگی میں اور دونا مرنے میں — ۷۵-۱۷

(ج اضعاف)

۱-۲۲ ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ — دونا عذاب آگ کا — ۳۸-۷
۱-۲۲ جَزَآءُ الضِّعْفِ — بدلہ دونا — ۳۷-۳۴
۱-۲۲ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ — اپنا پھل دوچند — ۲۶۵-۲
۱-۲۲ اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً — دوگنے پر دوگنا (سود) — ۱۳۰-۳
۱-۲۲ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً — کئی گنا — ۲۴۵-۲

ضَعَفَ (يَضْعَفُ ضَعْفًا) وَضَعُفَ (يَضْعُفُ ضَعَافَۃً و ضَعَافِيَۃً) کمزور ہوا۔ ضَعَفَ (يَضْعَفُ ضَعْفًا) الشَّيْءَ۔ دوچند کیا۔ ضَعَّفَہٗ، اَضْعَفَہٗ۔ اس کو دوچند کیا، یا کمزور سمجھا۔ ضد ضَعُفَ۔ قوت اور رائے میں کمی۔ ضُعْف۔ کمزور۔ ضِعْف۔ دوچند ج اَضْعَاف
ضَعِيْف ج ضِعَاف، ضُعَفَاءُ۔

## ضغث

خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا — اور پکڑ اپنے ہاتھ میں سینکوں کا مٹھا — ۴۴-۳۸
اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ — خیالی خواب ہیں — ۴۴-۱۲

(اخلاط)

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ (قرآن) پریشان خواب ہیں — ۵-۲۱

ضَغَثَ (يَضْغَثُ ضَغْثًا) الحديثَ۔ خلطہٗ۔ اَضْغَثَتِ الحَالِبُ الرُّبٰی، جَآءَ بِهَا دَرًّا وَهَا مُلْتَبِسَۃً۔ ضِغْث حشیش یُخَالِطُ فِیْهَا الرَّطْبُ وَالیَابِسُ۔ ضِغْثٌ مِنَ الخَبَرِ وَالاَمْرِ۔ ملتبس بات جس کی حقیقت نہ ہو ج اَضْغَاث

# ضغن

اَضْغَانَهُمْ (احقادهم) دل کے کینے اور خفگیاں ۴۷-۲۹، ۳۷

ضَغِنَ (یَضْغَنُ ضَغْنًا) علیہ، حقد، ضَغِنَ الیہ، مال

ضِغْنٌ ج اَضْغَان، حِقد، شوق، میل، عوج۔ قریبی

ضَاغِنٌ۔ وہ گھوڑا جو بغیر مارے نہ چلے عُودٌ ضَغِنٌ ٹیڑھی لکڑی

# ضفدع

وَالضَّفَادِعَ اور مینڈک ۷-۱۳۳

(واحد ضفدعۃ)

ضَفْدَعَ الماءُ۔ پانی میں مینڈک بیشمار ہو گئے۔

# ضلل

۱-۱ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ نہیں بہکا تمہارا رفیق ۵۳-۲

۱-۱ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ تو وہ بہکا سیدھی راہ سے ۲-۱۰۸

۱-۱ ضَلَّ سَعْيُهُمْ اکارت گئی کوشش ان کی ۱۸-۱۰۴

(بطل عملهم)

۱-۱ ضَلَّ عَنْكُمْ اور جاتے رہے تم سے ۶-۹۴

(ذهب عنكم)

۱-۱ وَضَلَّ عَنْهُمْ (غاب) اور کھوئی ان سے ۶-۲۴

۱-۱ ضَلُّوا عَنَّا (غابوا) غائب ہوئے ہم سے ۷-۳۷

۱-۱ ءَاَضْلَلْتُمْ عِبَادِي کیا تم نے بہکایا میرے بندوں کو ۲۵-۱۷

۱-۱ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا بے شک میں بہک جاؤں گا ۶-۵۶

۱-۱ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ کہو اگر بہکا ہوا ہوں ۳۴-۵۰

۱-۱ ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ جب ہم رل گئے زمین میں ۳۲-۱۰

(غبنا فيها بان صرنا ترابا)

۱-۲ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ (حبط) کھو دیے اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال ۴۷-۱

۱-۲ وَمَا اَضَلَّنَا اِلَّا الْمُجْرِمُونَ اور نہیں بہکایا ہم کو مگر گنہگاروں نے ۲۶-۹۹

۱-۲ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ اور راہ سے بہکایا اس کو اللہ نے ۴۵-۲۳

۱-۲ اَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ دونوں نے گمراہ کیا جنوں اور انسانوں نے ۴۱-۲۹

۱-۲ فَاَضَلُّونَا السَّبِيلَا پھر انہوں نے بہکا دیا ہم کو راہ سے ۳۳-۶۷

۱-۲ هٰؤُلَاءِ اَضَلُّونَا ان لوگوں نے ہم کو بہکایا ۷-۳۸

۱-۲ وَاَضَلُّوا كَثِيرًا اور گمراہ کیا بہت لوگوں کو ۵-۷۷

۱-۲ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ ان بتوں نے گمراہ کیا ۱۴-۳۶

۳-۱ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا سو وہ بہکا پھرے گا ۱۰-۱۰۸

۳-۱ فَلَا يَضِلُّ وَلَا اور نہ بہکے گا ۲۰-۱۲۳

۳-۱ لَا يَضِلُّ رَبِّي نہیں بھٹکتا رب میرا ۲۰-۵۲

۳-۱ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰهُمَا اگر بھول جاوے دو عورتوں میں سے ایک ۲-۲۸۲

(تنسى)

۳-۱ اَنْ تَضِلُّوا ایسا نہ ہو تم گمراہ ہو جاؤ ۴-۱۷۶

۳-۲ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيرًا گمراہ کرتا ہے اس مثال کے ساتھ ۲-۲۶

۳-۲ اَنْ يُضِلُّوكَ تم کو بہکا دیں ۴-۱۱۳

(عن قضاء الحق)

۳-۲ لَا يَهْدِي مَنْ يُضِلُّ نہیں راہ دیتا جس کو بچلاتا ہے ۱۶-۳۷

۳-۲ يُضْلِلْهُ بہکاوے اس کو ۶-۳۹

۲-۷ فَلَنْ يُضِلَّ اَعْمَالَهُمْ کبھی نہ کارت کریگا ان کے عمل ۴۷-۴

(يحبط)

۳-۲ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا یہ تو ہم کو ابھی بچلانا چاہتا تھا ۲۵-۴۲

(يصرفنا)

۳-۲ اَنْ يُضِلَّهُ اسے گمراہ کرے ۶-۱۲۵

۳-۲ وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ جس کو گمراہ کرے اللہ ۷-۱۸۶

۳-۲ اَنْ يُضِلَّهُمْ یہ کہ گمراہ کرے ان کو ۴-۶۰

۳-۲ وَمَا يُضِلُّونَ اِلَّا اور نہیں بہکاتے مگر ۴-۱۱۳

۳-۲ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ بہکاتے ہیں ۱۶-۲۵

۳-۲ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ یہ کہ تمہیں بہکاویں ۳-۶۹

۳-۲ تُضِلُّ بِهَا بہکا دے تو ۷-۱۵۵

۴-۲ يُضَلُّ بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا بہکائے جاتے ہیں اس کے ساتھ کافر ۹-۳۷

۲-۹ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ ضرور میں انہیں گمراہ کروں گا ۴-۱۱۹

(عن الحق بالوسوسة)

۱-۲۱ وَاَضَلُّ عَنْ سَوَاءِ اور زیادہ بھولا ہوا ۵-۶۰

۱-۲۱ بَلْ هُمْ اَضَلُّ بلکہ وہ زیادہ گمراہ ہیں ۷-۱۷۹

۲۱-۱ وَاَضَلُّ سَبِيلًا اور زیادہ بھولا ہوا راہ سے ۲۵-۴۴

۱۵-۱ ضَالًّا فَهَدٰى بھٹکتا پھر راہ سجھاتی ۹۳-۷

(ج ضلال)

۱۵-۱ اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ہم راہ بھول آئے ہیں ۶۸-۲۶

۱۵-۱ هُمُ الضَّآلُّوْنَ وہ ہیں بہکے ہوئے ۳-۹۰

۱۵-۱ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ یہ لوگ ہیں گمراہ ۸۳-۳۲

۱۵-۱ وَاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ اور میں تھا چوکنے والا ۲۶-۲۰

(من الجاھلین)

۱۵-۱ كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ تھے ہم قوم بہکے ہوئے ۲۳-۱۰۷

۱۵-۱ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اور نہ راہ گمراہوں کا ۱-۷

۲۲-۱ لَفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ غلطی میں اور سودا میں ۵۴-۲۳

۲۲-۱ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ گمراہی ظاہر میں ۳-۱۶۴

۲۲-۱ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ دور کی بھٹک میں ۵۰-۲۷

۲۲-۱ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا دور کی گمراہی ۴-۳۶

۲۲-۱ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ گمراہی دور کی ۲۲-۱۲

(ھلاك)

۲۲-۱ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ اپنی قدیمی غلطی میں ۱۲-۹۵

۲۲-۱ الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى گمراہی بدلے ہدایت کے ۲-۱۶

۲۲-۱ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ثابت ہوئی ان پر گمراہی ۷-۲۹

۲۲-۱ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ میں بہکا ہوا نہیں ۷-۶۰

۲۲-۳ فِيْ تَضْلِيْلٍ غلطی خسارہ اور ہلاکت میں ۱۰۵-۲۲

(خسار وھلاك)

۱۵-۲ مَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ کوئی بہکانے والا ۳۹-۳۷

۱۵-۲ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا بہکانے والوں کو اپنا مددگار ۱۸-۵۱

(الشیاطین)

ضَلَّ (يَضِلُّ ضَلَالَةً وضَلَالًا) بھولا راہ نہ پائی، چوک گیا۔ غلطی کی۔ ضَلَّ الشَّيْءُ عَنْهُ۔ گم ہوگئی یا تلف ہوگئی۔ ضَلَّ سَعْيُهٗ۔ کامیاب نہ ہوا ضَلَّ الرَّجُلُ۔ اور مٹی میں مل گیا۔ ضَلَّلَهٗ۔ گمراہ کیا۔ تباہ اور ہلاک کیا۔ اَضَلَّ الشَّيْءَ، اَضَاعَهٗ، اَهْلَكَهٗ، دَفَنَهٗ، غَيَّبَهٗ۔ ضَلُوْل۔ بڑا گمراہ مُضِلٌّ تراب۔ ضِلُّ ابْنُ ضِلٍّ۔ حرام زادہ یا جس کے باپ کا پتہ نہ ہو۔

## ضمر

۱۵-۱ وَعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ ہر دبلے اونٹ پر ۲۲-۲۷

(بعیر مهزول)

ضَمَرَ وضَمُرَ (يَضْمُرُ ضُمُوْرًا) هُزِلَ، دَقَّ وقَلَّ لَحْمُهٗ ضَامِرٌ ج ضُمَّرٌ، ضَوَامِرُ، ضُمْرٌ۔ دبلا ہونا ضَمِيْرٌ ج ضَمَائِرُ۔ باطن انسانی، اَضْمَرَ الْاَمْرَ، اَخْفَاهَا، ضِمَار۔ خلاف العيان

## ضمّ

۱-۱ وَاضْمُمْ يَدَكَ اور ملا لے اپنا ہاتھ ۲۰-۲۲

۱-۱ وَاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ ملا لے اپنا بازو اپنی طرف ۲۸-۳۲

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو جب ڈر ہوتا تو اپنا ہاتھ اپنے مقام دل پر رکھ دیتے، تو خوف دور ہو جاتا، ویسے جانور بھی خوف کے وقت پر کھول دیتے ہیں، اور اڑ جاتے ہیں، اور بوقت اطمینان ایسا نہیں ہوتا

ضَمَّ (يَضُمُّ ضَمًّا) الشَّيْءَ، جَمَعَهٗ، ضَمَّ الشَّيْءَ اِلَيْهِ قَبَضَهٗ، ضَمَّ الْحَرْفَ، ضمہ دیا۔ ضَمِيْمٌ، ضَمِيْمَةٌ۔ اصل کتاب کے ساتھ اور مضمون الحاق کرنا

## ضنك

۲۲-۱ مَعِيْشَةً ضَنْكًا گزران تنگی کی ۲۰-۱۲۴

ضَنُكَ (يَضْنُكُ ضَنَاكَةً وضَنْكًا وضُنُوْكَةً) ضاق، ضَنَاكٌ ضُنْكَةٌ۔ زکام

## ضنّ

۱۷-۱ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ غیب کی بات بتانے میں بخیل ۸۱-۲۴

(بخیل)

ضَنَّ (يَضَنُّ ضَنًّا وضِنَّةً وضَنَانَةً ومَضَنَّةً) بَخِلَ ضَنِيْنٌ، بخیل۔

## ضوء

۲-۱ اَضَآءَ لَهُمْ چمکی ان کے لیے ۲-۲۰

۲-۱ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ روشن کر دیا جو اسکے گرد ہے ۲-۱۷

(انارت)

۲-۳ زَيْتُهَا يُضِيْۤءُ۔ گر روشنی کر دیوے اس کا تیل ۲۴-۳۵

یأتیکم بضیاء — لادے تم کو کہیں سے روشنی ۲۸-۷۱

جعل الشمس ضیاء — بنایا سورج کو چمک ۱۰-۵

ضیاء و ذکری — روشنی ۲۱-۴۸

ضاء (یضوء ضوءا وضیاء) القمر چاند روشن ہوا۔ اضاء البیت نورہ، ضوء ج اضواء، ضیاء، ضواء نور۔ تضوء۔ خود اندھیرے میں کھڑا ہوا، تاکہ جو لوگ روشنی میں ہیں، ان کو دیکھ سکے۔

## ضهی

۴-۳ یضاهئون قول الذین — ریس کرتے ہیں بات ان لوگوں کی ۹-۳۰ (یضاہون)

ضاهی (تضاهی) ضهی الرجل، شاکله وشابهه۔ مانند بنایا ی اور ء دونوں سے پڑھا جاتا ہے۔ ضهیٌ ہم شکل آدمی

## ضیر

۱-۲۲ قالوا لا ضیر — بولے کچھ ڈر نہیں ہے ۲۶-۵۰

ضاره (یضیره ضیرا) الامر۔ اضر بہ۔

## ضیز

تلک اذا قسمة ضیزی — اس وقت یہ بات بڑی بھونڈی ہے ۵۳-۲۲

(جائرہ) ضاز (یضیز ضیزا) جار۔ ضیزا۔ اعوجاج، ضاز حقہ۔ اس کا حق چھین لیا۔

## ضیع

۲-۱ اضاعوا الصلوة — کھو بیٹھے نماز ۱۹-۵۹ (ترک کیا)

۲-۳ لا یضیع — نہیں اکارت کرتا ۳-۱۷۱، ۹-۱۲۱

۲-۳ لیضیع ایمانکم — تاکہ ضائع کرے ۲-۱۴۳

۲-۳ لا اضیع — میں نہیں ضائع کرتا ۳-۱۹۵

۲-۳ لا نضیع — ہم اکارت نہیں

ضاع (یضیع ضیعا وضیعا وضیاعا) فقد وهلک۔ ضیعة۔ اضاعہ۔ ضائع کر دیا

## ضیف

ان یضیفوهما — ان دونوں کی ضیافت کریں ۱۸-۷۷

راودوه عن ضیفه — اس سے لینے لگے اسکے مہمانوں کو ۵۴-۳۷

عن ضیف ابراهیم — مہمان ابراہیم سے ۱۵-۵۱، ۱۵-۲۷

فی ضیفی — میری مہمانوں کی بابت ۱۱-۷۸

ضافہ (یضیف ضیفا وضیافة) اس کے پاس بطور مہمان ٹھہرا یا ضیافت مانگی۔ ضیّفہ، قدم له الضیافة۔ ضیف ج اضیاف، ضیوف، مضاعف۔ بازخواندہ بدیگرے

## ضیق

۱-۱ وضاق بهم ذرعا — اور تنگ ہوا دل میں ۱۱-۷۷، ۲۹-۳۳

۱-۱ وضاقت علیهم الارض — تنگ ہو گئی ان پر زمین ۹-۱۱۹

۱-۱ ضاقت علیکم الارض — اور تنگ ہو گئی تم پر زمین ۹-۲۶

۱-۳ یضیق صدرک — تیرا جی رکتا ہے ۱۵-۹۷

۱-۳ ویضیق صدری — اور رکتا ہے جی میرا ۲۶-۱۳

۳-۱۱ لتضیقوا علیهن — تاکہ تنگ پکڑو ان کو ۶۵-۶

۱-۱۵ وضائق به صدرک — تنگ ہوتا ہے اس پر تیرا جی ۱۱-۱۲

۱-۱۷ مکانا ضیقا — ایک جگہ تنگ میں ۲۵-۱۳

۱-۱۷ صدره ضیقا — اس کے سینہ کو تنگ ۶-۱۲۵

۱-۲۲ فلا تک فی ضیق — اور نہ ہو تنگی میں ۱۶-۱۲۷

ضاق (یضیق ضیقا) تنگ ہوا۔ ضیق، ضائق، ضیّق فاعل، ضاق الرجل، بخیل یا فقیر ہوا۔ ضیقة سوء الحال، مضیق ج مضائق [illegible]

# ط (۹)

## طبع

۱-۱ بل طبع الله — مہر کر دی اللہ نے ۴-۱۵۵ (ختم اللہ)

۱-۲ وطبع علی قلوبهم — مہر لگا دی گئی انکے دلوں پر ۹-۸۸

۱-۳ یطبع الله — مہر کر دیتا ہے اللہ ۷-۱۰۱

۱-۳ ونطبع علی قلوبهم — اور ہم مہر لگا دیتے ہیں ان کے دلوں پر ۷-۱۰۰ (ختم)

طبع (یطبع طبعا) الشیء، صورہ بصورة، طبع علیہ، ختم

طَبَعَ اللّٰہُ الخلق۔ خلقھم۔ طَبع سرشت وخو ج طبائع طبایع
خاتم ج طوابع۔ طباعت چھپائی طبّاع چھاپنے والا طبیعت ج طبائع
متقدمین حکماء خلط کے قائل ہیں جن کو طبعیات سے پکارتے ہیں مَطبَع۔ پریس
مِطبَع چھاپنے والی مشین۔ علم طبعیات۔ اشیا کی خاصیت سے بحث

## طبق

۱-۲۲ لَتَرْکَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ چڑھنا ہے تم کو سیڑھی پر سیڑھی ایک ایک حال سے دوسرے حال میں ۸۴-۱۹
۴-۲۲ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا آسمان تہ بر تہ ۶۷-۳
طَبِقَ (یَطْبَقُ طَبَقًا) بند ہونا۔ خلاف انبسطت۔ طابقہ۔ از
افعال مفاعلہ۔ طِبَاقًا مطابقۃ، وافقہ۔ طابق بین القمیصین
ایک پر دوسری رکھی اطبق لیک۔ اطلق۔ اَطْبَقَ النُّجُوْمُ۔ کثرت وظہرت
اَطْبِق شَفَتَیْک۔ چپ رہ طِبْق موافق مثال اور سطح زمین ج طبقات نقاط
الظہر ریڑھ کی ہڈیاں۔ الدھر اطباقا۔ مختلف حال اَطْبَاقُ الرَّاسِ۔ سر کی
ہڈیاں۔ تَطبِیق، تپ مُطْبِقَۃ

## طحو طحی

۱-۱ وَمَا طَحٰھَا (بطحہا) اور جیسا کہ اسے پھیلایا ۹۱-۶
طَحَا (یَطْحُو طَحْوًا) الشیءَ بسطہ۔ طحا (یطحی طَحْیًا) الشیءَ
بسطہ۔ واوی، یائی دونوں میں اہل لغت لے آتے ہیں

## طرح

۱-۱۱ اِطْرَحُوْہُ اَرْضًا یا پھینک دو اسکو کسی ملک میں ۱۲-۹
طَرَحَ (یَطْرَحُ طَرْحًا) الشیءَ پھینکا طَرَحَتِ الْاُنْثٰی۔ عورت نے اسقاط کیا
طِرْح المطروح جنین اسقاط شدہ طراح، طروح، طِراح، دور مکان

## طرد

۱-۱ اِنْ طَرَدْتُّھُمْ اگر میں نے ان کو ہانک دیا ۱۱-۳۰
۱-۳۰ فَتَطْرُدَھُمْ کہ تو ان کو دور کرنے لگے ۶-۵۲
۱-۱۳ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ اور مت دور کر ۶-۵۲
(ولا تباعدھم)
۱-۱۵ وَمَا اَنَا بِطَارِدِ الَّذِیْنَ نہیں میں ہانکنے والا ۱۱-۲۹
۱-۱۵ وَمَا اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ اور نہیں میں مومنوں کو ہانکنے والا ہوں ۲۶-۱۱۴
طَرَدَ (یَطْرُدُ طَرْدًا) اَبْعَدَہ۔ طَرَّاد جنگی جہاز۔ جلد رفتار طَرَدَ الْاِبِلَ
سائقہا۔ طریدان۔ دن رات

## طرف

مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ چھپی نگاہ سے ۴۲-۴۵
قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ نیچی نگاہ رکھنے والیاں ۳۷-۴۸، ۳۸-۵۱، ۵۵-۵۶
لَا یَرْتَدُّ اِلَیْھِمْ طَرْفُھُمْ نہ پھر آئے گی انکی طرف ان کی ۱۴-۴۳
(بصرھم بل بقی مفتوحۃ) آنکھیں
لِیَقْطَعَ طَرَفًا (ج اطراف) تاکہ ہلاک کرے ایک جماعت کو ۳-۱۲۷
یَرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ پھر آوے تیری طرف نظر تیری ۲۷-۴۰
طَرَفَیِ النَّھَارِ دونوں طرف دن کے ۱۱-۱۱۵
مِنْ اَطْرَافِھَا اس کے کناروں سے ۱۳-۴۳
طَرَفَ (یَطْرِفُ طَرْفًا) بَصَرَہ۔ آنکھ کے پپوٹے کو دوسرے پر رکھا
طَرَفَتْ عَیْنُہ، تَحَرَّکَتْ۔ طرف چشم طَرْفَۃ نا تو چشم طَرْفَۃَ العین
آنکھ کا جھپکنا۔ طَرَف۔ پارہ ہر چیز وگروہ مردم ج اَطْرَاف اور کنارہ ہر چیز طرف
طرفۃ العین میں آیا۔

## طرق

۱-۱۵ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ قسم ہے آسمان اور رات میں آنیوالے کی ۸۶-۱، ۲
۱-۱۷ اِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ ایک راہ سیدھی پر ۴۶-۳۰
۱-۱۷ لِیَھْدِیَھُمْ طَرِیْقًا نہ دکھلاوے انکو سیدھی راہ ۴-۱۶۸
۱-۱۷ اِلَّا طَرِیْقَ جَھَنَّمَ مگر راہ دوزخ کی ۴-۱۶۸
۱-۱۷ فَاضْرِبْ لَھُمْ طَرِیْقًا ڈال ان کے لیے راستہ ۲۰-۷۷
۱-۱۷ اَمْثَلُھُمْ طَرِیْقَۃً اچھی راہ روش والا ۲۰-۱۰۴
۱-۱۷ عَلَی الطَّرِیْقَۃِ راہ پر ۷۲-۱۶
بِطَرِیْقَتِکُمُ الْمُثْلٰی تمہارے اچھے خاصے چلن کو ۲۰-۶۳
سَبْعَ طَرَآئِقَ سات راستے مراد آسمان ۲۳-۱۷
کُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ہم تھے کئی راہ پر پھٹے ہوئے ۷۲-۱۱
طَرَقَ (یَطْرُقُ طَرْقًا وطُرُوْقًا) القومَ۔ رات کے وقت آیا طَارِق ج
طُرَّاق وطُرَّاق۔ رات کو آنے والا یا صبح کا ستارہ۔ حدیث میں ہے لا تطرق
المسجد۔ مسجد کو راستہ نہ بناؤ۔ طریق۔ راستہ ج طُرُق، اَطْرِقۃ
طَرِیْقَۃ ج طَرَائِق سیرت، حالت، مذہب طَرَقَ۔ راستہ بنایا تَطَرَّقَ

اِلَیْہِ۔ اس کی طرف۔ اللہ معلوم کیا۔

## طرو، طری

۱-۱۷ لَحْمًا طَرِیًّا تازہ گوشت ۱۴-۱۶ / ۱۲-۳۵

طَرُوَ یَطْرُوْ وطَرِیَ یَطْرٰی طَرَاوَۃً وطَرَاءَۃً وطَرَاءً وطَرْءَۃً
اللحمُ گوشت تازہ ہوا۔ طَرّٰی۔ اس کو تازہ بنایا۔ اَطْرٰی وان۔ تازہ ہوائی

## طعم

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲ فِیْمَا طَعِمُوْا | جو کر پہلے کھا چکے | ۹۳-۵ |
| (اکلوا من الخمر) | | |
| ۱-۱ فَاِذَا طَعِمْتُمْ | جب کھانا کھا چکو | ۵۳-۳۳ |
| ۲-۱ اَطْعَمَہٗ | اس کو کھلاتا | ۴۷-۳۶ |
| ۲-۱ اَطْعَمَہُمْ | ان کو کھلایا | ۴-۱۰۶ |
| ۱۱-۱ اِسْتَطْعَمَآ اَہْلَہَا | دونوں نے کھانا مانگا اس گاؤں کے لوگوں سے | ۷۷-۱۸ |
| (طلبا منہم الطعام) | | |
| ۱-۲ یَطْعَمُہٗ | کھائے اس کو | ۱۴۵-۶ |
| ۱-۵ لَمْ یَطْعَمْہُ (یذقہ) | اس کو نہ چکھا | ۲۴۹-۲ |
| ۱-۳ لَا یَطْعَمُہَآ | نہ کھائے اس کو | ۱۳۸-۶ |
| ۲-۳ وَہُوَ یُطْعِمُ (یرزق) | وہ کھانا دیتا ہے | ۱۴-۶ |
| ۲-۳ یُطْعِمُنِیْ | وہ مجھے کھلاتا ہے | ۷۹-۲۶ |
| ۲-۳ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ | اور کھانا کھلاتے ہیں | ۸-۷۶ |
| ۲-۳ اَنْ یُّطْعِمُوْنِ | یہ کہ مجھے کھلائیں | ۵۷-۵۱ |
| ۲-۳ تُطْعِمُوْنَ اَہْلِیْکُمْ | کھلاتے ہو تم اپنے گھر والوں کو | ۸۹-۵ |
| ۲-۳ اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ | کیا ہم کھانا کھلائیں | ۴۷-۳۶ |
| ۲-۳ نُطْعِمُ الْمِسْکِیْنَ | ہم کھانا نہ دیتے مسکینوں کو | ۴۴-۷۴ |
| ۲-۳ نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ | ہم تم کو کھلاتے ہیں | ۹-۷۶ |
| ۲-۴ وَلَا یُطْعَمُ | اور وہ نہیں کھلایا جاتا | ۱۴-۶ |
| ۲-۱۱ اَطْعِمُوا الْقَانِعَ | اور کھلاؤ صبر سے بیٹھنے والوں کو | ۳۶-۲۲ |
| ۲-۱۱ اَطْعِمُوا الْبَآئِسَ | اور کھلاؤ بُرے حال کے محتاجوں کو | ۲۸-۲۲ |
| ۱-۱۵ عَلٰی طَاعِمٍ | کھانے والے پر | ۱۴۵-۶ |
| ۲-۲۲ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ | کھلانا دس مسکینوں کا | ۸۹-۵ |
| ۱-۲۲ اِطْعَامُ سِتِّیْنَ | کھانا ساٹھ مسکینوں کا | ۴-۵۸ |
| ۲-۲۲ اَوْ اِطْعَامٌ فِیْ یَوْمٍ | کھلانا | ۱۴-۹۰ |
| ۱-۲۲ اَزْکٰی طَعَامًا | ستھرا طعام | ۱۹-۱۸ |
| ۱-۲۲ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ | ایک خوراک پر | ۶۱-۲ |
| (ج اطعمۃ) | | |
| ۱-۲۲ لَمْ یَتَسَنَّہْ طَعْمُہٗ | نہ بدلے اس کا مزہ | ۱۵-۴۷ |
| (ج طعوم) | | |
| ۱-۲۲ طَعَامُ مَسٰکِیْنَ | کھانا مسکینوں کا | ۱۸۴-۲ |
| ۱-۲۲ کُلُّ الطَّعَامِ | ہر ایک کھانا | ۹۳-۳ |
| ۱-۲۲ اِلٰی طَعَامِہٖ | اپنے کھانے کی طرف | ۲۴-۸۰ |
| ۱-۲۲ وَطَعَامُہٗ | اور اس کا کھانا | ۹۶-۵ |
| ۱-۲۲ اِلٰی طَعَامِکَ | اپنے کھانے کی طرف | ۲۵۹-۲ |
| ۱-۲۲ وَطَعَامُکُمْ | اور تمہارا طعام | ۵-۵ |

طَعِمَ یَطْعَمُ طَعَامًا الشیءَ۔ ذاقہ۔ طَعِمَ طَعْمًا وطَعَامًا الطعامَ کھانا کھایا۔ طَعِمَ یَطْعَمُ طَعْمًا۔ شبع۔ طَعَامِیٌّ۔ روٹی بیچنے والا۔ مَطْعَمٌ ہوٹل ج مَطَاعِمُ۔ مِطْعَمٌ مہمان نواز۔ رجلٌ ذو طَعْمٍ عقلمند

## طعن

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ طَعَنُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ | اور عیب لگائے تمہارے دین میں | ۱۲-۹ |
| (عابوا) | | |
| ۱-۲۲ وَطَعْنًا فِی الدِّیْنِ | اور عیب لگانے کو دین میں | ۴۶-۴ |

طَعَنَ یَطْعَنُ طَعْنًا وطَعَنَانًا الرجلَ عیب لگایا۔ طَعَنَ یَطْعُنُ طَعْنًا بالرمح نیزہ مارا۔ طَاعُوْنٌ ج طواعین۔ طُعِنَ الرجلُ۔ اس کو طاعون کا پھوڑا نکلا۔ طَعِیْنٌ، مَطْعُوْنٌ۔ جس کو عیب لگا۔ طعنہ عام مشہور لفظ ہے

## طغو

| | | |
|---|---|---|
| بِطَغْوٰىہَا | اپنی سرکشی سے | ۱۱-۹۱ |
| (بسبب طغیانہا) | | |
| یَکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ | کفر کرے شیطان کا | ۲۵۶-۲ |
| عَبَدَ الطَّاغُوْتَ | بندے شیطان کے | ۶۰-۵ |

اَنۡ یَّتَحَاکَمُوۡۤا اِلَی الطَّاغُوۡتِ یہ کہ فیصلہ لے جائیں شیطان کے پاس ۴-۶۰

(والکثیر الطغیات)

طَغٰی یَطْغُوْ طُغُوًّا وطغوانا جاوز القدر والحد، طاغوت کل معتدٍ۔ کل رأسِ ضلالٍ۔ الشیطان، الصارف عن الطریق الخیر، کل معبود من دون اللہ ج طواغ وطواغیت بیوت الاصنام۔

## طغی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | اَمَّا مَنۡ طَغٰی | جس کی ہو شرارت | ۷۹-۳۷ |
| ۱-۱ | اِنَّہٗ طَغٰی (فرعون) (علا فی الکفر) | اس نے سر اٹھایا | ۲۰-۲۴ / ۲۰-۴۳ |
| ۱-۱ | لَمَّا طَغَی الْمَآءُ (ارتفع) | جب پانی ابلا | ۶۹-۱۱ |
| ۱-۱ | مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (ما تجاوزہ) | بہکی نہیں نگاہ اور نہ حد سے بڑھی | ۵۳-۱۷ |
| ۱-۱ | طَغَوۡا فِی الۡبِلَادِ | سر اٹھایا ملکوں میں | ۸۹-۱۱ |
| ۱-۲ | مَاۤ اَطۡغَیۡتُہٗ (ضللتہ) | میں نے اس کو شرارت میں نہیں ڈالا | ۵۰-۲۷ |
| ۱-۳ | اَنۡ یَّطۡغٰی | یا زیادتی کرے | ۲۰-۴۵ |
| ۱-۳ | لَیَطۡغٰۤی | سر چڑھتا ہے | ۹۶-۶ |
| ۱-۱۳ | اَلَّا تَطۡغَوۡا (لا تجوروا) | زیادتی نہ کرو | ۵۵-۹ |
| ۱-۱۳ | وَلَا تَطۡغَوۡا | اور حد سے نہ بڑھو | ۱۱-۱۱۲ |
| ۱-۱۵ | بِالطَّاغِیَۃِ (الصاعقۃ وطغیان) | اچھال کر | ۶۹-۵ |
| ۱-۱۵ | قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ | یہ لوگ شرارت پہ ہیں | ۵۲-۵۳ |
| ۱-۱۵ | قَوۡمًا طَاغِیۡنَ | حد سے نکل چلنے والے | ۳۷-۳۰ |
| ۱-۱۵ | اِنَّا کُنَّا طَاغِیۡنَ | بے شک ہم حد سے بڑھنے والے | ۶۸-۳۱ |
| ۱-۱۵ | لِّلطَّاغِیۡنَ مَاٰبًا | شریروں کا ٹھکانا | ۷۸-۲۲ |
| ۱-۲۱ | اَظۡلَمَ وَاَطۡغٰی | بڑے ظالم اور بڑے شریر | ۵۳-۵۲ |
| ۱-۲۲ | اِلَّا طُغۡیَانًا کَبِیۡرًا | مگر شرارت بڑی | ۱۷-۶۰ |
| ۱-۲۲ | فِیۡ طُغۡیَانِہِمۡ یَعۡمَہُوۡنَ (ضلالتہم) | اپنی سرکشی میں اور حالت یہ ہے کہ اندھے ہیں | ۲-۱۵ |

طَغٰی وطَغِیَ یَطۡغٰی طَغۡیًا وطُغۡیَانًا الکافر، غلا فی الکفر، طَغٰی الرجل، اسرف فی الظلم والمعاصی، طَغٰی الماء، ارتفع، طَغٰی ظالم ج طغاۃ، طاغون، م طَاغِیَۃ۔ جبار، متکبر، زیادتی کرنیوالا لقب ملوک الروم۔

## طفا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۲ | اَطۡفَاَہَا اللّٰہُ | بجھایا اس کو اللہ نے | ۵-۶۴ |
| ۲-۳ | اَنۡ یُّطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰہِ | یہ کہ بجھا دیں روشنی اللہ کی | ۹-۳۲ |
| ۲-۱۱ | لِیُطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰہِ | کہ بجھا دیں اللہ کی روشنی | ۶۱-۸ |

طَفِئَتۡ یَطۡفَی طُفُوۡءًا النار، آگ بجھ گئی۔ طَفِئَتۡ عَیۡنُہٗ، اندھا ہوا اَطۡفَأَ الفِتۡنَۃَ والحرب، سکنہا

## طفف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱۵ | وَیۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِیۡنَ | خرابی ہے گھٹانے والوں کی | ۸۳-۱ |

طَفَّفَ یُطَفِّفُ طَفًّا، المکیال، نقصہٗ طَفَّفَ عَلٰۤی اَہۡلِہٖ

## طفق

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | طَفِقَ مَسۡحًۢا | لگا جھاڑنے | ۳۸-۳۳ |
| ۱-۱ | طَفِقَا یَخۡصِفٰنِ | لگے جوڑنے | ۷-۲۱ / ۲۰-۱۲۱ |

طَفِقَ یَطۡفَقُ طَفَقَ یَطۡفِقُ طَفۡقًا وطُفُوۡقًا، شروع ہوا۔

## طفل

| | | |
|---|---|---|
| ثُمَّ نُخۡرِجُکُمۡ طِفۡلًا | پھر تم کو نکالتا ہے لڑکا | ۴۰-۶۷ |
| نُخۡرِجُکُمۡ طِفۡلًا | پھر ہم تم کو نکالتے ہیں لڑکا | ۲۲-۵ |
| اَوِ الطِّفۡلِ الَّذِیۡنَ | یا کہ وہ لڑکے | ۲۴-۳۱ |
| بَلَغَ الۡاَطۡفَالُ | پہنچے لڑکے | ۲۴-۵۹ |

طَفَلَ یَطۡفُلُ طُفُوۡلًا، دَخَلَ فِی الطِّفۡلِ بچپن میں داخل ہوا اَطۡفَلَ الانثیٰ، عورت بچہ دار ہی۔ طَفَّلَ الرجل، صار طُفَیۡلِیًّا، ہر چھوٹی چیز کو بھی کہتے ہیں (ذھو یسعی لی فی اطفال الحاجات) طفل، مصدر بچپن تَطَفَّلَ بچوں کی سی حرکات کیں۔ طفولیۃ، طفالۃ، طفولۃ، بچپن کی حالت، طُفَیۡلِیۡ۔ وہ آدمی کہ دعوت ولیمہ میں بن بلائے چلا جائے

طفیل، واسطہ۔

## طلب

۱-۳ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا — اسکے پیچھے لگا آتا ہے دوڑتا ہوا۔ ۷-۵۴

۱-۱۵ ضَعُفَ الطَّالِبُ (عابد) — بودا ہے چاہنے والا ۲۲-۷۳

۱-۱۶ وَالْمَطْلُوبُ (معبود) — اور جن کو چاہتا ہے ۲۲-۷۳

۱-۲۲ تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَبًا — پھر نہ لا سکے تو اس کو ڈھونڈ کر ۱۸-۴۱

(حیلہ تد دکریھا)

طَلَبَ (يَطْلُبُ طَلَبًا) الشئ، مانگی طلب الیہ، رَغِبَ، طَالِبٌ ج طَلَبَة، طُلَّاب، طُلَّب، طُلُوبٌ ج طُلُب، طَلِيبٌ ج طُلَبَاء مَطْلَبٌ ج مَطَالِب بمعنی مقصد، مَطْلُوب ج مَطَالِيب

## طلت

طَالُوتَ بِالْجُنُودِ — طالوت لشکروں کے ساتھ ۲-۲۴۹

طَالُوتَ مَلِكًا — طالوت کو بادشاہ ۲-۲۴۷

یہ ایک عجمی نام ہے۔ نسل ملوک اور انبیاء میں سے نہ تھا بلکہ بنیامین برادر یوسفؑ سے تھا۔ علم میں لاثانی اور جسم میں مضبوط۔ شکل میں بڑا خوبصورت باوجود ان سب اوصاف کے یہ کوئی نالدار آدمی نہ تھا۔ بلکہ اس کی پہلی زندگی بالکل غیر معروف تھی۔ اسی لیے کسی نے ماشکی لکھ مارا کسی نے چرواہا بیان کیا۔ اور کسی نے دباغ کہہ دیا مگر خداوند تعالیٰ نے اس کو بوجہ علم، جسم، سیاست دانی اسی کو پسند فرمایا۔ اسی قابلیت کی وجہ سے خداوند تعالےٰ نے اسی کو سرداری سے سرفراز فرمایا۔

## طلح

وَطَلْحٍ مَنْضُودٍ — اور کیلے تہہ بہ تہہ ۵۶-۲۹

(شجرالموز)

طَالِحٌ بدبخت ج طالحون، طَلْحٌ ضد صالح اہل لغت نے طالح کے معنی۔ موز۔ موزہ۔ کیلہ۔ ام غیلن کہہ کر سب کچھ لکھ مارا ہے۔ المنجد نے بڑی جرأت سے موز اور کیکر لکھ دیا ہے۔ اور کیکر کے پتوں اور پھلوں کی تصویر دی ہے۔ جلالین والا بھی کیکر کی طرف گیا ہے۔ وحید الزمان نے کہا ہے کہ کیکر میں کانٹے ہوتے ہیں۔ اس لیے یہ مراد اسی وقت ہو سکتی ہے جب کہ کانٹے کی جگہ پھل ہو اور حضورؐ نے بھی فرمایا کہ جنت میں کانٹوں کی جگہ پھل ہوں گے قرآن کریم میں یہاں سایہ کا ہی بیان کیا ہے۔ مگر عام مترجم کیلا ہی لکھتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بمرادہ۔ ابو طلحہ ایک مشہور صحابی ہے۔

## طلع

۱-۱ إِذَا طَلَعَتْ تَزَاوَرُ — جب نکلتی ہے بچ کر جاتی ہے ۱۸-۱۷

۷-۱ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ — کیا جھانک کر آیا ہے غیب کو ۱۹-۷۹

۷-۱ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ — پھر جھانکا اس کو ۳۷-۵۵

۷-۱ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ — اگر جھانک کر دیکھے تو ان کو ۱۸-۱۸

۱-۳ وَجَدَهَا تَطْلُعُ — پایا اس کو کہ نکلتا ہے ۱۸-۹۱

۲-۳ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ — مطلع کرے تمکو اوپر غیب کے ۳-۱۷۹

۷-۳ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ — وہ جھانک لیتی ہے دل ۱۰۴-۷

(تشرف)

۷-۳ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ — اور ہمیشہ تو مطلع ہوتا رہتا ہے ۵-۱۳

(تطھں)

۷-۳ أَطَّلِعُ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ — جھانک کر دیکھوں میں موسیٰ کے رب کو ۲۸-۳۸

(انظر)

۷-۳ فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ — پھر جھانک کر میں دیکھوں ۴۰-۳۷

۷-۱۵ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ — کیا ہو تم جھانک کر دیکھنے والے ۳۷-۵۴

۱-۱۸ مَطْلِعَ الشَّمْسِ — سورج نکلنے کی جگہ ۱۸-۹۱

۱-۱۸ مَطْلَعِ الْفَجْرِ — صبح کے نکلنے تک ۹۷-۵

۱-۲۲ طُلُوعِ الشَّمْسِ — سورج نکلنے سے پہلے ۲۰-۱۳۰

طَلْعٌ نَضِيدٌ — خوشہ ہے کہ تہہ بہ تہہ ۵۰-۱۰

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ — اس کا خوشہ جیسے سر شیطان کے ۳۷-۶۵

طَلْعُهَا هَضِيمٌ — جن کا گابھا ملائم ہے ۲۶-۱۴۸

مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ — پھل کے گچھے ۶-۹۹

طَلَعَ (يَطْلُعُ طُلُوعًا ومَطْلَعًا) الكوكب، ستارہ نمودار ہوا۔ طَلَعَ النَّخْلُ میوہ نکالا اَطْلَعَ (يَطْلُعُ)، وطَلِعَ (يَطْلَعُ طُلُوعًا) الجبلَ، پہاڑی پر چڑھا اَطْلَعَ علی الامر، عَلِمَہ، مَطْلَعٌ سیڑھی طالع (مطالعہ) الكتب کتاب کا مطالعہ کیا۔ طَالِعٌ۔ فال والوں کے نزدیک تاروں کی تاثیریں اچھی یا بری قسمت والا۔

## طلق

۱-۳ فَإِنْ طَلَّقَهَا (طلاق ثالث)، پھر اس نے عورت کو طلاق دی ۲-۲۳۰

۲-۱-۱ اِنْ طَلَّقَكُنَّ — اگر نبی چھوڑ دے اپنی سب عورتوں کو ۶۶-۵

۲-۱ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ — جب تم عورتوں کو طلاق دو ۶۵-۱ ، ۲-۲۳۱

(اردتم الطلاق)

۳-۱ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ — طلاق دی تم نے عورتوں کو ۲-۲۳۷

۸-۱ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ — اور چل کھڑے ہوئے کئی سردار ۳۸-۶

۸-۱ فَانْطَلَقَا — دونوں چل کھڑے ہوئے ۱۸ / ۷۱و۷۴و۷۷

۸-۱ فَانْطَلَقُوْا — وہ چلے ۶۸-۲۳

۸-۱ اِذَا انْطَلَقْتُمْ — جب تم چلے ۴۸-۱۵

۸-۲ وَلَا يَنْطَلِقُ — اور نہیں چلتی (زبان) ۲۶-۱۳

۳-۱۱ فَطَلِّقُوْهُنَّ — طلاق دو ان کو ۶۵-۱

۸-۱۱ اِنْطَلِقُوْا اِلٰى ظِلٍّ — چلو ۷۷ / ۲۹و۳۰

۳-۱۲ وَالْمُطَلَّقٰتُ — اور جن کو طلاق ہوئی ہے ۲-۲۲۸

۳-۱۲ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ — اور طلاق والیوں کے لیے ۲-۲۴۱

۳-۲۲ اَلطَّلَاقُ (الرجعی طلاق) طلاق ۲-۲۲۹

طَلَقَتْ (يَطْلُقُ طَلَاقًا) المرأۃ بَانَتْ عَنْ زَوْجِهَا وَتَرَكَتْ فَهِيَ طَالِقٌ ج طُلَّقٌ، طَلَقَ (يَطْلُقُ طَلْقًا) الشئ چھوڑا طَلَقَ (يَطْلُقُ طُلُوْقًا وَطُلُوْقَةً) اللِّسَانُ۔ زبان چلنے میں آزاد ہوئی۔ اور وہ آدمی فصیح اللسان ہوگیا طُلِقَتِ المرأۃُ۔ عورت کو دردزہ پہنچا وہ عورت۔ مَطْلُوْقَۃ۔ ہوئی طَلَقَہٗ۔ تَرَكَہٗ، اِنْطَلَقَ، ذَهَبَ، طَلْق۔ دردزہ ج اَطْلَاق۔ طَلْق طَلِقٌ، طَلِيْقٌ، غیر مقید طَلْقُ الْيَدَيْنِ سخی مرد مَاضِی مُطْلَق نادر مُطْلَق، اَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن تمام قبائل عرب کو آزادی دے کر فرمایا تھا واحد طَلِيْق، طَالِقَۃٌ نکاح کی قید سے آزاد عورت ج طَوَالِق، اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَهٗ اسہال شروع ہوگئے۔

## طلل

فَطَلٌّ — پھر پھوار کافی ہے ۲-۲۶۵

طَلَّتْ (يَطَلُّ طَلًّا) السَّمَاءُ الارضَ پھوار پڑی طَلٌّ ج طِلَال

طِلَك بنی والی بارش یاکہ کچھ اور زیادہ

## طمث

۱-۵ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ[1] — نہیں ہاتھ لگایا ان کو ۵۵ / ۵۶و۷۴

(يَفْتَضُّهُنَّ)

(۱) طَمَثَ (يَطْمِثُ طَمْثًا) الشئ مَسَّہٗ (۲) طَمَثَتْ (تَطْمُثُ) طَمَثَتْ (يَطْمِثُ طَمْثًا) المرأۃ حَاضَتْ، طَمْث پلیدی فساد، خون، شک

## طمس

۱-۱ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ — ہم نے مٹادیں ان کی آنکھیں ۵۴-۳۷

(اعمیناھا)

۱-۱ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ — مٹادیں ان کی آنکھیں ۳۶-۶۶

(اعمیناھا طمسًا)

۲-۱ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ — جب ستارے مٹائے جائیں ۷۷-۸

(محی نورھا)

۳-۱ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا — ہم مٹاڈالیں کئی چہروں کو ۴-۴۷

(نمحوا ما فیہا من العین والانف وغیرہ)

۱-۱۱ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ — اے رب مٹادے ان کے مال ۱۰-۸۸

(امسخھا)

(۱) طَمَسَ (يَطْمِسُ طَمْسًا وَطُمُوْسًا وَطَمَسَ وَانْطَمَسَ) البصرُ ذَهَبَ ضَوْءُهَا (۲) طَمَسَ (يَطْمِسُ طَمْسًا) الشئ اَهْلَكَہٗ، محاہ، طَمِيْس نابینا (۳) طَمَسَ (يَطْمُسُ طُمُوْسًا) بَعُدَ (لَا اَدْرِيْ اَيْنَ طَمَسَ) معلوم کہاں دفعہ ہوگیا

## طمع

۱-۳ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ — لالچ رکھتا ہے کہ میں اسے زیادہ دوں ۷۴-۱۵

۱-۳ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ — لالچ کرے گا وہ آدمی ۳۳-۳۲

۱-۳ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ — کیا طمع رکھتا ہے ۷۰-۳۸

۱-۳ وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ — اور وہ امید رکھتے ہیں ۷-۴۶

۱-۳ اَفَتَطْمَعُوْنَ — کیا تم توقع رکھتے ہو ۲-۷۵

۱-۳ اَطْمَعُ اَنْ — مجھے توقع ہے ۲۶-۸۲

[1] کبھی بیاہے ان کا پردہ بکارت نہیں توڑا۔ جماع نہیں کیا۔ کنواریاں ہیں

۳-۱ وَنَطْمَعُ — اور ہم توقع رکھتے ہیں — ۵-۸۴
۲۲-۱ خَوْفًا وَّطَمَعًا — خوف اور طمع سے — ۷-۵۵

طَمِعَ رَيَطْمَعُ طَمْعًا وَطَمَاعًا وَطَمَاعِيَةً فِي الشَّيْءِ حرص
خا. طَامِعٌ، طَمِعٌ، طُمُعٌ ج طَمِعُونَ طَمِعَاتٌ، اَطْمَاعٌ، طَمَاعٌ

## طمم

الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى — بڑا ہنگامہ — ۷۹-۳۴

طَمَّ رَيَطُمُّ طَمًّا وَطُمُومًا) الشَّیْءُ بھر کر زیادہ ہو گئی طَمَّ الْاِنَاءَ برتن بھر دیا. طَمَّ الْبِئْرَ. کنواں مٹی سے بھر دیا. الطَّآمَّةُ الدَّاهِيَةُ تفوق ما سواها، قیامت۔

## طمن

۱-۱۵ خَيْرُ اِطْمَاَنَّ بِهٖ — بھلائی قائم ہو گیا اسکی عبادت پر — ۲۲-۱۱
۱-۱۵ وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا — اور اسی پر مطمئن ہو گئے — ۱۰-۷
(سکنوا الیہا)
۱-۱۵ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ — جب خوف جاتا رہے — ۴-۱۰۳
(امنتم)
۳-۱۵ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ — تاکہ تسکین ہو جائے میرے دل کو — ۲-۲۶۰
(لیسکن)
۳-۱۵ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ — تاکہ تسکین ہو تمہارے دلوں کی — ۳-۱۲۶
۳-۱۵ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ — چین پاتے ہیں دل ان کے — ۱۳-۲۸
۳-۱۵ وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا — اور تسلی میں آجاویں ہمارے دل — ۵-۱۱۳
۱۵-۱۵ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ — برقرار ہے ایمان پر — ۱۶-۱۰۶
۱۵-۱۵ مُطْمَئِنِّيْنَ — اطمینان سے بسنے والے — ۱۷-۹۵
۱۵-۱۵ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً — چین امن سے — ۱۶-۱۱۲
۱۵-۱۵ نَفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ — جی جس نے چین پکڑ لیا — ۸۹-۲۷
(امنہ)

طَمَانَ رَطُمَانَةً وَتَامَنَ، سَكَنَ، اِطْمَعَنَ (اِطْمِئْنَانًا وَطُمَانِيْنَةً اَلیہ. ایمان لایا، آرام پکڑا، جھکا. طَمْنٌ ج طُمُونٌ، مُطْمَئِنٌّ. ساکن

## طود

۲۲-۱ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ — جیسے بڑا پہاڑ — ۲۶-۶۳

(ج اطواد، طودۃ)
طَوْدٌ جبل عظیم اِنْطَادَ صَعَدَ فِي الْهَوَاءِ مُنْطَادٌ غبارہ ہوائی جہاز ج مَنَاطِيْدُ

## طور

مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ — سینا پہاڑ سے — ۲۳-۲۰
طُوْرِ سِيْنِيْنَ — طور سینین کی — ۹۵-۲
جَانِبِ الطُّوْرِ — طرف طور پہاڑ — ۱۹-۵۲
فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ — تمہارے اوپر کوہ طور — ۲-۶۳
فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ — ان پر پہاڑ — ۴-۱۵۴
۲۲-۱ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا (طور) — پیدا کیا تم کو طرح طرح سے — ۷۱-۱۴

طَوْرٌ حال، ہیئت، حد، قدرت ج اطوار. طور، ایک پہاڑ کا نام ہے موسیٰ علیہ السلام ۲ دفعہ بصراحت قرآن مجید (واپسی مدین اور دوسری وعدہ اربعین لیلہ) میں خداوند کریم سے ہم کلام ہوئے اور کلیم اللہ کا خطاب حاصل کیا

## طوع

۲-۱ اَطَاعَ اللّٰهَ — فرمانبرداری کی اللہ کی — ۴-۷۹
۲-۱ فَاَطَاعُوْهُ — پھر انہوں نے اسی کا کہنا مانا — ۴۳-۵۴
۲-۱ لَوْ اَطَاعُوْنَا — اگر ہماری بات مانتے — ۳-۱۶۸
۲-۱ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ — اگر کہنا مانیں تمہارا (عورتیں) — ۴-۳۴
۲-۱ اَطَعْتُمْ بَشَرًا — اگر چلنے لگے تم کہنے ایک آدمی کے — ۲۳-۳۴
۲-۱ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ — اگر تم نے ان کا کہا مانا — ۶-۱۲۱
۲-۱ اَطَعْنَا — ہم نے قبول کیا — ۲-۲۸۵
۲-۱ اَطَعْنَا اللّٰهَ — کہا مانا ہوتا اللہ کا — ۳۳-۶۶
۲-۱ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا — کہا مانا ہوتا رسول کا — ۳۳-۶۶
۳-۱ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ — پھر اسکو راضی کیا اسکے نفس نے — ۵-۳۰
(زینت)
۱۱-۱ مَنِ اسْتَطَاعَ — جو توفیق رکھے — ۳-۹۷
۱۱-۱ فَمَا اسْطَاعُوْا اَنْ — نہ چڑھ سکیں اس پر [illegible] — ۱۸-۹۸
۱۱-۱ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا — اور نہ کر سکیں اس میں سوراخ
۱۱-۱ مَنِ اسْتَطَعْتَ — ان میں سے جس کو گھبرا سکے — ۱۷-۶۴

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱۱ | فَإِنِ اسْتَطَعْتَ | پھر اگر تم سے ہو سکے | ۶-۳۵ |
| ۱-۱۱ | مَا اسْتَطَعْتُمْ | جہاں تک تم سے ہو سکے | ۶۴-۱۶ |
| ۱-۱۱ | مَا اسْتَطَعْتُ | جہاں تک مجھ سے ہو سکے | ۱۱-۸۸ |
| ۱-۱۱ | لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا | اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور چلتے | ۹-۴۲ |
| ۳-۲ | مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ | جو کوئی حکم مانے اللہ کا | ۴-۱۳ |
| ۳-۲ | مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ | جو تابعداری کرے رسول کی | ۴-۸۰ |
| ۳-۲ | لَوْ يُطِيعُكُمْ | اگر تمہاری بات مان لیا کرے | ۴۹-۷ |
| ۳-۲ | وَيُطِيعُونَ اللّٰهَ | اور حکم پر چلتے ہیں اللہ کے | ۹-۷۱ |
| ۳-۲ | وَلَا تُطِعْ | اور کہا نہ مان | ۱۸-۲۸ |
| ۳-۲ | وَإِنْ تُطِعْ | اگر کہا مانے گا تو | ۶-۱۱۶ |
| ۳-۲ | لَا تُطِعْهُ | مت کہا مان اس کا | ۹۶-۱۹ |
| ۳-۲ | فَلَا تُطِعْهُمَا | ان دونوں کا کہنا نہ مان | ۲۹-۸ / ۳۱-۱۵ |
| ۳-۲ | إِنْ تُطِيعُوا | اگر پیچھے لگے تم | ۳-۱۰۰ |
| ۳-۲ | وَإِنْ تُطِيعُوهُ | اگر تم اس کی تابعداری کرو | ۲۴-۵۴ |
| ۳-۲ | وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ | ہم کہا نہ مانیں گے کسی کا تمہارے معاملہ میں | ۵۹-۱۱ |
| ۳-۲ | سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ | ہم تمہاری بات بھی مانیں گے بعض امور میں | ۴۷-۲۶ |
| ۳-۲ | أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ | یا نہیں بتلا سکتا | ۲-۲۸۲ |
| ۳-۱۱ | هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ | کیا تیرا رب کر سکتا ہے | ۵-۱۵ |
| ۵-۱۱ | لَمْ يَسْتَطِعْ | نہیں مقدور رکھتا | ۴-۲۵ |
| ۳-۱۱ | وَمَا يَسْتَطِيعُونَ | اور نہ وہ کر سکتے ہیں | ۲۶-۲۱۱ |
| ۳-۱۱ | لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا | چل پھر نہیں سکتے | ۲-۲۷۳ |
| ۳-۱۱ | مَا لَمْ تَسْتَطِعْ | ان باتوں جو کہ تو نہ کر سکا | ۱۸-۷۸ |
| ۳-۱۱ | مَا لَمْ تَسْطِعْ | ان باتوں کا جو کہ تو نہ کر سکا | ۱۸-۸۲ |

(ت مدغم ہے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷-۱۱ | فَلَنْ تَسْتَطِيعَ | پھر ہرگز نہ تو نیتی رکھے تو | ۱۸-۴۱ |
| ۳-۱۱ | فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفًا | سو اب تم نہ لوٹا سکتے ہو | ۲۵-۱۹ |
| ۷-۱۱ | فَلَنْ تَسْتَطِيعُوا | تم ہرگز نہ کر سکو گے | ۴-۱۲۹ |
| ۴-۲ | لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللّٰهِ | تاکہ اس کا حکم مانا جائے | ۴-۶۴ |
| ۴-۲ | وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ | اور نہ سفارشی جس کی بات مانی جائے | ۴۰-۱۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱-۲ | أَطِيعُوا اللّٰهَ | کہا مانو اللہ کا | ۳-۳۲ |
| ۱۱-۲ | أَطِيعُوا الرَّسُولَ | تابعداری کرو رسول کی | ۴-۵۹ |
| ۱۱-۲ | وَأَطِيعُونِ | اور میرا کہا مانو | ۳-۵۰ |
| ۱۱-۲ | أَطِعْنَ اللّٰهَ | اطاعت میں اللہ کا | ۳۳-۳۳ |
| ۱۵-۱ | أَتَيْنَا طَائِعِينَ | ہم آئے خوشی سے | ۴۱-۱۱ |
| ۱۵-۷ | الْمُطَّوِّعِينَ | جو کہ دل کھول کر خیرات کرتے ہیں | ۹-۸۰ |
| ۱۶-۱ | مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ | سب کا مانا ہوا | ۸۱-۲۱ |
| ۲۲-۱ | طَوْعًا وَكَرْهًا | خوشی سے یا لاچاری سے | ۳-۸۳ |
| ۲۲-۲ | وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ | اور کہتے ہیں قبول ہیں | ۴-۸۰ |
| ۲۲-۲ | طَاعَةٌ مَعْرُوفَةٌ | حکم برداری چاہیے جو کہ دستور سے ہو | ۲۴-۵۳ |

طَاعَ (يَطُوعُ) وَيُطَاعُ طَوْعًا مطیع ہوا، طَائِعٌ ج طَوْعٌ، طَائِعُونَ، طَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ، سہلت ورخصت له فعله، طَاوَعَهُ وافقه، أَطَاعَهُ إِطَاعَةً وَطَاعَةً انقاد له، تَطَوَّعَ تكلف الطَّاعَةَ، اِسْتَطَاعَ، اِسْطَاعَ (ت حذف ہے) مِطْوَاعٌ، مِطْوَاعَةٌ، مُطِيعٌ، مُطَّوِّعٌ نفل نماز گزار۔

## طوف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | فَطَافَ عَلَيْهَا | پھر پھر گیا اس پر | ۶۸-۱۹ |
| ۱-۳ | يَطُوفُ عَلَيْهِمْ | اور پھریں گے ان پر | ۵۲-۲۴ / ۵۶-۱۷ |
| ۱-۳ | يَطُوفُونَ بَيْنَهَا | پھریں گے بیچ اس کے | ۵۵-۴۴ |

(یطوفون)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵-۳ | أَنْ يَطَّوَّفَ (ت مدغم ہے) | یہ کہ طواف کرے ان دونوں کے[1] | ۲-۱۵۸ |
| ۵-۱۱ | وَلْيَطَّوَّفُوا (اور یطوفوا تھا) | اور چاہیے کہ طواف کریں | ۲۲-۲۹ |
| ۲-۴ | يُطَافُ عَلَيْهِمْ | پھیرے جاویں گے ان پر | ۳۷-۴۵ / ۴۳-۷۱ (لھم) |
| ۱-۱۵ | طَائِفٌ مِنْ رَبِّكَ (دالنار) | پھر جانے والا | ۶۸-۱۹ |

[1] صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنے۔ صفا پہاڑی پر آدمی کی شکل کا اساف نام بت رکھا ہوا تھا۔ اور مروہ پر نائلہ بت نصب تھا۔ کفار سعی کے وقت ان دونوں بتوں کو چھوتے تھے پھر منہ پر مل لیتے تھے مسلمانوں نے خیال کیا کہ طواف غالباً جہالت کی ایجاد ہے اس لیے اس کو مکروہ خیال کیا قرآن مجید نے ان کے خیال کی تردید فرما دی اور اسے سنت قرار دیا ابن عباسؓ کے نزدیک یہ سعی رکن میں شامل نہیں ہے۔

۱-۱۵ طَآئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ گذر شیطان سے ۷-۲۰۲

۱-۱۵ لِلطَّآئِفِيْنَ طواف کرنے والوں کے لیے ۲-۱۲۵

۱-۱۵ طَآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ بعضے اہل کتاب ۳-۶۹

۱-۱۵ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ اگر دو فریق ۴۹-۹

۱-۱۵ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ جب قصد کیا دو فرقوں ۳-۱۲۱

(بنو سلمۃ من الخزرج و بنو الحارثۃ من الاوس)

۱-۱۵ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ دو جماعتوں میں سے ایک کا ۸-۷

(العیر و النفیر)

۱-۱۵ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ ان دو فرقوں پر ۶-۱۵۶

(الیہود و النصاری)

۱-۱۹ طَوّٰفُوْنَ (للخدمۃ) پھرا کرنے والے ۲۴-۵۸

۱-۱۹ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ پکڑا ان کو طوفان نے ۲۹-۱۴

۱-۱۹ عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ ان پر طوفان ۷-۱۳۳

طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا و طَوَافًا و طَوَفَانًا گرد پھرا طَوَّفَ، تَطَوَّفَ، اِسْتَطَافَ گرد پھرا طَوْفٌ ج اَطْوَافٌ۔ رات کو پہرہ دینے والے۔ طُوْفَانٌ زیادہ بارش یا سیلاب جو کہ ہر ایک چیز کو ڈھانپ دے یہ طُوْفَانَۃٌ طَائِفَۃٌ ج طَائِفَاتٌ، طَوَائِفُ، طَوَافٌ۔ خانہ کعبہ کے گرد سات چکر۔ طَافَ بِہِ الْخَیَالُ۔ خواب آئی

## طوق

۲-۳ يُطِيْقُوْنَهٗ طاقت رکھتے ہیں روزہ کی ۲-۱۸۴

۲-۴ سَيُطَوَّقُوْنَ طوق ڈالے جاویں گے ۳-۱۸۰

۱-۲۲ لَا طَاقَةَ لَنَا طاقت نہیں ہم کو ۲/۲۴۹-۲۸۶

طَاقَ يَطُوْقُ طَوْقًا و طَاقَةً (اَطَاقَ) طاقت رکھی۔ طَاقٌ۔ ڈاٹ والا دروازہ ج طَاقَاتٌ۔ طَوْقٌ ج اَطْوَاقٌ۔ گلے کا ہار ہنسلی زیور یا پٹہ طَاقَتٌ۔ زور

## طول

۱-۱ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ پھر دراز گزاری ان پر مدت ۵۷-۱۶

۱-۱ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ یہاں تک کہ بڑھ گئی ان پر زندگی ۲۱-۴۴

۱-۱ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ کیا طویل ہو گئی ان پر مدت ۲۰-۸۶

۱-۶ فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ پھر دراز ہوئی ان پر مدت ۲۸-۴۵

(طالت اعمارھم)

۱-۱۷ لَيْلًا طَوِيْلًا بڑی رات تک ۷۶-۲۶

۱-۲۲ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا نہ رکھے تم میں مقدور ۴-۲۵

(غنیٰ)

۱-۲۲ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ مقدور والے ۹-۸۶

۱-۲۲ ذِي الطَّوْلِ (اللہ تعالیٰ) مقدور والا ۴۰-۳

(الانعام الواسع)

۱-۲۲ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا نہ پہنچے گا پہاڑوں کو لمبا ہو کر ۱۷-۳۷

طَالَ يَطُوْلُ طُوْلًا لمبا ہوا۔ لَا طَائِلَ۔ بے ہودہ۔ اسم تفضیل اَطْوَلُ ج اَطَاوِلُ، م طُوْلٰى ج طُوَلٌ، سبع طوال۔ قرآن مجید کی سات بڑی سورتیں۔ طَوْلٌ فضل عطا۔ قدرت۔ غنیٰ۔ اَطَالَتِ الْمَرْاَۃُ لمبے قد کے بچے جنے۔ طُوْلٌ بخلاف عرض ج اَطْوَالٌ

## طوی

۱-۲ نَطْوِي السَّمَآءَ جب لپیٹ لیں آسمان ۲۱-۱۰۴

۱-۲۲ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ جیسے لپیٹے طومار کاغذ

(ضد النشر)

۱-۱۶ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ لپیٹے ہوئے ہیں اس کے داہنے ہاتھ میں ۳۹-۶۷

(مجموعات)

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى میدان پاک طویٰ میں ۲۰-۱۲

طَوٰى يَطْوِيْ طَيًّا الثوب کپڑا تہ کیا۔ طَوِيٌّ نیت اور ضمیر۔ طَوَى اللّٰهُ عُمُرَہٗ۔ اماتہ۔ مِطْوًى چرخے کا تکلا۔ مَطَاوِي الْاَمْعَاءِ پیچیدہ اور چھوٹی آنتیں۔ طَوَى الْحَدِيْثَ کتمہ

## طہر

۱-۳ وَطَهَّرَكِ اور پاک کیا تجھ کو (مریم) ۳-۴۲

(من مسیس الرجال)

۱-۵ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ پھر جب خوب پاک ہو جاویں ۲-۲۲۲

۱-۳ حَتّٰى يَطْهُرْنَ یہاں تک کہ پاک نہ ہو ویں (ا طہر)

۳/۲۲۲ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا اور ستھرا کرے تمکو ایک ستھرائی سے ۳۳-۳۳

۳-۳ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ — کہ پاک کرے ان کے دل — ۴۴-۵

۳-۳ لِيُطَهِّرَكُمْ — تاکہ پاک کرے تم کو — ۷-۵

۳-۳ تُطَهِّرُهُمْ — پاک کر دے ان کو — ۱۰۳-۹

۳-۵ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ — یہ لوگ پاک رہنا چاہتے ہیں — ۸۱-۷

۳-۵ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا — یہ کہ پاک رہیں — ۱۰۹-۹

۳-۱۱ وَطَهِّرْ بَيْتِيَ — پاک رکھ گھر میرا — ۲۶-۲۲

۱۱-۳ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ — اور کپڑے اپنے پاک رکھ — ۴-۷۴

۳-۱۱ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ — دونوں پاک کرو میرے گھر کو — ۱۲۵-۲

۱۱-۳ فَاطَّهَّرُوْا (فاغتسلوا) — خوب طرح پاک ہو جاؤ — ۶-۵

۱۵-۳ وَمُطَهِّرُكَ (مبعدک) — اور پاک کرنے والا ہوں تم کو — ۵۵-۳

۱۶-۳ لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ — لگاتے اسکو مگر پاک لوگ — ۷۹-۵۶

۱۵-۵ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ — پسند آتے ہیں گندگی سے بچنے والے — ۲۲۲-۲

۱۵-۵ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ — چاہتا ہے پاک رہنے والوں کو — ۱۰۹-۹

(ت مدغم ہے)

۱۶-۳ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ — عورتیں پاکیزہ — ۲۵-۲

(من الحیض و من کل قذر)

۱۶-۳ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ — اونچے رکھے ہوئے نہایت ستھرے — ۱۴-۸۰

۱۶-۳ صُحُفًا مُّطَهَّرَةً — ورق پاک — ۲-۹۸

۲۱-۱ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ — بہتر ہے اور پاکیزہ — ۱۲-۵۸

۲۲-۱ مَآءً طَهُوْرًا (مطہر) — شراب جو کہ پاک کر دے دل کو — ۴۸-۷۶

۲۲-۱ شَرَابًا طَهُوْرًا — پاک پاکی حاصل کرنے کا — ۲۱-۲۵

طَهَرَ (يَطْهُرُ) وَطَهُرَ (يَطْهُرُ طُهْرًا وَطُهُوْرًا وَطَهَارَةً) پاک ہوا۔ طَاهِرٌ ج اَطْهَارٌ، طَهِرٌ ج طَهِرُوْنَ، طَهِيْرٌ ج طَهَارَى۔ تَطَهَّرَ۔ میل کو دور کیا، نہایا۔ اَطْهَارٌ۔ طُهْرٌ کے دن عورت کے لیے۔ طَهُوْرٌ۔ پانی

# طیب

۱-۱ مَا طَابَ لَكُمْ — خوش لگیں تم کو — ۳-۴

۱-۱ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ — پھر اگر وہ خوشی سے چھوڑ دیں — ۴-۴

(وھبن) — تمہارے لیے

۱-۱ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ — سلام پہنچے تم پر پاکیزہ لوگ ہو — ۷۳-۳۹

۱۷-۱ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ — اور شہر پاکیزہ یعنی زرخیز — ۵۸-۷

(والعذب الفرات)

۱۷-۱ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ — راہ نمائی کئے گئے — ۲۴-۲۲

۱۷-۱ حَلٰلًا طَيِّبًا — حلال پاکیزہ — ۱۶۸-۲

۱۷-۱ وَالطَّيِّبُوْنَ — اور ستھرے لوگ — ۲۶-۲۴

۱۷-۱ طَيِّبِيْنَ — وہ ستھرے ہیں — ۳۲-۱۶

(طاہرین من الکفر)

۱۷-۱ لِلطَّيِّبِيْنَ — ستھرے لوگوں کے لیے — ۲۶-۲۴

۱۷-۱ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ (لین) — اچھی ہوا — ۲۲-۱۰

۱۷-۱ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً — اولاد پاکیزہ — ۳۸-۳

(ولدا صالحا)

۱۷-۱ حَيٰوةً طَيِّبَةً — اچھی زندگی — ۹۷-۱۶

۱۷-۱ كَلِمَةً طَيِّبَةً — بات ستھری — ۲۴-۱۴

۱۷-۱ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً — اور ستھرے مکانوں کا وعدہ — ۷۲-۹

۱۷-۱ وَالطَّيِّبٰتُ — اور ستھریاں ہیں — ۲۶-۲۴

۱۷-۱ لِلطَّيِّبٰتِ — ستھروں کے لیے — ؍؍

۱۷-۱ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ — حلال ہوئی تمہارے لیے ستھری چیزیں — ۵-۴

(اللذ بالنحو الحلال)

۱۷-۱ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ — کھاؤ پاک چیزوں سے — ۵۷-۲

۱۷-۱ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ — ضائع کئے تم نے مزے اپنے — ۲۰-۴۶

۲۱-۱ طُوْبٰى لَهُمْ — خوشحالی ہے ان کے واسطے — ۲۹-۱۳

طَابَ (يَطِيْبُ طِيْبًا وَطَابًا وَطِيْبَةً وَتَطْبَابًا) خوش ہوا۔ اور لذت حاصل کی۔ طِيْبٌ ج اَطْيَابٌ، طُيُوْبٌ۔ خوشبو والی چیز۔ طَيِّبَةٌ۔ دل کی رضا حلال۔ اَطْيَبُ۔ اسم تفضیل م طُوْبٰى۔ طَابَتِ الْاَرْضُ۔ گھاس اگا یا۔

# طیر

۱-۵ اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ — ہم نے نامبارک دیکھا تم کو — ۱۸-۳۶

(تشاءمنا)

۱-۵ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ — ہم نے منحوس قدم دیکھا تم کو — ۴۷-۲۷

(تشاءمنا اصل میں تطیرنا بک ہے)

۱-۳ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ — اڑتا ہے اپنے دونوں بازوؤں سے ۶-۳۸

۱-۵ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ — نحوست بتلاتے موسیٰ کی ۷-۱۳۱

(یتشاءموا)

۱-۱۵ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ — اور نہ ہی کوئی پرندہ ۶-۳۸

۱-۱۵ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ — اس کی بری قسمت ۱۷-۱۳

(عملہ)

۱-۱۵ طَائِرُهُمْ عِندَ اللَّهِ — ان کی شومی تو اللہ کے پاس ہے ۷-۱۳۱

(شومھم)

۱-۱۵ طَائِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ — تمہاری بری قسمت اللہ کے پاس ہے ۲۷-۴۷

۱-۱۵ طَائِرُكُم مَّعَكُمْ — تمہاری نامبارکی تمہارے ہی ساتھ ہے ۳۶-۱۹

۱-۲۲ فَيَكُونُ طَيْرًا — ہو جاتا ہے پرندہ ۳-۴۹

وَلَحْمِ طَيْرٍ — اور پرندوں کا گوشت ۵۶-۲۱

تَأْكُلُ الطَّيْرُ — کھاتا ہے پرندہ ۱۲-۳۶

وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ — اور اڑتے جانور پر کھولے ۲۴-۴۱

۱-۱۵ كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا — ہے برائی اس کی پھیلی ہوئی ۷۶-۷

(منتشرہ)

طار (يطير طيرا وطيرانا وطيرورة) ہوا میں اڑا۔ اطّير تطيّر تشاءم بدبختی کی فال لی۔ طائر ج طير طيور اطيار پرندہ۔ طیر واحد کے لیے بھی بولا جاتا ہے طیرہ بدفالی طیّارہ۔ ہوائی جہاز مستطیر قرات امام نافع رحمہ اللہ

## طين

خَلَقَكُم مِّن طِينٍ — پیدا کیا تم کو مٹی سے ۶-۲

مِنَ الطِّينِ — مٹی سے ۳-۴۹

لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا — پیدا کیا مٹی سے ۱۷-۶۱

طان (يطين طينا وطينة) الله على الخير: اللہ نے اسکی نیک سرشت بنائی

طان الحائط۔ لپائی کی۔ طِين۔ مٹی۔ ریگ قلعی ٹکڑہ زمین جبلت خلقت

# ظ (۹۰۰)

## ظعن

۱-۲۲ يَوْمَ ظَعْنِكُمْ (سفرکم) — تمہارے سفر کے دن ۱۶-۸۰

ظعن (يظعن ظعنا وظعونا ومظعنا) گھر سے برائے سفر نکلا۔ اظعنه سیّرہ۔ ظعان، ظعون۔ ہودج باندھنے کا رسہ۔ ظعون باربرداری کا اونٹ ج ظعن۔ ظعینہ ج ظعائن، ہودج ظعنات وہ عورتیں جو اکثر سفر اور ہودج میں رہیں

## ظفر

۱-۳ أَنْ أَظْفَرَكُمْ — اور پہنچائی اللہ نے تم کو (غلبہ) ۴۸-۲۴

كُلَّ ذِي ظُفُرٍ — ہر ایک ناخن دار جانور ۶-۱۴۶

(ھو ما لم یتفرق بین الاصابع کالابل والنعام)

(۱) ظفر (یظفر ظفرا) ظفر بالمطلوب فاز۔ مظفار ناخن تراش (۲) ظفر (یظفر ظفرا) ناخن اتارنا۔ ما فی الله ظفر۔ گھر میں ناخن بھی نہیں یعنی کچھ بھی نہیں۔ ظفرہ۔ اس کے لیے فتح کی دعا مانگی۔ مظفر، جدھر جاوے فتح نصیب ہو۔

## ظلل

۱-۱ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا — سارا دن رہے منہ اس کا سیاہ ۱۶-۵۸

(صار)

۱-۱ لَظَلُّوا — تو لگیں ۳۰-۵۱

۱-۱ فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ — سارے دن اس میں چڑھتے ہیں ۱۵-۱۴

۱-۱ فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ — پھر رہ جائیں ان کی گردنیں ۲۶-۴

۱-۱ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا — تمام دن تو اس پر معتکف رہتا تھا ۲۰-۹۷

(دمت۔ لام حذف ہے)

۱-۱ فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ — پھر سارا دن رہو تم اس میں باتیں بناتے ۵۶-۶۵

(اقمتم نہارا۔ لام حذف ہے)

۱-۳ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ — اور سایہ کیا ہم نے تم پر ۲-۵۷

(سترناکم بالسحاب الرقیق)

۱-۳ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ — پھر رہیں سارا دن ٹھہرے ہوئے ۴۲-۳۳

۱-۳ فَظَلُّوا لَهَا — پھر سارا دن انہی کے لیے ۲۶-۴

وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ — اور سایہ لمبا ۵۶-۳۰

| | | |
|---|---|---|
| وَظِلٍّ مِّنْ يَحْمُومٍ | اور سایہ میں دھوئیں کے | ۴۳-۵۶ |
| إِلَىٰ ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ | ایک چھاؤں میں جس کی تین شاخیں ہیں | ۳۰-۷۷ |
| ثُمَّ تَوَلَّىٰ إِلَى الظِّلِّ | پھر ہٹ آیا ایک چھاؤں کی طرف | ۲۴-۲۸ |
| وَظِلُّهَا | اور سایہ بھی | ۳۵-۱۳ |
| يَوْمِ الظُّلَّةِ | سائبان والے دن کے | ۱۸۹-۲۶ |
| كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ | مثل سائبان کے | ۱۷۱-۷ |
| فِي ظِلَالٍ | سایوں میں | ۵۶-۳۶ |
| مِّمَّا خَلَقَ ظِلَالًا | بنائی ہوئی چیزوں کے سائے | ۸۱-۱۶ |
| يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ | ڈھلتے ہیں سائے | ۴۸-۱۶ |
| ظِلَالُهَا | اس کی چھائیں | ۱۴-۷۶ |
| وَظِلَالُهُم | اور اس کی پرچھائیاں | ۱۵-۱۳ |
| وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ | نیچے سے بادل | ۱۶-۳۹ |

(طباق)

| | | |
|---|---|---|
| فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ | ابر کے سائے بانوں میں | ۲۱۰-۲ |
| مَوْجٌ كَالظُّلَلِ | موج جیسے بادل | ۳۲-۳۱ |

(کالجبال والسحاب)

| | | |
|---|---|---|
| لَا ظَلِيلٍ | نہ گہری چھاؤں | ۳۱-۷۷ |
| ظِلًّا ظَلِيلًا | گھنی چھاؤں میں | ۵۷-۴ |

(دائما لا تنسخہ شمس، ہو ظل الجنۃ)

ظَلَّ يَظَلُّ ظَلًّا وَظُلُولًا، ہمیشہ رہا ظَلَّ (ظِلَّةٌ)، ا یَوْمُ آج سارا دن سایہ رہا ظَلَّلَهُ اس پر سایہ کیا ظَلَّلَهُ بِالسَّوْطِ اس کو ڈانٹا ظِلَالُ الْبَحْرِ موجیں تَظَلَّلَ سایہ میں آیا ظِلٌّ ج ظِلَالٌ، أَظْلَالٌ، ظُلُولٌ. ظَلِيلٌ سایہ والا ظَلِيلَةٌ درختوں کی گھنی مِظَلَّةٌ، ج مِظَالٌ، چھتری

## ظلم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | ظَلَمَ نَفْسَهُ | اپنا ہی نقصان کیا اس نے | ۲۳۱-۲ |
| ۱-۱ | وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ | اور نہیں ظلم کیا ان پر اللہ نے | ۱۱۷-۳ |
| ۱-۱ | لَقَدْ ظَلَمَكَ | بیشک اس نے تجھ سے بے انصافی کی | ۲۴-۳۸ |
| ۱-۱ | ظَلَمُوا | انہوں نے ظلم کیا | ۵۹-۲ |
| ۱-۱ | فَظَلَمُوا بِهَا | پس ظلم کیا انہوں نے معجزات | ۱۰۳-۷ |
| ۱-۱ | وَمَا ظَلَمُونَا | اور انہوں نے ہمارا کچھ نقصان نہ کیا | ۵۷-۲ |
| ۱-۱ | ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ | ہر نفس گنہگار کے پاس | ۵۴-۱۰ |
| ۱-۱ | ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُمْ | تم نے اپنا نقصان کیا | ۵۴-۲ |
| ۱-۱ | ظَلَمْتُ نَفْسِي | برا کیا میں نے اپنی ہی جان کا | ۴۴-۲۷ |
| ۱-۱ | ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا | ظلم کیا ہم نے اپنی ہی جان پر | ۲۳-۷ |
| ۱-۲ | وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ | جب اندھیرا کرتی ہے ان پر | ۲۰-۲ |
| ۱-۲ | إِلَّا مَن ظُلِمَ | مگر جس پر ظلم کیا گیا | ۱۴۷-۴ |
| ۱-۲ | مَا ظُلِمُوا | ظلم اٹھایا انہوں نے | ۴۱-۱۶ |
| ۱-۳ | لَا يَظْلِمُ | حق نہیں رکھتا اللہ | ۳۹-۴ |
| ۱-۳ | لِيَظْلِمَهُمْ | اس پر بے انصافی کرتا | ۷۰-۹ |
| ۱-۳ | أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ | برا کرے اپنا | ۱۰۹-۴ |
| ۱-۴ | يَظْلِمُونَ | ظلم کرتے | ۵۷-۲ |
| ۱-۴ | فَلَا تَظْلِمُوا | سو نہ ظلم کرو | ۳۶-۹ |
| ۱-۵ | وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ | نہ گھٹاتے اس میں سے کچھ | ۳۳-۱۸ |

(تنقص)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۳ | لَا تَظْلِمُونَ | کسی پر ظلم نہ کرو | ۲۷۹-۲ |
| ۱-۴ | وَلَا هُمْ يُظْلَمُونَ | اور ان پر ظلم نہ ہوگا | ۲۸۱-۲ |
| ۱-۴ | لَا تُظْلَمُونَ | نہ تم پر کوئی ظلم کرے | ۲۷۹-۲ |

(لا تنقصون)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱۵ | ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ | برا کرنے والا اپنی جان کا | ۳۶-۱۸ |
| ۱-۱۵ | يَعَضُّ الظَّالِمُ | کاٹ کاٹ کر کھائے گا گنہگار | ۲۷-۲۵ |
| ۱-۱۵ | وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ | اور تم ظالم تھے | ۵۱-۲ |
| ۱-۱۵ | هُمُ الظَّالِمُونَ | وہی ظالم ہیں | ۲۲۹-۲ |
| ۱-۱۵ | مِنَ الظَّالِمِينَ | ظالموں سے (اے آدم) | ۳۵-۲ |

(عاصین)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱۵ | إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ | ہم گنہگار تھے | ۵-۷ |
| ۱-۱۵ | ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ | برا کرنے والا اپنی جانوں کا | ۹۶-۴<br>۲۸-۱۶ |
| ۱-۱۵ | وَهِيَ ظَالِمَةٌ | وہ بستی کے لوگ ظلم کرنے والے ہوتے تھے | ۱۰۳-۱۱ |

۲-۱۵ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا اندھیری رات کے ٹکڑوں سے ۱۰-۲۷

۲-۱۵ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ تب ہی وہ اندھیرے میں رہ جاتے ۳۶-۳۷

(داخلون فی الظلام) میں

۱-۱۶ قُتِلَ مَظْلُومًا جو کوئی مارا گیا مظلومی کی حالت میں ۱۷-۳۳

۱-۱۹ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ بڑا بے انصاف ہے ناشکرا ۱۴-۳۴

۱-۱۹ ظَلُومًا جَهُولًا بڑا بے ترس نادان ۳۳-۷۲

۱-۱۹ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ظلم کرنے والا بندوں پر ۳-۱۸۲

۱-۲۱ وَمَنْ أَظْلَمُ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے، ۲-۱۱۴

(لا احد اظلم)

۱-۲۱ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ تھے اور بھی ظالم ۵۳/۵۲

إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ بیشک شرک بھاری بے انصافی ہے ۳۱-۱۳

فَبِظُلْمٍ گناہوں کے بدلے ۴-۱۶۰

أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا یتیموں کے مال ناحق ۴-۱۰

مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ اپنے ظلم کے پیچھے ۵-۳۹

بِظُلْمِهِمْ ان کے گناہوں کے باعث ۴-۱۵۲

ظَلَمَ (يَظْلِمُ ظُلْمًا وَمَظْلِمَةً) غیر کی چیز کو رکھا وضع الشیء فی غیر موضعہ، ظَلِمَ (يَظْلَمُ ظَلَمًا) وَأَظْلَمَ اللَّيْلُ رات نے اندھیرا کیا۔ وہ اندھیرے میں آگیا ظُلْمَةٌ نور کا چلا جانا ج ظُلَمٌ، ظُلُمَات، ظَلَامَةٌ ج مَظَالِمُ، ظَالِمٌ ج ظَلَمَةٌ۔ ظُلَّامٌ، ظَلَّامٌ، ظَلِيمٌ، ظَلُومٌ، زیادہ ظالم ظَلَمَةٌ۔ ظلم کی نسبت کی۔

## ظمأ

۱-۳ لَا تَظْمَأُ فِيهَا (تعطش) نہ پیاس کھینچے ۲۰-۱۱۹

۱-۱۹ يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ پیاسا جانے ۲۴-۳۹

(عطشان)

۱-۲۲ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ نہیں پہنچتی ان کو پیاس ۹-۱۲۰

(عطش)

ظَمِئَ (يَظْمَأُ ظَمْأً وَظَمَاءَةً) سخت پیاسا ہوا تھا۔ ظَمِئٌ، ظَامِئٌ، ظَمْآنُ ج ظِمَاءٌ۔ ظَمِئَ إِلَيْهِ اس کا شوق رکھا

## ظن

۱-۱ ظَنَّ أَنَّهُ (ایقن) گمان کیا کہ وہ بچے گا ۱۲-۴۲

۱-۱ فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ پھر سمجھا کہ ہم اسے نہ پکڑیں گے ۲۱-۸۷

۱-۱ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ خیال کیا ہوتا ایمان والے مردوں نے ۲۴-۱۲

۱-۱ وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ وہ سمجھا کہ اب آیا وقت جدائی کا ۷۵/۲۸

۱-۱ إِن ظَنَّا اگر دو دونوں خیال کریں ۲-۲۳۰

۱-۱ ظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ اور ڈرے کہ اب گرے گا ۷-۱۷۰

۱-۱ ظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ وہ سمجھ گئے کہ کوئی نہیں پناہ ۹-۱۱۸

(ایقنوا)

۱-۱ وَلَٰكِن ظَنَنتُمْ لیکن تم نے خیال کیا ۴۱-۲۲

۱-۱ بَلْ ظَنَنتُمْ کوئی نہیں تم نے خیال تو کیا تھا ۴۸-۱۲

۱-۱ إِنِّي ظَنَنتُ (تیقنت) میں نے خیال رکھا ۶۹-۲۰

۱-۱ أَنَّا ظَنَنَّا اور ہم کو یہ خیال تھا ۷۲/۵

۱-۳ مَن كَانَ يَظُنُّ جو یہ خیال کرتا ہے ۲۲-۱۵

۱-۳ إِلَّا يَظُنُّونَ مگر خیالات دوڑاتے ہیں ۲-۷۸

۱-۳ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ خیال کرتے تھے ۳-۱۵۴

۱-۳ تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا وہ خیال کریں گے (منہ) ۷۵-۲۵

۱-۳ وَتَظُنُّونَ اٹکلنے لگے ۳۳-۱۰

۱-۳ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ اور نہیں خیال کرتا ہوں میں ۱۸-۳۶

۱-۳ لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكَاذِبِينَ میری اٹکل میں وہ جھوٹا ہے ۲۸-۳۸

۱-۳ لَأَظُنُّكَ میری اٹکل آتا ہے ۱۷-۱۰۱<br>۱۷-۱۰۲

۱-۳ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا ہم کو تو آتا ہے ایک خیال سا ۴۵-۳۲

۱-۳ لَنَظُنُّكَ ہم تجھ کو جھوٹا گمان کرتے ہیں ۷-۶۵

۱-۳ بَلْ نَظُنُّكُمْ بلکہ ہم تو خیال کرتے ہیں تم کو ۱۱-۲۷

۱-۱۵ الظَّانِّينَ بِاللَّهِ جو اٹکلیں کرنے والے ہیں ۴۸-۶

۱-۱۹ بِاللَّهِ الظُّنُونَا اللہ کے ساتھ بری اٹکلیں ۳۳-۱۰

۱-۲۲ إِلَّا الظَّنَّ (ج ظنون) محض اٹکل پر ۵۳-۲۸

۱-۲۲ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ خیال جاہلوں سے ۳-۱۵۴

۱-۲۲ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ ابلیس نے اپنی اٹکل ۳۴-۲۰

۱-۲۲ ظَنَنْتُمْ کیا ہے تمہارا خیال ۸۷-۳۷
ظَنَّ يَظُنُّ ظَنًّا) جانا یقین کیا، شک کیا۔ ظَنَّانِ دظنون۔ بڑا ظن
ظَنِيْنٌ ج اَظِنَّاء۔ بڑا ظن

# ظہر

۱-۱ ظَهَرَ الْفَسَادُ پھیل پڑی خرابی ۴۱-۳۰
۱-۱ مَا ظَهَرَ مِنْهَا جو کھلی ہیں اور جو پوشیدہ ۳۳-۷
۱-۱ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا جو کھلی چیز ہے اس سے ۳۱-۲۴
۱-۱ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ اور غالب ہوا حکم اللہ کا ۴۸-۹

(عذبنہ)

۲-۱ اَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ اور اللہ نے نبی کو جتلادی ۳-۶۶

(اطلعہ) وہ بات

۱-۴ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ جو لشت پناہ ہوئے مددگار ہوئے ۲۶-۳۳
۱-۴ ظَاهَرُوْا عَلٰى اِخْرَاجِكُمْ اور شریک ہوئے تیرے نکالنے میں ۹-۶۰
۱-۶ وَاِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ اور اگر دونوں نبی پر چڑھائی ۴-۶۶
۱-۶ سِحْرَانِ تَظَاهَرَا دونوں جادوگر ہیں آپس میں موافق ۴۸-۲۸
۱-۳ مَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ سیڑھیاں جن پر چڑھیں ۳۳-۴۳
۱-۳ اَنْ يَّظْهَرُوْهُ پھر کہ اس پر چڑھ سکیں ۹۷-۱۸
۱-۳ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ اگر تم پر قابو پائیں ۲۰-۱۸
۹-۹

(یطلعوا)

۱-۵ لَمْ يَظْهَرُوْا (یطلعوا) ابھی نہیں پہچانا بھید عورت کو ۳۱-۲۴
۲-۳ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ تاکہ غلبہ دے اسکو سب ادیان پر ۳۳-۹

(یغلبہ)

۲-۳ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِى الْاَرْضِ پھیلائے ملک میں خرابی ۲۶-۴۰
۲-۳ لَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ نہیں خبر دیتا اپنے بھید کی ۲۶-۷۲

(یطلع)

۲-۳ حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ جب دوپہر کرتے ہو ۱۸-۳۰

(تدخلون فی الظہیرۃ)

۳-۴ اَلَّذِيْنَ يُظَاهِرُوْنَ ماں کہہ بیٹھیں ۲-۵۸
۳-۵۸
۵-۴ وَلَمْ يُظَاهِرُوْا (یعاونوا) اور نہیں مدد کی انہوں نے ۹-۵

۴-۳ تُظَاهِرُوْنَ مِنْهُنَّ ماں کہہ بیٹھتے ہو ۴-۳۳
۶-۳ تَظَاهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ چڑھائی کرتے ہو ۸۵-۲

(تتعاونون۔ ایک ت حذف ہے)

۱-۱۵ ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ اور باہر کی طرف عذاب ۱۳-۵۷
۱-۱۵ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ یا کرتے ہو اوپر ہی اوپر باتیں ۲۳-۱۳
۱-۱۵ ظَاهِرَ الْاِثْمِ کھلا ہوا گناہ ۱۲۰-۶
۱-۱۵ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا جانتے ہیں اوپر ہی اوپر جینے دنیا کو ۷-۳۰
۱-۱۵ ظَاهِرِيْنَ فِى الْاَرْضِ چڑھ رہے ہیں ملک میں ۲۹-۴۰

(غالبین)

۱-۱۵ فَاَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ پھر ہو رہے ہیں غالب ۱۴-۶۱
۱-۱۵ قُرًى ظَاهِرَةً بستیاں جو راہ پر نظر آتی تھیں ۱۸-۳۴

(متواصلۃ)

۱-۱۵ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً کھلی اور چھپ کر ۲۰-۳۱
۱-۱۷ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ مددگار کافروں کا ۸۶-۲۸
۱-۱۷ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ اس کے بعد مددگار ۴-۶۶
۱-۱۷ ظَهِيْرًا (معینا) ایک دوسرے کی مدد ۸۸-۱۷
۱-۱۷ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ مددگار گنہگاروں کا ۱۷-۲۸

(عونا)

۱-۱۷ مِنَ الظَّهِيْرَةِ دوپہر میں ۵۸-۲۴

(وقت الظہر)

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا پیٹھ پیچھے پھلاکر ۹۲-۱۱
وَرَآءَ ظَهْرِهٖ پیٹھ کے پیچھے سے ۱۰-۸۴
رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ٹھہرے ہوئے اسکی پیٹھ پر ۳۵-۴۲
اَنْقَضَ ظَهْرَكَ جھکادی تھی پیٹھ تیری ۳-۹۴
مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا زمین کی پیٹھ پر ۴۵-۳۵
عَلٰى ظُهُوْرِهٖ تاکہ چڑھ بیٹھو تم اسکی پیٹھ پر ۱۳-۴۳
ظُهُوْرُهُمَا ان کی پشت پر ۱۴۶-۶
وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ اپنی پیٹھوں پیچھے ۱۰۱-۲
وَظُهُوْرُهُمْ ان کی پیٹھوں کو ۳۶-۹

ظُهُورِهَا — پیٹھ پر چڑھنا حرام کیا — ۶-۱۳۸
مِنْ ظُهُورِهَا — ان کی پشت کی طرف سے — ۲-۱۸۹
وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ — اپنی پیٹھوں پیچھے — ۶-۹۴

(۱) ظَهَرَ يَظْهَرُ ظُهُورًا ظاہر ہوا (۲) ظَهَرَ يَظْهَرُ ظَهْرًا پیٹھ پر مارنا یا پیچھے پھینکنا (۳) ظَهَرَ يَظْهَرُ ظَهْرًا وَظُهُورًا چڑھا (۴) ظَهِرَ يَظْهَرُ ظَهَارَةً مضبوط پیٹھ والا ہوا (۵) ظَهِرَ يَظْهَرُ ظَهَرًا پیٹھ کے درد کی شکایت کی۔ ظَهِيرٌ اَظْهَرَ دخل فی الظهيرة۔ ظَاهِرَةٌ۔ مَظَاهِرَةٌ وَظِهَارَةٌ اس کی مدد کی۔ ظَهْرٌ ج اَظْهُرٌ ظُهُورٌ۔ ظُهْرَانٌ۔ ظُهْرٌ ج اَظْهَارٌ۔ ظَهِيرَةٌ ج ظَهَائِرُ مَظْهَرٌ۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔

# ع (۷۰)

## عبأ

۱-۳ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي — نہیں پرواہ رکھتا میرا رب — ۲۵-۷۷

(ریکٹس)

عَبَأَ يَعْبَأُ عَبْأً وَتَعْبِئَةً وَتَعْبِيئًا۔ الی فلان قصده۔ لَا اَعْبَأُ بِهٖ۔ مجھے اس کی کیا پرواہ ہے لَا اُبَالِيْ بِهٖ احتقارًا۔ عَبَاءٌ ج اَعْبِئَةٌ چوغہ۔ گلیم، مگر دھاری دار

## عبث

۱-۳ تَعْبَثُونَ — کھیلتے ہو — ۲۶-۱۲۸
۱-۲۲ خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا — ہم نے تمہیں پیدا کیا کھیلنے کو — ۲۳-۱۱۵

(لا حکمۃ)

عَبِثَ يَعْبَثُ عَبَثًا لعب۔ عَبِثَ بِالدِّيْنِ استخف۔ عَبَثٌ۔ جو کام بغیر غرض اور بے فائدہ کیا جاوے

## عبد

۱-۱ عَبَدَ الطَّاغُوْتَ — بندگی کی شیطان کی — ۵-۶۱
۱-۱ مَا عَبَدْتُّمْ — جو تم نے پوجا — ۱۰۹-۴
۱-۱ مَا عَبَدْنَا — نہ پوجتے ہم — ۱۶-۳۵
۳-۱ اَنْ عَبَّدْتَّ — غلام بنا لیا تو نے — ۲۶-۲۲
۱-۳ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ — جو بندگی کرتا ہے اللہ کی — ۲۲-۱۱
۱-۳ مَا يَعْبُدُ اٰبَاؤُنَا — جو پوجتے تھے ہمارے باپ دادے — ۷-۶۹
۱-۳ يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ — پوجتے تھے جنوں کو — ۳۴-۴۱

(مطیعون لھم)

۱-۳ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ — بندگی کرتے ہیں سوا اللہ کے — ۱۰-۱۸
۱-۳ يَعْبُدُوْنَنِيْ — میری بندگی کریں — ۲۴-۵۵
۱-۱۱ اِلَّا تَعْبُدُوْا — یہ کہ بندگی کریں وہ — ۹-۲۴
۱-۱ فَلْيَعْبُدُوْا — چاہیے کہ بندگی کریں — ۱۰۶-۳
۱-۳ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا — یہ کہ انہیں پوجیں — ۳۹-۱۷
۱-۳ مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ — جو کہ پوجا کرتی تھی — ۲۷-۴۳
۱-۳ لِمَ تَعْبُدُ — تو کیوں پوجتا ہے — ۱۹-۴۲
۱-۱۳ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ — نہ پوجا کر شیطان کی — ۱۹-۴۴
لَحَدَ یَلْحَدُ لَحْدًا (المیت) دفنہ۔ لَحَدَ اللَّحْدَ قبر کی لحد کھودی۔ لَحَدَ اِلٰی فُلَانٍ اس کی طرف مائل ہو گیا اَلْحَدَ فِی الدِّیْنِ ظلم کی طرف مائل ہوا اَلْحَدَ فِی الْحَرَمِ حرام کو حلال کیا۔ اِلْحَاد کفر مُلْحِدٌ ج مَلَاحِدَۃٌ، مُلْحِدُوْنَ۔ ٹیڑھی چال والے، دہریہ مُلْتَحَدٌ اَمْلِحَا لَحْدٌ۔ قبر میں سامی جہاں مردہ رکھا جاتا ہے ج اَلْحَادٌ لُحُوْدٌ

## لحف

۲-۲۲ لَا یَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا   نہیں سوال کرتے لوگوں سے لپٹ کر   ۲-۲۷۳

لَحَفَ یَلْحَفُ لَحْفًا اس کو لحاف کے ساتھ ڈھانپا۔ لَحَفَہُ الثَّوْبَ اس کو کپڑا پہنایا اَلْحَفَ السَّائِلُ اَلَحَّ۔ الحاح کیا۔ تَلَحَّفَ۔ اپنے اوپر لحاف لے لیا لِحَاف ج لُحُفٌ۔ عام طور پر جسے لیف کہتے ہیں دو تہہ کپڑا اس میں روئی بھر دی جاتی ہے۔ کہ موسم سرما میں سردی سے بچیں۔

## لحق

۲-۱ اَلْحَقْتُمْ بِہٖ شُرَکَآءَ   جن کو اس سے ملاتے ہو   ۳۴-۲۷

۲-۱ اَلْحَقْنَا بِہِمْ ذُرِّیَّتَہُمْ   پہنچادیا ہم نے ان تک کل اولاد کو   ۵۲-۲۱

۱-۵ لَمْ یَلْحَقُوْا بِہِمْ   جو ابھی نہیں پہنچے انکے پاس   ۳-۱۷۰

۱-۵ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِہِمْ   جو ابھی نہیں ملے ان کو   ۶۲-۳

۲-۱۱ وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ   اور ملا مجھ کو نیک بختوں میں   ۱۲-۱۰۱

لَحِقَہُ یَلْحَقُ لَحْقًا و لَحَاقًا اس کو پایا ادراک کیا۔ تَلَاحَقَ اس کے پیچھے پیچھے ملا لَحَقٌ۔ وہ پھل جو پہلے کے بعد آوے ج اَلْحَاقٌ لَحَقُ الْغَنَمِ بکری کے بچے اَبُوالْاَلْحَق باز۔ مُلْحَقٌ بالکتاب جو کتاب بن چکنے کے بعد شامل کیا جاوے

## لحم

وَلَحْمَ الْخِنْزِیْرِ   اور خنزیر کا گوشت   ۲-۱۷۳

نَکْسُوْہَا لَحْمًا   پھر ہم اس پر گوشت پہناتے ہیں   ۲-۲۵۹

اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ   یا خنزیر کا گوشت   ۶-۱۴۵

لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُہَا   اللہ کو نہیں پہنچتا ان کا گوشت   ۲۲-۳۷

لَحَمَ یَلْحَمُ لَحْمًا (العظم) القصاب العظم۔ قصاب نے ہڈی سے گوشت دور کیا لَحَمَہُ اسے دکھ دیا۔ لَحَمَ یَلْحَمُ لَحْمًا اسے گوشت کھلایا۔ لَحِمَ یَلْحَمُ لَحْمًا اسے گوشت کی خواہش کی۔ لَحِمَ یَلْحَمُ لَحْمًا، وَلَحُمَ یَلْحُمُ لَحَامَۃً وہ جسم یا موٹا ہوگیا یا گوشت زیادہ کھانے کی خواہش

کی۔ اکل لحمی اس نے میرا گلا کیا۔ تلاحم القوم لڑے۔ لحمۃ
قرابت لحمۃ گوشت کا ٹکڑا۔ لحام قصاب۔ ملحم جسے گوشت
کھلایا جائے لحم ج لحام، لحوم، لحمان، الحم، گوشت۔
ملحمۃ ج ملاحم۔ لڑائی میں قتل کا سخت موقعہ

## لحن

فی لحن القول — بات کے ڈھب سے — ۴۷، ۳۰

لحن یلحن لحنا کلامہ۔ کلام سمجھی لحن یلحن لحنا ولحونا
ولحانۃ ولحانیۃ کلام یا کہ قرأت میں اعرابی غلطی کی لحن بسر لی آواز
سے پڑھا۔ اللحن فصیح کلام لحن ج الحان، لحون، آواز یا کہ
پڑھنے میں غلطی

## لحی

لا تاخذ بلحیتی — نہ پکڑ میری داڑھی — ۲۰-۹۴

التحا الغلام اس کی داڑھی اگی لحی۔ نچلا جبڑا۔ داڑھی اگنے کی جگہ۔
لحیۃ ج لحی، الحی، لحیان، بڑی داڑھی والا۔

## لدد

۱-۱۹ قوما لدا — جھگڑالو لوگوں کو — ۱۹-۹۸
۱-۲۱ الد الخصام — سخت جھگڑالو ہے — ۲-۲۰۴

لد یلد لدا ولاذ ولدادا وملادۃ والد الرجل۔ اس سے
سخت لڑائی لڑا اور غالب آیا لد یلد لددا۔ سخت جھگڑنے والا۔
فا۔ الد م لداء ج لداد، لد۔

## لدن

۱-۱۸ من لدن حکیم — ایک حکمت والے کے پاس سے — ۱۱-۱
۱-۱۸ من لدنہ — اللہ کی طرف سے — ۱۸-۲
۱-۱۸ من لدنک — تو اپنے پاس سے — ۴-۷۵
(من عندک)
۱-۱۸ من لدنی عذرا — میری طرف سے الزام — ۱۸-۷۶
۱-۱۸ من لدنا علما — اپنے پاس سے علم — ۱۸-۶۵

لدن، لدن، لدن، لدن، ظرف زمانی یا مکانی۔ لدن من
الطعام۔ باسی خوراک۔

## لدی

۱-۱۸ لدا الباب — دروازہ کے پاس — ۱۲-۲۵
۱-۱۸ لدی الحناجر — پہنچے گلوں کو — ۴۰-۱۸
۱-۱۸ لدیہ خبرا — اس کے پاس کی خبر — ۱۸-۹۱
۱-۱۸ وما کنت لدیھم — اور نہ تھا تو ان کے پاس — ۳-۴۴
۱-۱۸ لدی المرسلون — میرے پاس بھیجے ہوئے — ۲۷-۱۰
۱-۱۸ لدینا مکین — ہمارے پاس جگہ پائی — ۱۲-۵۴

لدی۔ ظرف مکانی اور مبنی ہے۔ جس کے معنی لدن کے ہیں

## لذ

وتلذ الاعین — اور جس سے آنکھیں آرام پائیں — ۴۳-۷۱
لذۃ للشاربین — مزہ ہے پینے والوں کے واسطے — ۳۷-۴۶، ۴۷-۱۵

لذ یلذ لذاذا ولذاذۃ۔ الشیء لذیذ ہوئی۔ لذ یلذ لذ۔ ۵
تلذذ۔ لذیذ پایا۔ لذذہ۔ اسے لذیذ بنایا فھو لذ، لذیذ ج
لذ، لذاذ، لذۃ ج لذات۔ رجل لذ خوش طبع ملذۃ
ج ملذات۔ شہوت۔

## لزب

۱-۱۵ من طین لازب — چمٹنے والے گارے سے — ۳۷-۱۱

(۱) لزب یلزب لزبا و لزب یلزب لزبا ولزوبا۔ الطین
سخت ہو کر چمٹی۔ (۲) لزب یلزب لزوبا۔ سخت ہوا اور ثابت رہا۔
تلازب۔ تراکم۔ ایک دوسرے پر چڑھا۔ طین لازب۔ بوجہ سخت
چکناہٹ ہاتھ کو چمٹ جائے۔ لزبۃ، لزب، لزبات سخت سال (۳)
لزبت تلزب لزبا (العقرب) بچھو نے ڈنک چلایا۔ ملزاب
ج ملازیب۔ بے حد بخیل

## لزم

۱-۲ الزمھم کلمۃ التقوی — قائم رکھا ان کو ادب کی بات پہ — ۴۸-۲۶
۱-۲ الزمناہ طائرہ — لگا دی ہم نے اس کی بری قسمت — ۱۷-۱۳
۳-۲ انلزمکموھا — کیا ہم تم کو مجبور کر سکتے ہیں — ۱۱-۲۸
(انجبرکم علی قبولھا) اس پر
۱-۲۲ لکان لزاما — ضرور ہو جاتی مٹھ بھیڑ — ۲۰-۱۲۹

۱-۲۲ یَکُوْنُ لِزَامًا — ہوتی ہے مٹھ بھیڑ — ۲۵-۷۷

لَزِمَ (یَلْزَمُ لُزُوْمًا و لَزْمًا و لِزَامًا و لِزَامَۃً و لُزُوْمَۃً و لُزْمَانًا) ثابت اور دائم رہا۔ لَزِمَ الامرُ۔ کام واجب ہوگیا۔ اَلْزَمَ اِلْزَامًا۔ ثابت کیا ہمیشہ کیا۔ لازم کیا۔ لِزَامٌ۔ موت اور حساب۔ مُلَازِمٌ۔ نوکر مُلَازَمَۃٌ نوکری۔ لَازِمٌ، مَلْزُوْمٌ۔ واجب مُلْزَمٌ جس پر گناہ کا الزام ہے۔ لَازِمٌ ج لَوَازِمُ۔ ضروری۔ مِلْزَمَۃٌ۔ لوہا پکڑنے کے لیے پیچ دار شکنجہ جو کہ لوہاروں کے پاس عام ہوتا ہے اس کے پیچھے لکڑی ہوتی ہے۔

## لسن

| | | |
|---|---|---|
| لِسَانَ صِدْقٍ (ذکر الحسن) | سچا بول | ۱۹-۵۰ |
| عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ | داؤد کی زبان پر | ۵-۷۸ |
| لِسَانُ الَّذِیْ یُلْحِدُوْنَ | بولی اس آدمی کی | ۱۶-۱۰۳ |
| اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا | اسکی زبان چلتی ہے مجھ سے زیادہ | ۲۸-۳۴ |
| اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِہٖ | مگر بولی بولنے والا اپنی قوم کی | ۱۴-۴ |
| یَسَّرْنٰہُ بِلِسَانِکَ | یہ قرآن تیری زبان پہ | ۱۹-۹۷ |
| لَا تُحَرِّکْ بِہٖ لِسَانَکَ | تو نہ چلا اسکے پڑھنے میں اپنی زبان | ۷۵-۱۶ |
| بِاَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ | تیز تیز زبانوں سے | ۳۳-۱۹ |
| وَاَلْسِنَتَھُمْ بِالسُّوْٓءِ | اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ | ۶۰-۲ |
| لَیًّا بِاَلْسِنَتِھِمْ | موڑ کر اپنی زبان کو | ۴-۴۶ |
| یَلْوٗنَ اَلْسِنَتَھُمْ | زبان موڑ کر پڑھتے ہیں کتاب | ۳-۷۸ |
| وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ | اور طرح طرح کی بولیاں تمہاری | ۳۰-۲۲ |

لَسِنَ (یَلْسَنُ لَسَنًا) وہ قادر کلام اور فصیح ہوا لَسَنَ (یَلْسُنُ لَسْنًا) اس سے زیادہ زبان آور ہوا لَسَنَتْہُ الْعَقْرَبُ۔ اس کو بچھو نے کاٹا۔ لَاسَنَ الرجلُ۔ جھگڑے اور کلام میں اس پر غالب آیا۔ لِسْنٌ۔ زبان۔ لغت کلام۔ لَسَنٌ۔ فصاحت۔ لِسَانٌ۔ کلام کرنے چکھنے اور کھانے کا منہ میں آلہ ہے مذکر مؤنث دونوں کے لیے ہے۔ مگر مذکر زیادہ مستعمل ہے۔ اور بولی ج اَلْسِنَۃٌ اَلْسُنٌ، لُسْنٌ، لِسَانَاتٌ۔ لِسَانُ العرب۔ عرب کی لغت لِسَانُ المِیْزَانِ۔ ترازو کا اوپر والا کنڈا۔ لِسَانُ حال کیفیت اور حالت حروف

لِسَانِیَّۃٌ۔ لِسَانُ النَّارِ آگ کا شعلہ۔ ذُوْ لِسَانَیْنِ۔ دوگا۔ تَلَسَّنَ عَلَیَّ۔ مجھ پر تہمت لگائی۔

## لطف

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵-۱ وَلْیَتَلَطَّفْ | اور نرمی سے جائے | ۱۸-۱۹ |
| ۱-۱۷ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ | میرا رب تدبیر کرتا ہے | ۱۲-۱۰۰ |
| ۱-۱۷ ھُوَ اللَّطِیْفُ | وہ نہایت لطیف ہے | ۶-۱۰۳ |
| ۱-۱۷ کَانَ لَطِیْفًا خَبِیْرًا | بھید جاننے والا خبردار | ۳۳-۳۴ |

لَطُفَ (یَلْطُفُ لُطْفًا و لَطَافَۃً) پتلا اور چھوٹا ہوا۔ فَھُوَ لَطِیْفٌ لَطُفَ کَلَامُہٗ۔ کلام نرم ہوئی لَطَّفَ۔ اسے لطیف بنایا۔ تَلَطَّفَ اس میں نرمی ہوئی لُطْفٌ۔ احسان، ج اَلْطَافٌ۔ لَطْفَۃٌ ھدیہ۔ لطف جو اللہ قبول کرے لَطِیْفٌ ج لِطَافٌ، لُطَفَاءُ۔ لَطِیْفَۃٌ ج لَطَائِفُ مسرت آمیز کہانیاں

## لظی

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّھَا لَظٰی | وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے | ۷۰-۱۵ |
| ۳۰۵ نَارًا تَلَظّٰی (تَتَلَظّٰی) (ایک ت حذف ہے) | بھڑکتی ہوئی آگ کی | ۹۲-۱۴ |

لَظِیَتِ (تَلْظٰی لَظًی و تَلَظَّتْ) النَّارُ۔ آگ بھڑکی لَظًی معہ آگ شعلہ۔ لَظَی النَّارِ۔ آگ بھڑکائی۔ لَظٰی۔ اسم معرفہ غیر منصرف ہے اور دوزخ کے ناموں سے ایک نام ہے۔ اسم علم ہے۔

## لعب

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۳ وَیَلْعَبْ | اور کھیلے | ۱۲-۱۲ |
| ۱-۳ یَلْعَبُوْنَ (یَتَشَاغَلُوْنَ) | کھیلتے ہوئے | ۵۲-۱۲ |
| ۱-۳ وَیَلْعَبُوْا | اور کھیلیں | ۴۳-۸۳ |
| ۱-۳ وَنَلْعَبُ | اور ہم دل لگی کرتے ہیں | ۹-۶۶ |
| ۱-۲۲ لَعِبٌ وَّلَھْوٌ | کھیل اور تماشا | ۶-۳۲ |
| ۱-۲۲ ھُزُوًا وَّلَعِبًا | ہنسی اور کھیل | ۵-۵۸ |
| ۱-۱۵ وَمَا بَیْنَھُمَا لٰعِبِیْنَ | اور جو انکے بیچ ہے کھیلتے ہوئے | ۲۱-۱۶ |
| ۱-۱۵ مِنَ اللّٰعِبِیْنَ | کھلاڑیاں کرتا ہے | ۲۱-۵۵ |

لَعِبَ (یَلْعَبُ لَعِبًا و لِعْبًا) کھیلا۔ لَعَبَ (یَلْعَبُ لَعْبًا) الصبیُّ

منہ سے لعاب بہنے لگا۔ اُلْعُبَۃٌ جس سے کھیلا جاوے لُعْبَۃٌ لُعَابِی تھوک والا۔ تَلَعَّبَ، لَعِبَتْ بِہٖ اَلْہُمُوْمُ اس کے ساتھ غم کھیلتے رہے لُعَاب مربہ کا شیرہ۔ مَلْعَبٌ ج مَلَاعِبُ۔ اکھاڑہ لَعِبَتِ الرِّیَاحُ ہوائیں چلیں۔ تِلْعَابَۃٌ لڑکے کا بغیر آستین کھیلنے والا کرتہ۔ مَلْعُوْبٌ بوجہ مرض جس کی لعاب بہتی رہے۔

## لعل

| | | |
|---|---|---|
| لَعَلَّ السَّاعَۃَ | شاید کہ وہ گھڑی | ۶۳-۳۳ |
| لَعَلَّ اللّٰہَ یُحْدِثُ | شاید کہ اللہ تعالیٰ پیدا کرے | ۱-۶۵ |
| لَعَلَّہٗ یَزَّکّٰی | شاید کہ وہ سنورتا | ۳-۸۰ |
| لَعَلَّہُمْ یَعْلَمُوْنَ | شاید کہ ان کو معلوم ہو | ۴۶-۱۲ |
| لَعَلَّکَ تَرْضٰی | تاکہ تو راضی ہو | ۱۳۰-۲۰ |
| فَلَعَلَّکَ تَارِکٌ | سو تو کہیں چھوڑ بیٹھے گا | ۱۲-۱۱ |
| فَلَعَلَّکَ بَاخِعٌ | سو تو کہیں گھونٹ ڈالے گا | ۶-۱۸ |
| لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ | اور تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ | ۲۱-۲ |
| لَعَلِّیْ اَرْجِعُ | تاکہ میں لے جاؤں لوگوں کے | ۴۶-۱۲ |
| لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ | شاید کہ ہم راہ قبول کرلیں | ۴۰-۲۶ |

اہلِ لغت اس حرف مشبہ بہ لعل کو عَلَّ میں لکھتے ہیں۔ اس میں پہلا لام زائد ہے یہ خبر کو رفع اور اسم کو نصب دیتا ہے۔ اور یہ لفظ توقع کو فائدہ مند ہے (المنجد) اور اللہ تعالیٰ کے کلام میں تحقیق کے لیے آتا ہے (جلالین)

لعل۔ قیمتی پتھر۔

## لعن

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱- | لَعَنَ الْکٰفِرِیْنَ | لعنت کی کافروں پر | ۶۴-۳۳ |
| ۱- | وَلَعَنَہٗ | اور اس کو لعنت کی | ۹۳-۴ |

(ابعدہ من رحمتہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱- | وَلَعَنَہُ اللّٰہُ | جس کو اللہ نے لعنت کی | ۱۱۷-۴ |
| ۱- | وَلَعَنَہُمُ اللّٰہُ | اور لعنت کی ان پر اللہ نے | ۸۹-۲ |

(ابعدھم من رحمتہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | لَعَنَتْ اُخْتَہَا | لعنت کرے گی دوسری امت کو | ۳۸-۷ |
| ۱- | لَعَنَّا اَصْحٰبَ السَّبْتِ | ہم نے لعنت کی ہفتہ والوں پر | ۴۷-۴ |
| ۱-۱ | لَعَنّٰہُمْ | ہم نے ان کو لعنت کی | ۱۳-۵ |

(ابعدناھم من رحمتنا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۲ | لُعِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا | ملعون ہوئے کافر | ۸۱-۵ |
| ۱-۲ | وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا | اور ملعون ہوئے اپنے کہنے پر | ۶۴-۵ |
| ۱-۱ | لُعِنُوْا فِی الدُّنْیَا | ان کو پھٹکار ہے دنیا میں | ۲۳-۲۴ |
| ۱-۲ | وَیَلْعَنُ بَعْضُکُمْ | اور لعنت کریں گے ایک دوسرے کو | ۲۵-۲۹ |
| ۱-۳ | وَمَنْ یَّلْعَنِ اللّٰہُ | جس پر لعنت کرے اللہ | ۵۲-۴ |
| ۱-۴ | وَیَلْعَنُہُمُ اللّٰہُ | لعنت کرتا ہے ان کو اللہ | ۱۵۹-۲ |
| ۱-۳ | اَوْ نَلْعَنَہُمْ | یا ہم لعنت کریں | ۴۷-۴ |

(ابعدھم من رحمتہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱۱ | وَلَعَنَہُمْ | اور پھٹکار کی ان کو | ۶۸-۳۳ |
| ۱-۱۵ | اللّٰعِنُوْنَ | لعنت کرنے والے | ۱۵۹-۲ |
| ۱-۱۶ | مَلْعُوْنِیْنَ | پھٹکارے ہوئے | ۶۱-۳۳ |
| ۱-۱۶ | الشَّجَرَۃَ الْمَلْعُوْنَۃَ | وہ درخت جس پر پھٹکار ہے | ۶۰-۱۷ |
| ۱-۲۲ | لَعْنًا کَبِیْرًا | بڑی پھٹکار | ۶۸-۳۳ |
| ۱-۲۲ | فَلَعْنَۃُ اللّٰہِ | سو لعنت ہے اللہ کی | ۸۹-۲ |
| ۱-۲۲ | لَعْنَتِیْ اِلٰی یَوْمِ | میری پھٹکار ہے | ۷۸-۳۸ |

لَعَنَ یَلْعَنُ لَعْنًا خوار کیا، گالی دی، بھلائی سے دور کیا، ہانک دیا۔ لَعْنَۃٌ عَذَّبَہٗ، لَاعَنَہٗ لِعَانًا ایک نے دوسرے پر لعنت کی۔ لَاعَنَ الْحَاکِمُ بَیْنَہُمَا فیصلہ کیا۔ لَعْنَۃٌ ج لِعَانٌ، لَعَنَاتٌ۔ اَللُّعَّانُ زیادہ لعنت کرنے والا۔ لَعِیْنٌ، مَلْعُوْنٌ، مُسَبَّبٌ المطرود، ملعون، ممسوخ۔ مَلْعَنَۃٌ پاخانہ کی جگہ ج مَلَاعِنُ، مَلْعُوْنٌ ج مَلَاعِیْنُ

## لغب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۲۲ | فِیْہَا لُغُوْبٌ | اس میں تھکنا | ۳۵-۳۵ |
| ۱-۲۲ | مِنْ لُّغُوْبٍ | کچھ تکان | ۳۸-۵۰ |

لَغَبَ یَلْغُبُ، لَغُبَ یَلْغُبُ، لَغِبَ یَلْغَبُ لَغْبًا، لُغُوْبًا تھکا۔ لَغَبَ الْکَلْبُ فِی الْاِنَاءِ وَلَغَ۔ لَاغِبٌ ضعیف ج لُغَّبٌ، لُغُوْبٌ ضعیف، احمق، بکواسی۔

## لغو

۱-۱۱ وَالْغَوْا فِيهِ اور بک بک کرو اسکے پڑھنے میں ۴۱-۲۶
۱-۱۵ لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً نہیں سنتے اس میں بکواس ۸۸-۱۱
۱-۲۲ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ بیہودہ قسموں پر ۲-۲۲۵
۱-۲۲ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ نکمی باتوں پر دھیان نہیں کرتے ۲۳-۳
۱-۲۲ سَمِعُوا اللَّغْوَ اور جب سنیں نکمی باتیں ۲۸-۵۵
۱-۲۲ فِيهَا لَغْوًا وہاں بک بک ۱۹-۶۲

لَغَى (يَلْغُو لَغْوًا) بک بک کی۔ لَغِيَ الشَّيْءُ۔ فضول گئی۔ لَغِيَ الرَّجُلُ، خَابَ، لَغَى يَلْغُو لَغَا وَلَغَى يَلْغَى وَلَغِيَ يَلْغَى لَغًى وَلَغَايَةً وَلَاغِيَةً مَلْغَاةً) فِي قَوْلِهِ۔ بک بک کی لُغَة ج لُغًى، لُغَات، لُغُوْن ہر قوم اور ہر زبان کے اصطلاحی الفاظ لَاغِيَةٌ فاحشہ، اِسْمَعْ لَغْوَاهُمْ وَلَا تَخَفْ طَغْوَاهُمْ۔ ان کی باتیں سنتا جا مگر ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ لَغْو کہتے کا بھونکنا۔

## لفت

۱-۳ أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا کیا تو آیا ہے کہ ہم کو پھیر دے ۱۰-۷۸
(پھیر دینا)
۷-۱۳ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اور مڑ کر نہ دیکھے تم میں کوئی ۱۱-۸۱ ۱۵-۶۵

لَفَتَ (يَلْفِتُ لَفْتًا) فُلَانًا۔ اس کو پھیر۔ (متعدی) اِلْتَفَتَ پھرا لازم لِفْت۔ شلغم

## لفح

۱-۳ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ جھلس دیگی انکے منہ کو آگ ۲۳-۱۰۵

لَفَحَتْ (تَلْفَحُ لَفْحًا وَلَفَحَانًا) النَّارُ فُلَانًا۔ اس کے چہرہ کو آگ پہنچی اور اسے جلایا نَارٌ لَفُوحٌ وَلَافِحٌ جلانے والی۔ ج لَوَافِحُ، لَفَحَهُ بِالسَّيْفِ۔ اسے تلوار سے مارا۔

## لفظ

۱-۳ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ نہیں بولتا کوئی بات ۵۰-۱۸

لَفَظَ (يَلْفِظُ، لَفِظَ يَلْفَظُ لَفْظًا) منہ سے بولا۔ لفظ کے اصل معنی پھینکنے کے ہیں۔ اس لیے لَافِظ چکی کو کہتے ہیں، کہ آٹا باہر پھینکتی ہے، سمندر کو بھی کہتے ہیں، کہ موتی باہر پھینکتا ہے تَلَفَّظَ کلام، لفظ ج الفاظ

## لفف

۷-۱ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ لپٹ گئی پنڈلی پر پنڈلی ۷۵-۲۹
(شدائد فراق الدنيا بشدائد اقبال الاخرة)
وَجَنَّاتٍ أَلْفَافًا (ملتفة) اور باغ پتوں میں لپٹے ہوئے ۷۸-۱۶
۱-۱۷ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا لے آویں گے ہم تم کو سمیٹ کر ۱۷-۱۰۴
(جميعًا)

لَفَّ (يَلُفُّ لَفًّا) الْمَيِّتَ فِي كَفَنِهِ میت کو کفن میں لپیٹا۔ لَفَّ الْأَشْجَارَ درخت بوجہ گھنے ہونے کے ایک دوسرے سے ملے۔ اِلْتَفَّ فِي ثَوْبِهِ وہ اپنے کپڑے میں لپٹا۔ لَفِيفٌ ج أَلْفَافٌ گھنا یا لپٹا ہوا جَاءُوا أَلْفَافًا أَيْ لَفِيفًا لِفٌّ ج أَلْفَافٌ، لُفُوفٌ گروہ مردم اور باغ لِفَافَةٌ جو پاؤں پر لپیٹا جاوے ج لَفَائِفُ، لِفَافَةٌ بند خط۔ لَفِيفَةٌ مجموعہ مَلْفُوفٌ لفافہ میں بند۔ لفیف جس مادہ میں دو حرف علت ہوں اگر حروف علت الگ الگ ہیں تو مفروق کہلائے گا جیسے وَطِيَ اور اگر حروف علت اکٹھے ہوں تو مقرون جیسے طوی۔

## لقو

۲-۱ أَلْفَيَا سَيِّدَهَا (وجدا) دونوں مل گئے عورت کے خاوند سے ۱۲-۲۵
۲-۱ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ پایا انہوں نے اپنے باپوں کو ۳۷-۶۹
(وجدوا)
۲-۱ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ (وجدنا) جس پر دیکھا ہم نے ۲-۱۷۰

لَفَا (يَلْفُو لَفْوًا) فُلَانًا حَقَّهُ حق پورا دیا۔ أَلْفَاهُ (أَلْفَاهُ) وَجَدَهُ تَلَافِي۔ بدلہ

## لقب

وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ اور چڑانے کیلئے برے نام نہ ڈالو ۴۹-۱۱
(واحد لقب) لَقَبٌ ج أَلْقَابٌ۔ اصل نام کے سوا دوسرا نام خواہ نیکی کے لیے ہے یا بدی کے لیے۔ لَقَّبَهُ چڑانے کے لیے اس کا نام رکھا لَاقَبَهُ، نَابَزَهُ بِالْأَلْقَابِ۔

## لقح

وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ اور چلائیں ہمنے ہوائیں رس بھری ۱۵-۲۲
(تلقح السحاب فتملي ماء)

لَقَحَ (يَلْقَحُ لَقْحًا) النخلَ نر کھجور کا بور لے کر مادہ کھجور پر ڈالا۔ لَقِحَتْ (تَلْقَحُ لَقْحًا ولَقَحًا ولَقَاحًا) المرأۃُ۔ عورت حاملہ ہوئی لَقُوحٌ مادہ جس پر پھل (بور) ڈالا گیا۔ لِقْحَة۔ دودھ پلانے والی عورت۔ لَاقِحٌ بارآور ہوا ج لَوَاقِحُ۔ لَوَاقِحُ۔ باردار عورت۔ مَلَاقِيحُ۔ مائیں

# لقط

٧-١ فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ اٹھالیا اسکو فرعون کے گھر والوں نے ٢٨-٨

٧-٣ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اٹھالے جائے اس کو کوئی مسافر ١٢-١٠

(باخذہ)

لَقَطَ (يَلْقُطُ لَقْطًا) الشيءَ۔ بغیر تکلیف اس سے کوئی چیز اٹھالی۔ لَقَطَ العِلْمَ مِنَ الكُتُبِ۔ کتابوں سے علم حاصل کیا لَقَطَ الطَّائِرُ الحَبَّ پرندہ نے زمین سے دانہ اٹھایا اِلْتَقَطَ الشيءَ۔ بغیر قصد بغیر طلب ایک چیز مل گئی لُقَطَة ج لَقَط۔ زمین پر پڑی ہوئی چیز۔ لَقِيطٌ گرا ہوا بچہ حرام زادہ لُقَطَة۔ گری ہوئی چیز کہ مالک کو پتہ نہیں۔ مِلْقَطٌ چمٹا۔ دستپناہ موچنا۔ مِلْقَاطٌ قلم

# لقف

١-٣ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ نگلنے لگا جو انہوں نے بنایا تھا ٧-١١٦ ٢٦-٣٥

(بیتلع)

١-٣ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا نگل جائے جو کچھ انہوں نے بنایا ٢٠-٦٩

بعض نے تَلَقَّفُ کی قرأت کی ہے اس صورت میں ایک ت حذف ہے لَقِفَ (يَلْقَفُ لَقْفًا ولَقَافًا وَاِلْتَقَفَ) نگل گیا، جلدی کھا گیا لَقِفَ الطعامَ نگل گیا۔ تَلَقَّفَ مِنْ فِيهِ كذا۔ حفظ کیا

# لقم

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ پھر لقمہ کیا اس کو مچھلی نے ٣٧-١٤٢

(ابتلعہ)

آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ دی ہم نے لقمان کو حکمت ٣١-١٢

لَقِمَ (يَلْقَمُ لَقْمًا) الطعامَ۔ جلدی کھا گیا۔ لَقَمَ (يَلْقُمُ لَقْمًا) الطريقَ راستہ بند کیا (اَلْقَمَهُ ولَقَّمَهُ) الطعامَ اسے کھلایا۔ اِلْتَقَمَ الطعامَ۔ نگل گیا۔ لَقَمٌ بڑا راستہ لَقْمَة۔ ایک دفعہ لقمہ لیا لُقْمَة ج لُقَم ایک لقمہ لَقِيمٌ جو کھایا جائے۔

# لقى

١-١ لَقِيَا غُلَامًا دونو ملے ایک لڑکے کو ١٨-٧٥

١-١ لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا جب ملاقات کرتے ہیں ٢-١٤ ٢-٧٦

١-١ لَقُوكُمْ قَالُوا آمَنَّا جب تم سے ملتے ہیں ٣-١١٩

١-١ فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ جب بھڑو تم کافروں سے ٨-١٥ ٤٧-٤

١-١ لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا ہم نے پائی اپنے اس سفر میں ١٨-٦٢

١-٢ أَلْقَى إِلَيْكُمُ السَّلَامَ جو تم سے سلام علیک کرے ٤-٩٤

١-٢ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ یا لگائے کان ٥٠-٣٧

١-٢ أَلْقَى مَعَاذِيرَهُ پڑا ڈالے اپنے بہانے ٧٥-١٥

١-٢ أَلْقَى الْأَلْوَاحَ ڈال دیں وہ تختیاں ٧-١٥٠

١-٢ أَلْقَى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ اور رکھ دئے زمین پر پہاڑ ١٦-١٥

١-٢ أَلْقَى عَصَاهُ ڈال دیا اپنا عصا ٧-١٠٧

١-٢ فَأَلْقَاهَا ڈال دیا اس کو ٢٠-٢٠

١-٢ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ جس کو ڈالا مریم کی طرف ٤-١٧١

(اوصلها)

١-٢ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ اور پیش کریں تم پر صلح ٤-٩٠

١-٢ فَلَمَّا أَلْقَوْا جب انہوں نے ڈالا ١٠-٨١

١-٢ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ تب وہ ڈالیں گے ان پر بات ١٦-٨٦

١-٢ وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ اور آپڑیں اللہ کے آگے ١٦-٨٧

١-٢ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا اور نکال ڈالے جو اس میں ہے ٨٤-٤

١-٢ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ اور ڈالی میں نے تجھ پر ٢٠-٣٩

١-٢ أَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ اور ہم نے ڈال رکھی ہے ٥-٦٤

١-٣ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً اور ملادی ان کو تازگی ٧٦-١١

(اعطاهم)

١-٥ فَتَلَقَّى آدَمُ (تلقن) سیکھ لیے آدم نے ٢-٣٧

١-٧ فَالْتَقَى الْمَاءُ پھر مل گیا سب پانی ٥٤-١٢

١-٧ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ جس دن بھڑ گئیں دو فوجیں ٣-١٥٥

١-٧ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا دو فوجوں میں جو مقابلہ ہوا ٣-١٣

١-٧ إِذَا لَقِيتُمْ جب تم نے مقابلہ کیا ٨-٤٤

۲-۲ ءَاُلْقِيَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ — کیا اتری اس پر نصیحت — ۲۵-۵۴

۲-۲ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ — میرے پاس ڈالا گیا ایک خط — ۲۹-۲۷

۲-۲ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ — اور گر پڑے جادوگر سجدہ میں — ۷-۱۱۹

۲-۲ اُلْقُوْا مِنْهَا — جب ڈالے جاویں گے اس میں — ۱۳-۲۵

۳-۱ يَلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا — دیکھیگا اس کو کھلی ہوئی — ۱۳-۱۷

۳-۱ يَلْقَ اَثَامًا — جا پڑا گناہ میں — ۶۸-۲۵

۳-۱ يَلْقَوْنَ غَيًّا — آگے دیکھیں گے گمراہی کو — ۵۹-۱۹

۳-۱ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ — جس دن تک وہ اسے ملیں گے — ۷۸-۹

۳-۱ اَنْ تَلْقَوْهُ (رَبُّنَا هٰذِهٖ) — اس کی ملاقات — ۱۴۳-۳

۳-۲ يُلْقِي الرُّوْحَ — اتارتا ہے بھید کی بات — ۱۵-۴۰

۳-۲ يُلْقِي الشَّيْطٰنُ — جو ملاتا ہے شیطان — ۵۱-۲۲

۳-۲ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ — جب ڈالنے لگے اپنی قلم — ۴۴-۳

۳-۲ يُلْقُوْنَ السَّمْعَ — ڈالتے ہیں سنی ہوئی بات — ۲۲۳-۲۶

۳-۲ يُلْقُوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ — پیش کریں تمہاری طرف صلح — ۹۱-۴

۳-۲ اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ — یا تو تو ڈالے — ۱۱۵-۷

۳-۲ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ — پیغام بھیجتے ہو — ۱-۶۰

(تو صلون)

۳-۲ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ — نہ ڈالو اپنی جان کو — ۱۸۵-۲

۳-۲ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ — میں ڈالوں گا دلوں میں — ۱۲-۸

۳-۲ سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا — ہم ابھی ڈالیں گے تم پر ایک بات — ۵-۷۳

۳-۳ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ — اور تجھ کو تو قرآن پہنچتا ہے — ۶-۲۷

(يلقى عليك وحيا من الله)

۳-۴ حَتّٰى يُلٰقُوْا — یہاں تک کہ مل جاویں — ۸۳-۴۳ / ۴۲-۷۰

۳-۷ يَلْتَقِيٰنِ — دونوں مل کر چلتے ہیں — ۱۹-۵۵

۳-۵ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ — جب لینے جاتے ہیں دو لینے والے — ۱۷-۵۰

(یاخذ و ادیثبت المکان)

۳-۵ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ — جب لینے لگے تم اس کو — ۱۵-۲۴

(ت حذف ہے)

۳-۵ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ — اور لینے آویں گے ان کو فرشتے — ۱۰۳-۲۱

۲-۴ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ — یا ڈالا جاتا اس پر کوئی خزانہ — ۸-۲۵

۲-۴ تُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ — پھر تو پڑے دوزخ میں — ۳۹-۱۷

۲-۴ وَمَا يُلَقّٰهَا — اور یہ بات ملتی ہے انہی کو

۲-۴ وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا — وہ لینے دیئے جائیں گے اس میں [illegible]

۱۱-۲ اَلْقِ عَصَاكَ — ڈال دے اپنی لاٹھی

۱۱-۲ فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ — ڈال اس کو ان کی طرف — ۲۸-۲۷

۱۱-۲ فَاَلْقٰىهَا مُوْسٰى — ڈال اس کو اے موسٰے — ۱۹-۲۰

۱۱-۲ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ — ڈالو تم دونو جہنم میں — ۲۴-۵۰

۱۱-۲ قَالَ اَلْقُوْا — کہا ڈالو — ۱۱۵-۷

۱۱-۲ وَاَلْقُوْهُ — اور ڈالو اس کو — ۱۰-۱۲

۱۱-۲ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ — ڈال دے اس کو دریا میں — ۳۸-۷

۱۱-۲ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ — پھر دریا اسکو ڈالے کنارہ — ۳۹-۲۰

۱۵-۱ فَهُوَ لَاقِيْهِ — سو وہ اس کو پانے والا ہے — ۶۱-۲۸

۱۵-۲ مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ — جو تم ڈالنے والے ہو — ۸۰-۱۰

۱۵-۲ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ — ہم ہیں ڈالنے والے — ۱۱۵-۷

۱۵-۴ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا — پھر فرشتوں کی جو اتار کر لائیں وحی — ۵-۷۷

۱۵-۴ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ — ملے گا مجھے میرا حساب — ۲۰-۶۹

۱۵-۴ فَمُلٰقِيْهِ — پس اسے ملنے والا ہے — ۶-۸۴

۱۵-۴ مُلٰقِيْكُمْ — تم کو ضرور ملنے والی ہے — ۸-۶۲

۱۵-۴ مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ (رباربعة) — روبرو ہونیوالے ہیں اپنے رب کے — ۴۶-۲

۱۵-۵ الْمُتَلَقِّيٰنِ — دو لینے والے — ۱۷-۵۰

۱۸-۱ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ — دوزخ والوں کی طرف — ۴۶-۷

(جہت)

۱۸-۱ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ — مدین کی طرف — ۲۲-۲۸

۱۸-۱ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ — اپنی جان کی طرف سے — ۱۵-۱۰

۲۲-۴ بِلِقَآئِ اللّٰهِ — اللہ کی ملاقات کو — ۳۱-۶

۲۲-۴ لِقَآءَ رَبِّهٖ — اپنے رب کی ملاقات کو — ۱۱۰-۱۸

۲۲-۴ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا — ناامید ہیں ہماری ملاقات سے — ۷-۱۰

۲۲-۳ يَوْمَ التَّلَاقِ — ملاقات کے دن سے — ۱۵-۴۰

لِقِیَ (یَلْقٰی لِقَاءً وَلِقَاءَةً وَلُقِیًّا وَلُقْیَانًا وَلِقْیَانَۃً) ملاقات کی، ملا۔ دیکھا لَقّٰی ڈالا۔ اَلْقٰی پھینکا۔ اَلْقٰی اِلَیْہِ الْقَوْلَ۔ بات پہنچائی اَلْقٰی عَلَیْہِ الْقَوْلَ سکھلایا۔ اَلْقٰی اِلَیْہِ السَّمْعَ۔ کان جھکائے۔ تَلَقّٰی لِقِیَ۔ تَلَاقَوْا تحابُّوا۔

## لکن

| | | |
|---|---|---|
| وَلٰکِنْ لَّا یَشْعُرُوْنَ | ولیکن نہیں سمجھتے | ۱۲-۲ |
| وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا | لیکن شیطانوں نے کفر کیا | ۱۰۲-۲ |
| وَلٰکِنَّہٗ اَخْلَدَ اِلَی الْاَرْضِ | لیکن وہ ہو رہا زمین کا | ۱۷۶-۷ |
| وَلٰکِنَّہُمْ قَوْمٌ یَّفْرَقُوْنَ | لیکن وہ قوم ہیں جو ڈرتے ہیں تم سے | ۵۶-۹ |
| وَلٰکِنَّکُمْ فَتَنْتُمْ | لیکن تم نے بچلادیا اپنے آپ کو | ۱۴-۵۷ |
| وَلٰکِنِّیْ رَسُوْلٌ | لیکن میں رسول ہوں | ۶۱-۷ |
| لٰکِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ | پھر میں تو یہی کہتا ہوں | ۳۸-۱۸ |
| (لٰکن انا اقول) | | |
| وَلٰکِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا | لیکن ہم نے پیدا کی کئی جماعتیں | ۴۵-۲۸ |

لَکِنَ (یَلْکَنُ لَکَنًا وَلُکْنَۃً وَلُکُوْنَۃً) الرجل۔ آدمی لکنت والا ہوا۔ اَلْکَنُ ج لُکْنٌ۔ (لٰکِنْ، لٰکِنَّ) دیکھو بحث حروف

## لمح

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲۲ اِلَّا کَلَمْحِ الْبَصَرِ | جیسے لپک نگاہ کی | ۷۷-۱۶ |
| ۱-۲۲ کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ | جیسے لپک نگاہ کی | ۵۰-۵۴ |

لَمَحَ (یَلْمَحُ لَمْحًا) الْبَصَرُ امتدّ الی شیء۔ لَمَحَ (یَلْمَحُ لَمْحًا وَلَمَحَانًا وَتَلْمَاحًا) البرقُ۔ بجلی چمکی، اور روشنی دی لَمْحَۃ۔ جلدی کی نظر یا ذرا سی نظر۔ چوری دیکھنا

## لمز

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۳۴ یَلْمِزُکَ فِی الصَّدَقٰتِ | طعن دیتے ہیں تم کو خیرات بانٹنے میں | ۵۸-۹ |
| (یعیبک) | | |
| ۱-۳ یَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِیْنَ | طعن کرتے ہیں دل کھول کر خیرات کرنے والوں کو | ۷۹-۹ |
| (یعیبون) | | |
| ۱-۱۳ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَکُمْ | اور نہ عیب لگاؤ ایک دوسرے کو | ۱۱-۴۹ |
| (لا یعیب بعضکم بعضا) | | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱۹ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ | طعنہ دینے والے عیب چننے والے | ۱-۱۰۴ |

لَمَزَہٗ (یَلْمِزُ لَمْزًا) عَابَہٗ۔ لَمَّازٌ۔ لُمَزَۃٌ۔ زیادہ عیب کی جستجو کرنے والا۔ یا منہ پر بات کہنے والا۔ لَمَّاز۔ چغلخور۔ لَمَزَہُ الشَّیْبُ اس کا بڑھاپا ظاہر ہوگیا۔

## لمس

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ فَلَمَسُوْهُ بِاَیْدِیْهِمْ | اور پھر چھولیں اسکو اپنے ہاتھوں سے | ۷-۶ |
| ۱-۱ لَمَسْنَا السَّمَآءَ (طلبنا) | ہم نے ٹٹول دیکھا آسمان کو | ۸-۷۲ |
| ۴-۱ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ | یا پاس گئے تم عورتوں کے | ۴۳-۴ |
| ۷-۱۱ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا | پھر ڈھونڈھ لو روشنی | ۱۳-۵۷ |

لَمَسَہٗ (یَلْمِسُ لَمْسًا) اسے چھوا (لَمَسَ زَیْدٌ امْرَاَۃً) زید نے اس عورت سے نکاح کیا لَامَسَہٗ، مَاسَّہٗ۔ اِلْتَمَسَ۔ ڈھونڈا۔ لَمَاسَۃٌ حاجت۔ مقاربت۔ قوت لامسہ ظاہری حواس میں چھونے کی قوت۔ تر خشک نرم سخت معلوم کرنا۔

## لم

| | | |
|---|---|---|
| اِلَّا اللَّمَمَ | مگر کچھ آلودگی | ۳۲-۵۳ |
| اَکْلًا لَّمًّا | کھانا سمیٹ کر سارا | ۱۹-۸۹ |
| لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَہٗ | ابھی پورا نہ کیا | ۲۳-۸۰ |
| اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا | کوئی جی نہیں کہ جس پر کوئی نگہبان نہیں | ۴-۸۶ |
| وَاِنْ کُلًّا لَّمَّا | اور جتنے لوگ ہیں جب وقت آیا | ۱۱۱-۱۱ |
| هَلُمَّ اِلَیْنَا | چلو آؤ ہماری طرف | ۱۸-۳۳ |
| (لازم، ھذا لک ہے) | | |
| قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَکُمْ | تو کہہ دے کہ تم لاؤ | ۱۵۰-۶ |
| (متعدی۔ ھ زائد ہے) | | |
| وَلَمَّا جَآءَهُمْ | اور جب پہنچی ان کو | ۸۹-۲ |
| لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ | کیوں رخصت دیدی تو نے | ۴۳-۹ |
| (استفہام) | | |
| لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا | کیوں کہتے ہو | ۲-۶۱ |
| مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَکُمْ | سچ بتانیوالی اس کتاب کو | ۴۱-۲ |
| اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا | بھلا نہیں پایا تجھ کو یتیم | ۶-۹۳ |

فَاِنْ کُنْتُمْ تَفْعَلُوا — پھر اگر تم ایسا نہ کرسکو — ۲-۲۴

لِیَمْنٍ حَوْلَہٗ — اپنے گرد والوں سے — ۲۶-۲۵

(ن دوسرے تبدیل ہے) صلاح

لَمَا اٰتَیْتُکُمْ — جو کچھ میں نے تم کو دیا — ۳-۸۱

لم (باب نصر لَمًّا) الشیء جمع کیا۔ شامل کیا۔ لَمَمٌ۔ چھوٹے گناہ اَلْسُّرِ المُلِمُّ مرد کا گناہ کے قابل جوان ہوگیا یلملم۔ میقات برائے احرام یمن والوں کے لیے اور اس سے ورے ملکوں کے لیے لَمّا۔ لِمَا۔ لِمَ۔ لِمَ۔ سب کے لیے دیکھو بحث حروف

## لن

دیکھو بحث حروف

## لو

دیکھو بحث حروف

## لوح

۱-۱۹ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (محرقہ) جلا دینے والی ہے آدمیوں کو ۷۴-۲۹

۱-۲۲ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ — لکھا ہوا لوح محفوظ میں — ۸۵-۲۲

کَتَبْنَا لَہٗ فِی الْاَلْوَاحِ — لکھ دیا ہم نے اسکو تختیوں پر — ۷-۱۴۵

وَاَلْقَی الْاَلْوَاحَ — ڈال دیں وہ تختیاں — ۷-۱۵۰

عَلٰی ذَاتِ اَلْوَاحٍ — تختوں والی پر — ۵۴-۱۳

لاح (یلوح لَوْحًا) چمکا اور ظاہر ہوا لَوَّحَ الشَّیءَ بِالنَّارِ۔ آگ سے تپایا۔ لیاح۔ صبح لوح۔ تختی ہڈی ج الواح، لوح الجسد۔ جسم کی ہڈی لُوح۔ پیاس، اور زمین اور آسمان کے درمیان کی ہوا تلویحات۔ حواشی کتاب لَوَّحَہٗ بِالنَّعْلِ۔ جوتا سے اس کی خوب مرمت کی۔

## لوذ

۱-۱۹ یَتَسَلَّلُوْنَ مِنْکُمْ لِوَاذًا — سک جاتے ہیں آنکھ بچاکر — ۲۴-۶۳

لاذ (یلوذ لَوْذًا، لِوَاذًا، لِیَاذًا) بِالْجَبَلِ۔ پہاڑ کی اوٹ میں ہوا، چھپا، قلعہ بنایا۔ اور اس میں پناہ لی۔ لَوْذ۔ پہاڑ کا کنارہ ج الواذ۔ لَاوَذَ الشیءَ قرابتہ۔ مَلَاذ۔ جائے پناہ یا قلعہ

## لوط

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ — اور تحقیق لوط ہے رسولوں میں سے — ۳۷-۱۳۳

کَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ — جھٹلایا قوم لوط نے — ۲۶-۱۶۰

لاط (یلوط لَوْطًا و لِوَاطَۃ) فلانا بفلان۔ قوم اور پیغمبر دونوں کا نام لوط ہے۔ یہ قوم لوط نہایت بدمعاش قوم تھی لونڈے بازی میں سخت بدنام کر راستے بند کر دیے وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ اور علانیہ مجلسوں میں لونڈے بازی کرتے تھے (وَتَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْکُمُ الْمُنْکَرَ) جب ان کی تباہی کا وقت آگیا تو حضرت ابراہیم سے ہوتے ہوئے فرشتے نوجوان لڑکوں کی شکل میں حضرت لوط (بن ہاران بن تارخ) ہاران حضرت ابراہیم کا بھائی ہے، علیہ السلام کے پاس پہنچے، تمام قوم الٹ کر ان کے پاس پہنچی حضرت لوط نے فرمایا فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَیْفِیْ۔ شقی قوم نے جواب دیا۔ اَوَلَمْ نَنْہَکَ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ۔ حضرت لوط نے جواب میں کہا ہٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْٓ اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ۔ تنگ آکر حضرت لوط نے کہا لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ۔ آخر میں قوم برا کرنے پر آمادہ ہوئی وَلَقَدْ رَاوَدُوْہُ عَنْ ضَیْفِہٖ۔ تو پہلے اندھے کر دیے گئے فَطَمَسْنَآ اَعْیُنَہُمْ پھر تختہ زمین ان پر الٹا دیا گیا۔ جَعَلْنَا عَالِیَہَا سَافِلَہَا وَاَمْطَرْنَا عَلَیْہِمْ حِجَارَۃً مِّنْ سِجِّیْلٍ۔

## لوم

۱-۱ لُمْتُنَّنِیْ فِیْہِ — تم نے کہ تونے مجھے طعنہ دیا تعلق یوسف میں — ۱۲-۳۲

۳-۶ یَتَلَاوَمُوْنَ — لگے ایک دوسرے کو الزام دینے — ۶۸-۳۰

۱-۱۱ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَکُمْ — اور اپنے آپ کو الزام دو — ۱۴-۲۲

۱-۱۳ فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ — سو مجھے الزام نہ دو — ۱۴-۲۲

۱-۱۵ لَآئِمٍ — الزام دینے والے — ۵-۵۴

۲-۱۵ وَہُوَ مُلِیْمٌ — اور وہ الزام کھایا ہوا تھا — ۳۷-۱۴۲

۱-۱۶ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ — سو نہیں تجھ پر الزام — ۵۱-۵۴

۱-۱۷ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا — الزام کھا کر دھکیلا جاکر — ۱۷-۳۹

۱-۱۷ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ — نہیں کچھ الاہنا — ۲۳-۶

۱-۱۹ النَّفْسِ اللَّوَّامَۃِ — جی کی جو ملامت کرے برائی پر — ۷۵-۲

۱-۲۲ لَوْمَۃَ — الزام — ۵-۵۴

لام (یلوم لَوْمًا، مَلَامًا، مَلَامَۃ) ملامت کی۔ لائم ج لُوَّم، لُوَّام لئیم مرد ج لوائم مُعْذِر مُلِیْمٌ، مَلُوْم، مَلَامَۃ ج مَلَاوِم

تَلَاوَمُوْا۔ ایک دوسرے کو ملامت کی۔ لَوْمَۃٌ۔ لَوَّامٌ۔ لَوَّامَۃٌ۔ زیادہ ملامت کرنے والا۔ لام۔ حرف ہجاج لامات

## لون

مَا لَوْنُھَا — کیسا ہے اس کا رنگ — ۲-۶۹

مُخْتَلِفًا اَلْوَانُھَا — طرح طرح کے ان کے رنگ — ۳۵-۲۷

مُخْتَلِفًا اَلْوَانُہٗ — رنگ برنگ کی — ۱۶-۱۳

مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُہٗ — جس کے مختلف رنگ ہیں — ۱۶-۶۹

اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ — بولیاں تمہاری اور رنگ — ۳۰-۲۲

تَلَوَّنَ۔ رنگدار ہوگیا۔ لَوَّنَ۔ رنگدار بنایا۔ مُتَلَوِّنٌ۔ جو ایک عادت پر قائم نہ رہ سکے۔ لَوْن۔ رنگ ج اَلْوَان

## لوی

۳-۱ لَوَّوْا رُءُوْسَھُمْ — مٹکائے انہوں نے اپنے سر — ۶۳-۵

۳-۱ یَلْوٗنَ اَلْسِنَتَھُمْ — موڑ کر پڑھتے ہیں اپنی کتاب — ۳-۷۸

(یمیلونھا عن المنزل الی المحرف)

۳-۱ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓی اَحَدٍ — اور پیچھے پھر کر نہ دیکھتے تھے — ۳-۱۵۳

(ولا تقفون ولا تقیمون)

۳-۱ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا — یہ کہ زبان ملوگے — ۴-۱۳۴

۲۲-۱ لَیًّا بِاَلْسِنَتِھِمْ — موڑ کر اپنی زبان کو — ۴-۴۶

اَللّٰتَ وَالْعُزّٰی — لات اور عزٰی کو — ۵۳-۱۹

لَوٰی (یَلْوِیْ لَیًّا وَلُوِیًّا) الحبلَ رسی بٹی۔ لَوَی الغُلَامُ ۱۶ برس کی عمر کو پہنچا۔ لَوٰی (لَیًّا وَلَیَانًا) الامرعنّی۔ مجھ سے بات چھپائی لَوَی الحزنُ قلبَہٗ غم اس کے دل پر چڑھ آیا۔ غالب آیا۔ ڈھانپ لیا۔ لَوٰی عَلَیْہِ انتظار کیا اور ٹھہر۔ مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ، لایقف ولا ینتظر لَوٰی رَاْسَہٗ انکار کیا۔ اِلْتَوٰی۔ کچھ عرصہ کے لیے چھوڑنا، یا لپیٹ کر رکھ دیا لِوَاءٌ جھنڈا ج اَلْوِیَۃٌ اَلْوِیَات۔ لَاوِی ج لَاوِیُّوْن، لَاوِیْ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے لڑکے کا نام ہے۔ اس کی طرف نسبت کرنا۔ لَوٰی درد معدہ اور پیٹ کا کبڑا پن۔ لُوَی۔ چھوٹی کہانی۔ لَوَّاءٌ ایک پرندہ ہے کہ اکثر اپنی گردن موڑے رکھتا ہے۔ لَوِیَّۃٌ۔ وہ طعام جو کہ کسی کے لیے ڈھانپ کر رکھ دیا جائے ج لَوَایَا۔ لَات۔ ایک بت تھا طائف میں اس کا رنگ سفید تھا، جس پر عمارت بھی اور دربان تھا جو تعظیم کراتا تھا۔ جامع البیان میں ہے، کہ یہ لفظ اللہ کے لفظ سے مؤنث مشتق تھا، کہ اگر خدا موجود ہے تو خدائی بھی موجود ہے۔ مجاہد کہتا ہے، کہ نخلہ میں ایک ایالی رہتا تھا۔ بھیڑ، بکری کا گھی اور پنیر ستوؤں میں ملا کر گزرنے والے حاجیوں کو پلایا کرتا تھا۔ مرنے کے بعد اس کی پوجا شروع ہوگئی۔

## لھب

وَلَا یُغْنِیْ مِنَ اللَّھَبِ — اور کچھ کام نہ آئے طپش میں — ۷۷-۳۱

ذَاتَ لَھَبٍ — ڈینگ مارتی آگ میں — ۱۱۱-۳

اَبِیْ لَھَبٍ — ابولہب کے — ۱۱۱-۱

لَھِبَتِ (تَلْھَبُ لَھَبًا وَلَھِیْبًا وَلُھَابًا وَلَھَبَانًا) النَّارُ بغیر دھوئیں کے آگ نے خالص شعلہ نکالا۔ لَھِبَ (یَلْھَبُ لَھَبًا وَلَھَبَانًا) الرجلُ پیاسا ہوا۔ لَھَّبَ، اَلْھَبَ۔ تیز آگ جلائی کہ دھواں بند ہوگیا۔ اَلْھَبَ الفرسُ گھوڑے کو اتنا تیز دوڑایا، کہ غبار بلند ہوا۔ لُھَاب، لُھْبَۃ پیاس۔ لَھَبٌ، لِسَانُ النَّارِ شعلہ لَھِیْبٌ آگ کی گرمی۔ لَھْبَان گرمی کا دن اَلْھَبَ فِی الْکَلَامِ بات بڑی جلدی ختم کی مُلْھَبٌ تیز رو گھوڑا، جیسے آندھی

## لھث

۳-۱ اِنْ تَحْمِلْ عَلَیْہِ یَلْھَثْ — اگر تو اس پر بوجھ لادے تو ہانپے — ۷-۱۷۶

۳-۱ اَوْ تَتْرُکْہُ یَلْھَثْ — یا اسے چھوڑ دے تو ہانپے — ۷-۱۷۶

لَھَثَ (یَلْھَثُ لَھْثًا وَلُھَاثًا) الکلبُ۔ پیاس اور سخت گرمی سے کتے نے زبان باہر نکالی اور ہانپا۔ لُھَاث اندرونی گرمی بوجہ پیاس لُھْثَۃٌ۔ پیاس

## لھم

۲-۱ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰىھَا — پھر اسکو بدی کی اور بچکر چلنے کی — ۹۱-۸

لَھِمَ (یَلْھَمُ لَھْمًا) الشیءَ سپنچا۔ اَلْھَمَہٗ اوسکی، اِلْھَام۔ دل میں ڈالنا۔ واقف کرنا۔ توفیق دینا۔

## لھو

۲-۱ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ — غفلت میں رکھا تم کو بہتات کی حرص نے — ۱۰۲-۱

(شغلکم عن طاعۃ اللہ)

۲-۳ وَیُلْھِھِمُ الْاَمَلُ (یشغلہم) — اور امید میں لگے رہیں — ۱۵-۳

۲-۳ لَا تُلْهِيهِمْ (تشغلهم) نہیں غفلت میں ڈالتی ان کو ۲۴-۳۷
۲-۱۳ لَا تُلْهِكُمْ (تشغلكم) نہ غفلت میں ڈالیں تم کو ۶۳-۹
۵-۳ فَأَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى تو اس سے تغافل کرتا ہے ۸۰-۱۰

(ت حذف ہے۔ اصل میں تَتَلَهّٰى ہے (تتشاغل)

۱-۱۵ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ کھیل میں پڑے ہیں ان کے دل ۲۱-۳

(غافلة)

۱-۲۲ لَعِبٌ وَلَهْوٌ کھیل اور جی بہلانا ۶-۳۲
۱-۲۲ لَعِبًا وَلَهْوًا تماشا اور کھیل ۶-۷۰
مِنَ اللَّهْوِ تماشا سے ۶۲-۱۱

لَهَى (يَلْهُو لَهْوًا) الرجل کھیلا۔ لَهَا (يَلْهُو لُهِيًّا) عَنِ الشيء غافل ہوا۔ تَلَهّٰى بكذا۔ اعرض عنه۔ لَهَاة۔ حلق کا کوّا (گھنٹی) ج لَهَوَات، لَهَيَات، لُهِيٌّ۔ مَلْهٰى اکھاڑہ۔ مِلْهٰى۔ کھیل والے ہتھیار ج مَلَاهٍ۔

## ليت

يٰلَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ اے کاش میں نہ پکڑتا ۲۵-۲۸
يٰلَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ اے کاش کہ میں ہوتا ان میں ۴-۷۳
يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ کسی طرح وہی موت ختم کر جاتی ۶۹-۲۷
يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ اے کاش ہم پھر بھیج دیے جائیں ۶-۲۷
يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ اے کاش ہم کو ملے جیسا ۲۸-۷۹
يٰلَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ کسیطرح میری قوم معلوم کر لیں ۳۶-۲۶
يٰلَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ کسی طرح مجھ میں اور تجھ میں ۴۳-۳۸
لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ دیکھو ل-ا ت ۳۸-۳
أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ دیکھو لوی ۵۳-۱۹
وَمَا أَلَتْنٰهُمْ دیکھو الت ۵۲-۲۱
لَا يَلِتْكُمْ مِنْ أَعْمَالِكُمْ دیکھو الت ۴۹-۱۴

یہ حرف تمنا ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو ضمہ دیتا ہے۔ کبھی تو ناممکن کے لیے آجاتا ہے (لَيْتَ الشَّبَابُ يَعُوْدُ) کبھی ممکن کے لیے آجاتا ہے لَيْتَ الْعَلِيْلَ صَحِيْحٌ۔

## ليس

لَيْسَ الْبِرَّ نیکی کچھ یہی نہیں ۲-۱۷۷
لَيْسُوْا سَوَاءً وہ سب برابر نہیں ۳-۱۱۳
لَيْسَتِ النَّصٰرٰى نصاریٰ نہیں ۲-۱۱۳
لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ یہود نہیں ۲-۱۱۳
لَسْتَ مُؤْمِنًا تو مسلمان نہیں ۴-۹۴
وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ حالانکہ تم اسے کبھی نہ لوگے ۲-۲۶۷
لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ تم نہیں جیسے کہ ہر کوئی عورتیں ۳۳-۳۲
قُلْ لَسْتُ عَلَيْكُمْ تو کہہ دے میں نہیں تم پر ۶-۶۶

لَيْسَ اصل میں لَيِسَ تھا۔ یہ صرف ماضی پر آتا ہے۔ مضارع پر نہیں آتا۔ نیز دیکھو بحث حروف

## ليل

جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ پردہ ڈالا اس پر رات نے ۶-۷۶
جَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا بنایا رات کو آرام کا سبب ۶-۹۶
لَيْلًا اَوْ نَهَارًا رات یا دن ۱۰-۲۴
يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ لائے تمہارے پاس رات ۲۸-۷۲
اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ پورے کرو روزے رات تک ۲-۱۸۷
فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ قدر والی رات میں ۹۷-۱
فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ برکت والی رات میں ۴۴-۳
ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً تیس رات ۷-۱۴۱
اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً چالیس رات ۷-۱۴۱
وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا ڈھانپا اس کی رات کو ۷۹-۲۹
ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا تین رات تندرست ۱۹-۹
سَبْعَ لَيَالٍ سات راتیں ۶۹-۷
سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ سیر کرو اس میں رات کے وقت ۳۴-۱۸

لَايَلَهٗ (مُلَايَلَةً) اسے ایک رات نوکر رکھا (عَامَلَهٗ مُلَايَلَةً) اس کو رات کی ڈیوٹی پر لگایا۔ اَلْاٰلَ الْقَوْمُ (اِلَاعَةً وَ اَلْيَلُوْا الْبَاءَ) رات میں داخل ہوئے لَيْلٌ لَائِلٌ۔ لَيْلَى سخت سیاہ رات۔ لَيْلٌ۔ غروب سورج سے طلوع سورج تک ج لَيَالِي۔ اس میں ی غیر قیاسی ہے کبھی لَيَائِلُ بھی کہہ دیتے ہیں لَيْل

نود جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ واحد اس کا لِیۡنَۃٌ ہے۔

## لین

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱ لِنۡتَ لَهُمۡ | تو نرم ہو گیا ان کو | ۳-۱۵۹ |

(سہولت اخلاق لہم)

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲ وَاَلَنَّا لَهُ الۡحَدِيۡدَ | اور نرم کر دیا ہم نے اسکے آگے لوہا | ۳۴-۱۰ |
| ۱-۳ ثُمَّ تَلِيۡنُ جُلُوۡدُهُمۡ | پھر نرم ہوتی ہیں انکی کھالیں | ۳۹-۲۳ |
| ۱-۱۷ قَوۡلًا لَيِّنًا | بات نرم | ۲۰-۴۴ |
| مِنۡ لِيۡنَةٍ | کوئی درخت کھجور | ۵۹-۵ |

نوٹ: صراح اور منتہی الارب نے لینہ کو لون میں درج کیا ہے

لَانَ (يَلِيۡنُ لِيۡنًا وَلِيَانًا وَلِيۡنَةً) نرم ہوا فہو لَيِّنٌ، لَيۡنٌ۔ اَلَانَ
لَيَّنَ نرم کیا مُلَيِّنٌ قبض کو دور کرنے والی دوائی کہ پیخانہ نرم آوے
لِيۡنَةٌ ضعف کمزوری اور ناقص قسم از کھجور۔ لَيِّنٌ ج لَيِّنُوۡنَ۔ نرم۔

# م (۴۰)

## م

جمع ذکر کے لیے بھی آتا ہے ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمۡ، كُنۡتَ سے كُنۡتُمۡ
مَعَكَ سے مَعَكُمۡ، مَعَهٗ سے مَعَهُمۡ

## ما

دیکھو بحث حروف

## مائی

| | | |
|---|---|---|
| مِائَةٌ صَابِرَةٌ | سو شخص ثابت قدم | ۸-۶۵ |
| مِائَةَ عَامٍ | سو برس | ۲-۲۵۹ |
| مِائَةُ حَبَّةٍ | سو دانہ | ۲-۲۶۱ |
| مِائَةَ جَلۡدَةٍ | سو درے | ۲۴-۲ |
| يَغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ | غالب آئیں دو سو پر | ۸-۶۵ |
| ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيۡنَ | تین سو برس | ۱۸-۲۵ |
| اِلٰى مِائَةِ اَلۡفٍ | ایک لاکھ آدمی کی طرف | ۳۷-۱۴۷ |

مَاْىَ (يَمۡاٰى مَاْيًا) القومَ گن کر سو کیا۔ اب وہ سو اشخاص ممئیون
کہلائے اَمۡاٰى (اَمۡاٰۓ) القومُ وہ ایک صد ہو گئے وہ مُمۡئُوۡنَ کہلائیں گے
مِائَةٌ = ۱۰×۱۰ ج مِئَات، مِئُوۡن، مُؤُوۡن و مِأًى

## ماروت دیکھو مرت

## متع

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۵ فَمَنۡ تَمَتَّعَ بِالۡعُمۡرَةِ | جو کوئی فائدہ اٹھائے عمرے کو ملا کر | ۲-۱۹۶ |
| ۱-۳ وَلٰكِنۡ مَّتَّعۡتَهُمۡ | لیکن تو نے انہیں فائدہ پہنچایا | ۲۵-۱۸ |
| ۱-۳ بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰٓؤُلَآءِ | کوئی نہیں بلکہ میں نے برتنے دیا ان کو | ۴۳-۲۹ |
| ۱-۳ بَلۡ مَتَّعۡنَا هٰٓؤُلَآءِ | کوئی نہیں پر ہم نے عیش دیا ان کو | ۲۱-۴۴ |
| ۱-۳ مَتَّعۡنٰهُ مَتَاعَ الۡحَيٰوةِ | جسکو ہم نے فائدہ دیا حیاتی دنیا کا پھر | ۲۸-۶۱ |
| ۱-۳ وَمَتَّعۡنٰهُمۡ اِلٰى حِيۡنٍ | اور فائدہ دیا ہم نے انکو ایک وقت تک | ۱۰-۹۸ |
| ۳-۲ يُمَتِّعۡكُمۡ مَّتَاعًا | فائدہ پہنچائے تم کو اچھا فائدہ | ۱۱-۳ |
| ۳-۲ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيۡلًا | اسکو بھی فائدہ پہنچاؤں تھوڑے دنوں | ۲-۱۲۶ |
| ۳-۲ اُمَتِّعۡكُنَّ | میں فائدہ دوں تم عورتوں کو | ۳۳-۲۸ |
| ۳-۲ نُمَتِّعُهُمۡ قَلِيۡلًا | کام چلا دیں گے ہم انکا تھوڑے دنوں | ۳۱-۲۴ |
| ۳-۲ سَنُمَتِّعُهُمۡ | ہم فائدہ دیں گے ان کو | ۱۱-۴۸ |
| ۳-۵ يَتَمَتَّعُوۡنَ وَيَاۡكُلُوۡنَ | برت رہے ہیں اور کھاتے ہیں | ۴۷-۱۲ |
| ۳-۵ يَاۡكُلُوۡا وَيَتَمَتَّعُوۡا | کھائیں اور برت لیں | ۱۵-۳ |
| ۳-۵ لَا تُمَتَّعُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا | نہ پھل پاؤ گے مگر تھوڑے دنوں | ۳۳-۱۶ |
| ۳-۴ يُمۡتَعُوۡنَ | فائدہ اٹھاتے | ۲۶-۲ |
| ۱-۱۱ اِسۡتَمۡتَعَ بَعۡضُنَا | کام نکالا ہم میں ایک نے | ۶-۱۲۸ |
| ۱-۱۱ كَمَا اسۡتَمۡتَعَ الَّذِيۡنَ | جیسے فائدہ اٹھا گئے تم سے | ۹-۶۹ |
| ۱-۱۱ فَاسۡتَمۡتَعُوۡا بِخَلَاقِهِمۡ | پھر فائدہ اٹھا گئے اپنے حصے سے | ۹-۶۹ |

(تمتعوا)

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱۱ فَاسۡتَمۡتَعۡتُمۡ | پھر فائدہ اٹھایا تم نے | ۹-۶۹ |
| ۱-۱۱ فَمَا اسۡتَمۡتَعۡتُمۡ بِهٖ | پھر جسکو کام میں لائے تم عورتوں سے | ۴-۲۳ |
| ۱۱-۳ وَمَتِّعُوۡهُنَّ | اور ان کو کچھ خرچ دو | ۲-۲۳۶ |

(راعطوهن ما يتمتعن به)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱-۵ وَلِيَتَمَتَّعُوۡا | اور مزے اڑاتے رہیں | ۲۹-۶۶ |
| ۱۱-۵ تَمَتَّعۡ بِكُفۡرِكَ قَلِيۡلًا | برت لے ساتھ اپنے کفر کے | ۳۹-۸ |
| ۱۱-۵ تَمَتَّعُوۡا فِيۡ دَارِكُمۡ (عيشوا) | عیش کرو اپنے گھروں میں | ۱۱-۶۵ |

۱-۵ فَتَمَتَّعُوا سو مزے اڑا لو ۵۵-۱۶

۱-۲۲ مَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ فائدہ اٹھانا ہے ایک وقت تک ۲-۳۶

۱-۲۲ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ خرچ دینا ایک برس تک ۲-۲۳۶

(تمتیعا)

۱-۲۲ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ اور برتنے کو جنگل والوں کے ۵۶-۷۳

۱-۲۲ فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ کھولی اپنی چیز بست ۱۲-۶۵

(رحالھم)

۱-۲۲ عِندَ مَتَاعِنَا (تیابنا) اپنے اسباب کے پاس ۱۲-۱۷

وَأَمْتِعَتِكُمْ اور اپنے اسباب سے ۴-۱۰۱

مَتَعَ (يَمْتَعُ مَتْعًا ومُتْعَةً) بالشیٔ لے گیا۔ مَتَعَ (يَمْتَعُ مُتُوعًا) لمبا ہوا۔ مَتَّعَ النَّهَارُ سورج آخری بلندی کو پہنچا۔ أَمْتَعَ، مَتَّعَ اللّٰهُ اللہ نے فائدہ دیا۔ تَمَتَّعَ، اِسْتَمْتَعَ نفع اور لذت طویل مدت تک لیا۔ مُتْعَةٌ اسم زاد قلیل۔ مُتْعَةُ الْمَرْأَةِ ج مُتَعٌ۔ عورت کو بعد از طلاق کپڑے وغیرہ دینا۔ اس کو متعۃ الطلاق بھی کہتے ہیں۔ مُتْعَةٌ۔ عورت سے تھوڑی مدت کے لیے نکاح کرنا۔ مَتَاعٌ ج أَمْتِعَةٌ۔ ہر نفع دینے والی چیز۔ مُتْعَةُ الْحَجِّ۔ حج کے ساتھ عمرہ کرنا

## متن

۱-۱۷ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ میرا داؤ پکا ہے ۷-۱۸۳، ۶۸-۴۵

۱-۱۷ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ زور آور مضبوط ۵۱-۵۸

مَتُنَ (يَمْتُنُ مَتَانَةً) سخت ہوا۔ مَاتِنٌ (مَتِينٌ) ج مِتَانٌ۔ مَتْنٌ چیز کا ظاہر۔ مَتْنُ الْكِتَابِ۔ اصل کتاب خلاف شرح و حواشی۔ مَاتِنٌ مصنف کتاب۔ مَتْنُ الْأَرْضِ۔ بلندی زمین۔ مَتَّنَ۔ متین کیا۔ تَمْتِينٌ خیمہ کے رسے ج مَتَانِينُ

## متی

مَتَىٰ نَصْرُ اللّٰهِ (دو دفعہ) کب ہوگی۔ اللہ کی مدد ۲-۲۱۴

اسم ظرف کے لیے استفہام ہے۔ دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے نیز دیکھو بحث حروف

## مثل

۱-۵ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا پھر بن کر آیا اسکے آگے آدمی ۱۹-۱۷

۱-۲۲ مَثَلُ الَّذِينَ مثال ان لوگوں کی ۲-۲۶۴

۱-۲۲ فَمَثَلُهُ (ربطہ) سو اس کی مثال ۲-۲۶۴

۱-۲۲ مَثَلُهُمْ ان کی مثال ۲-۲۶۶

۱-۲۲ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ یہ شان انکی ہے تورات میں ۴۸-۲۹

۱-۲۲ كَمَثَلِ الَّذِي ایسی ہے جیسے ۲-۱۷۱

۱-۲۲ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً کوئی مثال مچھر کی ۲-۲۶

۱-۲۲ مِثْلُهُ يَأْخُذُوهُ سامنے پھر آئے اسکو لے لیویں ۷-۱۶۸

۱-۲۲ مِن مِّثْلِهِ کشتی جیسی چیزوں کو ۳۶-۴۲

۱-۲۲ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ اور اتنے ہی اور ان کے ساتھ ۲۱-۸۴

۱-۲۲ أَوْ مِثْلِهَا یا اس کے برابر ۲-۱۰۶

۱-۲۲ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ اور زمین بھی اتنی ہی ۶۵-۱۲

۱-۲۲ مِثْلُكُمْ جیسے تم ۲۳-۲۴

۱-۲۲ مِثْلُنَا ہم جیسا ۱۱-۲۷

۱-۲۲ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا پہنچا چکے تم اس کے دو چند ۳-۱۶۵

۱-۲۲ مِّثْلَيْهِمْ اس سے دو چند ۳-۱۳

۱-۲۲ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ اور بتلائے ہم نے تمکو سب قصے ۱۴-۴۵

۱-۲۲ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ بیان کرتا ہے اللہ تعالی مثالیں ۱۳-۱۷

۱-۲۲ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ جیسے موتی کے دانے ۵۶-۲۳

۱-۲۲ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ لوگوں کو ان کے احوال ۴۷-۳

۱-۲۲ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا اور منکروں کو ملتی رہتی ہیں ایسی چیزیں ۴۷-۱۰

۱-۲۲ أُمَمٌ أَمْثَالُكُم امت ہے تمہاری طرح ۶-۳۸

۱-۲۱ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ جب بولیگا انمیں اچھی راہ روش والا ۲۰-۱۰۴

(ج اماثل)

۱-۲۱ وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ اور موقوف کر دیں تمہارے اچھے خاصے چلن کو ۲۰-۶۳

مِن قَبْلِهِمُ الْمَثُلَاتُ ان سے پہلے بہت عذاب ۱۳-۷

(عقوبات واحد مثلۃ)

مِن مَّحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ قلعے اور تصویریں ۳۴-۱۳

(واحد تمثال)

مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ (اصنام) یہ کیسی مورتیں ہیں ۲۱-۵۲

مَثَلَ (یَمْثُلُ مُثُولًا) مثل ہوا۔ مَثَلَ الْقَمَرُ چاند ظاہر ہوا اور غائب ہوا۔ (مثل) مَثَلَ (یَمْثِلُ مَثْلًا و مُثْلَۃً) عذاب کیا۔ قتل کیا۔ ناک کان کاٹے۔ حضرت حمزہؓ کی لاش کے ساتھ اپنے قدیمی رسم کے مطابق قریش نے یہی وتیرہ اختیار کیا مَثُلَ (یَمْثُلُ مَثَالَۃً) وہ بزرگ ہوا مَثَّلَ تَمْثِیْلًا۔ صورت بنائی مَاثَلَہٗ، مُمَاثَلَۃً۔ ہم شکل بنایا اَمْثَلَہُ الْحَاکِمُ۔ قصاص میں حاکم نے قتل کیا۔ تَمَثَّلَ، تصوّر مِثَال ج اَمْثِلَۃٌ، مُثُلٌ، مُثُلٌ مِثِیْلٌ، شبیہ، نظیر، فَاضِل ج مُثُلٌ۔

# مجد

۱۷-۱ اِنَّہٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ — تحقیق اللہ ہے تعریف کیا گیا بزرگی والا — ۱۱-۷۳

۱۷-۱ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ — قسم ہے اس قرآن بڑے شان والے کی — ۵۰-۱

مَجَدَ (یَمْجُدُ مَجَادَۃً) بزرگ ہوا خا مَاجِدٌ، مَجِیْدٌ ج اَمْجَاد مَجَدَ (یَمْجُدُ مَجْدًا) صاحب مجد ہوا مَجَّدَہٗ، اَمْجَدَہٗ، عَظَّمَہٗ اَثْنٰی عَلَیْہِ، مَجَدَ الْعَطَاءَ بخشش زیادہ کی تَمَاجَدَ، تفاخر مَجْد عزت اونچی زمین جیسے نجد کی ج اَمْجَاد، مَاجِدٌ۔ اچھی خصلت والا۔ عزت والا مَاجِدَۃٌ ج مَوَاجِد، اَمْجَدُ، اسم تفضیل ج اَمَاجِد مَجِیْدِیْ۔ سلطان عبد المجید کے زمانہ کا ۲۰ قرش کا چاندی کا سکہ ہے ابن سعود سے پہلے حجاز میں بھی یہی سکہ جاری تھا

# مجس

وَالْمَجُوْسَ (واحد مجوسی) — ۱۷-۲۲

مَجَّسَہٗ اس کو مجوسی بنایا۔ تَمَجَّسَ وہ مجوسی بنا مَجُوْسِیٌّ۔ مجوسی (آگ پوجنے والے) دو خالق یزدان واہرمن کے قائل خیر و شر کے الگ الگ خالق ماننے والے ہیں اور کہتے ہیں نیک برا نہیں کرتا اور جو برا کرتا ہے وہ نیک نہیں ہے اس لیے برے کام کا خالق اہرمن ہے حالانکہ چیز کے غلط استعمال کا نام برائی ہے۔ جیساکہ سنکھیا میں بیشمار فوائد ہیں اب جو کوئی زیادہ مقدار میں کھالے گا جان ہلاک ہوگی۔ تو یہ سنکھیا کا گناہ نہیں ہے۔ بلکہ غلط استعمال میں موت ہے ایسا ہی عورت کے ساتھ تعلق فی نفسہ برا نہیں ہے۔ مگر شارع نے جس عورت سے روک دیا ہے وہ زنا ہے اور وہ برائی ہے۔ یہ لوگ حضرت نوحؑ کے سوا سب پیغمبروں کے دشمن ہیں۔ آگ بھی پوجتے ہیں۔ سورج پرستی بھی کرتے ہیں۔ غرض ان کے عقائد میں اہل تفسیر نے بے حد اختلاف کیا ہے

# محص

۳-۳ وَلِیُمَحِّصَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ — اور اس واسطے کہ پاک صاف کرے اللہ — ۳-۱۴۱ (یطہرھم من الذنوب)

۳-۳ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ (یمیز) — اور صاف کرتا تھا جو تمہارے دل میں ہے — ۳-۱۵۴

مَحَصَ (یَمْحَصُ مَحْصًا) الذَّھَبَ بِالنَّارِ آگ سے کٹھالی میں رکھکر سونا صاف کیا۔ مَحَّصَ، نَقَّصَ و طَھَّرَ پاک کیا۔ مَحَّصَ اللَّحْمَ گوشت ستھرا بنایا اَمْحَصَ مِنَ الْمَرَضِ۔ تندرست ہوا اِمَّحَصَ الْمُذَبُوْحُ بِرِجْلِہٖ۔ روح نکلتے وقت ٹانگیں (ایڑیاں) ہلائیں۔

# محق

۳-۱ یَمْحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰوا — مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ بیاج کو — ۲-۲۷۱ (ینقصہ)

۳-۱ یَمْحَقَ الْکٰفِرِیْنَ (یھلک) — مٹائے کافروں کو — ۳-۱۴۱

مَحَقَ (یَمْحَقُ مَحْقًا) باطل کیا، بے برکت کر دیا۔ ہلاک کیا۔ اَمْحَقَ الْمَالُ۔ فنا ہوا۔ (لازم) اِنْمَحَاق۔ محو ہونا۔ یا مٹنا

# محل

وَھُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ — اور اس کی پکڑ سخت ہے — ۱۳-۱۳ (القوۃ)

مَاحَلَہٗ (مِحَالًا و مُمَاحَلَۃً) اس کو قوت دی مَحَّلَہٗ۔ اس کو قوت دی مَحَلَ (یَمْحُلُ) و مَحِلَ (یَمْحَلُ) و مَحَلَ (یَمْحَلُ مَحَالَۃً و مَحْلًا) اِلَی السُّلْطَانِ، مِحَال۔ فریب، مکر، جدال، عذاب، عقاب، شدت، قوت ہلاک کرنا، ہلاک ہونا۔ تدبیر۔ عداوت۔ لَا مَحَالَۃَ۔ ضروری۔

# محن

۱-۷ اِمْتَحَنَ اللّٰہُ قُلُوْبَھُمْ — دلوں کو جانچ لیا اللہ نے — ۴۹-۳

۱۱-۷ فَامْتَحِنُوْھُنَّ — وطن چھوڑ نے والیاں تو جانچ لو انکو — ۶۰-۱۰

مَحَنَ (یَمْحَنُ مَحْنًا) اِمْتَحَنَ اِمْتِحَانًا فُلَانًا۔ جانچ لیا۔ امتحان لیا، تجربہ کیا۔ مَحَنَہٗ عِشْرِیْنَ سَوْطًا) اسے بیس درے لگائے مَحَنَ الْفِضَّۃَ۔ چاندی کو آگ میں ڈال کر صاف کیا۔ کھرا کیا مِحْنَۃٌ اسم ہے مصیبت میں آزمائش ج مِحَن، اِمْتَحَنَ الْاَدِیْمَ۔ دھونی کو نرم کیا اور کھینچا۔

## محو

۱-۱ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ پھر مٹایا رات کا نمونہ ۱۷-۱۲

(طمستا)

۱-۳ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ مٹاتا ہے اللہ جو چاہے ۱۳-۳۹

۱-۳ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ اور مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ جھوٹ کو ۴۲-۲۴

(یہاں واؤ گر چکی ہے)

مَحَا يَمْحُوْ وَيَمْحِيْ مَحْوًا وَمَحْيًا) مٹایا نا۔ مَمْحِيٌّ۔ وَمَمْحُوٌّ مَحَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ وَصُبْحُ اللَّيْلِ۔ آندھی بادل اڑا لے گئی صبح ہوئی رات جاتی رہی۔ مَحْو۔ چاند میں جو نشان دکھائی دیتا ہے، اسے بھی کہتے ہیں نشان ہے کہ گویا چاند مٹ گیا ہے (المنجد) مَحَا يَمْحُوْ وَيَمْحِيْ مَحْوًا وَامَّحٰى وَامْتَحٰى) مٹ گیا۔

## مخر

وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو چلتی ہیں ۱۶-۱۴

(تشق بجریہا) اس میں پانی پھاڑ کر

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ۔ اور دیکھے تو جہاز دنکو کر چلتے ہیں پانی پھاڑ ۳۵-۱۲

مَخَرَتِ (يَمْخَرُ مَخْرًا وَمُخُوْرًا) السَّفِيْنَةُ۔ کشتی پانی کو چیرتی ہوئی اور کر اس میں آواز دیتی ہوئی جاری ہو گئی۔ مَخَرَ الْاَرْضَ۔ زراعت کے لیے ہل سے زمین پھاڑی مَخَرَ الذِّئْبُ الشَّاةَ۔ بھیڑیے نے بکری کا پیٹ پھاڑا۔ مَخْرَجَہ۔ منہ کی گندی ہوا۔ مَاخُوْرٌ۔ فساق کی مجلس۔ اِمْتَخَرَ الْعَظْمَ۔ ہڈی سے مغز نکالی مَاخِرٌ۔ جمع مؤنث۔

## مخض

۱-۲۲ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ لے آیا اس کو درد زہ ۱۹-۲۲

(وجع الولادۃ)

(۱) مَخِضَتْ (تَمْخَضُ مَخَاضًا وَمُخِضَتْ وَمَخِضَتْ) مَخَضَتِ الْحَامِلُ عورت نے بچہ جنا۔ عورت مَاخِضٌ ج مُخَّضٌ وَمَوَاخِضُ (۲) مَخَضَ (يَمْخُضُ مَخْضًا) اللَّبَنَ۔ دودھ بلویا۔ اب وہ دودھ مَخِيْضٌ مَمْخُوْضٌ ہے۔ مَخَّضَ الشَّيْءَ۔ سخت حرکت دی۔ مَخَّضَ الرَّأْيَ بات الٹ پلٹ کر کے سوچی، اور انجام حاصل کیا۔ مَخَّضَ بِالدَّلْوِ۔ ڈول کو کنویں میں خوب ہلایا، کہ ڈول بھر جاوے۔ اَمْخَضَ اللَّبَنُ۔ دودھ بلونے کے قابل ہو گیا۔ مِمْخَضٌ (مِمْخَضَۃ ج مَمَاخِضُ وہ برتن (چاٹی) جس میں دودھ بلویا جاتا ہے۔ بِنْتُ مَخَاضٍ

## مدد

۱-۱ مَدَّ الْاَرْضَ (بسطها) پھیلائی زمین ۱۳-۳

۱-۱ مَدَّ الظِّلَّ دراز کیا سایہ ۲۵-۵

۱-۱ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا زمین کو ہم نے پھیلایا ۵۰-۷

(دحوناها)

۱-۲ اَمَدَّكُمْ (انعم عليكم) پہنچائے تم کو ۲۶-۴

۱-۲ وَاَمْدَدْنٰكُمْ اور ہم نے قوت دی تم کو ۱۷-۶

۱-۲ وَاَمْدَدْنٰهُمْ (زدنهم) اور لگا تار لگا دیا ہم نے ان پر ۵۲-۲۲

۱-۲ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ اور جب زمین پھیلا دی جاوے ۸۴-۳

(زید فی سعتها)

۱-۳ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ اس کی سیاہی اس کے پیچھے ہوں ۳۱-۷

۱-۳ وَيَمُدُّهُمْ (يمهلهم) اور ترقی دیتا ہے ان کو ۲-۵

۱-۳ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ کھینچتے چلے جاتے ہیں ان کو گمراہی میں ۷-[illegible]

۱-۳ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ عذاب میں لمبا ۱۹-[illegible]

۳-۲ اَنْ يُّمِدَّكُمْ (يعينكم) مدد کو بھیجے ۳-۲۴

۳-۲ يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ تو مدد بھیجے ۳-۲۵

۳-۲ وَيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ اور بڑھا دیگا تم کو مال میں (۷-۱۲

۳-۲ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ کیا تم میری اعانت کرتے ہو مال میں ۲۷-۳۶

۳-۲ نُمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ (نعطی) ہر ایک کو ہم پہنچائے جاتے ہیں ۱۷-۲۰

۳-۲ نُمِدُّهُمْ بِهٖ مدد دیتے ہیں ہم ۲۳-۵۵

۱-۱۱ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ چاہیے کہ کھینچ لے جائے اس کو ۱۹-۷۵

۱-۱۱ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ تان لے ایک رسی ۲۲-۱۵

$\frac{۱ و ۱}{۱۳ و ۹}$ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ مت پسار اپنی آنکھیں ۲۰-۱۳۱

۲-۱۵ اِنِّيْ مُمِدُّكُمْ (معینکم) میں تمہاری مدد کرنے والا ہوں ۸-۹

۱-۱۶ وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (دائم) اور سایہ لمبا ۵۶-۳۰

۱-۱۶ مَالًا مَّمْدُوْدًا مال پھیلا کر ۷۴-۱۲

(۱) سعا متصلا من الزرع والضروع والتجارۃ)

۱۶-۳ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ — لمبے لمبے ستونوں میں — ۹-۱۰۴

بِمِثْلِہٖ مَدَدًا — ویسا ہی اس کی مدد کو سیاہی — ۱۱۰-۱۸

مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ — سیاہی ہو کر لکھنے میرے رب کی باتیں — //

اِلٰی مُدَّتِہِمْ — ان کے وعدے تک — ۵-۹

مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا — عذاب سے لمبا — ۸۰-۱۹

لَہُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا — لمبا — ۷۵-۱۹

مَدَّ (یَمُدُّ مَدًّا) الشیءَ پھیلایا۔ مَدَّ اللّٰہُ عُمُرَہٗ۔ اللہ اس کی عمر لمبی کرے
مَدَّ مِنَ الدَّوَاۃِ۔ لکھنے کے لیے دوات سے سیاہی لی۔ مَدَّ الدَّوَاۃَ۔ دوات
میں سیاہی اور پانی ڈالا۔ مَدَّ الْبَحْرُ۔ سمندر میں مد ہو گیا۔ برخلاف جزر۔ مَدَّ
نَظَرَہٗ اِلَیْہِ۔ اس کی طرف دیکھا۔ مَدَّ الْحَرْفَ حرف کو مد سے پڑھا۔ مَدَّ
الکتابَ۔ سیاہی اور قلم کی مدد سے کتاب لکھی۔ مَدَّ اَمَدَّ الرَّجُلَ مدد
کی۔ مَدَّ النَّہَارُ۔ سورج اونچا آ گیا۔ اور روشنی پھیل گئی۔ تَمَدَّدَ، اِمْتَدَّ۔ دراز ہوا
مَدٌّ سیلاب ج مُدُوْد، مَدًّا، مَدَّۃٌ۔ لفظ کھینچنے کی علامت۔
مُدٌّ ج اَمْدَاد (دو مِدَاد) ایک پیمانہ ہے۔ مُدَّۃٌ ج مُدَدٌ۔ ایک زمانہ
اور ایک عرصہ مِدَاد۔ سیاہی یا دینے کا تیل۔ مَادَّۃٌ اصل چیز جیسے مادہ
اور روح ج مَوَادّ۔ مَادَّات، مَادِّی۔ مادہ کی طرف نسبت برخلاف
روحی۔ ممدود۔ طویل

## مدن

وَاِلٰی مَدْیَنَ — اور مدین کو — ۸۳-۷

مَکَرْتُمُوْہُ فِی الْمَدِیْنَۃِ — جو بنایا تم نے اس شہر میں — ۱۲۳-۷

(مصر)

وَقَالَ نِسْوَۃٌ فِی الْمَدِیْنَۃِ — کہنے لگیں عورتیں اس شہر میں — ۳۰-۱۲

وَجَآءَ اَھْلُ الْمَدِیْنَۃِ — اور آئے شہر کے لوگ — ۶۷-۱۵

(قوم لوط)

بِوَرِقِکُمْ ھٰذِہٖٓ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ — اپنا روپیہ دے کر اس شہر میں — ۱۹-۱۸

(اصحاب کہف کا شہر)

یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَۃِ — دو یتیم اس شہر میں جہاں حضرت خضر نے کھانا طلب کیا — ۸۲-۱۸

وَکَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ — اور تھے اس شہر میں — ۴۸-۲۷

(قوم ثمود)

مِنْ اَقْصَی الْمَدِیْنَۃِ — اور آیا شہر کے پرلے پاسے سے (یہ حضرت عیسیٰ کے حواری تھے) — ۲۰-۳۶، ۳۰

وَالْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَۃِ — جھوٹی خبریں مشہور کرنے والے — ۶۰-۳۳

(مدینۃ النبی)

لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ — اگر پھر گئے مدینہ میں — ۸-۶۳

وَاَرْسِلْ فِی الْمَدَآئِنِ — اور بھیج شہروں میں — ۱۱۰-۷، ۳۶-۲۶، ۵۳-۲۶

(مصر)

مَدَنَ (یَمْدُنُ مُدُوْنًا) المدینۃ شہر کو آیا۔ مَدَّنَ شہر کی بنیاد رکھی
تَمَدَّنَ۔ شہری زندگی شروع کی اور وہی خلق پیدا کیا۔ تَمَدُّنٌ، تنعّم
مَدَآئِنُ۔ ایک شہر کا نام بھی ہے۔ کہ جہاں کسریٰ کا پایہ تخت تھا۔

## مرء

۱۷۱ ھَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا — رچتا پچتا — ۴-۴

| اَمْوَالَھُمْ اِلٰٓی اَمْوَالِکُمْ | انکے مال اپنے مال کے ساتھ | ۴-۲ |
| مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَہْ | نہ کام آیا میرے میرا مال | ۶۹-۲۸ |
| اَمْوَالُنَا | ہمارے مال | ۴۸-۱۱ |

مَالَ یَمُوْلُ وَیَمَالُ مَوْلًا صاحب مال ہوا۔ مُتَمَوِّلٌ صاحب مال۔ اَمَالَ یُمِیْلُ مَوْلًا اسے مال دیا۔ مَالِیَۃ۔ معاملہ وغیرہ۔

## موہ

| | | |
|---|---|---|
| اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً | آسمان سے بارش | ۲-۲۲ |
| کَمَآءٍ اَنْزَلْنٰہُ | جیسے کہ بارش اتارا ہم نے اس کو | ۱۰-۲۴ |
| مِنْ مَّآءٍ | پانی سے | ۲-۱۶۴ |
| بِمَآءٍ وَّاحِدٍ | ایک پانی سے | ۱۳-۴ |
| مَآؤُھَا غَوْرًا | پانی اس کا گہرا | ۱۸-۴۱ |
| مَآءَھَا وَمَرْعٰھَا | پانی اس کا اور چراگاہ | ۷۹-۳۱ |
| مَآؤُکُمْ غَوْرًا | تمہارا پانی گہرا | ۶۷-۳۰ |
| مِنْہُ الْمَآءُ | پانی سے | ۲-۷۴ |
| وَغِیْضَ الْمَآءُ | نیچے گیا پانی | ۱۱-۴۴ |
| خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا | پیدا کیا بوند منی سے آدمی کو | ۲۵-۵۴ |
| مِنْ مَّآءٍ مَّھِیْنٍ | ایک خوار پانی سے (منی) | ۳۲-۸ |
| مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ | پانی اچھلنے والے سے (منی) | ۸۶-۶ |
| مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ | پانی (منی) سے ہر چیز زندہ کو | ۲۱-۳۰ |
| مَآءً حَمِیْمًا | گرم پانی | ۴۷-۱۵ |
| مَآءً غَدَقًا | وافر پانی | ۷۲-۱۶ |
| مَآءً فُرَاتًا | میٹھا پانی | ۷۷-۲۷ |
| مَآءَ مَدْیَنَ | مدین کے پانی پر | ۲۸-۲۳ |

مَاھَتْ (تَمُوْہُ و تَمَاہُ مَوْھًا و مَاھَتْ مُؤُوْھًا) البئر۔ پانی کنویں میں زیادہ ہو گیا۔ مَاھَتِ السَّفِیْنَۃُ کشتی میں پانی داخل ہو گیا۔ اَمَاہَ الرَّجُلَ آدمی کو پانی پلایا۔ اَمَاہَ الْحَوْضَ پانی سے حوض بھر دیا۔ مَوَّہَ الْقِدْرَ ہانڈی میں پانی زیادہ ڈال دیا۔ مَوَّہَ بِمَآءِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ چاندی یا سونے پر پانی چڑھایا۔ مُوَیْۃٌ اسم تصغیر ہے۔ مَاءُ الْوَجْہِ چہرے کی رونق۔ بَنَاتُ الْمَآءِ آبی جانور۔ واحد ابن الماء ہے۔ مَاھَتْ چیچک۔ مَاھِیَۃ۔ وہ کنواں جس میں پانی زیادہ ہو۔ ماھِیۃ۔ کیفیت۔ حقیقت ج مَاھِیَات۔ مَائِیٌّ۔ سیال ج مِیَاہٌ۔ اَمْوَاہٌ

## مهل

۳ اَ وَمَھَّدْتُّ لَہٗ — اور تیاری کر دی میں نے — ۷۴-۱۴

(بسطت لہ)

۳۰-۱ فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ سو وہ اپنی راہ سنوارتے ہیں ۳۰-۴۴
(يوطئون منازلهم في الجنة)

۱۵-۱ فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ سو کیا خوب بچھانا ہم جانتے ہیں ۵۱/۴۸

۲۲-۳ تَمْهِيْدًا خوب تیاری ۷۴/۱۴

فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا جب کہ ماں کی گود میں ہوگا ۳-۴۶
(ج مهود)

الْاَرْضَ مَهْدًا (فراشا) زمین کو بچھونا ۲۰/۵۳

الْاَرْضَ مِهَادًا زمین کو بچھونا ۷۸-۶

مِنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ جہنم کا بچھونا ہے ۷-۴۱

جَهَنَّمُ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ جہنم بے شک برا ٹھکانا ہے ۲-۲۰۶

مَهَدَ (يَمْهَدُ مَهْدًا) الفراش. بستر بچھایا. مَهَدَ لِنَفْسِهِ اپنے لیے کمایا. مَهَّدَ عُذْرَهُ. اس کا عذر قبول کیا. اِمْتَهَدَ. بچھیلا. مَهِيْدٌ خالص مکھن،

## مهل

۲-۱۱ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ڈھیل دے ان کو تھوڑے دنوں تک ۸۶-۱۷

۱۱-۳ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ سو ڈھیل دے منکروں کو ۸۶-۱۷

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ڈھیل دے ان کو تھوڑی سی ۷۳-۱۱

السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ آسمان جیسے تانبا پگلا ہوا ۷۰-۸
(كذائب الفضة)

كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ جیسے پگلا ہوا تانبا کھولتا ہے ۴۴/۴۵

بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ جیسے پیپ ۱۸-۲۹
(كعكر الزيت)

مَهَلَ (يَمْهَلُ مَهْلًا وَمَهْلَةً وَتَمَهَّلَ) کام آہستہ کیا اور عجلت نہ کی. اَمْهَلَهُ وَمَهَّلَهُ الدَّيْنَ. قرض کی ادائیگی میں اسے مہلت دی. مَهْل نرمی. مُهْل. معدنیات، جواہر، چاندی، لوہا، تانبا گداختہ. اور بہنے والی گندھک. اور مردہ انسان (لاش) کی آلائش (زرد آب مردہ) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں. کہ مجھے میرے کپڑوں میں دفن کیا جائے. کیونکہ نئے کپڑے تو زندوں کے کام آئیں گے. اور یہ پرانے کپڑے مُهْل (زرد آب مردہ) اور مٹی کے لیے ہیں. مُهْلَة. اسم ہے. مُهُلَات. راکھ میں جو گولہ

باقی زندہ رہ گیا ہے.

## مهما

وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ جو کچھ کہ تو ہمارے پاس لائے ۱۳۱-۷
(اي كل شيء جئت به)

اصل میں ماما ہے. ہ تنبیہ کے لیے ہے (جلالین). اسم شرط جازم ظرف زمان (المنجد) نیز دیکھو بحث حروف.

## مهن

هُوَ مَهِيْنٌ (موسى) جس کی کچھ عزت نہیں ۴۳-۵۲

حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ (ذو اهانة) قسمیں کھانیوالے بے قدر کا ۶۸-۱۰

مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ایک بے قدر پانی سے ۷۷-۲۰

مَهُنَ (يَمْهُنُ مَهَانَةً) حقیر ہوا، ضعیف ہوا. مَهِيْنٌ ج مُهَنَاءُ خوار. ذلیل بے قدر. مَاهِنٌ. نوکر، خادم. مَهَنَ (يَمْهَنُ مَهْنًا و مَهْنَةً) الرجل. آدمی کی خدمت کی.

## ميد

۳-۱ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ کبھی ان کو لے کر نہ جھک پڑے ۲۱-۳۱

۳-۱ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ (تتحرك) کبھی جھک پڑے تم کو لے کر ۱۶-۱۵

۱۵-۱ مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ خوان بھرا ہوا آسمان ۵-۱۱۲

مَادَ (يَمِيْدُ مَيْدًا و مَيَدَانًا) حرکت کی، بے قرار ہوا، ٹیڑھا ہوا. مَادَتْ بِهِ الْاَرْضُ. اسے چکر آیا اور وہ گر پڑا. مَادَ الرَّجُلُ. آدمی کو دوار کی بیماری ہو گئی. مَائِدٌ ج مَيْدٰى. جسے دوار کی بیماری ہو. مَائِدَة ج مَوَائِد و مَائِدَات. خوان جس پر طعام چنا گیا ہے، یا صرف طعام. مَيْدَان ج مَيَادِيْن. گھوڑے دوڑانے کی جگہ. مَيْدَاة. خوانچہ جس پر روٹی ہو.

## مير

۳-۱ نَمِيْرُ اَهْلَنَا رسد لائیں اپنے گھر کو ۱۲-۶۵

مَارَ (يَمِيْرُ مَيْرًا و اَمَارَ) عِيَالَهٗ. اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لایا. مِيْرَة. طعام مِيْرَة. ذخیرہ کیا ہوا طعام ج مِيَر. مَائِر. عیال کے لیے کھانا لانیوالا ج مُيَّار

## ميز

۳-۱ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ جبتک جدا نہ کرے ناپاک کو ۳-۱۷۹

١-٣ لِيَمِيزَ اللّٰهُ الْخَبِيثَ — تاکہ جدا کرے اللہ ناپاک کو — ٣-١٧٩

٣-٥ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ (تنقطع) — ایسا لگتا ہے کہ پھٹ پڑے گی جوش سے — ٦٧-٨

١-١١ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ — اور تم الگ ہو جاؤ آج — ٣٦-٥٩

(انفردوا من المؤمنین)

مَازَ (يَمِيزُ مَيْزًا) وَ(مَازَ) الشَّيْءَ. الگ کیا فضیلت دی .... بین تمایز ہوانی. تَمَيَّزَ. الگ ہوگیا اور پارہ پارہ ہوگیا اِمْتِيَاز ج اِمْتِيَازَات. حاکم کا کسی کو خاص کام کے لیے الگ کرلینا. تمیز. عقل

## میل

١-٣ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُمْ — تاکہ تم پر حملہ کریں — ٤-١٠٢

(ہاں یحملوا علیکم)

١-٣ أَنْ تَمِيلُوا — تم پھر جاؤ — ٤-٢٦

١-١٣ فَلَا تَمِيلُوا — پھر نہ پھر جاؤ — ٤-١٢٨

١-٢٢ كُلَّ الْمَيْلِ — بالکل پھر جانا — ٤-١٢٨

١-٢٢ مَيْلًا عَظِيمًا — پھر جانا دور کا — ٤-٢٦

١-٢٢ مَيْلَةً وَاحِدَةً — ایک بار حملہ کرنا — ٤-١٠٢

مَالَ (يَمِيلُ مَيْلًا وَتَمْيَالًا وَمَيَلَانًا وَمَيْلُولَةً) جھکا، جھکنا، کسی کو دوست رکھا مَالَ عَنِ الطَّرِيقِ. راستہ چھوڑا. مَالَ الْحَائِطُ. دیوار گرنے لگی. مَالَ الْحَاكِمُ. حاکم بے انصافی پر تل گیا. مَالَتِ الشَّمْسُ سورج ڈھلا. مِيل. سرمچو، سلائی، سڑک پر نشان کہ فاصلہ معلوم ہو سکے ج أَمْيَال، أَمْيُل، مُيُول. جس کی پیمائش ... ہم ذراع ہے ... ۳۰۰۰ گز محدثین کے نزدیک ہے. مگر ہاشمی میل ... ۱ ابارع ہے. باع ۲ ہاتھ کا ہوتا ہے. تو ہاشمی میل ... ۱ گز کا ہوا.

# ن (٥٠)

## ن

نٓ وَالْقَلَمِ — ٦٨-١

(١) ن کیلئے از حروف مقطعات (٢) ن اعرابی جو کہ عامل سے گر جائے لَمْ يَفْعَلُوا (٣) ن ضمیری جو گرے نہیں (٤) ن ثقیلہ و خفیفہ. لَيُسْجَنَنَّ وَ لَيَكُونًا (٥) ن متکلم ماضی اور مضارع میں فَعَلْنَا. نَفْعَلُ (٦) ن تنوین كِتَابٌ. كِتَابًا (٧) ن ضمیر المتکلم رَبَّنَا. إِنَّنَا. آمَنَّا.

## نأی

١-١ أَعْرَضَ وَنَأَى بِجَانِبِهِ — اور بچائے اپنا پہلو — ١٧-٨٣

(ثنا عطفہ)

١-٣ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ — اور بھاگتے ہیں اس سے — ٦-٢٦

(یتباعدون عنہ)

نَأَى (يَنْأَى نَأْيًا) دور ہوا. اَنْأَى. ہ. نَاءَيْتُهُ دور رہنے الاَنأی. بعید نای ج نایات. بانسری. فارسی میں نے کہتے ہیں

## نبء نبی

١-٢ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ — پھر جب بتلایا ان کو — ٢-٣٣

١-٢ مَنْ أَنْبَأَكَ هٰذَا — تجھ کو کس نے بتلایا — ٦٦-٣

١-٣ نَبَّأَهَا بِهِ — بتلایا اس عورت کو — ٦٦-٣

١-٣ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ — تبلایا مجھے خبر والے واقف نے — ٦٦-٣

١-٣ نَبَّأَنَا اللّٰهُ — تبلا چکا اللہ — ٩-٩٤

١-٣ نَبَّأَتْ بِهِ — جب خبر دی اس عورت نے — ٦٦-٣

١-٣ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا — تم دونوں کو تعبیر بتاؤں گا — ١٢-٣٧

٣-٣ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ — جلدی خبردار کریگا اللہ — ٥-١٥

٣-٣ وَلَا يُنَبِّئُكَ — اور نہ بتلا دیگا تم کو — ٣٥-١٤

٣-٣ يُنَبِّئُكُمْ — بتلادے تم کو — ٣٩-٧

٣-٣ فَيُنَبِّئُكُمْ — آگاہ کرے گا تم کو — ٥-١٠٥

٣-٣ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُمْ — جتلا دے ان کو — ٩-٦٥

٣-٣ أَتُنَبِّئُونَ اللّٰهَ — خبردار کرتے ہو اللہ کو — ١٠-١٧

(تخبرونہ)

٣-٣ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ — کیا تم اسے خبردار کرتے ہو — ١٣-٣٣

٣-٣ ءَأُنَبِّئُكُمْ (اخبرکم) — بھلا بتاؤں تم کو — ٣-١٥

٣-٣ وَأُنَبِّئُكُمْ — اور میں بتلاؤں گا تم کو — ٣-٤٩

٣-٣ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ — جلدی بتلاؤں گا تجھے — ١٨-٧٨

٣-٣ أَفَأُنَبِّئُكُمْ — بھلا میں تم کو بتلاؤں — ٢٢-٧٢

٣-٣ فَنُنَبِّئُهُمْ — ہم خبر دیں گے انکو — ٣١-٢٣

۳-۳ تُنَبِّئُكُمْ ہم خبردیں گے تم کو ۱۰-۹۴
۳-۳ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ کیا تبلادیں تم کو ۱۸-۱۰۳
۱۱-۳ وَيَسْتَنْبِئُونَكَ اور تجھ سے پوچھتے ہیں ۱۰-۵۳
(یستخبرونک)
۹-۳ تُنَبِّئَنَّهُمْ تو ضرور تبلادیگا ان کو ۱۲-۱۵
۹-۳ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ ضرور تبلادینگے ہم ان لوگوں کو ۴۱-۵۰
۴-۳ يُنَبَّؤُا الْإِنْسَانُ تبلایا جاوے گا انسان ۷۵-۱۳
۶-۳ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ کیا نہیں تبلایا گیا ۵۳، ۳۶
۱۰-۳ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ خبردیے جاؤ گے تم جو تم نے عمل کیا ۶۵-۷
۱۱-۲ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ تبلائے ان کو ان کے نام ۲-۳۳
۱۱-۲ أَنْبِئُونِي بِأَسْمَاءِ تبلاؤ مجھے ان کے نام ۲-۳۱
(اخبرونی)
۱۱-۳ نَبِّئْ عِبَادِي خبر سنادے میرے بندوں کو ۱۵-۴۹
۱۱-۳ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اور خبر دے ان کو مہمان ۱۵-۵۱
۱۱-۳ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ خبر دیں آپ انکی تعبیر کی ۱۲-۳۶
۱۱-۳ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ خبر دو ہمیں ان کے علم سے ۶-۱۴۳
إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ اگر رکھے نبی ۳۳، ۵۰
قَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ کہا ان کو ان کے نبی نے ۲-۲۴۷
إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمْ جب کہا انہوں نے اپنے نبی کو ۲-۲۴۶
مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ لائق نہیں نبی کو ۹-۱۱۳
وَنَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ اور نبی نیکوں سے ۳-۳۹
وَالنَّبِيُّونَ مِنْ رَبِّهِمْ اور دوسرے نبیوں کو ۲-۸۴
وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ اور قتل کرتے نبیوں کو ۲-۶۱
أَنْبِيَاءَ اللَّهِ اللہ کے نبی ۲-۹۱
وَقَتْلَهُمُ الْأَنْبِيَاءَ قتل کرنا ان کا نبیوں کو ۳-۱۸۱
الْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ حکمت اور نبوت ۳-۷۹
النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ رسالت اور کتاب ۵۷-۲۶
فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ ان کی اولاد میں رسالت ۲۹-۲۷
هُوَ نَبَأٌ عَظِيمٌ وہ بڑی خبر ہے ۳۸-۶۷

نَبَأُ الَّذِينَ حال ان لوگوں کا ۹-۷۱
مِنْ نَبَإِ الْمُرْسَلِينَ پیغمبروں کے احوال سے ۶-۳۴
مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ سبا سے ایک خبر لے کر ۲۷-۲۲
عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ بڑی خبر سے ۷۸-۲
نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ خبر آدم کے دو بیٹوں کی ۵-۲۷
نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ انکے احوال کچھ عرصہ بعد ۳۸-۸۸
نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَأَهُمْ بیان کرتے ہیں ان کی خبر ۱۸-۱۳
يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ آتی ہے ان کے پاس حقیقت ۶-۵
(العواقب)
فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَاءُ پھر بند ہو جاویں گی انپر باتیں ۲۸-۶۶
مِنْ أَنْبَائِهَا ان بستیوں کے احوال سے ۷-۱۰۱
عَنْ أَنْبَائِكُمْ تمہارے احوال سے ۳۳، ۲۰
مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ غیب کی خبروں سے ۳-۴۴
(اخبار)
مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ پیغمبروں کی خبروں سے ۱۱، ۱۲۰

نَبَأَ يَنْبَأُ نَبْأً ونُبُوْءًا) الشیٔ. بلند ہوئی اور اٹھی. نَبَّأَ يُنَبِّئُ تَنْبِئَةً وَتَنْبِيْئًا وَأَنْبَأَ الخبرَ. خبردی! اطلاع دی تبلایا. تَنَبَّأَ. نبوت کا دعویٰ کیا۔ نُبُوَّة نُبُوْءَة. الہام. اخبار غیب من جانب اللہ. فا نَبِيٌّ، نَبِیٌّ ج أَنْبِيَاءُ نَبِيُّوْنَ ج أَنْبِيَاء، نُبُوَّة. رفعت، ہر خبر دہندہ قابل عزت نہیں ہوتا۔

## نبت

۱-۲ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا اور بڑھایا اس کو ۳-۳۷
۱-۲ وَاللَّهُ أَنْبَتَكُمْ (خلقکم) اللہ نے اگایا تم کو ۷۱-۱۷
۱-۲ أَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ وہ اگائے سات بالیں ۲-۲۶۱
۱-۲ وَأَنْبَتْنَا مِنْ كُلِّ اور اگائے ہر قسم ۲۲-۵
۱-۲ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا اور ہم نے اس میں اگائی ۱۵-۱۹
۳-۱ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ لے اگتا ہے تیل ۲۳، ۲۰
۳-۲ أَنْ تُنْبِتُوا شَجَرَهَا یہ کہ اگاتے تم ان کے درخت ۲۷، ۶۰
۳-۲ يُنْبِتُ لَكُمْ اگاتا ہے تمہارے لیے ۱۶-۱۱
۳-۲ مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ جو اگاتی ہے زمین ۲-۶۱

۱-۲۲ نَبَاتُ الْاَرْضِ — زمین کی انگوری — ۱۰-۲۴

۱-۲۲ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ — ہر اگنے والی چیز — ۶-۹۹

۱-۲۲ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ — اس کا سبزہ اپنے رب کے حکم سے — ۷-۵۸

۱-۲۲ نَبَاتًا حَسَنًا — اچھی انگوری — ۳-۳۷

نَبَتَ (يَنْبُتُ نَبْتًا وَنَبَاتًا) المكانُ. جگہ کھیتی والی ہوئی نَبَتَ البقلُ ساگ اگا۔ نَبَتَ (يَنْبُتُ نُبُوتًا) ثَدْيُ الجارِيَۃِ۔ لڑکی کے پستان ابھرے۔ نَبَتَ (يَنْبُتُ نَبْتَۃً وَنَبَاتًا) الانسانُ جوان ہوا۔ نَبَتَ مَنْبَتَ صِدْقٍ۔ صادقوں میں شمار ہو گیا۔ نَبَّتَ الشَّجَرَ درخت لگایا نَبَّتَ الصَّبِيَّ، غیر کا بچہ پالا

## نبذ

۱-۱ نَبَذَ فَرِيْقٌ (طرح) — پھینک دیا ایک جماعت نے — ۲-۱۰۰

۱-۱ فَنَبَذُوْهُ (طرحوا المیثاق) — پھینک دیا انہوں نے اپنے وعدہ کو — ۳-۱۸۷

۱-۱ فَنَبَذْتُهَا (القیتها) — میں نے وہی ڈال دی — ۲۰-۹۶

۱-۱ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَاۗءِ — پھر ڈال دیا ہم نے ایک میدان میں — ۳۷-۱۴۵

۱-۱ فَنَبَذْنٰهُمْ (طرحنا هم) — پھینک دیا ہم نے ان کو دریا میں — ۲۸-۴۰

۱-۷ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ (اعتزلت) — جب جدا ہوئی اپنے لوگوں سے — ۱۹-۱۶

۱-۷ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ (تنحت به) — پھر یکسو ہوئی اس کو لے کر — ۱۹-۲۲

۱-۲ لَنُبِذَ بِالْعَرَاۗءِ — پھینکا گیا تھا چٹیل میدان میں — ۶۸-۴۹

۱-۱۰ لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ (لیطرحن) — پھینکا جاویگا اس روندنیوالی میں — ۱۰۴-۴

۱-۱۱ فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰي سَوَاۗءٍ (اطرح عهدهم) — پھینک دے انکا عہد ایسی طرح پر — ۸-۵۸

نَبَذَ (يَنْبِذُ نَبْذًا) ڈالا، پھینکا، دے مارا۔ نَبَذَ الامرَ۔ جلت دی نَبَذَ العهدَ۔ عہد شکنی کی۔ نَبَّذَ العِنَبَ۔ انگور نبیذ ہو گیا اِنْتَبَذَ عَنِ القومِ قوم سے ایک طرف ہو گیا۔ اِنْتَبَذَ مَكَانًا دور کنارہ پکڑا۔ اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش آدمی۔ نُبْذَۃٌ ج نُبَذٌ۔ کنارہ۔ نَبِيْذٌ۔ کھجور یا انگور کا نچوڑ ج اَنْبِذَۃٌ نَبَّاذٌ نبیذ بیچنے والا۔ مَنْبُوْذٌ۔ ولد الزنا۔ یا وہ لڑکا کہ ماں اسے راستہ میں ڈال کر چلی جائے بَيْعُ الْمُنَابَذَۃِ۔ جاہلیت کی ایک بیع جو کہ از قسم جوا تھی۔ نَبَذَ۔ مال جلا جانا کہ باقی تھوڑا رہ جائے۔

## نبز

۱۳-۶ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ — اور نام نہ ڈالو چڑانے کو — ۴۹-۱۱ (تعایروا)

نَبَزَ (يَنْبِزُ نَبْزًا وَنَبَزَہٗ) کہ رہٗ۔ برا نام رکھا نَبَزَ لَقَبَهُمْ، خواہ نسب میں ہو یا خلق ہو۔ نُبْزَۃٌ۔ لوگوں کو زیادہ القاب دینے والا نَبَزٌ لقب ج اَنْبَازٌ

## نبط

۱۳-۱۱ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ (یتتبعونه) — ان میں تحقیق کرنیوالے ہیں اسکی — ۴-۸۲

نَبَطَ (يَنْبُطُ نَبْطًا وَنَبَّطَ وَاَنْبَطَ وَتَنَبَّطَ وَاِسْتَنْبَطَ) البئرُ چشمہ سے پانی نکالا اَنْبَطَ (يَنْبِطُ نَبْطًا وَنُبُوْطًا) الماءُ چشمہ سے پانی جاری ہوا اِسْتَنْبَطَ۔ چھپنے کے بعد اسے ظاہر کیا۔ اختراع کیا اجتہاد سے نکالا نَبَطٌ۔ وہ پہلا پانی جو کہ کنویں میں حاضر ہو۔

## نبع

مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا — زمین سے چشمہ — ۱۷-۹

فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ — چلایا وہ پانی چشموں میں — ۳۹-۲۱

نَبَعَ (يَنْبَعُ وَنَبِعَ يَنْبَعُ وَنَبَعَ يَنْبُعُ نَبْعًا وَنُبُوْعًا وَنَبَعَانًا) الماءُ چشمہ سے پانی پھوٹا۔ تَنَبَّعَ۔ تھوڑا تھوڑا پانی پھوٹا مَنْبَعٌ۔ پانی پھوٹنے کا مقام يَنْبُوْعٌ ج يَنَابِيْعُ چشمہ۔ يَنْبُعُ پسینہ۔ فَجَّرَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِهٖ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَۃِ۔ خداوند نے اس کی زبان پر حکمت کے چشمے جاری کیے۔

## نبی

دیکھو نبئ یہ لفظ مشترک ہے۔

## نتق

۱-۱ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ (رفعناه من اصله) — جب اٹھائے ہم نے پہاڑ — ۷-۱۷۲

نَتَقَ (يَنْتُقُ نَتْقًا) الشَّيْءَ۔ پھاڑا۔ ہلایا۔ اٹھایا۔ پھیلایا۔ نَتَقَتِ المَرْاَۃُ۔ عورت کی اولاد زیادہ ہوئی اور پھیلی۔ نَتْقٌ۔ پھاڑنا، ہلانا اور کنویں سے ڈول نکالنا۔

# نثر

۷-۱ وَاِذَا الْکَوَاکِبُ انْتَثَرَتْ جب تارے جھڑ پڑیں ۲-۸۲

هَبَاءً مَّنْثُوْرًا خاک اڑتی ہوئی ۲۳-۲۵

لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا موتی بکھرے ہوئے ۱۹-۷۶

نَثَرَ (یَنْثُرُ نَثْرًا و نِثَارًا) نثر میں کلام کی پراگندہ کیا پھیلایا۔ اَنْثَرَ۔ ناک جھاڑا اور صاف کیا اور سادہ نکالا۔ اِنْتَثَرَ ناک میں پانی ڈال کر پھر ناک صاف کیا اور جھاڑا۔ تَنَثَّرَ۔ متفرق پھینکا۔ نَثْر خلاف نظم اِمْرَأَۃٌ نَثُوْرٌ وہ عورت جس کی اولاد زیادہ ہے۔ نِثَار۔ جو حاضرین پر پھینکا جائے۔ نَاثِرٌ متکلم یا نثر میں کتاب بنانے والا۔ مَنْثُوْر۔ خلاف منظوم۔ تَنَاثَرُوا الْقَوْمُ۔ بیمار ہوئے اور مرے

# نجد

هَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ دکھلائی اس کو دو گھاٹیاں ۱۰-۹۰

(طریقی الخیر والشر)

اَنْجَدَ و تَنَجَّدَ الشَّیْءُ۔ چیز بلند ہوئی۔ نجد۔ بلاد عرب کے مرتفع علاقوں کو نجد کہا جاتا ہے، تہامہ یمن اور زیریں علاقہ کو عراق اور شام کہا جاتا ہے ج اَنْجُد و نُجُود۔ عورت کے پستان۔ اسی لیے بعض مفسرین نے النجدین سے پستان مراد لیے ہیں، جن کو چوس کر بچہ پرورش پاتا ہے نجد اس راہ کو بھی کہتے ہیں جو اونچائی کی طرف جائے۔ اور چونکہ اونچی جگہ پر چڑھنا خصوصاً مشکل ہوتا ہے آدمی پسینہ پسینہ ہو جاتا ہے اس لیے نَجِدَ (یَنْجَدُ نُجُوْدًا) البدن جسم پسینہ پسینہ ہو گیا۔ نَجَدَ محنت اور تکلیف اٹھائی اور بہادر ہوا۔

# نجس

۱-۲۲ اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ بے شک مشرک پلید ہیں ۲۸-۹

(قذر لخبث باطنهم)

نَجَسَ (یَنْجَسُ نَجَسًا) و نَجُسَ (یَنْجُسُ نَجَاسَةً) وہ گندہ اور پلید ہوا وہ چیز نَجَسٌ و نَجِسٌ ہے ج اَنْجَاس، نَجَّسَہٗ اسے پلید کر دیا دَاءٌ نَجَسٌ۔ وہ بیماری جس سے آدمی صحت مند نہ ہو سکے

# نجم

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ جھاڑ اور درخت مشغول بسجدہ ہیں ۶-۵۵

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ستارہ ہے چمکتا ۳-۸۶

وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ اور ستاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں ۱۶-۱۶

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی قسم ہے تارے کی جب گرے ۱-۵۳

(الثریا)

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌ اور ستارے کام میں لگے ہیں ۱۲-۱۶

وَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ جب ستارے مٹائے جائیں ۸-۷۷

وَاِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ اور ستارے میلے ہو جائیں ۲-۸۱

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ تاروں کے ڈوبنے کی ۷۵،۵۶

نَجَمَ (یَنْجُمُ نُجُوْمًا) الشَّیْءُ۔ ظاہر ہوئی چیز۔ نَجَمَتِ الْکَوَاکِبُ۔ ستارے طلوع ہوئے نَجَمَ السِّنُّ وَالْقَرْنُ۔ دانت اور سینگ اگے۔ نَجَّمَ الدَّیْنَ قرض بقسط ادا کیا اَنْجَمَتِ السَّمَاءُ۔ آسمان پر ستارے ظاہر ہوئے نَجْم ج نُجُوْم، اَنْجُم، اَنْجَام، نُجُم۔ ستارے اور عام اطلاق ثریا پر ہے نَجْم بوٹیاں نَجَّام، مُنَجِّم۔ ستاروں کا حساب جاننے والا۔ نَجْم۔ ترازو کا کنڈا

# نجو

۱-۱ نَجَا مِنْهُمَا جو بچا تھا ان دونوں میں ۴۵-۱۲

۱-۱ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ تو بچ آیا ظالم قوم سے ۲۵-۲۸

۱-۲ فَاَنْجٰهُ اللّٰهُ بچایا اس کو اللہ نے ۲۴-۲۹

۱-۲ فَلَمَّآ اَنْجٰهُمْ جب بچا دیا ان کو ۲۳-۱۰

۱-۲ اِذْ اَنْجٰکُمْ جب چھڑا دیا تم کو ۶-۱۴

۱-۲ لَئِنْ اَنْجٰنَا اگر ہم کو بچا لیوے ۶۳-۶

۱-۲ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا اگر ہم کو تو بچا لیوے ۲۲-۱۰

۱-۲ فَاَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ خلاصی دی ہم نے ۱۶۵-۷

۱-۲ فَاَنْجَیْنٰهُ پھر بچا دیا ہم نے اس کو ۶۴-۷

۱-۲ فَاَنْجَیْنٰهُمْ پھر بچا لیا ہم نے ان کو ۹-۲۱

۱-۲ فَاَنْجَیْنٰکُمْ بچا لیا ہم نے تم کو ۵۰-۲

۱-۳ اِذْ نَجّٰنَا اللّٰهُ نجات دے چکا ہم کو اللہ ۸۹-۷

۱-۳ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ بچا لایا ان کو ۶۵-۲۹

۱-۳ نَجّٰکُمْ اِلَی الْبَرِّ بچا لایا تم کو جنگل کی طرف ۶۷-۱۷

۱-۳ نَجِّنَا بچا لیا ہم کو ۵۸-۱۱

۱-۳ فَنَجَّیْنٰهُ خلاصی دی ہم نے اسے ۷۶-۲۱

۱-۳ وَنَجَّیْنٰهُمَا اور بچا دیا ہم نے ان کو ۱۱۵-۳۷

۳-۱ وَنَجَّيْنٰهُمْ — اور بچا دیا ہم نے ان کو — ۱۱-۵۸
۳-۱ فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ — نکالا ہم نے تم کو — ۲۰-۴۰
۳-۱ نَجَّيْنٰكُمْ (لاباءکم) — بچایا تم کو — ۲-۴۹
۴-۱ اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ — جب کان میں بات کرنا چاہو رسول سے — ۵۸-۱۲ (اردتم مناجات)
۶-۱ اِذَا تَنَاجَيْتُمْ — جب کان میں بات کرو تم — ۵۸-۹
۲-۳ ثُمَّ يُنْجِيْهِ — پھر وہ اپنے آپ کو بچائے — ۷۰-۱۴
۲-۳ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ — بچائے تم کو — ۶۱-۱۰
۲-۳ نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ — بچاویں گے مومنوں کو — ۱۰-۱۰۳
۳-۳ وَيُنَجِّي اللّٰهُ — نجات دے گا اللہ — ۳۹-۶۱
۳-۳ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ — بچاتا ہے تم کو — ۶-۶۳
۳-۳ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا — پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو — ۱۰-۱۰۳
۳-۳ نُنَجِّيْ مَنْ نَّشَآءُ — بچا لیتے ہیں ہم جن کو — ۱۲-۱۱۰

(ن حذف ہے اصل میں فَنُنَجِّيْ تھا۔)

۳-۳ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ — سو آج بچا دیتے ہیں ہم — ۱۰-۹۲ (نخرجک من البحر)
۳-۹ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ — ہم بچا لیں گے اس کو — ۲۹-۳۲
۳-۶ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ — اور کان میں باتیں کرتے ہیں گناہ کی — ۵۸-۸
۳-۶ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ — گناہ کی بات کان میں نہ کرو — ۵۸-۹
۱۱-۳ وَنَجِّنِيْ — خلاص کر مجھ کو — ۲۶-۱۱۸
۱۱-۳ وَنَجِّنَا — چھڑا دے ہم کو — ۱۰-۸۶
۱۱-۶ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ — اور کان میں بات کرو احسان کی — ۵۸-۹
۱۵-۱ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا — کہ وہ بچنے والا ہے ان دونوں میں — ۱۲-۴۲
۱۵-۳ اِنَّا مُنَجُّوْكَ — ہم تم کو بچا لینے والے ہیں — ۲۹-۳۳
۱۵-۳ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ — ہم ان سب کو بچا لینے والے ہیں — ۱۵-۵۹
خَلَصُوْا نَجِيًّا — اکیلے ہو بیٹھے مشورہ کرنے کو — ۱۲-۸۰
قَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا — بلایا اس کو بھید کہنے کو — ۱۹-۵۲ (مناجیا)
۲۲-۱ اِلَى النَّجٰوةِ — نجات کی طرف — ۴۰-۴۱

مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ — مشورہ تین کا — ۵۸-۷
وَاِذْ هُمْ نَجْوٰى — جب وہ مشورت کرتے ہیں — ۱۷-۴۷
اِنَّمَا النَّجْوٰى — یہ جو ہے کانا پھوسی — ۵۸-۱۰
وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى — چھپائیں گے مشورہ — ۲۰-۶۲
فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ — ان کے اکثر مشورے — ۴-۱۱۴
بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ — کانا پھوسی سے پہلے — ۵۸-۱۲

نَجٰی یَنْجُوْ نَجَاۃً و نَجَاءً و نَجْوًا و نَجَایَۃً خلاصی پائی۔ نَجٰی یَنْجُوْ نَجْلًا بڑھا۔ نَجٰی، اَنْجٰی، اِسْتَنْجَی الشجرۃ۔ درخت کاٹا۔ نَجَی الصَّبِیُّ لڑکا پخانہ پھرا۔ نَجٰی (ہ) اسے چھوڑ دیا۔ نَجَا الدَّوَاءُ دوائی پی لی۔ نَجٰی یَنْجُوْ نَجْوًا و نَجْوٰی و نَاجٰی مناجات و نجاءً دل کا بھید چپکے سے بتایا۔ اَنْجٰی اَلْقٰی نَجْوَہٗ۔ پخانہ پھرا۔ نَجَوْا النَّجْوَ مِنَ الْبَطْنِ پیٹ سے ہوا یا پخانہ خارج ہوا۔ نَجٰی وَ اَنْجَی الْجِلْدَ۔ کھال اتاری۔ تَنَاجٰی۔ ایک دوسرے کو بھید بتایا۔ اِسْتَنْجٰی خلاصی لی اور رفع حاجت کی۔ پخانہ کو دھویا۔ اِسْتَنْجَی الثَّمَرَ۔ پھل چنے۔ اِسْتَنْجَی الشَّجَرَۃَ۔ درخت کو جڑ سے اکھاڑا۔ نَجْوٌ جو پیٹ سے خارج ہو خواہ پخانہ ہے یا ہوا۔ اور دو آدمی کے درمیان بھید نَجْوًا۔ نَجْوٰی، مناجات ج نَجَاوٰی۔ نَجِیٌّ بھید ج اَنْجِیَۃٌ۔ مَنْجٰی۔ جائے پخانہ ج مَنَاجٍ۔ مَنْجَاۃٌ باعث نجات (الصدق منجاۃ)

## نحب

مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ — جو پورا کر چکا اپنا ذمہ — ۳۳-۲۳

(مات او قتل فی سبیل اللہ)

نَحَبَ یَنْحَبُ نَحْبًا و نَحَبَ) الرجل۔ آدمی نے اپنی جان پر ایک چیز واجب کی۔ نَحَبَ یَنْحِبُ نَحِیْبًا الرجل۔ آدمی زور سے رویا۔ نَحِیْبٌ سخت رونا۔ کھانسی۔ موت۔ شدت۔ اجل۔ وقت۔ مدت۔

## نحت

۱-۳ تَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ — اور تراشتے تھے پہاڑوں کے گھر — ۱۵-۸۲
۱-۳ وَتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا — اور تراشتے ہو تم پہاڑوں کے گھر — ۷-۷۴
۱-۳ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ — جو تراشتے ہو تم — ۳۷-۹۵

نَحَتَ یَنْحَتُ و نَحَتَ یَنْحِتُ نَحْتًا الحجر و العود۔ تراشا اور صاف کیا۔ نَحَتَ الجبل۔ حفرھا۔ نَحَتَ الکلمۃ۔ کلام تراشی جیسے مخفف

کہتے ہیں مثلاً بسملۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم وحوقلۃ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ نحتہ بلسانہ اسے زبان سے تراشا غیبت کی، ملامت کی۔ گال دی۔

## نحر

۱-۱۱۱ وانحر (نسکات) اور قربانی کر ۱۰۸-۲

نحر ینحر نحرا و تنحارا البھیمۃ۔ قربانی کی یا گلا کاٹا۔ یا مقابلہ کیا۔ نحر الصلوٰۃ۔ اول وقت نماز پڑھی۔ نحر المصلی۔ نمازی چھاتی ابھار کر نماز میں کھڑا ہوا، یا گلے کے پاس ہاتھ باندھے۔ تناحر القوم۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے چمٹ گئے۔ انتحر الرجل۔ خودکشی کی۔ نحر علی الظریق۔ تابعداری کی نحر ج نحور اعلی الصدر۔ انحر النھار۔ دن کا اول حصہ یوم النحر ۱۰/ ذوالحجہ منحر۔ قربان گاہ

## نحس

فی یوم نحس ایک نحوست کے دن ۱۹:۵۴

فی ایام نحسات کئی دن جو مصیبت کے تھے ۱۶-۴۱

ونحاس اور دھواں ملے ہوئے ۳۵-۵۵

نحس (ینحس) نحسا و نحس ینحس نحاستہ و نحوستہ الرجل آدمی بدقسمت ہوا۔ اب وہ آدمی نحس، نحس، منحوس۔ یوم نحس نحس، ناحس و نحیس ج نحسات، نحسات و نواحس، نحسہ اس پر ظلم کیا۔ انحست النار آگ کا دھواں زیادہ ہوا۔ نحس عند سحلا ج نحوس، انحس۔ تکلیف، ظلم، دکھ، سرد ہوا، غبار۔ نحسان۔ زحل، مریخ سعدان مشتری و زہرہ۔ نحس۔ ہر قمری ماہ کی آخری تین راتیں۔ نحاس۔ آگ، دھواں جس میں شعلہ نہ ہو۔ طبیعت

## نحل

اوحی ربک الی النحل اور حکم دیا تیرے رب نے شہد کی مکھی کو ۱۶-۶۸

صدقتھن نحلۃ مہران کے خوشی سے ۴-۳

(عن طیب نفس)

نحل، ینحل نحلا الرجل آدمی کو کچھ دیا۔ نحل المرأۃ۔ عورت کو حق مہر دیا۔ ہم نحلۃ ہے۔ نحل ینحل و نحل ینحل و نحل ینحل نحولا (جسمہ) بیماری یا تھکان کی وجہ سے اس کا وجود لاغر ہو گیا۔ نحل واحد نحلۃ شہد کی مکھی۔ نحلۃ۔ عطیہ، ہبہ، بخشش، حق مہر، مذہب اور دیانت داری ج نحل نحل، نحل، نحلان، عطیہ اور ہبہ۔ نحل۔ دبلا پن۔

## نحن

انما نحن مصلحون بے شک ہم اصلاح کرنے والے ہیں ۲-۱۱

نحن۔ ضمیر تثنیہ و جمع متکلم۔ نیز دیکھو بحث حروف عاملہ

## نخر

عظاما نخرۃ کھوکھری ہڈیاں ۷۹-۱۱

(بالیۃ متفتتۃ)

نخر ینخر نخرا العظم۔ ہڈی پرانی اور بوسیدہ ہو گئی۔

## نخل

فاکھۃ و نخل میوے اور کھجوریں ۵۵-۶۸

حففنھما بنخل اور ہم نے گرد کر دیں انکے کھجوریں ۱۸-۳۲

و زیتونا و نخلا زیتون اور کھجوریں ۸۰-۲۹

والنخل ذات الاکمام کھجوریں جن کے ۵۵-۱۱

ومن النخل من طلعھا اور کھجور سے انکے خوشے سے ۶-۹۹

والنخل والزرع کھجوریں اور زراعت ۶-۱۴۱

الی جذع النخلۃ کھجور کے تنہ کے ساتھ ۱۹-۲۳

وزرع و نخیل کھیتی اور کھجوریں ۱۳-۴

جنۃ من نخیل باغ کھجوروں سے ۲-۲۶۶

والنخیل والاعناب کھجوریں اور انگور ۱۶-۱۱

نخل، نخیل، واحد نخلۃ و نخیلۃ، نخل الشیء۔ صاف اور خالص کیا نخل ینخل نخل الدقیق۔ آٹا چھانا۔ اور چھان کو الگ کیا نخال چھان لایقبل اللہ الا نخائل القلوب۔ اللہ خالص نیت کے بغیر کچھ قبول نہیں کرتا منخل ج مناخل۔ چھاننی، غربال

## ند

یوم التناد دن ہانک پکار ۴۱-۳۲

فلا تجعلوا للہ اندادا اللہ کے شریک نہ بناؤ ۲-۲۲

(واحد ندا)

نوٹ۔ یوم التناد و یوم التناد کے متعلق اہل لغت بڑے مختلف ہیں

منتہی الادب ولا التناد، التناد مشدد و مخفف دونوں لایا ہے۔ صاحب صراح کہتا ہے کہ یہ قرأت بھی درست ہے۔ معانی کے لحاظ سے یہ مادہ مناسب ہی نہیں بلکہ انسب ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ لوگ ایک دوسرے سے نفرت کریں گے اور بھاگیں گے اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ۔ نَدَّ یَنِدُّ نَدًّا و نَدِیْدًا و نُدُوْدًا و نِدَادًا) سخت نفرت کی اور بھاگا۔ نَادَّہٗ۔ اس کی مخالفت کی۔ تَنَادَّ الْقَوْمُ تنافروا، یَوْمُ التَّنَادِّ و یوم التَّنَادِ، یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ (المنجد) شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ اس مومن کو بذریعہ الہام یہ جتایا جا چکا تھا۔ کہ کچھ عرصہ کے بعد فرعون اور اس کے ساتھی بحیرہ قلزم میں غرق ہوں گے، اور وہاں ان کی ہانک پکار ہو گی۔ اس سے اگر عذاب دینا بھی مراد لیا جاوے تو درست ہے۔ نِدٌّ ج اَنْدَادٌ۔ نظیر۔

## ندم

١٥-١ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِیْنَ — اپنے جی میں پچھتانے — ٥٢-٥

١٥-١ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ — لگا پچھتانے — ٣١-٥

٢٢-١ وَاَسَرُّوا النَّدَامَۃَ — چھپے چھپے پچھتائیں گے — ٥٤-١٠ / ٣٣-٣٤

نَدِمَ یَنْدَمُ نَدَمًا و نَدَامَۃً و تَنَدَّمَ، شرمندہ ہوا تھا، نَادِمٌ ج نَادِمُوْنَ و نُدَّامٌ، نَدِیْمٌ ج نُدَمَآءُ نِدَامٌ۔ رفیق ساتھی۔

## ندو

٤-١ نَادٰٓی اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ — اور پکاریں گے جنت والے — ٤٤-٧

٤-١ نَادٰٓی اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ — اور پکاریں گے اعراف والے — ٤٨-٧

٤-١ نَادٰٓی اَصْحٰبُ النَّارِ — اور پکاریں گے دوزخ والے — ٥٠-٧

٤-١ وَنَادٰی فِرْعَوْنُ — اور پکارا فرعون نے — ٥١-٤٣

٤-١ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ — پھر پکارا اندھیروں میں — ٨٧-٢١

٤-١ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ — جب پکارا اسکو اسکے رب نے — ١٦-٧٩

٤-١ فَنَادٰهَا مِنْ تَحْتِهَآ — آواز دی اس کو نیچے سے — ٢٤-١٩

٤-١ نَادٰهُمَا رَبُّهُمَآ — پکارا ان کو ان کے رب نے — ٢٢-٧

٤-١ نَادٰىنَا نُوْحٌ — پکارا ہمیں نوح نے — ٧٥-٣٧

٤-١ نَادَوْٓا اَصْحٰبَ الْجَنَّۃِ — اور پکاریں گے جنت والے — ٤٦-٧

٤-١ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ — پھر پکارا انہوں نے اپنے ساتھی کو — ٢٩-٥٤

٤-١ وَنَادَوْا یٰمٰلِكُ — اور پکاریں گے اے مالک — ٧٧-٤٣

٤-١ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَۃُ — پھر پکارا اس کو فرشتوں نے — ٣٩-٣

٤-١ وَاِذَا نَادَیْتُمْ (دعوتم) — اور جب پکارا تم نے — ٥٨-٥

٤-١ اِذْ نَادَیْنَا — جب ہم نے پکارا — ٤٦-٢٨

٤-١ وَنَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰٓاِبْرٰهِیْمُ — اور پکارا ہم نے اسے اے ابراہیم — ١٠٤-٣٧

٤-١ وَنَادَیْنٰهُ — اور ہم نے پکارا اسے — ٥٢-١٩

٦-١ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِیْنَ — ایکدوسرے کو بلایا انہوں نے — ٢١-٦٨

٤-٢ نُوْدِیَ یٰمُوْسٰی — آواز دیا گیا اے موسےٰ — ١١-٢٠

٤-٢ نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ — پکارا گیا نماز کے لیے — ٩-٦٢

٤-٢ وَنُوْدُوْٓا اَنْ — اور پکارے جاویں گے — ٤٣-٧

٤-٣ یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ — دعوت دیتا ہے ایمانؑ کی — ١٩٣-٣

(ید عوا)

٤-٣ یَوْمَ یُنَادِ (المناد) — جس دن پکارے — ٤١-٥٠

٤-٣ وَیَوْمَ یُنَادِیْهِمْ — اور جس دن پکاریگا ان کو — ٦٢-٢٨

٤-٣ یُنَادُوْنَهُمْ — وہ ان کو پکاریں گے — ١٤-٥٧

٤-٣ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ — تجھے پکارتے ہیں — ٤-٤٩

٤-٤ یُنَادَوْنَ — پکارے جاویں گے — ١٠-٤٠

٤-١١ یَقُوْلُ نَادُوْا — کہے گا پکارو — ٥٢-١٨

٤-١٥ سَمِعْنَا مُنَادِیًا — سنا ہم نے ایک پکارنے والا — ١٩٣-٣

٤-١٥ (ینادی) الْمُنَادِ — پکارنے والا — ٤١-٥٠

اَحْسَنُ نَدِیًّا — اور کس کی اچھی لگتی ہے مجلس — ٧٣-١٩

فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ — سو چاہیے بلالے اپنی مجلس والوں کو — ١٧-٩٦

فِیْ نَادِیْكُمُ الْمُنْكَرَ — اپنے مجلس میں برا کام — ٢٩-٢٩

٤-٢٢ وَنِدَآءً — اور پکارنے چلانے کو — ١٧١-٢

نَدَا یَنْدُوْ نَدْوًا، القومُ۔ مجلس میں حاضر اور اکھٹے ہوئے نَدَا الْقَوْمَ مجلس میں انکو بلایا، نَادٰی (مُنَادَاۃً و نِدَآءً) الرَّجُلَ۔ پکارا۔ اور مجلس میں بٹھایا نَادٰی بِسِرِّہٖ بھید کھول دیا نَادَی الطَّرِیْقَ راستہ بتایا نَدًی۔ بارش شبنم ج اَنْدَآءٌ نِدَآءٌ آواز، نَدْوَۃٌ۔ اسم ہے جماعت اور مجلس اور مشورہ نَادِیْ ج اَنْدِیَۃٌ مجلس جب تک بیٹھی رہے نَادِیَۃٌ مؤنث ج نَادِیَاتٌ، تَنَادِیْ یوم القیمۃ (دیکھو تند) اَنْدَی الشَّیْءَ حعلہ نَدِیًّا یوم التناد (دیکھو تند)

دار الندوۃ قریش کا ایوان پارلیمنٹ جو قصی نے بنایا تھا قریش کا مشورہ گاہ تھا یہیں ہی حضورؐ کے بتانے کو مجلسیں ہوتی تھیں یہی جگہ ہے جہاں قریش نے حضورؐ کے قتل کا مشورہ کیا اور پاس ہو گیا۔ خدا کی شان ہم آدمی اس مجلس میں شریک تھے ا بعد میں مارے گئے ۳ باقی جو بچے تھے وہ صرف اس لیے کہ ان کی قسمت میں مسلمان ہونا لکھا تھا اب اسجگہ حنفی مصلی ہے جہاں اب لاکھوں خلقت نبی پر صلوات بھیجتی ہے اور وہی قرآن جس کا سننا قریش کو ناگوار تھا ہزاروں کی تعداد میں پڑھا جاتا ہے

# نذر

۱-۱ اَوْنَذَرْتُمْ — یا قبول کرو گے کوئی منت ۲۷۰-۲

۱-۱ نَذَرْتُ لَكَ — میں نے نذر کیا تیرے ۳۵-۳

۱-۱ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ — میں نے مانا ہے رحمن کے لیے ۲۶-۱۹

۱-۲ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ — جب ڈرایا اس نے اپنی قوم کو ۲۱-۴۶

۱-۲ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا — ڈرا چکا تھا انکو ہماری پکڑ سے ۳۶-۵۴

(خوفهم)

۱-۲ ءَاَنْذَرْتَهُمْ — کیا ڈرائے تو ان کو ۶-۲

۱-۲ اَنْذَرْتُكُمْ (خوفتکم) — ڈراتا ہوں تم کو ۱۴-۹۲

۱-۲ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا — ڈرایا ہم نے تم کو ۴۰-۷۸

۲-۲ مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ — نہیں ڈرائے گئے ۶-۳۶

۲-۲ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا — جو جس سے ڈرائے گئے ۵۶-۱۸

۳-۲ وَيُنْذِرَ الَّذِيْنَ — اور ڈرائے ان لوگوں کو ۴-۱۸

۳-۲ لِيُنْذِرَ بَاْسًا — تاکہ ڈرائے ۲-۱۸

۳-۲ لِيُنْذِرَكُمْ بِهٖ — تاکہ ڈرائے انکو ساتھ اس کے ۶۳-۷

۳-۲ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ — اور ڈراتے تھے تم کو ۱۳۰-۶

۳-۲ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ — تاکہ ڈرائیں اپنی قوم کو ۱۲۲-۹

۳-۲ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ — بے شک تو ڈراتا ہے ان کو ۱۸-۳۵

۳-۲ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ — سو تو ڈراتا ہے ۱۱-۳۶

۳-۲ لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى — تاکہ تو ڈرائے ۹۲-۶

۵-۲ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ — یا تو نہ ڈرائے ان کو ۶-۲

۳-۲ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ — ڈراتا ہوں تم کو ۴۵-۲۱

۳-۲ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ — تاکہ ڈراؤں میں تم کو ۱۹-۶

۳-۲ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ — جب وہ ڈرائے جاویں ۴۵-۲۱

۳-۲ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ — تاکہ ڈرائے جاویں ساتھ اس کے ۵۲-۱۴

۱۱-۲ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ — ڈرا اپنے قریبی رشتہ داروں کو ۲۱۴-۲۶

(خوف)

۱۱-۲ قُمْ فَاَنْذِرْ — اٹھ اور ڈرا ۲-۷۴

۱۱-۲ اَنْ اَنْذِرُوْٓا — یہ کہ خوف دلاؤ ۲-۱۶

(اخوفوا الکفرین)

۵-۲ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ — بے شک تو ڈرانے والا ہے ۷-۱۳

۱۵-۲ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ — مگر اسکے لیے ڈرانے والے ہیں ۲۰۸-۲۶

۱۵-۲ وَمُنْذِرِيْنَ — اور ڈرانے والا [illegible]

۱۶-۲ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ — انجام جن کو ڈرایا گیا ہے ۷۳-۱۰

۱۶-۲ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ — برسنا جن کو ڈرایا گیا ۵۸-۲۷

۱۷-۱ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا — خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ۵-۹

۱۷-۱ مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ — کوئی بشیر اور نہ نذیر ۵-۱۹

۱۷-۱ وَنَذِيْرًا — اور ڈرانے والا ۲۴-۳۵

۱۹-۱ الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ — نشانیاں اور ڈرانے والا ۱۰۱-۱۰

۱۹-۱ عَذَابِيْ وَنُذُرِ — میرا عذاب اور میرا کھڑکھڑانا ۱۶-۵۴

۲۲-۱ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا — الزام اتارنے کو یا ڈرانے کو ۶-۷۷

مِنْ نَّذْرٍ — کوئی منت ۲۷۰-۲

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ — پورا کرتے ہیں منت کو ۷-۷۶

وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ — پوری کریں اپنی منتیں ۲۹-۲۲

(ھدایا والضحایا)

نَذَرَ يَنْذِرُ نَذْرًا وَّنُذُوْرًا) منت ماننا۔ اَنْذَرَ يُنْذِرُ اِنْذَارًا وَّنَذِيْرًا وَّنَذْرًا وَّنُذُرًا) ڈرایا، خوف دلایا۔ نَذِيْرٌ اسم بمعنی اِنْذَار ج نُذُرٌ مُتَنَاذِرٌ۔ نذیر

# نزع

۱-۱ وَنَزَعَ يَدَهٗ — اور اندر سے نکالا اپنا ہاتھ ۳۳-۲۶

(اخرجها من جیبه)

۱-۱ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ — اور نکال لیں گے ہم ۴۳-۷

۱-۱ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ — اور جدا کرلیں گے ہم ہر فرقہ میں ۷۵-۱۸

۱-۱ ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ — پھر وہ چھین لیں اس سے ۹-۱۱

۶-۱ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ — پھر جھگڑے اپنے کام پر ۶۶-۲۰

۶-۱ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ — پھر اگر جھگڑ پڑو تم ۵۹-۴

(اختلفتم)

۶-۱ وَتَنَازَعْتُمْ — اور کام میں جھگڑا ڈالا ۱۵۲-۳

۶-۱ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ — اور جھگڑا ڈالتے تم کام میں ۴۳-۸

۳-۱ يَنْزِعُ عَنْهُمَا — اتروائے ان میں ۲۶-۷

۳-۱ تَنْزِعُ النَّاسَ — اکھاڑ مارا لوگوں کو ۲۰-۵۴

(تقلعهم من حفر الارض)

۳-۱ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ — سلطنت چھین لیوے ۲۶-۳

۹-۱ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ — پھر جدا کریں گے ہم ۶۹-۱۹

۹-۴ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ — پھر چاہیئے کہ تجھ سے نہ جھگڑیں ۶۷-۲۲

۶-۳ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ — جب جھگڑ رہے تھے ۲۱-۱۸

۶-۳ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا — جھپٹتے ہیں وہاں پیالہ ۲۳-۵۲

(يتعاطون بينهم)

۶-۳ وَلَا تَنَازَعُوْا — اور آپس میں نہ جھگڑو ۴۶-۸

۱-۱۵ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا — قسم ہے کھینٹ لانیوالوں کی ۱-۷۹

۱-۱۹ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى — کھینچ لینے والی کلیجہ ۱۶-۷۰

نَزَعَ (يَنْزِعُ نَزْعًا) اکھاڑ۔ نزع الامیر العامل برطرف کیا، معزول کیا
نَزَعَ الشَّمْسُ۔ سورج غروب ہوگیا نَازَعَ (نِزَاعًا) موت کے قریب ہوا۔
تَنَازَعَ، اِخْتَلَفَ، نَزْعٌ، نِزَاعٌ، مُنَازَعَةٌ۔ جان نکلنا اور جھگڑا نِزَاع
جھگڑا نَزِيْعَةٌ۔ وہ عورت جو کہ غیر خاندان میں بیاہی جائے اِنْتَزَعَ اکھڑا
نَزِيْعٌ۔ پردیسی

## نزغ

۱-۱ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ — جھگڑا ڈال چکا تھا ۱۰۰-۱۲

(اغوى بينهم وافسد)

۳-۱ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ — جھڑپ کرواتا ہے ان میں ۵۳-۱۷

۹-۱ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ — اگر ابھارے ۲۰۰-۷

(ان يصرفك عما امرت به)

۱-۲۲ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ — تجھ کو شیطان کی جھڑپ ۲۰۰-۷

نَزَغَ (يَنْزَغُ نَزْغًا) افسدہ، حثہ، نزغ (ینزغ نزغا) ہاتھ سے یا
تیر سے مارا۔ نَزْغٌ ج نَزَغَات۔ فساد کرنا، تباہی میں ڈالنا، دشمنی ڈالنا

## نزف

۲-۳ وَلَا يُنْزِفُوْنَ — اور نہ بکواس کریں ۱۹-۵۶

۲-۴ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ — اور نہ اس کو پی کر بہکیں ۴۷-۳۷

(یسکرون)

نَزَفَ (يَنْزِفُ نَزْفًا) الماء من البئر۔ کنویں کا سب پانی نکال لیا اُنْزِفَ الدَّمُ
نشتر لگا کر زیادہ خون نکالا نُزِفَ ماء البئر۔ سب پانی نکالا گیا۔ نُزِفَ الرجل
اس کی عقل چلی گئی۔ نَزِفَ فِي الْخُصُوْمَةِ۔ دلیل ٹھکرادی گئی۔ نَزْفُ
الدَّمِ۔ سیلان خون

## نزل

۱-۱ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ — لیکر اترا ہے اس کو فرشتہ ۱۹۳-۲۶

۱-۱ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ — اور حق کے ساتھ اترا ۱۰۵-۱۷

۱-۱ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ — جب اترے گی انکے میدان میں ۱۷۷-۳۷

۱-۱ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ — اور اترا ہے سچا دین ۱۶-۵۷

۲-۱ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ — اتارا اللہ نے ۹۰-۲

۲-۱ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ — اتارا آسمان سے ۲۲-۲

۲-۱ اَنْزَلَ الَّذِيْنَ — اور اتار دیا ان کو ۲۶-۳۳

۲-۱ اَنْزَلَهٗ — اس کو اتارا ۱۶۵-۴

۲-۱ اَنْزَلَ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ — اتاری تیری طرف کتاب ۷-۳

۲-۱ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ — اتارے تمہارے لیے چوپائے ۶-۳۹

۲-۱ بِمَآ اَنْزَلْتَ — جو تو نے اتارا ۵۳-۳

۲-۱ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ — اتارے میری طرف ۲۴-۲۸

۲-۱ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ — کیا تم نے اتارا اس کو ۶۹-۵۶

۲-۱ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ — جو اتاری میں نے ۴۱-۲

۲-۱ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ — اور ہم نے اتارا لوہا ۲۵-۵۷

(اخرجناه من المعادن)

| # | آیت | ترجمہ | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ | اتارا تم پر | ۵۷-۲ |
| ۲-۳ | أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ | اتاری تجھ پر کتاب | ۵۱-۲۹ |
| ۳-۱ | نَزَّلَ الْكِتٰبَ | اتاری کتاب | ۱۷۵-۲ |
| ۲-۱ | مَا نَزَّلَ اللّٰهُ | اتارا اللہ نے | ۷،۲۷ |
| ۳-۱ | فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ | اس کو اتارا | ۹۷-۲ |
| ۳-۱ | نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ | اتارا اس کو پاک فرشتہ نے | ۱۰۲-۱۶ |
| ۳-۱ | نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا | اتارا ہم نے اپنے بندہ پر | ۲۳-۲ |
| ۳-۱ | وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَا | اگر ہم اتارتے | ۱۱۱-۶ |
| ۳-۱ | وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ | اتارا ہم نے تم پر | ۸۰-۲۰ |
| ۵-۱ | وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ | نہیں لے کر اترے شیطان | ۲۱۰،۲۰ |
| ۲-۲ | بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ | جو اتاری ہوئی ہے | ۴-۲ |
| ۲-۲ | اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | جو اترا مسلمانوں پر | ۷۲-۳ |
| ۲-۲ | وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ | اور نہیں اتری تورات | ۶۵-۳ |
| ۲-۲ | اِذَآ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ | اتاری جاتی ہے تیری طرف | ۸۷-۲۸ |
| ۳-۲ | لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ | کیوں نہ اتارا گیا | ۳۷-۶ |
| ۲-۲ | نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ | اترا اس پر قرآن | ۶-۱۵ |
| ۳-۲ | وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ | اتریں فرشتے | ۲۵،۲۵ |
| ۲-۳ | وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ | جو اترتا ہے آسمانوں سے | ۵۶-۴ |
| ۳-۳ | سَاُنْزِلُ مِثْلَ | میں اب اتاروں گا | ۹۳-۶ |
| ۳-۳ | اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ | اتارے اللہ | ۹۰-۲ |
| ۳-۳ | يُنَزِّلُ الْغَيْثَ | بھیجتا ہے بارش | ۳۴-۳۱ |
| ۳-۳ | اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا | اتارے ہم پر | ۱۱۲-۵ |
| ۳-۳ | يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ | اتارتا ہے فرشتے | ۲-۱۶ |
| ۳-۳ | يُنَزِّلُ بِهٖ عَلَيْكُمْ | اتارتا تم پر | ۸۱-۶ |
| ۳-۳ | مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ | نہیں ہم اتارتے فرشتے | ۱۱-۸ |
| ۳-۳ | وَمَا نُنَزِّلُهٗ | اور ہم نہیں اتارتے اس کو | ۲۱-۱۵ |
| ۵-۳ | يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ | اترتا ہے اس کا حکم | ۱۲-۶۵ |
| ۵-۳ | عَلٰی مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ | کس پر اترتے ہیں شیطان | ۲۲۱-۲۶ |

(ایک ت حذف ہے)

| # | آیت | ترجمہ | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۵-۳ | تَنَزَّلُ عَلٰی كُلِّ | اترتے ہیں | ۲۲۲/۲۶ |
| ۵-۳ | تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ | اترتے ہیں ان پر فرشتے | ۳۰،۴۱ |
| ۵-۳ | تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ | اترتے ہیں فرشتے | ۴-۹۷ |

(ایک ت حذف ہے)

| # | آیت | ترجمہ | حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۵-۳ | وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا | ہم نہیں اترتے | ۶۴-۱۹ |
| ۳-۴ | اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ | یہ کہ اترے تم پر | ۱۰۴-۲ |
| ۳-۴ | اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ | نازل ہونے تورات | ۹۳-۳ |
| ۲-۱۱ | اَنْزِلْ عَلَيْنَا | اتار ہم پر | ۱۱۴-۵ |
| ۲-۱۱ | اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا | اتار مجھ کو | ۲۹-۲۳ |
| ۲-۱۵ | اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ | یا ہم ہیں اتارنے والے | ۶۹-۵۶ |
| ۲-۱۵ | اِنَّا مُنْزِلُوْنَ | ہم اتارنے والے ہیں | ۳۴-۲۹ |
| ۲-۱۵ | وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ | ہم ہیں اتارنے والے | ۲۸-۳۶ |
| ۲-۱۵ | اَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ | میں خوب طرح اتارتا ہوں | ۵۹-۱۲ |
| ۲-۱۵ | اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ | میں اتاروں گا تم پر | ۱۱۵-۵ |
| ۲-۱۶ | مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ | اتارے ہوئے فرشتوں سے | ۱۲۴-۳ |
| ۲-۱۶ | مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا | اترا ہے برکت والے | ۲۹-۲۳ |
| ۲-۱۶ | مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ | اترا ہے | ۱۱۴-۶ |
| ۱-۱۸ | قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ | مقرر کیں اس کے لیے منزلیں | ۱۰-۵ |
| ۱-۱۸ | قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ | مقرر کیں ہم نے منزلیں | ۳۹-۳۶ |
| ۱-۲۲ | نَزْلَةً اُخْرٰى | اترنا ایک دفعہ اور | ۱۳-۵۳ |
| ۳-۲۲ | تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ | اترنا کتاب کا | ۲-۳۲ |
| ۳-۲۲ | وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ | وہ اترا ہوا ہے | ۱۹۲-۲۶ |
| ۳-۲۲ | تَنْزِيْلًا | اتارا ہوا | ۱۰۶-۱۷ |
| | هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ | یہ ہے مہمانی | ۵۶-۵۶ |
| | نُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ | مہمانی گرم پانی سے | ۹۳-۵۶ |
| | نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ | مہمانی اللہ کی طرف سے | ۱۹۸-۳ |
| | الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا | فردوس مہمانی | ۱۰۷-۱۸ |

(۱) نَزَلَ يَنْزِلُ نُزُوْلًا) نیچے آیا۔ نَزَلَ پہر اتارا، نَزَلَ عَنِ الْحَقِّ حق چھوڑا (۲) نَزَلَ يَنْزِلُ نَزَالَةً مسافر ہوا (۳) نَزَلَ يَنْزِلُ نُزُوْلًا مَنْزِلًا)

قوم کے پاس ٹھہرا اور مہمان بنا (ہم) نَزَلَ (یَنْزِلُ نُزُولًا) تُرَاتِّی الرَّجلِ۔ اُس کا کام اترا
نَزِلَ المَکَانُ جگہ سخت ہے۔ تھوڑی سی بارش سے بھی پانی بہنے لگا۔ نَزَّلَ اللّٰہُ وحی
بھیجی۔ نَزْلَۃً مَرَّۃً، نَزَّلَہٗ اس کی عزت کی۔ نَزَّلَ الحَاسِبُ الرَّقمَ۔ رقم لکھی
اَنزَلَ الضَّیفَ مہمان رکھا۔ نَازَلَ فِی الحَربِ۔ لڑائی میں اس کے مقابلہ میں
نکلا۔ نُزُلٌ مہمانی ج اَنزَالٌ، نَزِلٌ، نَزَّالٌ۔ جس کے پاس مہمان زیادہ ٹھہریں
نَازِلَۃٌ مصیبت نَزِیلٌ، مَنزِلَۃٌ عزت، مرتبہ، ج مَنَازِلُ۔

## نسأ

اِنَّمَا النَّسِیءُ زِیَادَۃٌ — یہ جو مہینہ ہٹا دیتا ہے — ۹۔۳۷

(التاخیر لحرمۃ الی شھر آخر)

۱-۲ تَاْکُلُ مِنسَاتَہٗ — کھا رہا تھا اس کا عصا — ۳۴۔۱۴

۱-۳ اَو نُنسِئْھَا — بھلا دیں یا ہٹا دیویں اس کو — ۲۔۱۰۶

(قراءۃ ابن کثیر)

نَسَأَ (یَنْسَأُ نَسْأً) الدَّابَّۃَ۔ چارپایہ کو ہانکا اور ڈانٹا۔ پانی کے جوہڑ سے
دور کیا۔ نَسَأَ (یَنْسَأُ نَسْأً و مَنْسَأً) الشَّیءَ اَخَّرَہٗ، اِنْتَسَأَ عَنہُ اس سے
پیچھے ہٹا۔ نَسِیءٌ زیادہ پانی والا دودھ۔ نَسَاءٌ، نَسِیئَۃٌ۔ تاخیر تعجیل
نَسِیٌّ تاخیر۔ مِنسَاۃٌ، مِنسَأَۃٌ جروا ہے کا بڑا سوٹا

## نسب

فَجَعَلَہٗ نَسَبًا وَّصِھْرًا — جدا اور سسرال — ۲۵۔۵۴

بَینَہٗ وَ بَینَ الجِنَّۃِ نَسَبًا — خدا میں اور جنوں میں ناتا — ۳۷۔۱۵۸

فَلَآ اَنسَابَ بَینَھُم — نہ قرابتیں ہوں گی — ۲۳۔۱۰۲

نَسَبَ (یَنسِبُ نِسبًا و نِسبَۃً) نسب بیان کیا، نسب پوچھا، منسوب کیا
بعض کے نزدیک نسب وہ ہے کہ جس سے نکاح نہ ہو سکے اور صھر وہ ہے جس
سے نکاح ہو سکے۔ تَنَاسَبَا، تَمَاثَلَا، تَشَاکَلَا۔ اِنتَسَبَ نسب ظاہر کیا
نَسَبٌ، قرابت، ج اَنسَابٌ۔ نِسبَۃٌ دو چیزوں کے درمیان تعلق
نَسِیبٌ، قَرِیبٌ، مناسب، نَسَّابٌ نسب جاننے والا ج
نَسَّابُونَ، المَنسُوبُ، مناسب

## نسخ

۳-۱ فَیَنسَخُ اللّٰہُ رِسطل — پھر اللہ مٹا دیتا ہے — ۲۲۔۵۲

۳-۱ مَا نَنسَخْ مِنْ اٰیَۃٍ — نہیں منسوخ کرتے ہم کوئی آیت — ۲۔۱۰۶

۱-۳ اِنَّا کُنَّا نَستَنسِخُ — ہم لکھواتے جاتے تھے — ۴۵۔۲۹

(نثبت و نحفظ)

وَفِی نُسخَتِھَا (ما کتب) اور اس میں جو لکھا ہوا تھا — ۷۔۱۵۴

نَسَخَ (یَنسَخُ نَسخًا) الشَّیءَ۔ زائل کیا، باطل کیا۔ فسخ کیا۔ نَسَخَ الکِتَابَ
نقل کیا، حرف بحرف لکھا۔ تَنَاسَخَا ایک دوسرے کو مٹایا۔ تَنَاسَخَ الوَرَثَۃُ
وارث ایک دوسرے کے بعد مر گئے اور جائداد تقسیم نہ ہوئی۔ نُسخَۃٌ کتاب
منقول۔ یا جس سے کتاب منقول ہو ج نُسَخٌ، نَاسِخٌ، کاتب، تَنَاسُخٌ
ایک کے روح کا دوسرے کے وجود میں جانا تَنَاسُخِیَّۃٌ۔ وہ لوگ جو تناسخ
کے قائل ہیں (ہندو)

## نسر

وَ نَسرًا — اور نسر (بت) کو — ۷۱۔۲۳

نَسرٌ ج نُسُورٌ، اَنسُرٌ، نِسَارٌ مشہور پرندہ گدھ (پنجابی گرجھ) اس کی کنیت
ابوابرد، ابوالاصبغ، ابومالک، ابومنہال، ابویحیٰ اور اس کی مؤنث کو ام قشعم
نَسرَانِ۔ دو ستاروں کے نام ہیں نسر طائر، نسر واقع۔ ناسور ج نَوَاسِیرُ
مقعد کے پاس اندرونی پھوڑا نَسَرَہٗ (یَنسِرُ نَسرًا) البازی او النسر باز
یا گدھ نے اس کا گوشت نوچا۔ مِنسَرٌ ج مَنَاسِرُ۔ عقاب۔ اِستَنسَرَ
وہ گدھ کی عادت والا ہو گیا۔

## نسف

۱-۲ وَ اِذَا الجِبَالُ نُسِفَت — جب پہاڑ اڑا دیے جاویں — ۷۷۔۱۰

(قلعت)

۱-۳ یَنسِفُھَا رَبِّی — بکھیر ڈالے گا — ۲۰۔۱۰۵

(یقلعھا من الاصل)

۱-۲۲ نَسفًا — اڑا کر — ۲۰۔۹۷

۱-۹ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّہٗ — ہم بکھیر دیں گے اس کو — ۲۰۔۹۷

نَسَفَ (یَنسِفُ نَسفًا) البِنَاءَ عمارت کو بنیاد سے اکھاڑا۔ نَسَفَ البَعِیرُ
اونٹ نے گھاس جڑ سے اکھاڑی۔ نَسَفَ الجِبَالَ، دکھا۔ نَسَفَ الشَّیءَ چیز
کو چھاج یا چھلنی میں ڈال کر صاف کیا اور چھان یا چھٹن کو الگ کیا۔ نَسَفَ الحَبَّ
چھاج میں اناج ڈال کر صاف کیا۔ نُسَافَۃٌ۔ چھان، مِنسَفٌ چھلنی اور چھاج
یَسُفُّ۔ اناج کو ہوا دے کر صاف کرنا۔

# نسک

۱-۱۵ هُمْ نَاسِكُوهُ — وہ اسی طرح کرتے ہیں بندگی — ۲۲-۶۷
(عاملون بہ)

إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي — میری نماز اور میری قربانی — ۶-۱۶۲

أَوْ نُسُكٍ — یا قربانی — ۲-۱۹۶

مَنْسَكًا — راہ بندگی کی — ۲۲-۶۶

مَنَاسِكَكُمْ — اپنے حج کے کام — ۲-۲۰۰
(عبادات حجکم)

وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا — قاعدے حج کرنے کے — ۲-۱۲۸
(شرائع عبادتنا)

نَسَكَ يَنْسُكُ نُسْكًا وَنُسُكًا وَنُسُوكًا وَنَسْكَةً وَمَنْسَكًا الرجل آدمی عبادت گزار پرہیزگار ہوا۔ نَسَكَ لِلّٰهِ۔ قربانی دی کہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کی۔ نَسَكَ الثوب۔ کپڑا دھو کر پاک صاف کیا۔ نَسُكَ يَنْسُكُ نَسَاكَةً اور مناسک ہوا۔ نُسُكٌ، نُسْكٌ ہر وہ عبادت جو خداوند کی رضامندی کے لیے ہے۔ ذبیحہ۔ نَسِيكَةٌ سونا چاندی۔ نَسِيكَةٌ۔ ذبیحہ۔ نَاسِكٌ، عابد وزاہد ج نُسَّاك۔ مَنْسَك۔ مَنْسِك۔ مالوف جگہ مَنْسَكُ، شریعۃ النساك، مذبح ج مناسك، مَنَاسِكُ الحج۔ حج کی عبادات

# نسل

۳-۱ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُونَ — ہر اونچان سے پھسلتے ہوئے آئیں — ۲۱-۹۶
(يسرعون)

۳-۱ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ — اپنے رب کی طرف پھیل پڑیں گے — ۳۶-۵۱

جَعَلَ نَسْلَهُ — بنائی اس کی اولاد — ۳۲-۸

يُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ — کھیتیاں اور جانیں — ۲-۲۰۵

نَسَلَ يَنْسُلُ نَسْلًا الولد لڑکا جنا۔ نَسَلَ الرجل۔ اولاد زیادہ ہوئی۔ نَسَلَ يَنْسِلُ نَسَلًا وَنَسَلَانًا فی مشیتہ تیز چلا۔ تَنَاسَلَ القوم توالد ہوا۔ نَسْلٌ خلق، اولاد۔ نَسُولَةٌ وہ جانور جو کہ نسل کشی کے لیے رکھا جائے۔ نَسَلٌ تھنوں سے خود بخود بہنے والا دودھ

# نسو

وَقَالَ نِسْوَةٌ — کہا عورتوں نے — ۱۲-۳۰

مَا بَالُ النِّسْوَةِ — کیا حقیقت ہے ان عورتوں کی — ۱۲-۵۰

وَلَا نِسَاءٌ مِنْ نِسَاءٍ — نہ عورتیں عورتوں سے — ۴۹-۱۱

وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ — مومن عورتیں — ۴۸-۲۵

رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً — مرد اور عورتیں — ۴-۱

إِنْ كُنَّ نِسَاءً — اگر ہوں عورتیں — ۴-۱۱

يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ — اے نبی کی بی بیو — ۳۳-۳۰

مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ — پیغام نکاح ان عورتوں کے — ۲-۲۳۵

عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ — عورتوں کے بھید کو — ۲۴-۳۱

نِسَاؤُكُمْ — تمہاری عورتیں — ۲-۲۲۳

إِلَىٰ نِسَائِكُمْ — تمہاری عورتوں کی طرف — ۲-۱۸۷

مِنْ نِسَائِهِمْ — ان کی عورتوں سے — ۲-۲۲۶

أَوْ نِسَائِهِنَّ — یا اپنی عورتوں سے — ۲۴-۳۱

نِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ — ہماری عورتیں تمہاری عورتیں — ۳-۶۱

نِسَاءٌ عورتیں اس کا واحد نہیں ہے۔ نَسَا۔ ایک رگ ہے ٹخنے کے پاس جب اس میں درد ہوتا ہے تو آدمی لنگڑا کر چلتا ہے۔ اور سخت درد ہوتی ہے حکمت میں اسے عرق النساء کہتے ہیں۔ اور جس کو عرق النساء ہو اس کو عربی میں مَنْسُوٌّ کہتے ہیں۔ نَسْوَة۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔ نِسْوَة، نِسَاءٌ، نِسْوَانٌ جمع ہے عورت کے لیے اس کا واحد کوئی نہیں ہے۔ نَسَا يَنْسُو نَسْوَةً الرجل آدمی نے کام چھوڑا۔ أَنْسَاهُ۔ اس سے کام چھڑا لیا۔

# نسی

۱-۱ وَنَسِيَ خَلْقَهُ — بھول گیا اپنی پیدائش — ۳۶-۷۸

۱-۱ وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ — بھول گیا — ۱۸-۵۷

۱-۱ فَنَسِيَ (ترك العزم ولم يوف بما) — پھر بھول گیا — ۲۰-۱۱۵

۱-۱ فَنَسِيَهُمْ — سو وہ بھول گیا ان کو — ۹-۶۷
(ترکهم من لطفه)

۱-۱ نَسِيَا حُوتَهُمَا — دونوں بھول گئے اپنی مچھلی — ۱۸-۶۲

۱-۱ نَسُوا اللّٰهَ (ترکوا طاعته) — بھولے اللہ کو — ۹-۶۸

۱-۱ نَسُوا الذِّكْرَ — بھلا بیٹھے تیری یاد — ۲۵-۱۸
(ترکوا الموعظة)

۱-۱ وَنَسُوا حَظًّا بھول گئے حصہ ۵-۱۴
(ترکوا حظًّا)
۱-۱ اِذَا نَسِیْتَ جب تو بھول جائے ۱۸-۲۴
۱-۱ فَنَسِیْتَهَا (ترکتها) تو نے اسے بھلا دیا ۲۰-۱۲۶
۱-۱ کَمَا نَسِیْتُمْ جیسے تم بھول گئے ۴۵-۳۴
۱-۱ نَسِیْتُ الْحُوْتَ میں بھول گیا مچھلی ۱۸-۶۳
۱-۱ اِنْ نَّسِیْنَا اگر ہم بھول گئے ۲-۲۸۶
۱-۱ اِنَّا نَسِیْنٰكُمْ (ترکنکم) ہم نے تم کو بھلا دیا ۳۲-۱۴
۲-۱ فَاَنْسَاهُ الشَّیْطٰنُ بھلا یا اس کو شیطان نے ۱۲-۴۲
۲-۱ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ بھلا یا انہوں نے اپنی جانوں کو ۵۹-۱۹
۲-۱ وَمَا اَنْسٰنِیْهُ اور نہیں بھلایا مجھے ۱۸-۶۳
۲-۱ حَتّٰی اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِیْ یہانتک کہ بھلائی تم نے میری یاد ۲۳-۱۱۱
۳-۱ وَلَا یَنْسٰی اور نہیں بھولتا ۲۰-۵۲
۳-۱ وَلَا تَنْسَ نَصِیْبَكَ نہ بھول اپنا حصہ ۲۸-۷۷
(تترک)
۳-۱ فَلَا تَنْسٰی سو تو نہ بھولے گا ۸۷-۶
۳-۱ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ بھول جاتے ہو ۲-۴۴
(تترکونها)
۳-۱ وَتَنْسَوْنَ (تترکون) اور بھول جاؤ ۶-۴۱
۳-۱ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ نہ بھولو احسان کرنا ۲/۲۳۷
۳-۱ فَالْیَوْمَ نَنْسٰهُمْ ہم انہیں بھلا دیں گے ۷-۵۰
(نترکهم فی النار)
۳-۲ اَوْ نُنْسِهَا (نمحها) یا بھلا دیں ہم ۲-۱۰۶
(ابن کثیر نے اس کو نسأ میں درج کیا ہے دیکھو من بمعنی تاخیر)
۹-۲ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ اگر بھلائے تجھ کو شیطان ۶-۶۸
۴-۲ وَكَذٰلِكَ الْیَوْمَ تُنْسٰی تجھ کو بھلا دیں گے ۲۰-۱۲۶
۲۲-۱ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِیًّا بھولنے والا ۱۹-۶۴
۱-۱ / ۱۶-۲۲ نَسْیًا مَّنْسِیًّا بھولی بسری ۱۹-۲۳
(لا یذکر ولا یذکر)

(۱) نَسِیَ یَنْسٰی نِسْیَانًا و نِسْیَانَةً، اَلنِّسْیُ بھول گیا (۲) نَسِیَ یَنْسٰی نَسًی) عرق النساء کے درد کی شکایت کی۔ نَسٍ جس کو عرق النساء ہے (۳) نَسٰی یَنْسِیْ نَسْیًا الرجل عرق النساء پر مارا۔ نَسْیٌ، اَنْسٰی بھلایا نِسْیٌ۔ جو چیز کہ بھول جاوے یا کہا لک بوجہ ردی مال اُسے راستہ ہی میں چھوڑ جائے۔ نَسِیٌّ۔ زیادہ بھولنے والا۔ زیادہ جو اپنے لوگوں میں کسی گنتی اور شمار میں نہ آئے۔ مَنْسَاۃٌ سونٹا اسکو نسی میں بھی لاتے ہیں

## نشأ

۲-۱ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ پیدا کئے باغ ۶-۱۴۱
۲-۱ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ بنا دئے تمہارے کان ۲۳-۷۸
۲-۱ اَنْشَاَهَا اَوَّلَ مَرَّةٍ جس نے بنایا ان کو ۳۶-۷۹
۲-۱ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ پیدا کیا تم کو ۶-۹۸
۲-۱ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ پیدا کیا تم کو زمین سے ۱۱-۶۱
۲-۱ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَا پیدا کیا اس کا درخت ۵۶-۷۲
۲-۱ وَاَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ پھر پیدا کیں ہم نے ۶-۶
۲-۱ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا پھر اٹھا کھڑا کیا ہم نے ۲۳-۱۴
۲-۱ اَنْشَاْنٰهُنَّ اٹھایا ہم نے ان عورتوں کو ۵۶-۳۵
۲-۳ یُنْشِئُ النَّشْاَةَ اٹھائے گا پچھلا اٹھان ۲۹-۲۰
۲-۳ وَیُنْشِئُ السَّحَابَ (یخلق) اٹھاتا ہے بادل بھاری ۱۳-۱۲
۲-۳ وَنُنْشِئَكُمْ (نخلقکم) اور اٹھا کھڑا کریں ہم ۵۶-۶۱
۲-۴ اَوَمَنْ یُّنَشَّؤُا (یربی) بھلا ایسا شخص جو پرورش پاتا ہے ۴۳-۱۸
۶-۱۵ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ یا ہم پیدا کرنے والے ہیں ۵۶-۷۲
۲-۱۶ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ جہاز اونچے کھڑے ۵۵-۲۴
۱-۲۲ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰی پہلا اٹھان ۵۶-۶۲
۱-۲۲ عَلَیْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰی دوسری دفعہ اٹھانا ۵۳-۴۷
۲-۲۲ (نُشُوءٌ) اچھی اٹھان ۵۶-۳۵
اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ اٹھنا رات کا ۷۳-۶
(القیام بعد النوم)

نَشَأَ یَنْشَأُ وَنَشُؤَ یَنْشُؤُ نَشْأً وَنُشُوْءًا وَنَشَاءَةً وَنَشَاءً وَنَشْأَةً الشیء۔ زندہ ہوئی، پیدا ہوئی، ظہور میں آئی۔ نَشَأَ الرجل۔ لڑکا جوانی اور دانائی کے

قریب پہنچا۔ نَشَأَةِ السَّحَابَةُ۔ بادل اونچا ہوگیا۔ اَنْشَأَ الشَّيْءَ۔ چیز نئی ایجاد کی۔ اِنْتَشَأَ مِنَ الْمَكَانِ۔ جگہ سے نکلا۔ عام طور پر نَشَأَ لکھنا۔ نَشْتَنَ۔ نَشِيئَةَ۔ انگوری جب کہ زمین سے باہر نکلے۔ نَاشِيءٌ۔ لڑکا یا لڑکی بچپن چھوڑ کر جوانی میں قدم رکھے ج نَشَأٌ۔ اور جو چیز کہ رات کو ظہور میں آئے ج نَوَاشِئُ۔ نَاشِئَةٌ۔ دن یا رات کا پہلا حصہ یا کہ سونے کے بعد اٹھنا۔ اور لڑکی جب کہ جوان ہو۔

## نشر

۲-۱ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ — جب چاہا اٹھا کھڑا کیا اس کو — ۸۰-۲۲

۲-۱ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ (احیینا) — ابھار کھڑا کیا ہم نے — ۴۳-۱۱

۱-۲ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ — جب اعمال نامے کھولے جاویں — ۸۱-۱۰

(نتحت ربسطت)

۱-۳ يَنْشُرْ رَحْمَتَهٗ — پھیلاتا ہے اپنی رحمت — ۴۲-۲۸

(ربسط مطرہ)

۱-۳ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ — پھیلا دے تم پر — ۱۸-۱۶

۳-۲ هُمْ يُنْشِرُوْنَ — وہ اٹھا دیں گے ان کو — ۲۱-۲۱

(الہتہ یحیونہا)

۷-۳ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ — زمین میں پھیلے پڑتے ہو — ۳۰-۲۰

۷-۱۱ فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا — کھا چکو تو آپ آپ چلے جاؤ — ۳۳-۵۳

۷-۱۱ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ — پھیلو زمین میں — ۶۲-۱۰

۱-۱۵ وَالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا — ابھار نیوالیوں کی اٹھا کر — ۷۷-۳

۷-۱۵ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ — ٹڈی ہے پھیلی ہوئی — ۵۴-۷

(ولا یدرون ایان یبعثون)

۱-۱۶ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ — کشادہ ورق میں — ۵۲-۲

۱-۱۶ يَلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا — دیکھے گا اس کو کھلی ہوئی — ۱۷-۱۳

۲-۱۶ وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ — نہ ہم اٹھائے جاویں گے — ۴۴-۳۵

(ببعوثین)

۳-۱۶ صُحُفًا مُّنَشَّرَةً — ورق کھلے ہوئے — ۷۴-۵۲

۱-۲۲ وَلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا — اور نہ جی اٹھنے کے — ۲۵-۳

۱-۲۲ لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا — نہیں امید رکھتے اٹھنے کی — ۲۵-۴۰

۱-۲۲ النَّهَارَ نُشُوْرًا — دن اٹھ نکلنے کے لیے — ۲۵-۴۷

وَبَلَ (یَبِلُ وَبْلًا) بالعصا۔ عصا سے مارا یا متواتر مارا۔ وَبَلَتِ السَّمَاءُ وابل بارش نازل کی۔ وابل وَبْل سخت بارش۔ وبال۔ بدانجام۔ وَبِیْلٌ سخت یا کپڑے دھونے کا ڈنڈا۔ اِبِیْلٌ علی وَبِیْلٍ۔ بوڑھا عصا پر۔ طعام وَبِیْلٌ۔ ایسا طعام کہ جس کا انجام سخت بدہضمی ہو۔

## وتد

وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ — اور فرعون میخوں والا ۸۹-۱۰

وَالْجِبَالَ اَوْتَادًا — اور پہاڑوں کو میخیں ۷۸-۵

وَتَدَ (یَتِدُ وَتْدًا وَتِدَۃً وَوَتَّدَ) الوتد۔ مضبوط کرا۔ وَتَّدَ الوتد کو مضبوط گاڑا۔ وَتَدَ فی بیتہٖ۔ اپنے گھر اقامت اختیار کی۔ وَتَدٌ ج اَوْتَاد لکڑی کی میخ۔ اَوْتَادُ الْاَرْضِ پہاڑ۔ اَوْتَادُ الْبِلَادِ رؤساء۔ اَوْتَادُ الْفَمِ دانت۔ مِیْتَدَۃٌ جس سے میخ گاڑی جائے۔

## وتر

۱- وَلَنْ یَّتِرَکُمْ اَعْمَالَکُمْ — ہرگز نقصان نہ دیگا تمہارے کاموں کے ۴۷-۳۵

(ینقصکم)

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا — بھیجے ہم نے اپنے رسول لگاتار ۲۳-۴۴

(متتابعین)

وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ — جفت اور طاق کی قسم ۸۹-۳

وَتَرَ (یَتِرُ وَتْرًا وَتِرَۃً) حقّہٗ۔ اس کا حق کم کیا۔ وَتَرَ الْقَوْمَ۔ ان کو طاق کیا۔ وَتَرَ الصَّلٰوۃَ۔ نماز کو طاق کیا۔ اَوْتَرَ الشَّیْءَ جعلہ وترًا اَوْتَرَ

القوس۔ کمان کی رسی کو سخت کیا۔ تواتر الاشیاء۔ ایک دوسرے کے بعد آئیں تھوڑا تھوڑا عرصہ ٹھہر کر آئیں۔ وِتر فرد، بدلہ، ظلم ج اَوتار۔ وَتیرۃ طریقہ، کینہ، ظلم، قبر۔ تَتْرٰی، واحدًا بعد واحدٍ۔ وَتر، متواتر۔ ایک دوسرے کے بعد

## وتن

۱-۱۷ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ — کاٹ ڈالتے اس کی گردن — ۴۶-۶۹

(نیاط القلب)

وَتَنَ يَتِنُ وُتُوْنًا وَتِنَةً الماء۔ صاف پانی قائم رہا اور منقطع نہ ہوا۔ وَتَنَ يَتِنُ وَتْنًا وَتِيْنًا الرجلُ۔ آدمی کے شاہ رگ پر ضرب لگی۔ وَتِنَ اَوتِيْنَ کی شکایت کی۔ وَتِيْن۔ دل کی وہ رگ کہ جس سے تمام بدن میں خون دورہ کرتا ہے

## وثق

۴-۱ وَاثَقَكُمْ بِهٖ — جب تم سے ٹھہرایا تھا — ۵-۷

(عاهدكم عليه)

۲-۳ وَلَا يُوْثِقُ — اور نہ قید کرے گا — ۲۶،۸۹

۱۸ اور ۲۲ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ (عهدًا) — عہد خدا کا — ۶۶-۱۲

" اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ — جب دیا اسکو سب نے عہد — ۶۶-۱۲

۱-۲۰ مِيْثَاقُ الْكِتٰبِ — کتاب میں عہد — ۱۶۹،۷

" بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ — تم میں اور ان میں عہد ہو — ۴-۸۹، ۹۲

" مِيْثَاقًا غَلِيْظًا — عہد پختہ — ۲۱،۴

" مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ — مضبوط کرنے کے بعد — ۲۷-۲

(توکیدہ)

" وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ — اور نہ توڑو عہد — ۲۰-۱۳

" اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ — لیا ان کا عہد — ۶۳-۲

" وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ — لیا ہم نے تم سے قرار — ۶۳-۲

۲۱-۱ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى — حلقہ مضبوط — ۲۲-۳۱، ۲۵۶-۲

(المحکم)

۲۲-۱ وَثَاقَهٗ اَحَدٌ — اس جیسی قید کوئی — ۲۶-۸۹

۲۲-۱ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ — مضبوط باندھو قید — ۴-۴۷

(ما يوثق به الاسرى)

وَثُقَ يَثِقُ ثِقَةً وَوُثُوْقًا وَمَوْثِقًا بفلان۔ اسے امین جانا۔ فاعل وَاثِق، مَوْثُوْقٌ بِهٖ۔ وَثُقَ يَوْثُقُ وَثَاقَةً الشيء۔ شے ثابت، محکم اور مضبوط ہوئی۔ وَثَّقَ الرجلُ عہد دیا۔ وَثَّقَ الامرَ۔ محکم کیا۔ ثِقَة۔ جس پر اعتماد ہو۔ وِثَاق ج وُثُق۔ قیدی کو باندھنے کی رسی۔ وَثِيْق ج وِثَاق، محکم۔ وَثِيْقَة جس پر اعتماد ہو ج وَثَائِق۔ اَوْثَق، اسم تفضیل، مؤنث وُثْقٰی، مَوْثِق، مِيْثَاق ج مَوَاثِق، مَيَاثِق، مَوَاثِيْق، مَيَاثِيْق، عہد

## وثن

مِنَ الْاَوْثَانِ — بتوں کی گندگی سے — ۳۰،۲۲

اَوْثَانًا — بتوں کے تھان — ۱۷،۲۹

وَثَنَ يَثِنُ وُثُنًا۔ اپنے عہد پر قائم رہا۔ وَثَن ج اَوْثَان، وُثُن، وُثْن۔ بت لغت میں قائم رہنے کے معنی ہیں۔ چونکہ بت بھی اپنی جگہ پر ہمیشہ قائم رہتے ہیں اس لیے ان کو وَثَن کا خطاب دیا گیا۔ وَثَنِيّ۔ پجاری بت

## وجب

۱-۱ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا — جب گر پڑے ان کی کروٹ — ۳۶-۲۲

(سقطت الى الارض بعد النحر)

وَجَبَ يَجِبُ وُجُوْبًا وَجِبَةً۔ ثابت اور لازم ہوا۔ وَجَبَ وَجْبَةً البُدْنُ۔ نحر کیا ہوا اونٹ گرا۔ وَجَبَ الحائطُ۔ دیوار گری۔ وَجَبَ الرجلُ آدمی نے ۲۴ گھنٹے میں صرف ایک دفعہ کھایا۔ وَجَبَ يَجِبُ وَجْبًا وَوُجُوْبًا الرجلُ۔ آدمی گرا اور مر گیا۔ ضَرَبَهٗ فَوَجَبَ۔ اس نے اس کو مارا اور وہ گر کر مر گیا۔ وَجَبَتِ الشمسُ۔ سورج ڈوب گیا۔ اِسْتَوْجَبَ اس کو لازم شمار کیا۔ وَجْب۔ بڑی مشک ج وِجَاب۔ وَجْبَة ج وَجَبَات سقطہ۔ وَجِيْبَة۔ وظیفہ، واجِب۔ لازم۔ مُوْجِب۔ سبب۔ مُوْجِبَة۔ گناہ جو کہ دوزخ میں لے جائے یا نیکی کہ بہشت میں لے جاوے۔ مُوْجِب ج مَوَاجِب۔ موت۔ وَجَّبَ البقرُ۔ گائے کو ۸ پہر کے بعد دوہا۔

## وجد

۱-۱ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا — پاتے اس کے پاس رزق — ۳۷-۳

۱-۱ وَجَدَهَا تَغْرُبُ — پایا کہ وہ ڈوبتا ہے — ۸۶-۱۸

۱-۱ وَجَدَكَ عَآئِلًا — پایا ہم نے تم کو — ۷-۹۳

۱-۱ فَوَجَدَا عَبْدًا — دیکھا دونوں نے ایک بندہ — ۱۸-۶۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱-۱ | فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا | دیکھی دونوں نے وہاں ایک دیوار | ۱۸-۷۷ |
| ۱-۱ | وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ | دیکھی اپنی پونجی | ۱۲-۶۵ |
| ۱-۱ | لَوَجَدُوا اللّٰهَ | اللہ کو پاتے | ۴-۶۴ |
| ۱-۱ | فَهَلْ وَجَدْتُّمْ | کیا تم نے بھی پایا ہے | ۷-۴۴ |
| ۱-۱ | وَجَدْتُّمُوْهُمْ | جہاں پاؤ تم ان کو | ۴-۸۹ |
| ۱-۱ | وَجَدْتُّ امْرَاَةً | میں نے دیکھی ایک عورت | ۲۷-۲۳ |
| ۱-۱ | وَجَدْتُّهَا | دیکھا میں نے ان کو | ۲۷-۲۴ |
| ۱-۱ | وَجَدْنَا مَتَاعَنَا | دیکھا ہم نے اپنا اسباب | ۱۲-۷۹ |
| ۱-۱ | وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا | ہم نے پایا جو ہم سے وعدہ ہوا | ۷-۴۴ |
| ۱-۱ | وَجَدْنٰهُ صَابِرًا | اس کو پایا ہم نے جھیلنے والا | ۳۸-۴۴ |
| ۱-۱ | فَوَجَدْنٰهَا | پایا ہم نے اس کو | ۷۲-۸ |
| ۲-۱ | مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ | جس کے اسباب میں ہاتھ آئے | ۱۲-۷۵ |
| ۳-۱ | يَجِدْ فِي الْاَرْضِ | پائے گا زمین میں | ۴-۹۹ |
| ۳-۱ | يَجِدِ اللّٰهَ | پائے گا اللہ کو | ۴-۱۰۹ |
| ۵-۱ | فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ | جس کو نہ ملی قربانی | ۲-۱۹۶ |
| ۵-۱ | اَلَمْ يَجِدْكَ | کیا نہ پایا تجھ کو | ۹۳-۶ |
| ۳-۱ | وَلَا يَجِدُوْنَ | اور نہ پائیں گے | ۴-۱۲۰ |
| ۳-۱ | يَجِدُوْنَهٗ | پاتے ہیں اس کو لکھا ہوا | ۷-۱۵۶ |
| ۱۱-۱ | وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ | ایسا چاہیے کہ معلوم کریں تم میں | ۹-۱۲۴ |
| ۳-۱ | يَوْمَ تَجِدُ | جس دن موجود پاوے گا | ۳-۳۰ |
| ۳-۱ | وَلَا تَجِدُ | تو نہ پاوے گا | ۷-۱۷ |
| ۷-۱ | فَلَنْ تَجِدَ | تو کبھی نہ دیکھے گا | ۴-۵۱ |
| ۹-۱ | وَلَتَجِدَنَّهُمْ | ضرور پائے گا تو ان کو | ۲-۹۶ |
| ۹-۱ | لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ | تو پاوے گا | ۵-۸۲ |
| ۳-۱ | سَتَجِدُنِيْ | جلدی پائے گا تو مجھے | ۳۷-۱۰۲ |
| ۳-۱ | سَتَجِدُوْنَ | اب تم دیکھو گے | ۴-۹۰ |
| ۵-۱ | وَلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا | نہ ملے تم کو لکھنے والا | ۲-۲۸۳ |
| ۳-۱ | تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ | پالو گے تم اس کو اللہ کے پاس | ۲-۱۱۰ |
| ۳-۱ | لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ | میں پاتا ہوں بو یوسف کی | ۱۲-۹۴ |
| ۳-۱ | لَآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ | میں نہیں پاتا | ۶-۱۴۶ |
| ۳-۱ | لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ | میرے پاس کوئی چیز نہیں | ۹-۹۲ |
| ۵-۱ | وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا | نہ پائی ہم نے اس میں کچھ ہمت | ۲۰-۱۱۵ |
| | مِنْ وُّجْدِكُمْ (طاقت) | تمہاری طاقت | ۶۵-۶ |

وَجَدَ يَجِدُ (وَجْدًا و وُجْدًا و جِدَةً و وُجُوْدًا و وِجْدَانًا و اِجْدَانًا) پایا، پہنچا، چلے جانے کے بعد پھر حاصل کیا۔ وَجَدْتُ الضَّالَّةَ گم شدہ مال مجھے مل گیا (وُجِدَ وُجُوْدًا) عدم سے وجود میں آیا۔ مَوْجُوْد جو چیز وجود رکھتی ہے۔ اَوْجَدَ ایجاد کیا۔ جِدَةٌ غنی، تونگری۔ وُجْدٌ، وِجْدَان پانا، وَاجِد پانے والا۔ وجود ہستی۔ فرقہ وحدت وجودی ہمہ اوستی فرقہ۔ وِجْدَان جس میں حواس خمسہ موجود ہوں۔ وجدان عنایت۔ وِجْد، سب لغتیں ہیں۔ موجودات دنیا۔

## وجس

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً (احس) | چھپایا اپنے دل میں خوف | ۲۰-۶۷ |
| ۲-۱ | وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً (اضمر) | جی میں گھبرایا ان کے ڈر سے | ۱۱-۷۰، ۵۱-۲۸ |

وَجَسَ يَجِسُ (وَجْسًا) چھپایا۔ اَوْجَسَ چھپایا۔ وَجَسَتِ الْاُذُنُ کانوں نے تھوڑی سی بھنک سنی۔ وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا وَجَسَانًا جو سنا اس سے دل میں دہشت پہنچی۔ اَوْجَسَ الرَّجُلُ محسوس کیا اور دل میں خوف چھپایا۔ یا خوف سے دل چھپ گیا۔ تَوَجَّسَ دھیمی آواز پر کان دھرا۔ وَجْس۔ دل کی گھبراہٹ اور دھیمی آواز۔ تَوَجَّسَ الطَّعَامَ طعام تھوڑا تھوڑا چکھا

## وجف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲-۱ | فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ (اسرعتم) | نہیں دوڑائے اس پر | ۵۹-۶ |
| ۲-۱۵ | قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ (خافقۃ قلقۃ) | دھڑکنے والے | ۷۹-۸ |

وَجَفَ يَجِفُ (وَجْفًا و وَجِيْفًا و وُجُوْفًا) بے قرار۔ وَجَفَ يَجِفُ وَجِيْفًا الْقَلْبُ خفقان ہوا۔ دل کا دھڑکا۔ اَوْجَفَ يُوْجِفُ

وَجَفَ وَجِيفًا (الفرس) گھوڑا تیز دوڑا اور ہانپا اَوْجَفَ الفرس گھوڑا دوڑایا اَوْجَفَ الباب۔ دروازہ بند کیا خفقان والے دل کو وَجَّاف کہتے ہیں۔ وَاجِف۔ بھی کہتے ہیں۔

## وجل

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۲ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ | ڈر جائیں دل ان کے | ۸-۲ |
| (خائف) | | |
| ۱-۳ لَا تَوْجَلْ (لا تخف) | نہ ڈر | ۱۵-۵۳ |
| ۱-۱۹ إِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُونَ | ڈرنے والے ہیں | ۱۵-۵۲ |
| (خائفون) | | |
| قُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ | دل ڈرتے ہیں | ۲۳-۶۰ |

وَجِلَ (يَوْجَلُ ويَيْجَلُ وجلًا ومَوْجِلًا) ڈرا اور رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ وَجَّلَهُ (يُوَجِّلُهُ وَجْلًا وأَوْجَلَهُ) (متعدی) اس سے سخت ڈرا دُجُول بوڑھے آدمی۔ وَجِلٌ ج وَجِلُونَ، وِجَال، وَجِلَةٌ مؤنث وَجِلَ يَوْجَلُ ويَيْجَلُ ويَاجَلُ ويِيجَلُ) مضارع سب طرح درست ہے۔ وَجَلَ (يُوجَلُ وَجَالَةً) بوڑھا ہوا۔

## وجه

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۳ إِنِّي وَجَّهْتُ (فصلت) | میں متوجہ کر لیا | ۶-۷۹ |
| ۱-۵ تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ | جب منہ کیا | ۲۸-۲۲ |
| (قصد بوجهه) | | |
| ۳-۳ أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُ (يبعثه) | جس طرف اسے روانہ کرے | ۱۶-۷۶ |
| فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ | وہاں ہی متوجہ ہے اللہ | ۲-۱۲۵ |
| (قبلته التي رضيها) | | |
| إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ | اللہ ہی کی رضا جوئی میں | ۲-۲۷۲ |
| يُرِيدُونَ وَجْهَهُ | چاہتے ہیں اس کی رضا | ۶-۵۲ |
| (ثوابه) | | |
| هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ | فنا ہے مگر اس کی ذات | ۲۸-۸۸ |
| وَجْهُ رَبِّكَ (ذاته) | منہ تیرے رب کا | ۵۵-۲۷ |
| وَجْهُ أَبِيكُمْ | توجہ تمہارے باپ کی | ۱۲-۹ |
| لِوَجْهِ اللَّهِ (لطلب ثوابه) | خالص اللہ کی خوشی | ۷۶-۹ |
| وَجْهَ النَّهَارِ (اوّله) | دن چڑھے | ۳-۷۲ |
| ظَلَّ وَجْهُهُ | سارا دن رہا اس کا منہ | ۱۶-۵۸ |
| أَسْلَمَ وَجْهَهُ | تابع کر دیا منہ اپنا | ۲-۱۱۲ |
| عَلَىٰ وَجْهِهَا | ٹھیک طرح پر | ۵-۱۰۸ |
| فَصَكَّتْ وَجْهَهَا | پیٹا اس نے اپنا ماتھا | ۵۱-۲۹ |
| تَبْيَضُّ وُجُوهٌ | سفید ہوں گے کئی منہ | ۳-۱۰۶ |
| أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا | مٹا ڈالیں ہم کئی چہرے | ۴-۴۷ |
| وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ | کتنے منہ اس دن | ۷۵-۲۲ |
| اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ | سیاہ ہوئے ان کے منہ | ۳-۱۰۶ |
| أَقِيمُوا وُجُوهَكُمْ | سیدھے کرو اپنا منہ | ۷-۲۹ |
| فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ | اپنے منہ کو | ۲-۱۴۴ |
| وَجْهِيَ | اپنے منہ کو | ۶-۷۹ |
| وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ (قبلة) | ہر ایک کے لیے ایک جانب ہے | ۲-۱۴۸ |
| وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا | مرتبے والا | ۳-۴۵ |
| (ذا جاه) | | |
| عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا | اللہ کے ہاں آبرو والا | ۳۳-۶۹ |

وَجَهَهُ (يَجِهُهُ وَجْهًا) منہ پر مارا اور پھیر دیا۔ وَجُهَ (يَوْجُهُ وَجَاهَةً) وجیہ ہوا۔ وَجَّهَ إِلَيْهِ۔ اس کی طرف گیا۔ وَجَّهَهُ الأمير شرف بخشا۔ أَوْجَهَ الرجل۔ وجیہ بنایا۔ پایا۔ تَوَجَّهَ الجيش۔ لشکر مغلوب ہوگیا۔ وَجْهٌ ج أَوْجُهٌ، وُجُوهٌ، أُجُوهٌ، وِجْهَة جہت، قصد، نیت۔ وَجْهُ الكلام دلیل۔ ذو وَجْهَيْنِ چغلخور وَجِيهٌ۔ صاحب عزت جِهَةٌ ج جِهَات وَجَاهَةٌ عزت، جاہ، مرتبہ۔ مُوَاجَهَة۔ استقبال۔ تَوْجِيه۔ دلیل دینا وَجِيه، سید القوم ج وُجَهَاء وَجَّهَ البيت منہ قبلہ کی طرف کیا۔

## وحد

| | | |
|---|---|---|
| ۱-۱۵ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ | ایک ہی معبود ہے | ۲-۱۶۳ |
| ۱-۱۵ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ | اکیلا غالب | ۱۳-۱۶ |
| ۱-۱۵ إِلَٰهًا وَاحِدًا | وہی ایک معبود | ۲-۱۳۳ |
| ۱-۱۵ إِنَّ إِلَٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ | حاکم تمہارا ایک ہی ہے | ۳۷-۴ |
| ۱-۱۵ أُمَّةً وَاحِدَةً | ایمان پر | ۲-۲۱۳ |

۱-۱۵ خَوَاحِدَةً تو ایک ہی نکاح کرو ۴-۳

۱-۱۷ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا جس کو میں نے بنایا اکیلا ۷۴-۱۱

۱-۲۲ لِنَعْبُدَ اللهَ وَحْدَهُ بندگی کریں ہم اللہ اکیلے کی ۷-۶۹

۱-۲۲ اٰمَنَّا بِاللهِ وَحْدَهُ یقین لائے ہم اللہ اکیلے پر ۴۰-۸۴

وَحَدَ يَحِدُ وَحْدًا وَوَحْدَةً وَحِدَةً وَوُحُوْدًا وَحَدَ يَحِدُ وَحَادَةً وَوُحُوْدَةً اکیلا ہ فہو وَحِيْدٌ تَوَحَّدَهُ اس کو اکیلا جانا ۔ لا الٰہ الا اللہ کہا۔ اِتَّحَدَ الشَّيْئَانِ۔ دو چیزوں کو ایک کر دیا اِتِّحاد واحد اثنیہ، وَاحِدٌ اکیلا۔ اَحَدٌ اصل میں یہ بھی وحد ہے۔ وَاحِدٌ من اسماء الحسنٰی، وَاحِدٌ پہلا عدد واحدان، واحدون، وَحِيْدُ الدَّهْرِ بے نظیر توحید۔ مُوَحَّد۔ وہ حروف جن پر صرف ایک نقطہ ہے۔ احد بھی اسی سے ماخوذ ہے۔

## وحش

وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ اور جب وحشی جانور اکٹھے کیے جاویں ۸۱-۵

وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا وَحَّشَ بثوبہ وسلاحہ کپڑا یا ہتھیار اس لیے پھینک دیا کہ دشمن ہن کر پکڑ نہ لے اَوْحَشَ الْمَكَانُ۔ لوگ مکان سے چلے گئے، اَوْحَشَ الْمَكَانُ مکان خالی پایا۔ وَحْشٌ جنگلی جانور ج وُحُوْشٌ وُحْشَانٌ، تَوَحَّشَ۔ وحشی ہو گیا، بھوکا ہوا، وَحْشَةٌ۔ خلوت۔ خوف وَحْشِيَّةٌ، وہ ہوا، جو پکڑے ہوئے کپڑے کو زور سے اڑانا چاہتی ہو وَحْشِيٌّ جنگلی جانور اور بدکنے والا۔ وحش اور اُنس دونوں متضاد ہیں اَوْحَشَ الرَّجُلُ بھوکا ہو گیا۔ بقر الواحش، جنگلی گائے۔

## وحی

۲-۱ فَاَوْحٰى اِلَيْهِمْ (اشار) تو اشارہ سے کہا ان کو ۱۹-۱۱

۲-۱ فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ حکم بھیجا اللہ نے اپنے بندہ پر ۵۳-۱۰

۲-۱ اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ حکم دیا تیرے رب نے مکھی کو ۱۶-۶۸

۲-۱ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اور اتارا ہر آسمان میں اپنا حکم ۴۱-۱۲

۲-۱ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا بِاَس لیے کہ تیرے رب نے حکم دیا اسکو ۹۹-۵

۲-۱ وَاِذْ اَوْحَيْتُ جب میں نے دل میں ڈالا ۵-۱۱۱

(امر تھم علی لسانہ)

۲-۱ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ہم نے وحی بھیجی تیری طرف ۴-۱۶۳

۲-۱ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اور ہم نے اشارہ کر دیا اس کو ۱۲-۱۵

۲-۲ اُوْحِيَ اِلَيْكَ جو حکم آئے تجھ کو ۶-۱۰۶

۲-۲ اُوْحِيَ اِلَيَّ (اخبر یا وحی) مجھے حکم آیا ہے ۷۲-۱

۲-۲ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ حکم بھیجا گیا ہماری طرف ۲۰-۴۸

۲-۳ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ جو سکھلاتے ہیں ایک دوسرے کو ۶-۱۱۲

(یوسوس)

۲-۳ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ جب حکم بھیجا تیرا رب ۸-۱۲

۲-۳ لَيُوْحُوْنَ (یوسوسون) دل میں ڈالتے ہیں اپنے رفیقوں کو ۶-۱۲۱

۲-۳ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ہم بھیجتے ہیں تجھ کو ۳-۴۴

(قصہ مریم)

۲-۳ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ہم بھیجتے ہیں تیری طرف ۱۱-۴۹

۲-۲ نُوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ وحی بھیجتے ہیں ہم ان کو ۱۲-۱۰۹

۲-۴ وَلَمْ يُوْحَ اور نہیں وحی کیا گیا ۶-۹۳

۲-۴ وَحْيٌ يُّوْحٰى حکم ہے بھیجا ہوا ۵۳-۴

۲-۴ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى جو حکم بھیجا گیا ۲۰-۳۸

۲-۴ يُوْحٰٓى اِلَيْكَ حکم بھیجا گیا تیری طرف ۱۰-۱۰۹

۲-۴ يُوْحٰٓى اِلَيَّ حکم بھیجا گیا میری طرف ۷-۲۰۳

اِلَّا وَحْيٌ حکم ۵۳-۴

وَحْيُهٗ اس کا اترنا ۲۰-۱۱۴

وَوَحْيِنَا (امرنا) اور ہمارے حکم سے ۱۱-۳۷

وَحٰى يَحِيْ وَحْيًا اِلٰى فُلَانٍ، اشارہ کیا، اَوْحٰى بھیجا، چھپ کر کلام کی، الہام کیا۔ اَوْحَى الْكِتٰبَ لکھی۔ اَوْحَى الذَّبِيْحَةَ جلدی سے ذبح کیا وَحْيٌ مکتوب رسالہ۔ وَحِيٌّ۔ جلدی کا آوازہ۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ۔

## ود

۱-۱ وَدَّ كَثِيْرٌ دل چاہتا ہے بہت ۲-۱۰۹

۱-۱ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ اور چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کفر کرو ۴-۸۹

(تمنو)

۱-۱ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ (تمنوا) انکی خوشی ہے کہ تم جسقدر تکلیف اٹھاؤ ۳-۱۱۸

۱-۱ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ (تمنت) آرزو ہے بعض اہل کتاب کی ۳-۶۹

۱-۳ یَوَدُّ اَحَدُھُمْ (یتمنّی) چاہتا ہے ایک ایک انکا ۲-۹۶

۱-۳ اَیَوَدُّ اَحَدُکُمْ (ایحب) کیا پسند آتا ہے کسی کو ۲-۲۶۶

۱-۳ یَوَدُّوْا لَوْ اَنَّھُمْ (یتمنوا) تو آرزو کریں ۳۳-۲۰

۱-۳ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ (مونث) آرزو کرے گا ۳-۳۰

۱-۳ تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَیْرَ اور ہم چاہتے تھے ۸-۷

۴-۳ یُوَآدُّوْنَ (یصادقون) دوستی کریں ۵۸-۲۲

۱-۱۹ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ مہربان محبت والا ۱۱-۹۰
(المحب لھم)

۱-۱۹ غَفُوْرُ الْوَدُوْدُ بخشنے والا محبت والا ۸۵-۱۴

۱-۲۲ مَوَدَّۃَ بَیْنِکُمْ کچھ دوستی ۴-۷۳
(معرفۃ صلۃ اقہ)

۱-۲۲ اَقْرَبَھُمْ مَّوَدَّۃً سب سے نزدیک محبت میں ۵-۸۲

۱-۲۲ اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی دوستی چاہئے قرابت میں ۴۲-۲۳

سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا کرے گا رحمٰن محبت ۱۹-۹۷

لَا تَذَرُنَّ وَدًّا نہ چھوڑو ود کو ۷۱-۲۳

وَدَّ یَوَدُّ وَدًّا وِدًّا وُدًّا وِدَادًا وَدَادَۃً مَوَدَّۃً (مودۃ) دوست رکھنا وَادَّہٗ حابّہٗ۔ وُدٌّ دوستی۔ وَدُوْدٌ زیادہ محبت والا۔ من الاسماء الحسنٰی المحبوب۔ وَدِیْدٌ محب ج اَوِدَّۃٌ

## ودع

۱-۳ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ (ما ترکک) نہ چھوڑا تجھ کو تیرے رب نے ۹۳-۳

۱-۱۱ وَدَعْ اَذٰھُمْ (اترک) اور چھوڑ دے ان کا ستانا ۳۳-۴۸

۱۱-۱۸ مُسْتَوْدَعٌ (صلب) امانت رکھے جانے کی جگہ ۶-۹۸

۱۱-۸ وَمُسْتَوْدَعَھَا جہاں سونپا جاتا ہے ۱۱-۶

وَدَعَ یَدَعُ وَدْعًا چھوڑا۔ وَدَعَ مالاً عندہٗ بطور ودیعت اس کے پاس چھوڑا۔ وَدَّعَ المسافرُ الناسَ، خلّفھم، خافضین، وَدَّعَ القومُ المسافرَ، شیّعوہ، وَدَّعَہٗ، ھجرہٗ، وَدَّعَ الصبیَّ لڑکے کے گلے میں کوڑی لٹکائی کہ اسے نظر نہ لگے اور گلے کے زخم کا ...

اس کے سپرد کیا۔ اَوْدَعَہُ السِّرَّ اسے بھید بتلایا اور تاکید کی کہ کسی اور کو نہ بتلانا۔ اَلتَّوَدُّعُ ترک النفس عن المجاھدۃ۔ اِسْتَوْدَعَہٗ بطور ودیعت اس کے حوالہ کیا۔ وَدْعٌ واحد وَدَعَۃٌ ج وَدَعَات گھونگا۔ وِدَاعٌ مسافر کو روانہ کرنا۔ وَدَاعَۃٌ عزت و وقار۔ مستودع رحم۔ وَدِیْعَۃٌ ج ودائع جو کہ سپرد کیا جائے۔ وَدِیْعٌ ج وُدَاعٌ ہادی و ساکن

## ودق

۱-۲۲ تَرَی الْوَدْقَ دیکھے تو مینہ ۲۴-۴۳ / ۳۰-۴۸

وَدَقَ یَدِقُ وَدْقًا المطرُ قطرہ قطرہ بارش برسی وَدَقَتْ تَدِقُ وَدْقًا عَیْنُہٗ آنکھوں سے آنسو نکلے اَوْدَقَتِ السَّمَآءُ آسمان برسا۔ وَدَقَ بَطْنُہٗ اسہال شروع ہوئے۔ وَدْق بارش، بارش کے روز کا غبار، گرمی کا غبار۔ وَدَقَتْ تَدِقُ وَدِقَتْ تَوْدَقُ وَدْقًا یَوْدُقُ وُدُوْقًا وِدَاقًا وَدَقَانًا الاتانُ جب گدھی کو گدھے کی ضرورت ہوئی، تو فرج سے رطوبت نکالنی شروع کی۔

## ودی

۱-۲۲ فَدِیَۃٌ مُّسَلَّمَۃٌ تو خون بہا پہنچایا جاوے ۴-۹۲

۱-۲۲ وَدِیَۃٌ مُّسَلَّمَۃٌ اور خون بہا پہنچایا جاوے ”

۱-۱۵ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ میدان میں جہاں کھیتی نہیں ۱۴-۳۷

۱-۱۵ وَادِ الْاَیْمَنِ میدان کے داہنے کنارے ۲۸-۳۰

۱-۱۵ وَادِ النَّمْلِ چیونٹیوں کے میدان میں ۲۷-۱۸

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ پاک میدان طویٰ میں ۲۰-۱۲

فِیْ کُلِّ وَادٍ ہر میدان میں ۲۶-۲۲۵

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ گھڑے پتھر میدان میں ۸۹-۹

وَلَا یَقْطَعُوْنَ وَادِیًا نہیں گزرتے کوئی میدان ۹-۱۲۱

فَسَالَتْ اَوْدِیَۃٌ بہنے لگے نالے ۱۳-۱۹

مُسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِھِمْ سامنے آیا انکے نالوں کے ۴۶-۲۴

وَدٰی یَدِیْ وَدْیًا دِیَۃً القاتلُ القتیلَ۔ قاتل نے مقتول کا خون بہا دے دیا۔ وَدٰی یَدِیْ وَدْیًا الشیءُ۔ تیرا، وَدٰی، ھلک۔ اِتَّدٰی خون بہا لیا۔ دِیَۃٌ ج دِیَات۔ خون بہا۔ وَدٰی، ہلاکت۔ وَادِی، پہاڑوں کے درمیان کی جگہ ج اَوْدِیَۃ۔ وَادِیَۃ طریق، مذہب ھامِنْ وَادٍ واحدٍ

دونوں کا ایک ہی مسلک ہے۔ مِنْ اٰذِیَتِہِ الکلام۔ وَدِیٌ۔ عورت کے ساتھ کھیلنے سے جو رطوبت نکلتی ہے۔ دو پہاڑوں کے درمیان جو ڈھلوان ہوتی ہے اس کو لغت میں وَادِی کہتے ہیں پھر عام میدان سے بھی مراد لیا جاتا ہے۔

## وذر

۱-۳ وَيَذَرُهُمْ — چھوڑے رکھتا ہے ان کو — ۱۸۵/۷
۱-۳ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ — تاکہ چھوڑ دے مسلمانوں کو — ۱۷۹-۳
۱-۳ فَيَذَرُهَا قَاعًا — چھوڑ دے گا زمین کو صاف — ۱۰۶-۲۰
۱-۳ وَيَذَرَكَ (يترك) — موقوف کر دے تجھ کو — ۱۲۷/۷
۱-۳ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا (يتركون) — چھوڑ جاویں اپنی عورتیں — ۲۳۴/۲
۱-۳ أَتَذَرُ مُوسَىٰ — کیوں چھوڑتا ہے تو — ۱۲۷/۷
۱-۳ رَبِّ لَا تَذَرْ — نہ رہنے دے — ۲۶-۷۱
۱-۳ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا — نہ چھوڑ مجھ کو اکیلا — ۸۹-۲۱
۱-۳ إِنْ تَذَرْهُمْ — اگر تو ان کو چھوڑ دے گا — ۲۷/۷۱
۱-۳ فَتَذَرُوهَا (تترکوا) — ڈال رکھو ایک عورت کو — ۱۲۹-۴
۱-۳ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ — اور چھوڑتے ہو — ۱۶۶-۲۶
۱-۳ وَنَذَرُ الظَّالِمِينَ — اور چھوڑ دیں گے ہم ظالموں کو — ۷۲-۱۹
۱-۳ فَنَذَرُ الَّذِينَ — چھوڑے رکھتے ہیں ہم — ۱۱-۱۰
۱-۳ وَنَذَرُهُمْ (نترکهم) — چھوڑے رکھتے ہیں ہم — ۱۱۰-۶
۱-۳ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ — اور چھوڑ دیں ہم — ۶۹-۷
۱-۳ لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ — کبھی نہ چھوڑنا — ۲۳/۷۱
۱-۳ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا — کبھی نہ چھوڑنا — ۲۳/۷۱
۱-۱۱ وَذَرِ الَّذِينَ (اترك) — چھوڑ دے — ۷۰-۶
۱-۱۱ ثُمَّ ذَرْهُمْ — پھر چھوڑ ان کو — ۹۱-۶
۱-۱۱ فَذَرْنِي (دعنی) — چھوڑ مجھے — ۴۴/۶۸
۱-۱۱ وَذَرْنِي (اترکنی) — چھوڑ دے مجھ کو — ۱۱/۷۳
۱-۱۱ ذَرْنَا نَكُنْ — چھوڑ ہمیں — ۸۶/۹
۱-۱۱ وَذَرُوا مَا بَقِيَ (اترکوا) — چھوڑ دو — ۲۷۸/۲
۱-۱۱ فَذَرُوهُ (اترکوہ) — رہنے دو اسے — ۴۷-۱۲
۱-۱۱ فَذَرُوهَا — اسے چھوڑ دو — ۷۳/۷
۱-۱۱ ذَرُونِي أَقْتُلْ — چھوڑو مجھے — ۲۶/۴۰
۱-۱۱ ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ (اترکونا) — ہمیں چھوڑو کہ ہم بھی چلیں تمہارے پیچھے — ۱۵-۴۸

اس لفظ کا ماضی نہ آوے گا حقیر سمجھ کر ایک چیز کو چھوڑنے کے معنی میں آتا ہے۔ وَذَرَ يَذَرُ (وَذْرًا) کا ہے

## ورء

وَرَاءَ ذَٰلِكَ — اس کے سوا — ۷-۲۳
مَا وَرَاءَ ذَٰلِكُمْ — سب عورتیں ان کے سوا — ۲۴-۴
مِنْ وَرَائِكُمْ — تمہارے پاس سے — ۱۰۲-۴
وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ — اپنی پیٹھ کے پیچھے — ۹۴-۶
بِمَا وَرَاءَهُ (سواہ) — جو اس کے سوا ہے — ۹۱-۲
مِنْ وَرَائِهِ جَهَنَّمُ — پیچھے اس کے دوزخ ہے — ۱۶-۱۴
وَرَاءَ ظُهُورِهِ — اپنے پیٹھ کے پیچھے — ۱۰/۸۴
وَمِنْ وَرَائِهِمْ — ان کے پیچھے پردہ ہے — ۱۰۰/۲۳
مِنْ وَرَائِي — اپنے پیچھے — ۵-۱۹
وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ — اپنی پیٹھ کے پیچھے — ۱۰۱-۲

وَرَاءَ پیچھے، ظرف زمان۔ وَرَاءَ الْإِنْسَانِ، خلفہ، وَرَاءَ پوتا
وَرَى يَرِي وَرْيًا (وَرًا) الشیء۔ دفعہ کیا۔

## ورث

۱-۱ وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ — اور قائم مقام ہوا سلیمان — ۱۶-۲۷
۱-۱ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ — اور وارث ہیں اسکے ماں باپ — ۱۱-۴
۱-۱ وَرِثُوا الْكِتَابَ — جو وارث بنے کتاب کے — ۱۶۹-۷
۲-۱ وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ — اور تم کو دلائی ان کی زمین — ۲۷-۳۳
۲-۱ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ — کر وارث کیا ہم کو — ۷۴-۳۹
۲-۱ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ (اعطینا) — پھر ہم نے وارث کئے کتاب کے — ۳۲-۳۵
۲-۱ وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ — اور وارث کر دیا ہم نے — ۱۳۶/۷
۲-۱ وَأَوْرَثْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ — اور وارث بنایا ہمنے یہ چیزیں — ۵۳-۴۰
۲-۱ وَأَوْرَثْنَاهَا — اور ہاتھ لگائے ہم نے — ۶۰/۲۶

۲-۲ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ — جن کو ملی ہے کتاب ۴۲-۱۴
۲-۲ اُوْرِثْتُمُوْهَا — تم وارث ہوئے اس کے ۷-۴۳
۱-۳ وَهُوَ يَرِثُهَا — اور وہ بھائی وارث ہے ۴-۱۷۵
۱-۳ يَرِثُنِيْ وَيَرِثُ — میری جگہ بیٹھے اور جگہ ۱۹-۵
۱-۳ الْاَرْضَ يَرِثُهَا — زمین کے مالک ہوں گے ۲۱-۱۰۵
۱-۳ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ — جو وارث ہوئے ہیں زمین کے ۷-۹۹
۱-۳ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ — میراث میں پائیں گے ۲۳-۱۱
۱-۳ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ — میراث میں لے عورتوں کو ۴-۱۸
۱-۳ نَرِثُ الْاَرْضَ — ہم مالک ہیں زمین کے ۱۹-۴۰
۱-۳ وَنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ — اور ہم لے لیں گے اس کے مرنے کے بعد ۱۹-۸۰
۲-۳ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ — اس کا وارث کرے ۷-۱۲۷
۲-۳ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا — مالک بنائیں گے ہم ۱۹-۶۳

(نعطی)

۲-۲ يُوْرَثُ كَلٰلَةً — جس کی میراث ہے، باپ بیٹا کچھ نہیں رکھتا ۴-۱۲
۱-۱۵ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ — وارثوں میں ۲۶-۸۵
۱-۱۵ وَعَلَى الْوَارِثِ — اور وارثوں پر بھی ۲-۲۳۳
۱-۱۵ نَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ — ہم ہی مالک ہیں ۱۵-۲۳

(یاتون)

۱-۱۵ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ — سب سے بہتر وارث ۲۱-۸۹
۱-۲۲ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ — اور کھاتے ہو ورثہ ۸۹-۱۹

(المیلات)

۱-۲۲ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ — وارث ہے آسمانوں کا ۳-۱۸۰

وَرِثَ يَرِثُ وَرْثًا وَاِرْثًا وَاِرْثَةً وَتُرَاثًا مرنے کے بعد وارث ہوا۔ اَوْرَثَهٗ اس کو وارث بنایا۔ وَرَّثَ النَّارَ آگ بھڑکائی۔ اَوْرَثَهٗ اس کو وارث بنایا۔ اِرْثٌ، وِرْثٌ، وِرَاثَةٌ، تُرَاثٌ، سب مصدر ہیں۔ وَارِثٌ ج وَرَثَةٌ، وُرَّاثٌ۔ مِيْرَاثٌ ج مَوَارِيْثُ، موروث، جو مال چھوڑ گیا، یا جس چیز کو چھوڑ گیا۔ تَوَارَثَتِ الْحَوَادِثُ۔ پے در پے مصیبتیں

## ورد

۱-۱ وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ — پہنچا مدین کے پانی پر ۲۸-۲۲
۱-۱ مَا وَرَدُوْهَا (داخلوها) — نہ پہنچتے اس پر ۲۱-۹۹
۲-۱ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ — پہنچائے گا ان کو آگ پر ۱۱-۹۹

(وادخلهم النار)

۱-۱۵ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ — بھیجا اپنا پانی بھرنے والا ۱۲-۱۹
۱-۱۵ اِلَّا وَارِدُهَا (داخلها) — مگر ضرور پہنچے گا اس پر ۱۹-۷۱
۱-۱۵ لَهَا وٰرِدُوْنَ (داخلون) — تم کو اس میں پہنچنا ہے ۲۱-۹۸
۱-۱۶ الْمَوْرُوْدُ — جس پر پہنچے ۱۱-۹۸
الْوِرْدُ — گھاٹ ″
اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا — جہنم کی طرف پیاسے ۱۹-۸۶

(ج وارد بمعنی ماش عطشان)

وَرْدَةً كَالدِّهَانِ — گلابی رنگ ۵۵-۳۷
حَبْلِ الْوَرِيْدِ — دھڑکتی رگ ۵۰-۱۶

وَرَدَ يَرِدُ وُرُوْدًا، منزل پانی پر آیا، فائدہ اسم وِرد۔ وردت الحمٰی، بخار وقتاً فوقتاً آیا۔ وُرِدَ رجل، بخار ہو گیا۔ وردت المرأۃ عورت نے اپنے رخسار سرخ کئے۔ اَوْرَدَهٗ اسے گھاٹ پر لے گیا۔ اسکو وارد کیا۔ وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابُهٗ اس کا خط مجھے پہنچا۔ وِرْدَةٌ۔ گلاب۔ بخار۔ پانی پر جانا یا قرآن کا کوئی حصہ جس کو انسان ہر وقت رات کھڑا ہو کر پڑھے، اَوْرَادٌ۔ پیاس پانی کا حصہ، گھاٹ۔ وَرْدِيَّةٌ۔ گلابی رنگ۔ وَرْدٌ۔ تیز روشنی۔ حبل الورید یہ دو رگیں ہیں، ایک سے خون دل میں پہنچتا ہے، دوسری سے خون دل سے باہر نکل کر تمام جسم میں جاتا ہے ج اَوْرِدَةٌ۔ ان کا کٹ جانا ذبح ہونا ہے۔ فا وَارِدٌ بمعنی بہادر، وَارِدَةٌ، گھاٹ، مَوْرِدَةٌ، گھاٹ ج مَوَارِدُ۔ اصل میں ورود پانی پر پہنچنا ہے۔ وَرَّدَ الشَّجَرُ، گلاب کے پودے نے گلاب کے پھول نکالے

## ورق

وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ — نہیں جھڑتا کوئی پتہ ۶-۵۹
مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ — بہشت کے پتوں سے ۲۰-۱۲۱ / ۷-۲۲
بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖ — اپنے روپیہ دے کر ۱۸-۱۹

(بفضتکم)

وَرَقَ يَرِقُ وَرْقًا، الشجر، پتے نکلے۔ وَرَقَ الشَّجَرَةَ، آدمی نے درخت کے پتے لیے۔ وَارِقٌ۔ سبز پتوں والا درخت۔ تَوَرَّقَ الْغَنَمُ۔ پتے کھانے

وَرِقٌ، وَرْقٌ ج اَوْرَاق۔ وَوَارِق۔ درہم۔ وَرَق۔ سکہ، پتہ، کتاب کا ورقہ ج وَرَقَات، اَوْرَاق، وَرَقُ الشَّبَاب تازگی وِرَاق۔ پتے نکلنے کا موسم وَرَّاق۔ کاغذ بیچنے والا، بنانے والا، کاتب، زیادہ مال۔ ذُوالورق۔ امیر

## وری

۶-۲ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ — یہاں تک کہ سورج چھپ گیا — ۳۸-۳۲

۴-۳ مَا وُوْرِیَ عَنْهُمَا — وہ چیز جو ان کی نظر سے پوشیدہ تھی — ۷-۲۰

(فوعل من المواراۃ)

۲-۳ مَا تُوْرُوْنَ — جس کو تم سلگاتے ہو — ۵۶/۷۱

۴-۳ کَیْفَ یُوَارِیْ سَوْءَۃَ — کس طرح چھپاتا ہے — ۵/۳۱

(یستر)

۴-۳ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِكُمْ — جو ڈھانکے تمہاری شرمگاہیں — ۷-۲۶

۴-۳ کَاُوَارِیَ سَوْءَۃَ — چھپاؤں میں لاش اپنے بھائی کی — ۵-۳۹

۶-۳ یَتَوَارٰی مِنَ الْقَوْمِ — چھپتا پھرے لوگوں سے — ۱۶-۵۹

(یختفی)

۲-۱۵ فَالْمُوْرِیٰتِ قَدْحًا — آگ سلگانے والے پتھر جھاڑ کر — ۱۰۰-۲

وَرٰی یَرِیْ وَرْیًا وَرِیَّۃً الزَّنْدُ۔ زند نے آگ نکالی وَرَّی الشَّیْءَ چھپایا وَرَّی الخَبَرَ۔ خبر کو پس پشت ڈالا، اور چھپایا۔ وَارَی الشَّیءَ۔ تَوْرِیًا، تَوَارِیًا۔ چھپانا، وَارِی۔

## وزر

کَلَّا لَا وَزَرَ — کوئی نہیں کہیں نہیں بچاؤ — ۷۵-۱۱

۱-۳ مَا یَزِرُوْنَ (یحملون حملھم) — جو بوجھ اٹھاتے ہیں — ۱۶-۲۵

۱-۳ لَا تَزِرُ — نہ بوجھ اٹھائے گا — ۶-۱۶۴

وِزْرَ اُخْرٰی — بوجھ دوسرے کا — ″

عَنْكَ وِزْرَكَ — بوجھ تیرا — ۹۴-۲

وِزْرًا — بوجھ — ۲۰-۱۰۰

یَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ — تاکہ اٹھائیں بوجھ اپنے — ۱۶-۲۵

(ذنوبھم)

الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا (الاتھا) — لڑائی اپنے ہتھیار — ۴۷-۴

اَوْزَارًا مِّنْ (اثقالا) — بوجھ — ۲۰-۸۷

وَازِرَۃٌ (اثمۃ) — بوجھ اٹھانے والی — ۶-۱۶۴

وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ (معینا) — ایک کام بٹانے والا میرے گھر کا — ۲۰-۲۹

وَزَرَ یَزِرُ وِزْرًا الشَّیْءَ اٹھایا۔ وَزَرَ الرَّجُلُ۔ پشت پر بھاری بوجھ اٹھایا وَزَرَ یَزِرُ وَزَارَۃً وزیر بنا۔ اِتَّزَرَ، اَوْزَرَ۔ پہنی چھوٹی چادر۔ ج وِزْرَات وِزْرٌ گناہ، بوجھ، وَزَرٌ جائے پناہ، مَوْزُوْرٌ گناہگار وَزَارَتٌ رتبہ وزیر وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا، وَزِرَ یَوْزَرُ وِزْرًا وَزْرًا، وِزْرَۃً گناہگار بنا۔

## وزع

۱-۴ وَالطَّیْرِ فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ — پھر ان کی جماعتیں بنائی گئیں — ۲۷-۱۷

(یجمعون ثم یساقون)

۱-۴ اِلَی النَّارِ ... یُوْزَعُوْنَ — ان کی جماعتیں بنائی جاویں گی — ۴۱-۱۹

۲-۱۱ رَبِّ اَوْزِعْنِیْ (الھمنی) — میری قسمت میں کر — ۲۷-۱۹، ۴۶-۱۵

وَزَعَ یَزَعُ وَزْعًا بند رکھا، روکا۔ وَزَعَ الْجَیْشَ۔ پہلے اور پچھلے لشکر کو اکٹھا کیا وَزَّعَ و اَوْزَعَ المال، مال بانٹا اَوْزَعَہٗ اَلْهَمَہٗ، اِتَّزَعَ۔ بند رہا اِسْتَوْزَعَ اللّٰهَ۔ اللہ کا شکریہ کیا وَزَعَہٗ۔ بری اور حرام باتوں سے منع کرنا۔ وُزُوْعٌ اسم و مصدر۔ وَازِعٌ سپہ سالار لشکر۔ باز دارندہ کتا، سلطان ج وَزَعَۃٌ، وُزَّاعٌ۔

## وزن

اَوْ وَّزَنُوْهُمْ — یا تول کر ان کو دیتے — ۸۳-۳

۱-۱۱ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ — تولو سیدھی ترازو سے — ۱۷-۳۵

۱-۱۶ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ — ہر چیز اندازے سے — ۱۵-۱۹

(معلوم)

لَا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ — زیادتی نہ کرو ترازو میں — ۵۵-۸

(اثبت العدل)

وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ — اور رکھی ترازو — ۵۵-۸

ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ — جس کی تولیں بھاری ہوئیں — ۷-۸

خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ — جس کی تولیں ہلکی ہوئیں — ۷-۸

الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ — ترازوئیں انصاف کی — ۲۱-۴۷

۱-۲۲ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَزْنًا — قیامت کے دن تول — ۱۸-۱۰۶

۱-۲۲ وَالْوَزْنُ یَوْمَئِذِنِ الْحَقُّ — تول اس دن کی ٹھیک ہوگی — ۷-۸

۱-۲۲ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ اور سیدھی ترازو تولو ۵۵-۹

وَزَنَ (یَزِنُ وَزْنًا وَزِنَۃً) تولا وَزَنَ الشِّعْرَ، ایک دوسرے کے موافق کیا وَزُنَ (یَوْزُنُ وَزَانَۃً) وزن دار ہوئی۔ وَزُنَ الرَّجُلُ اس کی رائے وزن دار ہے وَزَّنَ نَفْسَہٗ عَلَی کَذَا، وَطَّنَہَا، وَازَنَہٗ وِزَانًا وَمُوَازَنَۃً موازنہ کیا، کہ کونسی چیز وزن دار ہے یا کہ کون حق پر ہے۔ وَزْنَۃٌ۔ ایک دفعہ تولنا اور عقلمند عورت میزان بقدار میزَانُ النَّہَارِ۔ جب کہ سورج عین سر پر ہے

## وسط

۱-۱ فَوَسَطْنَ بِہٖ جَمْعًا تو گھس جانے والے اس وقت ۱۰۰-۵
(توسطن) فوج میں

۱-۲۱ قَالَ اَوْسَطُہُمْ بولا بھلا ان کا ۶۸-۲۸
(اعقلہم وخیرہم)

۱-۲۱ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اوسط درجہ کا کھانا ۵-۸۹

وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی بیچ والی نماز سے ۲-۲۳۸

اُمَّۃً وَّسَطًا امت معتدل ۲-۱۴۳

وَسَطَ (یَسِطُ وَسْطًا وَسِطَۃً) المکانَ۔ درمیان بیٹھا تھا۔ وَاسِط وَسَطَ (وَسَاطَۃً) القومَ۔ حق اور عدل کے ساتھ توسط پکڑا۔ وَسُطَ (یَوْسُطُ وَسَاطَۃً) شریف اور حسیب ہوا۔ وَسَّطَہٗ اسے درمیان کیا، اَوْسَطَ القومَ۔ قوم کے درمیان آیا تَوَسَّطَ بَیْنَہُمْ۔ مصلح اور وسیط کھڑا ہوا۔ وَسْط۔ واحد، جمع، مذکر، مؤنث سب کے لیے ہے معتدل ج اَوْسَاط، اَوْسَط ج اَوَاسِط، م وُسْطٰی، وُسْطٰی۔ درمیانی انگل بحرِ المتوسط۔ جو سمندر ایشیا، یورپ اور افریقہ کو الگ الگ کرتا ہے اسے بحیرہ روم اور بحیرہ ابیض بھی کہتے ہیں واسطے۔ لیے وَاسِطَۃ وسیلہ وِسَاطَت، ذریعہ

## وسع

۱-۱ وَسِعَ کُرْسِیُّہٗ اور گنجائش ہے اس کی کرسی میں ۲-۲۵۵

۱-۱ وَسِعَ رَبِّیْ (احاط) اور احاطہ کر لیا ہے ۶-۸۰

۱-۱ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ شامل ہے ہر چیز کو ۷-۱۵۶
(احاطت بہ)

۱-۱ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ (رحمت) ہر چیز سمائی ہوئی ہے ۴۰-۷

۱-۱۵ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ گنجائش والا ہے ۳-۷۳
(کثیر الفضل)

۱-۱۵ اَرْضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃً اللہ کی زمین فراخ ہے ۴-۹۷

۱-۱۵ اِنَّ اَرْضِیْ وَاسِعَۃٌ میری زمین فراخ ہے ۲۹-۵۶

۱-۱۵ وَاسِعًا حَکِیْمًا وسیع حکمت والا ہے ۴-۱۳۰

۱-۱۵ وَاسِعُ الْمَغْفِرَۃِ بخشش میں بڑی سمائی والا ہے ۵۳-۳۲

۲-۱۵ عَلَی الْمُوْسِعِ قَدَرُہٗ مقدور والے پر اس کا قدر ۲-۲۳۶
(الغنی)

۲-۱۵ وَاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور ہم کو سب مقدور ہے ۵۱-۴۷
(بہا قادرون)

۱-۲۲ ذُوْ سَعَۃٍ وسعت والا ۶۵-۷

۱-۲۲ سَعَۃً مِّنَ الْمَالِ کشائش مال میں ۲-۲۴۷

۱-۲۲ کُلًّا مِّنْ سَعَتِہٖ (فضلہ) اپنی کشائش سے ۴-۱۳۰

۱-۲۲ مُرٰغَمًا کَثِیْرًا وَّسَعَۃً جگہ بہت اور کشائش ۴-۱۰۰

۱-۲۲ وَالسَّعَۃِ اور کشائش والے ۲۴-۲۲

۱-۲۲ اِلَّا وُسْعَہَا (طاقتہا) مگر اس کی گنجائش ۲-۲۳۳

وَسِعَ (یَسَعُ سَعَۃً) المکانُ جگہ کھلی ہوئی۔ وَسَعَ (یَوْسَعُ وَسْعًا) اللّٰہُ عَلَیْہِ رِزْقَہٗ۔ اس کو غنی کیا وَسُعَ (یَوْسُعُ سَعَۃً وَسَاعَۃً) وَاتَّسَعَ فراخ ہوا وِسْعٌ، طاقت، سَعَۃٌ، وُسْعَۃٌ توسعۃ، آسانی، غنایت طاقت، قدرت، وَسِیْعٌ۔ کھلا۔

## وسق

۱-۱ وَمَا وَسَقَ اور جو سمٹ آتی ہے ۸۴-۱۷
(جمع ما دخل من الدواب وغیرہا)

۷-۱ اِذَا اتَّسَقَ جب پورا بھر جائے ۸۴-۱۸
(اجتمع وتم نورہ)

وسق (یَسِقُ وَسْقًا) جمع کیا اور اٹھایا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَۃُ۔ اونٹنی حاملہ ہوئی تھی۔ وَاسِق (اونٹنی) ج وَاسِقَات، وِسَاق، اِتَّسَقَ الْاَمْرُ۔ کام منظم ہو گیا۔ اِتَّسَقَ الْاِبِلُ، اجتمعت۔ اِتَّسَقَ الْقَمَرُ۔ چاند پورا ہو گیا۔ بھر گیا۔ بدر ہوا۔ وَسْق ج اَوْسَاق ۶۰ صاع یا ایک اونٹ کا بوجھ

مراد لیا گیا ہے۔ وَسْقَ بَعِیْرٍ اونٹ پر ۶۰ صاع بوجھ لادا۔

## وسل

وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ ڈھونڈو اس تک وسیلہ ۵-۳۵

(مایتقرب بہ الیہ من طاعتہ)

یَبْتَغُوْنَ اِلٰی رَبِّھِمُ الْوَسِیْلَۃَ اپنے رب کی طرف وسیلہ ۱۷-۵۷

وَسَلَ (یَسِلُ وَسِیْلَۃً و وَسَّلَ و تَوَسَّلَ) اِلَی اللہِ بِعَمَلٍ، فَا، وَاسِلٌ۔ ایسا عمل کیا کہ خداوند کا قرب حاصل ہو گیا۔ وَاسِلَۃٌ، وَسِیْلَۃٌ ج وَسِیْلٌ و وَسَائِلُ۔ وسیلہ، بادشاہوں کے پاس منزلت اور درجہ

## وسم

۳۰-۱ سَنَسِمُہٗ عَلَی الْخُرْطُوْمِ اب داغ دیں گے ہم اسکے سونڈ پر ۶۸-۱۶

(رسمنا علی انفہ علامۃ)

۱۵-۵ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ نشانیاں ہیں دھیان کرنیوالوں کے لیے ۱۵-۷۵

(للناظرین)

وَسَمَہٗ (یَسِمُہٗ وَسْمًا و سِمَۃً) اس کو داغ دیا، یا کہ نشانی لگائی وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا وَسَامَۃً الغلامُ منہ خوبصورت ہوا۔ وَتَسَّمَ مَوْسِمٌ کے اندر آ گیا۔ دَاسَمَہٗ حسن میں اس پر غالب آیا۔ وَسَّمَ الرجلُ خضاب لگایا۔ وِسَامٌ جس سے داغ دیا جاوے۔ وَسِمَۃٌ، وَسِیْمٌ، خوبصورت ج وُسَمَاءُ مَوْسِمٌ ج مَوَاسِمُ، حج کے دنوں میں خلقت کا اکٹھا ہونا، یا کہ بڑی عید میں۔ وَسْمَۃٌ ج وُسُوْمٌ۔ وہ درخت کے پتے جن سے خضاب تیار ہوتا ہے۔ وَسْمِیٌّ۔ وہ پہلی بارش ہے جو کہ کھیتی کا گرد و غبار دھو دیتی ہے اور رنگ ظاہر ہو جاتا ہے۔

## وسن

لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ نہیں پکڑتی اس کو اونگھ ۲-۲۵۵

(نعاس)

وَسِنَ (یَوْسَنُ وَسَنًا و سِنَۃً) اسے سخت نعاس ہوئی اور جاگا۔ وَتَوَسَّنَہٗ۔ بوقت نیند اس کے پاس آیا۔ وَسَنٌ ج اَوْسَانٌ۔ حاجب، وَسْنَانٌ۔ زیادہ سونے والا۔ وَسَنٌ۔ نیند سے پہلے فطور یا غفلت سِنَۃٌ۔ جب کہ نیند کا سر میں بوجھ ہو۔ پورا ہو یا پورا نہ ہو۔

نُعَاسٌ ″ ″ ″ ″ آنکھ ″ ″ ″ ″

نَوْمٌ ″ ″ ″ ″ دل ″ ″ ″ ″

## وسوس

۲۰-۱۶ فَوَسْوَسَ اِلَیْہِ الشَّیْطٰنُ پھر جی میں ڈالا اسکے شیطان نے ۲۰-۱۲۰

″ ۱ فَوَسْوَسَ لَھُمَا الشَّیْطٰنُ پھر بہکایا دونوں کو شیطان نے ۷-۱۹

″ ۳ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ خیال ڈالتا ہے ۱۱۴-۵

″ ۲۲ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ برائی پھسلائے

وَسْوَسَ (یُوَسْوِسُ وِسْوَاسًا و وَسْوَسَۃً) لہ و الیہ الشیطٰنُ بری بات بنائی، یا کہ ایسی چیز کی رغبت دلائی، جس میں نہ نفع ہو اور نہ ہی خیر وَسْوَسَ الرجلُ عقل میں بگاڑ ہو گیا، اور بے ترتیب باتیں کرنے لگ گیا جس کو وسواس پہنچا۔ وہ مُوَسْوِسٌ ہے۔ وَسْوَاسٌ اسم ہے ج وَسَاوِسُ اصل میں اس کے معنی ھمس الخفی ہے۔ کھسر پھسر بری باتیں کرنا

## وسی

یَامُوْسٰی ۲-۶۱

وَسَی الحلقَ سر مونڈا مُوْسٰی۔ استرہ۔ جن کے خیال میں یہ لفظ عربی ہے جیسے امام راغب نے نقل کیا ہے ج مَوَاسٍ۔

## وشی

لَا شِیَۃَ فِیْھَا کوئی داغ نہیں اس میں ۲-۷۱

(لا لون لھا غیر لونھا)

وَشَی (یَشِیْ وَشْیًا و شِیَۃً و وَشِیًّا) الثوبَ۔ رنگوں اور نقشوں سے کپڑے کو خوبصورت بنایا۔ وَشِیَ الکلامَ۔ جھوٹ بولا۔ وَشَّہٗ ثَوْبًا۔ کپڑا پہنا دیا۔ وَشٰی (یَشِیْ وَشْیًا و شَایَۃً) الی الملکِ۔ چغلی کی۔ وَشَی الرجلُ۔ مویشی زیادہ ہو گئے۔ وَشْیٌ۔ کپڑے پر داغ ج وِشَاءٌ، وَشَاۃٌ اونٹوں کی زیادتی شِیَۃٌ ج شِیَاتٌ، ہر وہ رنگ جو کہ بڑے رنگ سے الگ ہو

## وصب

وَلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ان پر مار ہے ہمیشہ کو ۳۷-۹

وَلَہُ الدِّیْنُ وَاصِبًا اسی کی عبادت ہے ہمیشہ ۱۶-۵۲

(دائما)

وَصَبَ (یَصِبُ وُصُوْبًا) قائم و دائم رہا۔ وَصَبَ الدَّیْنُ۔ قرض کا ادا کرنا لازمی ہو گیا۔ وَصِبَ (یَوْصَبُ وَصَبًا و وَجَّبَ و تَوَصَّبَ)

بیمار ہوا۔ وَصَبٌ۔ درد کا مرض جو ہمیشہ رہے وَاصِبٌ۔ دائم، مُوَصَّبٌ زیادہ درد والا، بنصر اور سبابہ کی درمیانی جگہ کو وصیب کہتے ہیں۔

## وصد

ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ — اپنی باہیں چوکھٹ پر — ۱۸-۱۸

۱-۱۶ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ مُّمَدَّدَةٌ — انہی کو آگ موند دیا ہے — ۹۰-۲۰

۱-۱۶ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ — ان کو اس میں موند دیا ہے — ۱۰۴-۸

وَصَدَ يَصِدُ وَصْدًا ثابت رہا رہائش کی۔ وَصَّدَ الثَّوْبَ کپڑا بالصبید کتے کو شکار پر ابھارا بھڑکایا، اَوْصَدَ الْقِدْرَ ہنڈیا پر چینی دے ڈھانپ دیا۔ اَوْصَدَ الْبَابَ، بند کر دیا۔ وَصَّادٌ، نساج جلاہا۔ وَصْدٌ بننا۔ اَوْصَدَ عَلٰی فُلَانٍ اسے ڈرایا اور دھمکی دی۔ وِصَادٌ دربان - یا باورچی۔ وَصِيدٌ، العتبۃ، فناء الدار، الکھف، الجبلُ مُؤْصَدٌ بجائے حجرۃ للمال، تجعل فی الجبال (امام راغب)

## وصف

۱-۳ عَمَّا يَصِفُوْنَ — ان باتوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں — ۶-۱۰۰، ۲۱-۲۲

۱-۳ تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمْ — اپنی زبان سے جھوٹ بنا لیتے ہیں — ۱۶-۱۱۶

(تقول) ہیں

۱-۳ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ — جو تم ظاہر کرتے ہو — ۱۲-۱۸، ۲۱-۱۱۲

" وَصْفَهُمْ — ان کی تقریروں کی — ۶-۱۳۹

وَصَفَ يَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً) صفت بیان کی۔ وَصِيفٌ خدمتگار، غلام ج وُصَفَاءُ، وَصَّافٌ ڈاکٹر، صِفَتٌ ج صِفَاتٌ بیمار کی دوائی تجویز اختیار کی

## وصل

۱-۳ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ — ہم پے در پے بھیجتے رہے — ۲۸-۵۱

۱-۳ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ — نہیں پہنچتا اللہ کی طرف — ۶-۱۳۶

۱-۳ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ — وہ پہنچتا ہے ان کے شریکوں کی طرف — "

۱-۳ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ — وہ لوگ جو ملاتے ہیں — ۱۳-۲۱

۱-۳ فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا — وہ نہ پہنچ سکیں گے تمہاری طرف — ۲۸-۳۵

۱-۳ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ — جو ملاپ رکھتے ہیں — ۴-۹۰

۱-۷ لَنْ يَّصِلُوْۤا اِلَيْكَ — ہرگز نہ پہنچ سکیں تیری طرف — ۱۱-۸۱

۱-۳ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ — نہیں آتے کھانے پر — ۱۱-۷۰

۱-۳ اَنْ يُّوْصَلَ — ملانے کو — ۲-۲۷

۱-۱۷ وَّلَا وَصِيْلَةٍ — اور نہ وصیلہ — ۵-۱۰۳

وَصَلَ يَصِلُ وَصْلًا وَصِلَةً) ملایا۔ وَاصَلَہٗ وِصَالًا وَمُوَاصَلَةً ملایا۔ تَوَصَّلَ پہنچا۔ اِتَّصَلَ ملا۔ وُصْلٌ ج اَوْصَالٌ جوڑ۔ صِلَةٌ عطیہ احسان ج صِلَاتٌ، وَصُوْلٌ، زیادہ دینے والا، یا ملنے والا۔ وُصْلَةٌ ج وُصُلَاتٌ۔ نقد وغیرہ ایک دوسرے کو دینا وَصِيْلَةٌ ج وَصَائِلُ ایک بت کا نام مَوْصُوْلٌ مفعو، مُوْصِلٌ، ایک شہر کا نام وَصِيْلَةٌ بت کی نسبت سعید بن المسیب سے روایت ہے۔ جو اونٹنی مسلسل مادہ بچے جنے، اور درمیان میں کوئی بھی نر بچہ پیدا نہ ہو۔ اسے بت کے نام پر چھوڑ دیتے تھے حرف الوصل۔ واؤ۔ یاء۔ الف۔ ہاء وَصَلَ ایک چیز کا دوسری کے ساتھ اس طرح ملنا جیسے دائرہ کے دونوں اطراف

## وصی

۱-۲ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ — اور تاکید کی مجھ کو نماز کی — ۱۹-۳۱

۱-۳ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا — وہی جس کا حکم کیا تھا نوح کو — ۴۲-۱۳

۱-۳ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ — اور یہی وصیت کر گیا ابراہیم — ۲-۱۳۲

۱-۳ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ — تم کو اللہ نے یہ حکم دیا تھا — ۶-۱۴۴

۱-۳ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ — ہم نے حکم دیا ہے — ۴-۱۳۱

(امرنا)

۱-۳ مَا وَصَّيْنَا بِهٖ — جس کا حکم کیا ہم نے — ۴۲-۱۳

۱-۳ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ — ہم نے تاکید کر دی انسان کو — ۲۹-۸

۱-۶ اَتَوَاصَوْا بِهٖ — کیا یہی وصیت کر مرے ہیں — ۵۱-۵۳

۱-۶ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ — آپس میں تاکید کرتے رہے — ۱۰۳-۳

۱-۶ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ — آپس میں تاکید کرتے رہے — "

(اوصٰی بعضھم بعضًا)

۲-۳ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ (یامرکم) — حکم کرتا ہے تم کو اللہ — ۴-۱۱

۲-۳ يُوْصِيْ بِهَآ — وصیت کرتا ہے — ۴-۱۱، ۴-۱۲

۲-۳ يُوْصِيْنَ بِهَآ — وہ وصیت کر گئیں — ۴-۱۲

۲-۳ تُوْصُوْنَ بِهَآ — وصیت کرتے ہو تم — ۴-۱۲

۲-۴ یُوْصٰی بِهَا — وصیت کی گئی — ۴-۱۲

۲-۱۵ مِنْ مُّوْصٍ — وصیت کرنیوالے سے — ۲-۱۸۲

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ — بعد وصیت کے — ۴-۱۲

وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ — حکم ہے اللہ سے — ۴-۱۲

وَصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ — وصیت کر جائیں اپنی عورتوں کو — ۲-۲۴۰

اَلْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ — وصیت والدین کے لیے — ۲-۱۸۰

۳-۲۲ تَوْصِيَةً — کہ کچھ کہہ مریں — ۳۶-۵۰

وَصٰی (یَصِیْ وَصْیًا) عزت کے بعد خوار ہوا وَصٰی (یَصِیْ وَصْیًا و وَصَاءَۃً) النبت۔ انگوری اس قدر زیادہ ہوئی کہ ایک دوسرے سے مل۔ وَصّٰی فلانٌ بکذا، عہد الیہ۔ اوصی الیہ بالصلوٰۃ حکم دیا۔ وَصّٰی بہٖ حکم دیا۔ وَصّٰی لہٗ۔ اپنے مرنے کے بعد دوسرے کو اپنا وارث بنایا۔ تَوَاصٰی ایک دوسرے کو وصیت کی۔ وَصِیَّۃٌ ج وَصَایَا مُوْصِیٌ ج اَوْصِیَاءُ

## وضع

۱-۱ وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ — رکھی ترازو — ۵۵-۷

(اثبت بالعدل)

۱-۱ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا — زمین کو بچھایا — ۵۵-۱۰

(اثبت)

۱-۱ بِمَا وَضَعَتْ — جو اس نے جنا — ۳-۳۶

۱-۱ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا — جب اس کو جنا — //

۱-۱ وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا — اور جنا اس کو تکلیف سے — ۴۶-۱۵

۱-۱ وَضَعْتُهَا اُنْثٰى — میں نے اس کو لڑکی جنی — ۳-۳۶

۱-۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ — اور اتار رکھا ہم نے — ۹۴-۲

(حططنا)

۲-۱ وَلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ — اور گھوڑے دوڑاتے تمہارے اندر — ۹-۴۷

(اسرعوا بینکم بالمشی بالنمیمۃ)

۲-۱ وُّضِعَ لِلنَّاسِ — جو مقرر ہوا لوگوں کے لیے — ۳-۹۶

۲-۱ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ — اور رکھا جاویگا حساب کا کاغذ — ۱۸-۵۰

۳-۱ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ — اتارتا ہے ان سے ان کے بوجھ — ۷-۱۵۶

۳-۱ وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ — اور جنتی ہے بن خبر اس کے — ۳۵-۱۱

۳-۱ حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ — یہاں تک کہ رکھ دے — ۴۷-۴

(اہل الحرب اثقالہا)

۳-۱ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ — ڈال دیگی ہر پیٹ والی — ۲۲-۲

۳-۱ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ — جن لیں پیٹ کا بچہ — ۶۵-۴

۳-۱ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ — اتار رکھیں اپنے کپڑے — ۲۴-۶۰

۳-۱ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ — اتار رکھتے تم اپنے کپڑے — ۲۴-۵۸

۳-۱ اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ — اتار رکھو اپنے ہتھیار — ۴-۱۰۲

۳-۱ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ — اور رکھیں گے ہم ترازوئیں — ۲۱-۴۷

۱-۱۶ وَاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ — آبخورے چنے ہوئے — ۸۸-۱۴

۱-۱۸ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ — اس کے ٹھکانوں سے — ۴-۴۶

وَضَعَ (یَضَعُ وَضْعًا) ذلیل کیا۔ وَضَعَ عنقہٗ گردن ماری۔ وَضَعَ السلاح فی العدو قتل کیا۔ وَضَعَ الحدیث جھوٹ بیان کیا۔ وَضَعَ الکتاب تالیف کی۔ وَضَعَ یدہٗ عن فلانٍ بند ہوگیا۔ وَضَعَ الصلاۃ سفر ملتوی کیا۔ وَضَعَتِ المرأۃ خمارہا چادر اتاری۔ وَضَعَ الحرب لڑائی چھوڑ دی۔ وَضَعَ (یُوْضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا) بند رکھا۔ وَضَعَتْ (وُضْعًا و تُضْعًا) المرأۃ عورت نے بچہ دیا۔ خا دَاضِعٌ، وَضِعَ (یُوْضَعُ ضِعَۃً) فی تجارتہٖ خسارہ اٹھایا۔ تَوَاضَعَ تذلل۔ وَضْعٌ ج اَوْضَاعٌ۔ وَضْعَۃٌ مَوْضِعٌ اور موگر۔ وَضِیْعَۃٌ سرکاری لگان۔ مَوْضَعٌ دونوں مصدر ہیں ج مَوَاضِعُ۔ مَوْضُوْعٌ کلام اصل بات۔ اَحَادِیْثُ الْمَوْضُوْعَۃ جعلی حدیثیں۔ اَوْضَعَ الدابۃ دوڑایا۔

## وضن

۱-۱۶ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ — جڑاو تختوں پر — ۵۶-۱۵

(منسوجۃ)

وَضَنَ (یَضِنُ وَضْنًا) نوار بنایا۔ مَوْضُوْنَۃٌ جواہر سے جڑا ہوا۔ وَضِیْنٌ، مَوْضُوْنٌ، مَنْسُوْجٌ بنا ہوا۔ وَضِیْنٌ کاٹھی کا تنگ

## وطء

۱-۳ وَلَا يَطَئُوْنَ — اور قدم نہیں رکھتے — ۹-۱۲۱

۱-۳۰ اَنْ تَطَئُوْهُمْ — ان کو پیس ڈالتے ۲۵-۴۸

(تطئوهم مع الکفار)

۱-۵ لَمْ تَطَئُوْهَا — نہیں رکھے تم نے اپنے قدم ۲۷-۳۳

۴-۳ لِیُوَاطِئُوْا عِدَّةَ — تاکہ پوری کرلیں گنتی ۳۷-۹

(لیوافقوا)

۱-۸ مَوْطِئًا یَّغِیْظُ — قدم رکھنے کی جگہ ۱۲۱-۹

۱-۲۲ اَشَدُّ وَطْأً — سخت روندنا ہے ۶-۷۳

(موافقۃ السمع للقلب)

وَطِئَ یَطَأُ وَطْأً، الشَّیْءَ روندا۔ وَطِئَ اِمْرَاَتَہٗ جماع کیا۔ وَطِئَ الْفَرَسَ گھوڑے پر سوار ہوگیا۔ وَطَّأَ لِبِتْرِہٖ۔ وَطِئَ اَرْضَ عَدُوِّہٖ دشمن کی زمین پر چلا گیا۔ وَطِئَ یُوْطَأُ وَطْأَۃً وَطُوْءَۃً الْمَوْضِعُ روندا گیا۔ وَاطَأَ (مُوَاطَأَۃً) موافق کیا۔

## وطر

قَضٰی زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا — جب زید اس عورت سے اپنی غرض کو پوری کر چکا ۳۷-۳۳

اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا — جب پوری کرلیں ان سے اپنی غرض //

وَطَرٌ ج اَوْطَارٌ، حاجۃ، بغیۃ، ہم بستری، شہوت

## وطن

فِیْ مَوَاطِنَ كَثِیْرَةٍ — بہت میدانوں میں ۲۵-۹

وَطَنَ یَطِنُ وَطْنًا (اَوْطَنَ) ٹھہرا۔ وَطَّنَ، تَوَطَّنَ، اَوْطَنَ، وَطَنَ بنا لیا۔ وَطَنٌ ج اَوْطَانٌ منزل، انسانی رہائش، جہاں جانور باندھا جائے۔ مَوْطِنٌ ج مَوَاطِنُ، میدان لڑائی۔

## وعد

۱-۱ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ — وعدہ کیا تمہارے رب نے ۴۴-۷

۱-۱ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ — وعدہ کیا رحمٰن نے ۶۱-۱۹

۱-۱ وَعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى — وعدہ کیا اللہ نے اچھا ۹۵-۴

۱-۱ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ — وعدہ دیا اللہ نے مومنوں کو ۷۲-۹

۱-۱ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِیْنَ — وعدہ دیا اللہ نے منافقوں کو ۶۸-۹

۱-۱ مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا — جو وعدہ کیا ہمارے ساتھ ۴۴-۷

۱-۱ مَا وَعَدُوْهُ — جو انہوں نے اس سے وعدہ کیا ۷۷-۹

۱-۱ وَعَدَهَآ اِیَّاهُ — باپ سے وعدہ کیا کہ بخشش مانگے ۱۱۴-۹

۱-۱ وَعَدَكُمْ — تم سے وعدہ کیا ۲۲-۱۴

۱-۱ وَعَدْتَّهُمْ — تو نے ان سے وعدہ کیا ۸-۴۰

۱-۱ مَا وَعَدْتَّنَا — جو تو نے ہم سے وعدہ کیا ۱۹۴-۳

۱-۱ وَوَعَدْتُّكُمْ — میں نے تم سے وعدہ کیا ۲۲-۱۴

۱-۱ وَعَدْنٰهُ — ہم نے اس سے وعدہ کیا ۶۱-۲۸

۱-۱ وَعَدْنٰهُمْ — ہم نے ان سے وعدہ کیا ۴۲-۴۳

۱-۴ وٰعَدْنَا مُوْسٰى — وعدہ ٹھہرایا ہم نے موسیٰ سے ۵۱-۲

۱-۴ وَوٰعَدْنٰكُمْ — وعدہ ٹھہرایا ہم نے تمہارے ساتھ ۸۰-۲۰

۱-۶ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ — اگر تم آپس میں وعدہ کرتے ۴۲-۸

۱-۲ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ — وعدہ ہوا پرہیزگاروں سے ۳۵-۱۳

۱-۲ لَقَدْ وُعِدْنَا — ہمیں وعدہ دیا گیا ہے ۸۳-۲۳

۱-۳ اِنْ یَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ — وعدہ دیتے ہیں ظالم ۴۰-۳۵

۱-۳ یَعِدُهُمْ — ان کو وعدہ دیتا ہے ۱۱۹-۴

۱-۳ یَعِدُكُمُ الْفَقْرَ — ڈراتا ہے تم کو فقر سے ۲۶۸-۲

(یخوفکم بہ)

۱-۳ بِمَا تَعِدُنَآ — جو ہم کو عذاب سے ڈراتا ہے ۶۹-۷

۱-۳ اَتَعِدَانِنِیْٓ — کیا مجھے وعدہ دیتے ہو ۱۷-۴۶

۱-۳ نَعِدُهُمْ — ہم ان کو وعدہ دیتے ہیں ۴۶-۱۰

۲-۳ تُوْعِدُوْنَ — تم ڈراتے ہو ۸۶-۷

۴-۱۳ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ — نہ وعدہ دو ان کو ۲۳۵-۲

(نکاحًا)

۲-۴ مَا یُوْعَدُوْنَ — جو ان سے وعدہ ہوتا ہے ۷۵-۱۹

۲-۴ تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ — جو تم سے وعدہ ہوتا ہے ۱۳۴-۶

۱-۱۱ وَعِدْهُمْ — ان کو وعدہ دو ۶۴-۱۷

۱-۱۶ وَالْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ — دن وعدہ دیئے گئے کی ۲-۸۵

۱-۱۸ مَوْعِدًا — ایک وعدہ ۵۸-۱۸

۱-۱۸ عَنْ مَّوْعِدَةٍ — ایک وعدہ کے سبب سے ۱۱۵-۹

۱-۱۸ مَوْعِدُهٗ — اس کا ٹھکانا ۱۷-۱۱

١-١٨ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ — ان کا وعدہ عذاب صبح ہے — ١١-٨١

١-١٨ مَوْعِدُهُمْ — وعدہ عذاب ان کا — ١٥-٤٣

١-١٨ مَوْعِدُكَ — تیرے وعدہ کا — ٢٠-٨٧

١-١٨ مَوْعِدُكُمْ — تمہارا وعدہ — ٢٠-٥٩

١-١٨ مَوْعِدِي — میرا وعدہ — ٢٠-٨٦

١-١٨ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ — نہیں خلاف کرتا اپنا وعدہ — ٣-٩

١-١٨ فِي الْمِيعَادِ — وعدہ پر — ٨-٤٢

١-١٨ مِيعَادُ يَوْمٍ — وعدہ ایک دن کا — ٣٤-٣٠

١-٢٢ مِنَ الْوَعِيدِ — وعدہ عذاب سے — ٢٠-١١٣

وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ — وعدہ ہے — ١١-٦٥

وَعْدُ اللّٰهِ — اللہ کا وعدہ — ١٣-٣١

وَعْدُ أُولٰهُمَا — پہلا وعدہ — ١٧-٥

صَادِقَ الْوَعْدِ — سچے وعدے والا — ١٩-٥٤

وَعَدَ (يَعِدُ) وَعْدًا وَعِدَةً وَمَوْعِدًا وَمَوْعِدَةً وَمَوْعُودًا وَمَوْعُودَةً وعدہ کیا خواہ برا یا اچھا۔ وَعَدَ (يَعِدُ وَعِيدًا) سزا دینے کا وعدہ کیا اور ڈرانا۔ أَوْعَدَهُ، تَهَدَّدَهُ، وَاعَدَهُ مُوَاعَدَةً ایک دوسرے سے وعدہ کیا تَوَاعَدَ ایک دوسرے کو وعدہ دیا۔ اِسْتَوْعَدَ، وعدہ طلب کیا وَعْدٌ ج وُعُودٌ، مَوْعِدٌ وعدہ، وعدہ گاہ، اور زمان کے وعدہ ج مَوَاعِدُ مِيعَادٌ ج مَوَاعِيدُ، مَوْعُودٌ، یوم الحساب، رَأَى أَرْضَهُ وَاعِدَةً معلوم کیا کہ زمین سود مند ہوگی۔

## وعظ

١-١ أَوَعَظْتَ — تو نصیحت کرے — ٢٦-١٣٦

١-٣ وَهُوَ يَعِظُهُ — اور وہ اسے سمجھانے لگا — ٣١-١٣

١-٣ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ (ينهكم) — اللہ تم کو سمجھاتا ہے — ٢٤-١٧

١-٣ يَعِظُكُمْ بِهِ — تم کو نصیحت کرتا ہے اسکے ساتھ — ٢-٢٣١

١-٣ لِمَ تَعِظُونَ — کیوں نصیحت کرتے ہو — ٧-١٦٣

١-٣ إِنِّي أَعِظُكَ — میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں — ١١-٤٦

١-٣ أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ — ایک ہی نصیحت کرتا ہوں — ٣٤-٤٦

١-٤ يُوعَظُ بِهِ — یہ نصیحت اسکو کی جاتی ہے — ٢-٢٣٢

(النهی عن العضل)

١-٤ مَا يُوعَظُونَ بِهِ — جو ان کو نصیحت کی جاتی ہے — ٤-٦٦

(من اطاعة الرسول)

١-٤ تُوعَظُونَ بِهِ — اس سے تم کو نصیحت ہوگی — ٥٨-٣

١-١١ وَعِظْهُمْ (ذکروهم) — ان کو نصیحت کر — ٤-٦٣

١-١١ فَعِظُوهُنَّ (ذکروهن) — ان کو سمجھاؤ — ٤-٣٤

١-١٥ مِنَ الْوَاعِظِينَ — نصیحت کرنے والا — ٢٦-١٣٦

مَوْعِظَةٌ — نصیحت — ٢-٢٧٥

مَوْعِظَةً — نصیحت — ٢-٦٦

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ — اور نصیحت سنا کر اچھی طرح — ١٦-١٢٥

وَعَظَ (يَعِظُ وَعْظًا وَعِظَةً) نصیحت کی یاد دلایا۔ وَعْظَةٌ ایک مرتبہ نصیحت ج وَعَظَات، عِظَةٌ کلام الوعظ ج عِظَات، مَوْعِظَةٌ اسم ہے ج مَوَاعِظُ، وَعَظَ اللّٰہ کی طرف توبہ کی رغبت دلائی وَاعِظٌ وَاعِظُونَ، وُعَّاظٌ اور وُعَّاظٌ، وعظ میں مبالغہ کرنے والا۔

## وعی

١-٢ وَجَمَعَ فَأَوْعَى — جوڑا اور بند کر رکھا — ٧٠-١٨

(امسکہ فی وعائہ)

١-٣ وَتَعِيَهَا أُذُنٌ — اور یاد رکھیں اس کو کان — ٦٩-١٢

(تحفظها)

٢-٤ بِمَا يُوعُونَ — جو اندر بھر رکھتے ہیں — ٨٤-٢٣

(يجمعون في صحفهم)

١-٥ أُذُنٌ وَاعِيَةٌ (حافظة) — کان یاد رکھتے ہیں — ٦٩-١٢

قَبْلَ وِعَاءِ أَخِيهِ — اپنے بھائی کی خرجی سے پہلے — ١٢-٧٦

فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ — شروع کی یوسف نے انکی خرجیاں دیکھنی — ١٢-٧٦

وَعَى (يَعِي وَعْيًا) الشيء جوڑا اور جمع کیا وَعَى الْحَدِيثَ۔ بات میں تدبر کی قبول کیا اور یاد رکھا وَعَى الْأُذُنُ سنا۔ وَعَى الْقَيْحُ فِي الْجُرْحِ زخم میں پیپ جمع ہو گئی۔ وَعَى الْجُرْحُ ریم جاری ہوئی وَعَى الْعَظْمُ ہڈی ٹوٹنے کے بعد جڑ گئی۔ أَوْعَى الْكَلَامَ۔ بات کو دل میں جگہ دی اور یاد رکھا وَعْيٌ ریم وِعَاءٌ ج أَوْعِيَةٌ ج ج أَوَاعٍ چھٹا بوری وغیرہ أَوْعَى مِنْ فُلَانٍ

زیادہ سمجھدار یا دور رکھنے والا۔ اَدْعٰی مِنْ نَمْلَۃٍ۔ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنیوالا
دَعِیّ، حافظ اور فقیہ۔ سَمِعَ دَعِیَّ الْقَوْمِ۔ قوم کی چیخ و پکار سنی

## وفد

۲۲-۱ اِلَی الرَّحْمٰنِ وَفْدًا — رحمان کے پاس مہمان بلائے ہوئے — ۸۵-۱۹

وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا وَوُفُوْدًا وَوِفَادَۃً و اِفَادَۃً) اِلَی الْاَمِیْرِ۔ امیر کی طرف ایلچی بن کر گیا اور ٹھہرا۔ وَافِد ج وَفْد، وُفُود، وِفَاد، وُفَّد، اَوْفَاد، غیر ملکی لوگ بادشاہ کے پاس ایلچی یا مہمان بن کر جانیوالے وَافِد بمعنی رَاکِب۔

## وفر

۱-۱۶ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا — بدلہ پورا — ۶۳-۱۷

وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا وَفِرَۃً) المَالَ اس کے لیے بڑا مال اکٹھا کیا۔ وَفِرَ یَفِرُ وَفْرًا وَوُفُوْرًا وَفِرَۃً وَفُرَ یَوْفُرُ وَفَارَۃً) المال۔ مال زیادہ ہوا۔ وَفَّرَ علیہ حقہٗ تمام حق دے دیا۔ وَفْر ج وُفُور غنی یا زیادہ مال۔ مَوْفُوْرًا۔ تمام، مفعو۔

## وفض

اِلٰی نُصُبٍ یُّوْفِضُوْنَ۔ — نشانی پر دوڑے جاتے ہیں — ۴۳-۷۰

(یسرعون)

وَفَضَ یَفِضُ وَفْضًا وَوَفَضًا و اَوْفَضَ) جلدی سے دوڑا۔ وَفْض جلدی، ج اَوْفَاض۔

## وفق

۳-۳ یُوَفِّقِ اللّٰهُ بَیْنَهُمَا — موافقت کر دے گا — ۳۵-۴

۳-۲۲ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ — مجھ سے بن آتا ہے اللہ کی مدد سے — ۸۸-۱۱

۲-۲۳ اِحْسَانًا وَّتَوْفِیْقًا — مگر بھلائی اور ملاپ — ۶۲-۴

(رصلحا وتالیفا بین الخصمین)

۲۲-۴ جَزَآءً وِّفَاقًا — بدلہ ہے پورا — ۲۶-۷۸

